جملہ حقوق محفوظ

الہامِ منظوم

ترجمہ اردو

مثنوی مولانائے رومؒ

دفترِ چہارم

اردو ترجمہ از

سیّد عاشق حسین سیماب اکبرآبادی

ذخیرہ
ماڈل ٹاؤن، میانوالی

ناشران

ملک دین محمد اینڈ سنز اشاعت منزل بل روڈ لاہور

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر:- ملک دین محمد اینڈ سنز اشاعت منزل بل روڈ لاہور
طابع:- ملک محمد عارف
مطبوعہ:- دین محمدی پریس لاہور
تعدادِ طبع:- ۱۰۰۰
بارِ دوم سنہ ۱۹۶۱ء
قیمت:-

فہرست مضامین

الہام منظوم ترجمہ اردو مثنوی مولانائے روم

دفتر چہارم

نمبر شمار	مضمون	صفحہ
(۱)	ابتدائے دفتر چہارم	۱
۲	باغ میں بھاگنے والے عاشق کی کہانی۔	۵
۳	ایک واعظ کی کہانی	۹
۴	حضرت عیسےٰؑ اور ایک شخص	۱۲
۵	عاشق و معشوق کا قصہ	۱۳
۶	صوفی اور اُس کی عورت	۱۷
۷	خدا پہلے گناہ میں بندے کو رسوا نہیں کرتا۔	۱۸
۸	عورت کا مرد کو چادر میں چھپانا	۲۰
۹	عورت کا جواب	۲۲
۱۰	خدا اپنے آپکو بصیر و سمیع علیم کیوں کہتا ہے۔	۲۴
۱۱	دنیا بھاڑ اور تقویٰ حمام ہے	۲۶
۱۲	ایک چمڑا رنگنے والیکا قصہ	۲۸
۱۳	دباغ کا علاج	۳۲
۱۴	عاشق کی فریب سے غلط فہمی	۳۴
۱۵	معشوق کا عاشق کے غلط کو رد کرنا	۳۶
۱۶	حضرت علیؓ اور ایک یہودی	۳۹
۱۷	مسجد اقصےٰ کا قصہ۔	۴۳
۱۸	مومن بھائی بھائی اور علما نفس واحد ہیں	۴۵
۱۹	مسجد اقصےٰ کا باقی حصہ	۵۱
۲۰	حضرت عثمانؓ کا آغاز خلافت۔	۵۳
۲۱	آدمی کے متعلق حکماء و انبیاء کا قول۔	۵۷
۲۲	ارشاد رسول اللہؐ	۵۹
۲۳	ملکہ بلقیس اور حضرت سلیمانؑ۔	۶۱
۲۴	حضرت عبداللہ مغربی کی کرامت	۶۵
۲۵	حضرت سلیمانؑ کا قاصدان بلقیس کو واپس کرتا	۶۷
۲۶	ایک عطار اور ایک مٹی کھانے والا شخص	۶۸
۲۷	حضرت سلیمانؑ کا قاصدوں کی دل جوئی کرتا۔	۷۱
۲۸	ایک درویش کا خواب۔	۷۳
۲۹	درویش اور لکڑہارا	۷۴
۳۰	حضرت سلیمانؑ کا قاصدوں کو لوٹنے کی ترغیب دینا۔	۷۷
۳۱	حضرت ابراہیم ادہمؒ کا ترکِ سلطنت	۷۸
۳۲	پانی میں اخروٹ پھینکنے والے کی کہانی	۸۰
۳۳	بے ادب سے تحمل اور رعایت کرنا۔	۸۳
۳۴	حضرت سلیمانؑ کا بلقیس کو عتاب نامہ بھیجنا	۸۴
۳۵	بلقیس کو حضرت سلیمانؑ کی دعوت ایمانی۔	۸۷

نمبر شمار	مضمون	صفحہ	نمبر شمار	مضمون	صفحہ
۳۶	ابراہیم ادہمؒ کا باقی حصّہ	۸۹	۵۷	بد اصل کے لئے علم ومال کا حصول۔	۱۵۱
۳۷	اہل سبا کا باقی حصّہ	۹۱	۵۸	آیۂ یا ایہا المزمل کی تفسیر۔	۱۵۳
۳۸	بلقیس کا اپنے ملک سے آزاد ہونا۔	۹۲	۵۹	ایک بادشاہ اور اسکا غلام	۱۵۶
۳۹	حضرت سلیمانؑ کا تخت بلقیس کو منگانا	۹۷	۶۰	خلقت کی تین قسمیں۔	۱۵۷
۴۰	حضرت حلیمہ کا قصّہ	۹۸	۶۱	نجاست نجاست کی طرف بڑھتی ہے۔	۱۶۱
۴۱	بوڑھے رہنما کی حکایت	۱۰۰	۶۲	نفس اور عقل کی لڑائی۔	۱۶۱
۴۲	عبدالمطلب کو حضورؐ کے گم ہونے کی خبر ہونا	۱۰۵	۶۳	اُس غلام کا بادشاہ کو رقعہ بھیجنا۔	۱۶۵
۴۳	مقام حضورؐ کے متعلق عبدالمطلب کا پتہ پوچھنا	۱۰۹	۶۴	ایک بڑی پگڑی والے فقیہ کی کہانی۔	۱۶۶
۴۴	حضرت سلیمانؑ و بلقیس کا باقی حصّہ	۱۱۰	۶۵	اہل دنیا کو دنیا کی نصیحت۔	۱۶۸
۴۵	آدمی کا دنیا اور اس کی مرضی پر قانع ہونا۔	۱۱۱	۶۶	عارف کی غذا نور حق ہے۔	۱۷۳
۴۶	حضرت سلیمانؑ اور بلقیس	۱۱۶	۶۷	دنیا کا مغروروں اور نفس گرفتاروں سے خطاب۔	۱۷۴
۴۷	حضرت سلیمانؑ کا مسجد اقصیٰ کو تعمیر کرنا۔	۱۱۸	۶۸	نفسہ فیضہ مرنے سے پہلے کی تفسیر۔	۱۷۶
۴۸	ایک شاعر کا قصّہ	۱۲۳	۶۹	مدعی کو دعوے سے جھڑکنا۔	۱۷۹
۴۹	چند سال بعد شاعر کا پھر آنا	۱۲۴	۷۰	غلام کا طلب اجرت کے لئے رقعہ لکھنا۔	۱۸۲
۵۰	شاعر کا بادشاہ کے پاس شعر لے جانا۔	۱۲۸	۷۱	گدڑی والے مداح کی حکایت۔	۱۸۴
۵۱	اس وزیر کی وزیر فرعون سے مشابہت	۱۳۱			
۵۲	حضرت سلیمانؑ کے مقام پر ایک دیو کا بیٹھنا۔	۱۳۴			
۵۳	مسجد میں حضرت سلیمانؑ کا ہر روز تشریف لیجانا	۱۳۶			
۵۴	قابیل کا کوّے سے گورکنی سیکھنا	۱۳۸			
۵۵	باغ میں مراقبہ کرنے والے صوفی کا قصّہ	۱۴۳			
۵۶	حضرت سلیمانؑ کا غمگین ہونا	۱۴۵			

الہامِ منظوم ترجمہ اردو مثنوی مولانائے روم

دفتر چہارم

اے ضیاء الحق حسام الدین توئی
کہ گذشت از مہ بنورت مثنوی
اے ضیاء الحق ضیا سے تیری ہی
چاند سے بھی بڑھ گئی ہے مثنوی

ہمتِ عالی تو اے مرتجی
میکشد ایں را خدا داند کجا
ہمت عالی تری اے باشرف
کھینچتی ہے اس کو جانے کس طرف

گردنِ ایں مثنوی را بستہ
میکشی آں سو کہ تو دانستہ
مثنوی کا تو نے باندھا ہے گلا
کھینچتا ہے جس طرف ہے چاہتا

مثنوی پویاں کشندہ ناپدید
ناپدید از جاہلے کش نیست دید
کھینچنے والا ہے اس کا ناپدید
ناپدید اس کو نہیں ہے جس کو دید

مثنوی را چوں تو مبدا بودۂ
گر فزوں گردد تواش افزودۂ
ہے تجھی سے ابتدائے مثنوی
یہ فقط تیرے بڑھانے سے بڑھی

تو چنیں خواہی خدا خواہد چنیں
میدہد حق آرزوئے متقیں
تو جو کچھ چاہے وہی چاہے خدا
دیتا ہے وہ متقی کا مدعا

کان لله بودۂ در ما مضے
تا کہ کان الله لہ آمد جزا
دور ماضی میں تو کان؎ لله تھا
اور کان الله لہ اب ہو گیا

؎ حدیث شریف میں ہے۔ کہ مَن کانَ لِلّٰہ کانَ اللّٰہُ لَہ یعنی جو خدا کا ہو خدا اس کا ہو جاتا ہے۔

مثنوی از تو ہزاراں شکر داشت   در دعا و شکر کفہا بر فراشت
مثنوی ہے تیری شاکر بے شمار   ہاتھ اٹھاتی ہے دعا کو بار بار

در لب و کفش خدا شکرِ تو دید   فضل کرد و لطف فرمودہ مزید
دیکھ کر شکر اس کے ہونٹوں میں خدا   فضل اور الطاف کرتا ہے سوا

زانکہ شاکر را زیادت وعدہ است   آنچنانکہ قرب مزدِ سجدہ است
شاکروں سے وعدہ ہے افراط کا   جس طرح ہے قرب سجدوں کا صلا

گفت واسجد واقترب یزدانِ ما   قرب جاں شد سجدۂ ابدانِ ما
بولا واسجد وعلہ واقترب ربّ العلا   قرب جاں ہے سجدہ ان اجسام کا

گر زیادت میشود زیں رو بود   نز برائے بوش و ہاؤ ہو بود
ہے یہ بڑھنا مثنوی کا اس لئے   کب ہے لیکن ہاؤ ہو یا فخر سے

با تو ما چوں رز بتابستاں خوشیم   حکم داری ہیں بکش تا مے کشیم
خوش ہیں جوں انگور تیری دید سے   حکم تو دیتا ہے ہم کھینچے

خوش بکش ایں کارواں را تا بہ حج   اے امیرِ صبر و مفتاح الفرج
لے بھی چل اس کارواں کو بہر حج   اے امیرِ صبر و مفتاح الفرج

حج زیارت کردن خانہ بود   حجِ ربّ البیت مردانہ بود
حج بظاہر ہے زیارت گھر کی یار   حج مردانہ ہے حجِ کردگار

زاں ضیا گفتم حسام الدین ترا   کہ تو خورشیدی و ایں دو وصفہا
اے حسام الدینؒ ضیا تجھ کو کہا   کیونکہ تو خورشید ہے دو وصف کا

---

[1] بمصداق لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيدَنَّكُمْ۔ یعنی اگر تم شکر کروگے تو ہم ضرور نعمتوں میں اضافہ کریں گے۔

[2] سجدہ کر قرب پائے گا۔   [3] کشادگی غم

کایں حسام و ایں ضیا یک ہست ہیں   تیغ خورشید از ضیا باشد یقیں
یہ حسام اور یہ ضیا ہیں ایک ہی   ہے ضیا سے تیغ خورشید اے اخی
نور از آں ماہ باشد ویں ضیا   آں خورشید ایں فرو خواں از نبا
نور چمک ماہ ہے ۔ اور یہ ضیا   ملک ہے سورج کی ۔ پڑھ قرآں ذرا
شمس را قرآں ضیا خواند ای پدر   واں قمر را نور خواند ایں را نگر
شمس[1] کو قرآں کہتا ہے ضیا   اور قمر کو نور سن اے باصفا
شمس چوں عالی تر آمد خود ز ماہ   پس ضیا از نور افزوں دان بجاہ
ہے قمر سے شمس کا رتبہ سوا   اس لئے ہے نور سے برتر ضیا
بس کس اندر نور مہ منہج ندید   چوں برآمد آفتاب آں شد پدید
نور مہ میں تھا نہ ظاہر راستا   نکلا جب سورج تو ظاہر ہو گیا
آفتاب اعواض را کامل نمود   لاجرم بازارہا در روز بود
آشکارا عواض سورج سے ہوئے   اس لئے بازار بھی دن میں کھلے
تا کہ قلب و نقد نیک آید پدید   تا بود از غبن و از حیلہ بعید
تاکہ ہو بالکل عیاں کھوٹا کھرا   مکر اور نقصان سے سب ہوں رہا
تا کہ نورش کامل آمد بر زمیں   تاجراں را رحمۃ للعالمیں
نور کامل اس کا پالائے زمیں   تاجروں کو رحمۃ للعالمیں
لیک بر قلاب مبغوض است سخت   زاں کہ شد کاسد ازو نقد و رخت
بغض سخت اس سے دغابازوں کو تھا   کیوں کہ اس کا مال کھوٹا ہو گیا
پس عدوئے جان صراف است قلب   دشمن درویش کہ بود غیر کلب
دشمن جاں قلب[2] ہے صراف کا   دشمن درویش کا ہے ۔ کتا

---

[1] قولہ تعالیٰ عزوجل ۔ ھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا ۔ وہ اللہ ایسا ہے جس نے سورج کو ضیا اور چاند کو نور بنایا۔

[2] کھوٹا

انبیا با دشمناں بر مے تنند	پس ملائک رب سلّم میزنند
دشمنوں میں غلطی تھے انبیا	دی ملک نے رب سلّم کی دعا
کایں چراغے را کہ ہست آں نوردار	از پف و دمہائے دزداں دور دار
یہ چراغ اس نور سے ہے پُر ضیا	چوروں کی پھونکوں سے اس کو تُو بچا
دزد و قلاب است خصم نور و بس	زیں دو وا فریادرس فریادرس
چور اور ٹھگ ہے دشمن نور کا	ہے انہیں دونوں سے فریاد اے خدا
روشنی بر دفتر چارم بریز	کآفتاب از چرخ چارم کرد خیز
روشنی اس دفتر چارم پہ ڈال	چرخ چارم سے ہے سورج کا کمال
ہین ز چارم نور دہ خورشید وار	تا بتابد بر بلاد و بر دیار
چرخ چارم سے نزولِ نور کر	جو کہ چمکے ہر دیار و شہر پہ
ہر کش افسانہ بخواند افسانہ ایست	وانکہ دیدش نقد خود مردانہ ایست
سمجھے جو افسانہ ، تو افسانہ ہے	نقد جو دیکھے ۔ وہی مردانہ ہے
آب نیلست و بقبطی خوں نمود	قوم موسیٰ را نہ خوں بود آب بود
خون آب نیل قبطی کو ہوا	قوم موسیٰ کو نہ تھا خوں ۔ آب تھا
دشمن ایں حرف ایندم در نظر	شد ممثل سرنگوں اندر سقر
دیکھو جتنے دشمن ان باتوں کے تھے	سرنگوں ہو کر ہیں دوزخ میں پڑے
اے ضیاء الحق[1] تو دیدی حال او	حق نمودت پاسخ افعال او
تو ضیاء الحق ! انہیں ہے دیکھتا	تجھ پہ ظاہر ہے جواب افعال کا
دیدۂ غیبت چو غیب است اوستاد	کم مبادا زیں جہاں ایں دید و داد
مثل غیب آنکھیں ہیں تیری اوستاد	کم نہ ہو دنیا سے ایسی دید و داد

---

[1] اے خدا انہیں سلامت رکھے ۔

آں حکایت را کہ نقدِ وقت ماست	گر تمامش مے کنی اینجا رواست
ہاں وہ قصہ جو کہ حسبِ وقت تھا	گر تمام اس کو کرے تو ہے بجا
ناکساں را ترک کن بہرِ کساں	قصہ را پایاں برو مقطع[1] رساں
چھوڑ نااہلوں کو، پھر اُن کی کیا	انتہا تک قصہ پہنچا دے ذرا
ایں حکایت گر نشد آنجا تمام	چارمیں جلد است آرش در نظام
یہ حکایت رہ گئی تھی ناتمام	چوتھے دفتر میں کر اس کا اختتام

باغ میں بھاگنے والے عاشق کی کہانی

اندر آں بودیم کاں شخص از عسس	راند اندر باغ از خوفے فرس
ہاں یہ قصہ تھا کہ ڈر کر شحنہ سے	باغ میں پنہاں ہوا وہ دوڑ کے
بود اندر باغ آں صاحب جمال	کز غمش ایں در عنا بد ہشت سال
باغ میں بیٹھی تھی وہ صاحب جمال	جس کے غم میں یہ رہا تھا آٹھ سال
سایۂ او را نبود امکان دید	ہمچو عنقا وصف او را مے شنید
سایہ ناممکن تھا اس کا دیکھنا	مثلِ عنقا وصف تھا سنتا رہا
جز یکے لقیہ کہ اول از قضا	بر وے افتاد و شد او را دلربا
ہاں فقط اول میں اس نے یک بیک	دلربا کی ایک دیکھی تھی جھلک
بعد ازاں چندانکہ میکوشید او	خود مجالش مے نداد آں تند خو
بعد ازاں جتنا کہ وہ ساعی ہوا	تند خو کی دید کا موقع نہ تھا
نے بلابہ چارہ بودش نے بمال	سیر چشم و بے طمع بود آں نہال
تھا خوشامد کا نہ موقع مال کا	سیر چشم اور بے طمع تھی مہ لقا

---

[1] ختم کرنے کا مقام۔ قصائد وغیرہ کے خاتمہ کا اصطلاحی لفظ ۔

عاشق ہر پیشہ و ہر مطلبے   حق بیالود اوّل کارش لبے
عشق [1] تھا جس کام اور جس بات سے   حق نے اس میں ہونٹ آلودہ کئے

چوں درافتادند اندر جستجو   بعد ازاں دربست دکانِ بخشش او
جب وہ اس کی جستجو میں پڑ گیا   مہر ماں کا بند دروازہ کیا

چوں درآں آسیب درچست آمدند   پیش پاشاں مے نہد ہر روز بند
چست جب وہ اس بلا میں ہو گیا   روز اک حلقہ نیا تھا پیش پا

ہم بہ آں بوئے تنند و میروند   ہر دمے لاجی و آئیس میشوند
تن کے چلتے ہیں وہ اس امید پہ   با امید و ناامید لے خوش سیر

ہر کسے راہست امید برے   کہ کشایندش دراں روزے درے
پھل اٹھانے کے ہی سب امیدوار   در کسی دن تو کھلے گا ایک بار

باز دربستندش و آمد پرست   بر ہماں امید آتش پا شدست
پھر کیا دربند ، اور در آشنا   تھا اسی امید پہ آتش بپا

چوں درآمد خوش دراں باغ آں جواں   خود فرو شد پا بگنجش ناگہاں
باغ میں جب آ گیا وہ نوجواں   گنج میں تھا پاؤں اس کا ناگہاں

مر عسس را ساختہ یزداں سبب   تا ز بیم او دود در باغ شب
تھا سبب عسس کو خالق نے کیا   تا وہ ڈر کر باغ میں جائے چلا

بیند آں معشوقہ را او با چراغ   طالب انگشتری در جوئے باغ
دیکھے معشوقہ کو اپنی با چراغ   لیتے چھلے میں انگوٹھی کا سراغ

[1] یہاں سے مولاناؒ کا مقصود ہے ۔

پس قریں میکرد از ذوق آں نفس	یا ثنائے حق و یا دعائے آں عسس
ذوق سے ہر لحظہ وہ کرتا رہا	حق میں محتسب کے ثنا اور پھر دعا
گر زیاں کردم عسس را از گریز	بیست چنداں سیم و زر بروے بریز
جان کر محتسب کا گر نقصاں کیا	دے اُسے یارب بہت اُس کا صلہ
از عوانی مرد را آزاد کن	آنچنانکہ شادم او را شاد کن
چوکیداری سے اُسے آزاد کر	اور میری طرح سے دل شاد کر
سعد دارش ایں جہاں و آنجہاں	از عوانی و سگی اش وا رہاں
دین و دنیا میں رکھ اُس کو نیک کار	کر عوانی اور سگی سے رستگار
گرچہ خوئے آں عواں ہست اے خدا	کہ ہمارہ خلق را خواہد بلا
گو یہی ہے اس کی عادت اے خدا	ساری دنیا کا برا ہے چاہتا
گر خبر آید کہ شہ جرمے نہاد	بر مسلماناں شود او زفت شاد
گر خبر پائے کہ مجرم کر دیا	شہ نے مومن کو. تو وہ خوش ہو بڑا
ور خبر آید کہ شہ رحمت نمود	از مسلماناں فگند او را بجود
گر خبر پائے عطائے شاہ کی	درگزر یعنی کسی مومن سے کی
ماتمے در جان او افتد ازاں	گیردش قولنج ازیں غم در زماں
تو ہو فوراً روح اُس کی ماتمی	اور مرض قولنج کا اُسے مستقی
صد چنیں ادبارہا دارد عواں	زیں بلا فریاد رس اے مستعاں
سینکڑوں ادبار میں ہے یہ عواں	سن لے تو فریاد اے ربِ جہاں
او عواں را در دعا در میکشد	کز عواں او را چناں راحت رسد
تھا وہ چوکیدار کو دیتا دعا	کیونکہ یہ آرام تھا اُس سے ملا
بہ ہمہ زہر و بہر او تریاق بود	آں عواں پیوند آں مشتاق بود
سب کو تھا وہ زہر تریاق اس کو تھا	تھا عزیز از جان اس مشتاق کا

پس بد مطلق نباشد در جہاں بد بنسبت باشد ایں را ہم بداں
کب بد مطلق ہے کوئی اے اخی بد بری نسبت سے ہوتا ہے کوئی

در زمانہ ہیچ زہر و قند نیست کاں یکے را پا دگر را بند نیست
کب ہے دنیا میں کہیں زہر اور قند ہو نہ کچھ جس کا اتار اور جس کا بند

مر یکے را پا دگر را پائے بند مر یکے را زہر و دیگر را چو قند
زہر مہرہ اس کو اس کو پائے بند زہر اسے اور دوسرے کو مثل قند

زہر ماراں مار را باشد حیات نسبتش با آدمی آمد ممات
زہر سانپوں کا ہے سانپوں کی حیات ہے مگر انساں کی اس میں ممات

خلق آبی را بود دریا چو باغ خلق خاکی را بود آں درد و داغ
خلق آبی کے لئے دریا ہے باغ خلق خاکی کے لئے ہے درد و داغ

ہمچنیں بر مے شمر اے مرد کار نسبت ایں از یکے تا صد ہزار
بس اسی ترکیب سے اے مرد کار ایک سے تو لاکھ کر لے شمار

زید اندر حق آں شیطان بود در حق آں دیگرے انساں بود
زید حق میں ایک کے شیطان ہو دوسرے کے حق میں وہ انساں ہو

ایں بگوید زید صدیق و سنی ست واں بگوید زید گبر و کشتنی ست
یہ کہے ہے زید صدیق و سنی وہ کہے کافر ہے وہ اور کشتنی

زید یک ذات ست بر آں یک جناں واو بریں دیگر ہمہ رنج و زیاں
زید کی اک ذات ہے اس پہ جناں اور اس پہ موجب رنج و زیاں

گر تو خواہی کو ترا باشد شکر[لہ] پس ورا از چشم عشاقش نگر
گر تو چاہے وہ ہو تجھ کو شکر عاشقوں کی آنکھ سے دیکھ اسے پھر

منگر از چشم خودت آں خوب را بیں بچشم طالباں مطلوب را
اپنی آنکھ سے نہ دیکھ اس خوب کو دیکھ طالب کی طرح مطلوب کو

لہ جزنگ

چشم خود بر بند زاں خوش چشم تو
بند کر لے آنکھ اس خوش چشم سے
عاریت کن چشم از عشاق او
عاشقوں سے اس کے آنکھیں مانگ لے

بلکہ از وی کن عاریت چشم و نظر
بلکہ اس سے مانگ آنکھیں اور نظر
پس ز چشم او بروے او نگر
پھر تو ان آنکھوں سے اس پہ غور کر

تا شوی ایمن ز سیری و ملال
تا کہ تو سیری و غم سے ہو رہا
گفت کان اللہ لہ زاں ذوالجلال
یوں ہے کان اللہ لہ حق نے کہا

چشم او من باشم و دست و دلش
میں ہوں اس کی آنکھ اور ہاتھ اور دل
تا رہد از مدبریہا مقبلش
تا بچے ادبار سے وہ مقبل

ہر چہ مکروہست چوں او شد دلیل
ہو کوئی مکروہ تو ہے جب رہنما
سوش محبوبست حبیب است و خلیل
یار تک ۔ محبوب ہے وہ برملا

ایک واعظ کی کہانی

آں یکے واعظ چو بر تخت آمدے
ایک واعظ آتا جس دم تخت پہ
قاطعان راہ را داعی شدے
رہزنوں کو تھا دعا دیتا ۔ پسر!

دست برمیداشت یارب رحم راں
ہاتھ اٹھاتا تھا کہ یا رب رحم کر
بر بدان و مفسدان و طاغیاں
ان پہ جو ہیں مفسد و بد سربسر

بر ہمہ تسخر کناں اہل خیر
نیک لوگوں سے کریں جو دل لگی
بر ہمہ کافر دلاں اہل دیر
بتکدے میں جتنے کافر ہیں سبھی

مے نکردے او دعا بر اصفیا
اصفیا کو وہ دعا دیتا نہ تھا
مے نکردے جز خبیثاں را دعا
تھی خبیثوں کے لئے اس کی دعا

مر ورا گفتند کایں معہود نیست
نادرہ ہے اس سے لوگوں نے کہا
دعوت اہل ضلالت جود نیست
گمرہوں کو ہے دعا دینا برا

گفت نیکوئی ازیشاں دیدہ ام	من دعاشاں زیں سبب بگزیدہ ام
بولا ان سے میں نے دیکھیں نیکیاں	اس لئے ہیں یہ دعائیں بے گماں
خبث و ظلم و جور چنداں ساختند	کہ مرا از شر بخیر انداختند
ظلم و جور اتنے خباثت سے کئے	شر سے ڈالا خیر میں بیشک مجھے
ہر دمے کہ رُو بدنیا کردمے	من از ایشاں زخم و ضربت خوردمے
میں نے دنیا کی طرف جب رُخ کیا	ضرب اور زخم ان سے پہنچا بد لا
کردمے از زخم آں جانب پناہ	باز آوردندمے گرگاں براہ
زخم کھا کر جب میں لیتا تھا پناہ	بھیڑیے مجھ کو دکھا دیتے تھے راہ
چوں سبب ساز صلاح من شدند	پس دعاشاں برمنست اے ہوشمند
یہ میری اصلاح کے باعث ہوئے	مجھ پہ واجب ہے دعا ان کے لئے
بندہ مے نالد بحق از درد خویش	صد شکایت میکند از رنج نیش
حق سے فریادی ہے بندہ درد کا	رنج کا شاکی ہے اس سے برملا
حق ہمیگوید کہ آخر رنج و درد	مر ترا لابہ کناں و راست کرد
حق یہ کہتا ہے یہی رنج و بلا	راست کرنے کا ذریعہ ہے ترا
ایں گلہ زاں نعمتے کن کت زند	از در ما دور و مطرودت کند
ایسی نعمت کا گلہ کر جو تجھے	دور کر دے ہم سے اور باغی کرے
در حقیقت ہر عدو داروئے تست	کیمیائے نافع و دلجوئے تست
ہر عدو فی الاصل ہے تیری دوا	تیری دلجو اور نافع کیمیا
کہ ازو اندر گریزی در خلا	استعانت جوئی از فضل خدا
تاکہ تو خلوت میں اس سے بھاگ کر	فضل خالق کا ہو طالب بے خبر
در حقیقت دوستانت دشمنند	کہ ز حضرت دور و مشغولت کنند
در حقیقت دوست، دشمن ہیں ترے	دور یاد حق سے رکھتے ہیں تجھے

ہست حیوانے کہ نامش اشغر است	کو بزخم چوب زفت و لمتر است
ایک حیواں ہے، ہے سیہی جس کا نام	چوٹ سے لکڑی کی ہو موٹا تمام
تا کہ چوبش میزنی بہ میشود	او ز زخم چوب فربہ میشود
پھولتا ہے جتنی مارو لکڑیاں	چوٹ سے لکڑی کی موٹا ہو وہ یاں
نفس مومن اشغرے آمد یقیں	کو بزخم چوب زفتست و سمیں
نفس مومن بھی ہے سیہی اے فتا	چوٹ سے لکڑی کی ہو موٹا سوا
زیں سبب بر انبیا رنج و شکست	از ہمہ خلق جہاں افزوں تر است
اس لئے نبیوں پہ ہے رنج و ابتلا	ہے جہاں میں ساری خلقت سے سوا
تا ز جانہا جان شاں شد زفت تر	کہ ندیدند آں بلا قومے دگر
جانوں سے جاں ان کی موٹی ہو گئی	وہ بلا اوروں پہ کب نازل ہوئی
پوست از دارو بلا کش میشود	چوں ادیم طائفی خوش میشود
ہے دوا سے پوست میں سختی بڑی	جیسے طائف[1] کی اور خوشبو ہو چلی
ورنہ تلخ و تیز مالیدے درو	گندہ گشتے ناخوش و ناپاک بو
ہاں نہ تلخ و تیز اگر ملتے دوا	رہتا وہ ناپاک چمڑا اور بسا
آدمی را تیز چوں آں پوست داں	از رطوبتہا شدہ زشت و گراں
آدمی کو بھی سمجھ چمڑا وہی	جو رطوبت سے ہے بھاری زشت بھی
تلخ و تیز و مالش بسیار دہ	تا شود پاک و لطیف و با فرہ
تلخ اور تیز اس پہ مالش کر سوا	تا کہ ہو پاک و لطیف اور خوشنما
ور نمے تانی رضا دہ اے عیار	گر خدا رنجت دہد بے اختیار
اور نہیں تو دے اجازت اے نگار	تا خدا دے رنج تجھ کو بے شمار

---

[1] طائف ملک عرب میں ایک جگہ کا نام ہے۔ جہاں کا چمڑہ مشہور ہے۔

کز بلائے دوست تطہیر شماست ۔ علم او بالائے تدبیر شماست
کیوں کہ رنج دوست ہے پاکی تری ۔ علم بالا اس کا تدبیروں سے بھی

چوں صفا بیند بلا شیریں شود ۔ خوش شود دارو چو صحت بیں شود
جب صفا دیکھے تو شیریں ہو بلا ۔ دیکھ کر صحت ہو جیسے خوش دوا

برد بیند خویش را در عین مات ۔ پس بگوید اقتلونی[1] یا ثقات
برد دیکھے اپنی عین مات میں ۔ اقتلونی یا ثقات اس سے کہیں

ایں عواں در حق غیرے سود شد ۔ لیک اندر حق خود مردود شد
غیر کے حق میں عواں تھا نفع دہ ۔ اور اپنے حق میں وہ مردود تھا

رحم ربانی ازو ببریدہ شد ۔ کین شیطانی برو پیچیدہ شد
قطع اس سے رحم ربانی ہوا ۔ کینہ شیطاں کا لپٹ کر رہ گیا

کارگاہ خشم گشت و کیں وری ۔ کینہ وراں اصل ضلال و کافری
خشمگیں بنتی آ کے کینہ وری ۔ جو ہے اصل گمرہی و کافری

حضرت عیسیٰؑ اور ایک شخص

گفت عیسیٰؑ را یکے ہشیار سر ۔ چیست در ہستی ز جملہ صعب‌تر
پوچھا عیسیٰؑ سے کسی نے اے اخی ۔ سخت تر دنیا میں شے ہے کون سی

گفتش اے جاں صعب‌تر خشم خدا ۔ کہ ازاں دوزخ ہمے لرزد چوما
بولے سب سے سخت تر خشم خدا ۔ جس سے دوزخ میں بھی ہے اک زلزلہ

گفت زیں خشم خدا چہ بود اماں ۔ گفت ترک خشم خویش اندر زماں
بولا اس خشم سے کیونکر ہو اماں ۔ بولے ترک خشم اپنا بیگماں

---

[1] اے ثقہ لوگو مجھ کو مار ڈالو ۔

کظم غیظ است اے پسر خط اماں
خشم حق یاد آور و در کش عناں
غصہ پینا ہے پسر خط اماں
غصۂ حق یاد کر کے اس سے ٹل

پس عواں کو معدن ایں خشم گشت
خشم زخشش از سبع ہم در گذشت
پس جو چوکیدار نے غصہ کیا
غصہ حیوانوں سے اس کا بڑھ گیا

چہ امید ستش برحمت جز مگر
باز گردد زاں صفت آں بے ہنر
اس کو رحمت کی بھلا امید کیا
جب تلک اپنی خو نہ چھوڑے بے وفا

گرچہ عالم را از ایشاں چارہ نیست
ایں سخن اندر ضلالاں افگند نیست
گو کہ دنیا کو نہیں چارہ کوئی
ہیں یہی باتیں اصول گمرہی

چارہ نبود ہم جہاں را از سرگیں
لیک نبود آں ہمیں ماء معیں
اور نہیں سرگیں سے بھی چارہ کہیں
کب بھلا گوبر ہے ماء[1] معیں

عاشق و معشوق کا قصہ

باز گو احوال آں خستہ جگر
درمیان باغ با رشک قمر
اب سنا پھر قصۂ خستہ جگر
باغ میں جب ساتھ تھی رشک قمر

چونکہ تنہا یافتش بیدا آں سادہ مرد
زود او قصد کنار و بوس کرد
مرد نے جو اس کو تنہا پا لیا
قصد اس کے بوسہ لینے کا کیا

بانگ بر وے زد بہیبت آں نگار
کہ مرو گستاخ ادب را گوش دار
ڈانٹ کر کہنے لگی وہ ماہ رو
بس ادب کر یوں نہ ہو گستاخ تو

گفت آخر خلوتست و خلق نے
آب حاضر تشنہ ہمچوں منے
بولا خلوت ہے یہاں کوئی نہیں
تشنہ کیوں رہ جاؤں پانی ہے یہیں

---

[1] جاری اور پاک و صاف پانی ۔

کس نجنبد درینجا جز کہ باد   کیست حاضر کیست مانع زیں گشاد
چلتا پھرتا جز ہوا ہے کون ہاں   کون حاضر ہے جو ہو مانع یہاں
گفت اے شیدا تو ابلہ بودۂ   ابلہی وز عاقلاں نشنودۂ
بھلا تو ہے بے وقوف اے مبتلا   عقلمندوں سے نہیں تو نے سنا
باد را دیدی کہ مے جنبد بداں   باد جنبا نیست اینجا باد راں
تو ہے جنبش میں ہوا کو دیکھتا   کیا نہیں وہ۔ جو چلاتا ہے ہوا
مروحہ تصریف صنع ایزدش   زو پراں باد و ہمے جنباندش
ہے جو پنکھا صنعت اللہ کا   وہ ہوا کو ہے چلاتا جا بجا
جزو بادے کہ بحکم ما درست   بادبیزن تا نجنبانی نجست
ہے ہوا کا جزو پنکھے میں ترے   تو نہ گر پنکھا ہلائے۔ کب چلے
جنبش ایں جزو باد اے سادہ مرد   بے تو بے بادبیزن سر نگرد
ایک بھی جزو ہوا اے بدیقیں   بے ترے اور پنکھے کے ہلتا نہیں
جنبش باد نفس کاندر لب است   تابع تصریف جان و قالب است
جنبش باد نفس لب میں یہاں   جان و قالب کے ہے تابع بیگماں
گاہ دم را مدح و پیغامے کند   گاہ دم را ہجو و دشنامے کند
وہ کبھی دم کو کرے مدح و پیام   اور بنا دے گاہ دشنام اسے ہمام
پس بداں احوال دیگر بادہا   کہ ز جزوے کل ہمے بینید نہا
سب ہواؤں پہ اسی کو کر قیاس   جزو سے ہوتی ہیں عقلیں کل شناس
باد را حق گہ بہارے میکند   در دیش زیں لطف عاری میکند
گہ ہوا کو حق بناتا ہے بہار   گاہ کرتا ہے خزاں کو بے عذار
بر گروہ عاد صرصر میکند   باز بر ہود خوشش معطر میکند
عاد والوں پہ ہوئی صرصر ہوا   ہود کی خاطر معطر تھی ہوا

میکند یک باد را زہر سموم	مر صبا را میکند خرم قدوم
اک ہوا کو تو وہ زہریلا کرے	جان و دل کو تو تمہیں دے ایک سے
باد دم را در تو بنہاد او اساس	تا کنی ہر باد را بر وے قیاس
دم کی اک بنیاد ہے تجھ میں رکھی	ہر ہوا کو کر قیاس اس پر ابھی!
دم نمی گردد سخن بے لطف و قہر	بر گروہے شہد و بر قومیست زہر
بات کوئی بھی نہیں بے لطف و قہر	اک جگہ وہ شہد ہے اک جا ہے زہر
مروحہ جنباں پئے انعام کس	وز برائے قہر ہر پشہ و مگس
آدمی پہ لطف سے پنکھا ہلے	قہر مچھر اور مکھی کے لئے
مروحۂ تقدیر ربانی چرا	پُر نباشد ز امتحان و ز ابتلا
پنکھا تقدیر الٰہی کا کہو	کیوں بلا و امتحاں سے پُر نہ ہو
چونکہ جزو باد دم یا مروحہ	نیست الا مفسدہ یا مصلحہ
پنکھا ہو یا سانس یا جزو ہوا	یا تو اچھا ہوگا یا ہوگا بُرا
ایں شمال و ایں صبا و ایں دبور	کے بود از لطف و از انعام دور
یہ شمالی، یہ صبا، اور یہ دبور[1]	اس کے لطف و فضل سے کب ہیں یہ دور
یک کف گندم ز انبارے ببیں	فہم کن کاں جملہ باشد ہمچنیں
ڈھیر سے تو ایک مٹھی گیہوں لے	سب کو ویسا ہی سمجھنا چاہئے
کل باد از برج بادِ آسماں	کے جہد بے مروحہ آں بادراں
کل ہوائیں برج بادی سے یہاں	کب چلیں گر ہو نہ پنکھا بادراں
بر سر خرمن بوقت انتقاد	نے کہ فلاحاں ز حق جویند باد
ڈھیر پہ گیہوں کے وقت انتقاد[2]	کیا بھلا دہقاں نہیں جویائے باد

---

[1] صبا کے خلاف جو ہوا چلتی ہے، وہ دبور کہلاتی ہے۔

[2] گندم اور جو کو الگ الگ کرنے سے مراد ہے۔

تا جدا گردد ز گندم کاہہا
تا بانبار رود یا چاہہا
تا کہ گیہوں سے جدا چھلکے رہیں
ڈھیر میں پہنچیں کھتّوں میں یا گریں

چوں بماند دیر آں بادِ وزاں
جملہ را بینی سرانگشتاں گزاں
اور ہوا گر دیر تک چلتی رہے
سب کریں افسوس انگلی کاٹ کے

ہمچنیں در طلق آں بادِ ولاد
گر نیاید بانگ درد آید کہ داد
ایسے ہی باد ولادت گر نہ آئے
درد سے زچہ یہ کہتی ہے کراہ کے

گر نمیداند کسی رانندہ اوست
باد را پس کردن زاری چہ روست
گر نہیں اس کو سمجھتے باد راں
کیوں ہوا سے باد میں گریہ کناں

رقیہ و تعویذ میخواہند نیز
در شکنجہ طلق زن از بس عزیز
چاہتے ہیں گنڈے اور تعویذ بھی
درد زہ میں پیاری عورت ہے پھنسی

اہل کشتی ہمچناں جویائے باد
جملہ خواہانش ازاں رب العباد
اہل کشتی بھی ہیں جویائے ہوا
چاہتے ہیں وہ ہوا بھیجے خدا

ہمچنیں در درد دنداں ہم ز باد
دفع میخواہی بسوز و اعتقاد
ہو ہوا سے درد دانتوں میں ترے
دفع تو اس کو عقیدے سے کرے

از خدا لابہ کناں آں جندیاں
کہ بدہ بادِ ظفر اے حکمراں
لشکری کرتے ہیں منت بیگماں
بھیج دے بادِ ظفر اے حکمراں

پس ہمہ دانستہ اند ایں را یقین
کہ فرستد باد رب العالمین
مختصر سب کو ہے اس کا یقین
بھیجتا ہے باد رب العالمین

پس یقیں در عقل ہر دانندہ ہست
ایں کہ با جنبندہ جنبانندہ ہست
عقل کو اس کا یقیں آیا ہے ہاتھ
ہے ہلانے والا جنبندہ[1] کے ساتھ

---

[1] ہلنے والا شے

گر تو او را مے نہ بینی در نظر	فہم کن آں را باظہارِ اثر
وہ اگر تجھ کو نہیں آتا نظر	تو سمجھ اس کو جو ہو ظاہر اثر
تن بجاں جنبد نمے بینی تو جاں	لیک از جنبیدنِ تن جاں بداں
جان سے ہلتا ہے تن وہ ہے نہاں	جسم کے ہلنے سے کر اقرارِ جاں
گفت او گر ابلہم من در ادب	زیرکم اندر وفا و در طلب
بولا گو نادان ہوں اور بے ادب	مجھ میں دانش ہے وفا کی اور طلب
گفت ادب ایں بود کہ خود دیدہ شد	آں دگر را خود ہمیدانی تو لد
بولی وہ یہ تھا ادب جو کھل گیا	اور وفا کو تو ہے خود ہی جانتا
خود ادب ایں بود آں دیگر ببیں	زیں بتر باشد کہ دیدیش یقیں
جب ادب یہ ہے کہ جو ظاہر ہوا	ہوگا بدتر اس سے جو کچھ ہے چھپا
ہر چہ زیں کوزہ تراود بعد ازیں	یک نمط خواہد بداں جملہ چنیں
کوزے سے جو کچھ بھی ٹپکے بعد ازیں	ایسا ہی کوزے میں ہوگا بالیقیں

صوفی اور اس کی عورت

صوفیے آمد بسوئے خانہ روز	خانہ یک در بود و زن با کفش دوز
ایک صوفی آیا گھر پر ایک روز	در تھا اک ۔ عورت تھی تہ کفش دوز
جفت گشتہ با حریفِ خویش زن	اندر آں یک حجرہ از وسواسِ تن
یار سے اپنے تھی عورت ہم کنار	حجرے کے اندر ۔ ہوس سے بیقرار
چوں بزد صوفی بجد در چاشتگاہ	ہر دو درماندند نے حیلہ نہ راہ
صوفی نے در کھٹکھٹایا چاشت گاہ	دونوں بے بس تھے ۔ نہ حیلہ تھا نہ راہ
ہیچ معہودش نبد کو آں زماں	سوئے خانہ باز گردد از دکاں
اس گھڑی کب یہ گماں تھا سربسر	آئے دوکاں سے گھر لوٹ کر

قاصداً آں روز بوقت آں مروع   از خیارے کرد با خانہ رجوع
آج وہ بے وقت قصداً آگیا   تا گھر کی سمت کرنے کا کام تھا

اعتمادِ زن بر او کو ہیچ بار   ایں زماں تا خانہ ناید وقتِ کار
تھا یقیں عورت کو بالکل زینہار   گھر پہ آئے گا نہ وہ محنت شعار

اعتمادش بود از روئے قیاس   خانہ نتواں کرد ور کوئے قیاس
اعتماد اس کو تھا از روئے قیاس   کب یقیں کا گھر بنا کوئے قیاس

آں قیاسش راست نامد از قضا   گرچہ ستّارست ہم بدہد جزا
وہ قیاس اس کا غلط ثابت ہوا   گو وہ ہے ستّار۔ لیکن دے سزا

چونکہ بد کردی بترس ایمن مباش   زانکہ تخم ست و برویاند خداش
ڈر۔ اگر تو ہے بدی میں مبتلا   بیج ڈالا ہے۔ اگائے گا خدا

خدا پہلے گناہ میں بندے کو رسوا نہیں کرتا

چند گاہے او بپوشاند کہ تا   آیدش زیں پس پشیمانی حیا
چند بار اس کو چھپاتا ہے خدا   تا پشیمانی سے پھر آئے حیا

عہدِ عمرؓ آں امیرِ مومناں   داد دزدے را بجلاد و عواں
عہد میں اپنے عمرؓ نے اے فتا   قتل کا حکم ایک رہزن کو دیا

بانگ زد آں دزد کائے میرِ دیار   اوّلیں بار است جرمم زینہار
چور چلایا، امیر المومنین!   یہ مری پہلی خطا ہے بالیقیں

گفت امیرش حاش للہ کہ خدا   بارِ اوّل قہر راند در جزا
آپ بولے حاش للہ وہ خدا   جرمِ اوّل کی نہیں دیتا سزا

بارہا پوشد پئے اظہارِ فضل   باز گیرد از پئے اظہارِ عدل
بارہا ڈھکے چھپائے فضل سے   اور پھر ماخوذ کرے عدل سے

تا کہ ایں ہر دو صفت ظاہر شود
آں مبشر گردد و ایں منذر شود
تاکہ ہوں اوصاف دونوں آشکار
اس کو خوش خبری ہو اِس کو خوف کار

بارہا زن نیز آں بد کردہ بود
سہل بگذشت آں و سہلش مے نمود
بارہا عورت نے کی تھی یہ بدی
یہ بدی اس کے لئے آساں تھی

آں نمیدانست عقل پائے سست
کہ سبو دائم ز جو ناید درست
بیوقوفی سے نہ سمجھی وہ کبھی
نہر پہ جاتا ہے مٹکا ٹوٹ بھی

آں چنانش تنگ آورد آں قضا
کہ منافق را کند مرگ فجا
تنگ وہ یوں تھی قضا سے بیگماں
جو منافق پہ ہو مرگ ناگہاں

نے طریق و نے رفیق و نے اماں
ز آنکہ عزرائیل شد در قصد جاں
راہ نہ ساتھی اور نہ تھی جائے اماں
کیونکہ عزرائیل تھے لینے کو جاں

آنچناں کاں زن در آں حجرہ جفا
خشک شد او و حریفش ز ابتلا
تنگ حجرے میں تھا یہ عورت کا حال
خشک تھی وہ ، دوست تھا اسکا نڈھال

گفت صوفی با دل خود کاے دو گبر
از شما کینہ کشم لیکن بہ صبر
دل میں صوفی نے کہا اے کافرو
تم سے بدلہ لوں گا ٹھہرے تو ہو

لیک دانستہ آرم ایں زماں
تا نہ ہر گوشے تپو شد ایں نہاں
اس گھڑی انجان بننا ہے روا
فاش تا سب میں نہ ہو یہ ماجرا

از شما پنہاں کشد کینہ محق
اندک اندک ہمچو بیماری دق
صاحب حق بدلہ لے گا ، مگر
رفتہ رفتہ جیسے دق کا ہو اثر

مرد دق باشد چو یخ ہر لحظہ کم
لیک پندارد بہر دم بہترم
ہوتا ہے مرد دق مثل برف کم
بہتر اپنے کو سمجھتا ہے بہم

ہمچو گفتاری کہ میگیرندش او
غرّہ آں گفت کایں کفتار کو
جس طرح بجّو کو پکڑیں اسے جواں
اور کہیں بجّو کہاں بجّو کہاں

نیست در سوراخ گفتار ای عمو	گشتہ او مضمر و در تر زیں گفتگو
نے چھپا بل میں کہیں بجز تمہیں	وہ یہ سخن کر چھوڑا ہے بایقین
ایں ہمیگو بند و بندش مے نہند	او خوش آسودہ کہ از من غافلند
وہ یہ کر کر رکھیں پھندا اے ہمام	پر وہ بے پروا کہ غافل ہیں تمام
ہیچ پنہاں خانہ آں زن را نبود	سیج و دہلیز و رہ بالا نبود
کوئی خلوت خانہ عورت کا نہ تھا	کوئی تہ خانہ نہ تھا۔ کوٹھا نہ تھا
نے تنورے کہ در آں پنہاں شود	نے جوالے کہ حجاب آں شود
تھا نہ واں تنور جو دیتا اماں	تھی نہ کوئی گون، جو کر لیتی نہاں
ہمچو عرصہ پہن روز رستخیز	نے گو و نے پشتہ نے جائے گریز
جیسے اک میدان قیامت کا سا تھا	تھا نہ ٹیلہ، یا گڑھا یا راستہ
گفت یزداں وصف آں جائے حرج	بہر محشر لا تریٰ فیہا عوج
جو کہا حق نے وہ تھی اس گھر کی دھج	بہر محشر لا تریٰ فیہا[1] عوج
چادر خود را بر او افگند زود	مرد را زن کرد و در را بر کشود
چادر اپنی ڈال اس مرد پہ	مرد کو عورت بنا کر کھولا در

عورت کا مرد کو چادر میں چھپانا

زیر چادر مرد رسوا و عیاں	سخت پیدا چوں شتر بر نردباں
زیر چادر مرد ظاہر صاف تھا	اونٹ ہو جس طرح سیڑھی پہ کھڑا
از تعجب گفت صوفی چیست ایں	ہرگز ایں را من ندیدم کیست ایں
صوفی نے حیرت سے پوچھا ماجرا	کون ہے۔ میں تو نہیں پہچانتا

[1] قولہ تعالیٰ عزوجل: ولا تریٰ فیہا عوجا ولا امتا۔ خداوند تعالیٰ میدان قیامت کی صفت میں فرماتا ہے کہ تو اس میدان میں نہ گڑھا دیکھے گا نہ ٹیلہ نہ پستی نہ بلندی۔

گفت خاتونیست از اعیان شہر
سرور از مال و اقبال ست بہر
بولا، بیوی ہے رئیس شہر کی
مال اور اقبال سے جو ہے غنی
در بہ بستم تا کسے بیگانہ
ور نیاید زود تا دانا نہ
بند دروازہ کیا تھا تا کوئی
گھر میں نامحرم نہ گھس آئے کبھی
گفت صوفی چیستش ہیں خدمتے
تا برآرم بے سپاس منتے
بولا صوفی ہو سے لائق جو ہم
اس کو بے منت کر دوں فوراً تمام
گفت میلش خویشی درویشگیست
نیک خاتونیست حق داند کہ کیست
بولی کوئی رشتہ ہے وہ چاہتی
یوں خدا جانے کہ ہے نیک سی
یک پسر دارد کہ اندر شہر نیست
خوب و زیرک چابک و مکسب نیست
اس کا لڑکا جوان ہے اس شہر کی
خوبصورت، محنتی ہے اور ذکی
خواست دختر را ببیند رو و دست
اتفاقاً دختر اندر مکتب است
لڑکی کو وہ دیکھنا تھی چاہتی
اتفاقاً وہ ہے مکتب کو گئی
باز گفت ار آرد باشد یا سبوس
میکنم او را بجان و دل عروس
پھر وہ کہتی ہے ہو آٹا یا سبوس[1]
میں بجان و دل بناؤں گی عروس
گفت صوفی ما فقیر و زاد کم
قوم ہم خاتون مالدار و محتشم
بولا صوفی ہم فقیر اور مال کم
اور یہ بی بی مال دار و محتشم
کے بود ایں کفو ایشاں در زواج
یک در از چوب و دیگر از زجاج
کس طرح جوڑا بنے ہو کفو کیا
ایک در لکڑی کا اور اک عاج کا
کے بود ہم رنگ فقر و احتشام
چوں شود ہم جنس یاقوت و رخام
کب ہوا فقر و جاہ کا ایک رنگ
کب ہوئے ہم جنس یاقوت اور سنگ

---

[1] بھوسی ۔

جامۂ نیمے اطلس و نیمے پلاس	عیب باشد نزد ارباب شناس
آدھا ریشم اور آدھا ٹاٹ ہو	عیب ہے یہ بات اہل عقل کو
با کبوتر باز کے شد ہم قفس	کے شود ہمراز عنقا با مگس
ہو کبوتر کا مصاحب باز کب	مکھیاں عنقا کی ہوں ہمراز کب
کفو باید ہر دو جفت اندر نکاح	ورنہ تنگ آید نماند ارتیاح
جفت کو ہم کفو ہونا چاہئے	اختلاط آپس میں ورنہ کب رہے

عورت کا جواب

گفت گفتم من چنیں عذرے و داو	گفت سے من نیستم اسباب جو
بیوی عورت، عذر سب میں نے کئے	وہ یہ بولی۔ کیا غرض اسباب سے
ما ز مال و زر ملول و تخمہ ایم	ما بحرص و جمع نے چوں عامہ ایم
اب وبال جاں ہمیں ہے مال و زر	حرص کب ہے مثل عامے خوش گہر
ما ملولیم از قماش و زر و سیم	فارغیم و تخمہ از مال عظیم
سیر ہے چاندی سے اکتی ہے اب ملال	مال کا ہم کو نہیں بالکل خیال
قصد ما سترست پاکی و صلاح	در دو عالم خود بداں باشد فلاح
مدعا عصمت سے، پاکی اور صلاح	جس سے دو عالم میں ہوتی ہے فلاح
باز صوفی عذر درویشی بگفت	واں مکرر کرد تا نبود نہفت
صوفی نے پھر عذر درویشی کہا	کھول کر رکھا۔ دوبارہ ماجرا
گفت زن من ہم مکرر کردہ ام	بے جہازی را مقرر کردہ ام
بولی عورت میں مکرر کہ چکی	بے جہیزی بھی مقرر ہو چکی
اعتماد اوست راسخ تر ز کوہ	کز فقرش ہیچ مے ناید شکوہ
کوہ سے پختہ ہے اس کا اعتقاد	فقر سے ہرگز نہیں ہے انتقاد

او ہمی گوید مرا اوّم عفت است	از شما مقصود صدق و ہمت است
وہ تو کہتی ہے کہ عفت چاہیے	تم سے مجھ کو صدق و ہمت چاہیے
گفت صوفی خود جہاز و مال ما	دیدہ مے بیند ہویدا نے خفا
بولا صوفی خود جہیز اور مال بھی	اس نے دیکھا، بات ہے کیا راز کی
خانۂ تنگے مقام یک تنے	کاندرو پنہاں نماند سوزنے
تنگ گھر اک شخص کے رہنے کی جا	ہے سوئی کا جس میں چھپنا وہم سا
باز ستر و پاکی و زہد و صلاح	او زما بہ داند اندر انتصاح
ستر و پاکی زہد اور پھر اتقا	جانتی ہے وہ یہ سب ہم سے سوا
بہ ز ما میداند او احوال ستر	وز پس و پیش و سرو دنبال ستر
حال وہ خود جانے بہتر ستر کا	سب پس و پیش ابتدا و انتہا
بیجہازی خود عیاں چوں خور است	وز صلاح و ستر او واقف تر است
ہے جہیزی مہر کی صورت عیاں	ہے صلاح و ستر سے وہ دانہ داں
ظاہر او بے جہاز و خادم است	وز صلاح و ستر او خود عالم است
ہے بظاہر بے نوا لڑکی مری	ہے مگر عالم صلاح و ستر کی
شرح مستوری ز بابا شرط نیست	چوں بر او پیدا چو روز روشنیست
باپ ظاہر ستر دختر کب کرے	روز روشن کی طرح جب خود کھلے
ایں حکایت را بداں گفتم کہ تا	لاف کم بافی چو رسوا شد خطا
یوں سنایا ہے یہ قصہ ایک بار	جب خطا رسوا ہوئی، شیخی نہ مار
مر ترا لے ہم بدعوی مستزاد	ایں بدست اجتہاد و اعتقاد
اپنے دعوے کو تو سمجھا مستزاد	تھا یہ تیرا اجتہاد و اعتقاد

لہ یہاں سے اس زن مستوری کی گفتگو ہے جو اپنے جوان عاشق سے ہمکلام ہو رہی ہے ۔

چون زن صوفی تو خائن بودۂ	دام مکر اندر دغا بگشودۂ
ہے زنِ صوفی سا خائن تو کلام	کھولا ہے مکر و دغا کا تو نے دام
کہ ز ہر ناشستہ روئے کپ زنے	شرم داری وز خدائے خویش نے
ہے ہر اک نااہل سے گپ مارتا	پر نہیں اللہ سے تجھ کو حیا

خدا اپنے آپ کو بصیر و سمیع و علیم کیوں کہتا ہے

از پئے آں گفت حق خود را بصیر	کہ بود دید ویت ہر دم نذیر
حق نے خود کو "بصیر" اس واسطے	دیکھے تا اس کی تو ڈرتا رہے
از پئے آں گفت حق خود را سمیع	تا ببندی لب ز گفتار شنیع
ہے "سمیع" اس واسطے خود کو کہا	بند ہوں لب تیرے بدی سے آشنا
از پئے آں گفت حق خود را علیم	تا نیندیشی فسادے تو ز بیم
یوں "علیم" اللہ نے خود کو کہا	تا نہ فکر تو کرے ڈر سے برا
نیست اینہا بر خدا اسم علم	کہ سیہ کافور دارد نام ہم
کب ہیں نام اللہ کے اسم علم	کہتے ہیں کافور بھی زنگی کو ہم
اسم مشتق است و اوصافِ قدیم	نے مثالِ علتِ[ل] اولیٰ سقیم
اسم مشتق ہیں قدیم اوصاف سے	اب ہیں مثلِ علتِ اولیٰ برے
ورنہ مسخر باشد و طنز و دغا	کر را سامع ضریری را ضیا
ہے تمسخر ورنہ اور طعن و دغا	کر کو سامع کہنا اندھے کو ضیا
یا علم باشد حیی نام وقیح	یا سیاہ زشت را نام صبیح
کہ دیں یا بے شرم کو ہم با حیا	یا سیہ بدرو کو صبیح و مہ لقا

[ل] جیسا کہ فلاسفہ خدائے تعالیٰ کو علتِ اولیٰ کہتے ہیں ۔

طفلک نوزادہ را حاجی لقب	یا لقب غازی نہی بہر نسب
کہدے بچے کو حاجی کا لقب	یا کوئی غازی رکھے اپنا لقب
گر بگویند ایں لقبہا در مدیح	چوں ندارد آں صفت نبود صحیح
مدح میں یہ لقب جس شخص کو	ہو غلط گر یہ صفت اس میں نہ ہو
تسخر و طنزے بود آں یا جنوں	پاک[1] حق عما یقول الظالموں
یا جنوں یا طنز ہے باک ہے	ظالموں کے کہنے سے حق پاک ہے
من ہمے دانستمت پیش از وصال	کہ نکو روئی ولیکن بد خصال
جانتی تھی میں تجھے قبل وصال	خوبصورت ہے مگر ہے بد خصال
من ہمے دانستمت پیش از لقا	کز ستیزہ راسخی اندر شقا
دیکھنے سے پہلے تھی میں جانتی	ضد پہ راسخ ہے عادت میں بری
چونکہ چشم سرخ باشد در عمش	دانمش زاں درد گر کم بینمش
آنکھ جب دکھنے کو آتی ہے سرخی	درد سے سرخی کو سمجھوں میں جانتی
تو مرا چوں برہ دیدی بے شباں	تو گماں کردی ندارم پاسباں
بکری بے چرواہے کی سمجھا مجھے	بے محافظ میں نظر آئی تجھے
عاشقاں از درد زاں نالیدہ اند	کہ نظر نا جایگہ مالیدہ اند
درد سے ہے عاشقوں کی آنکھ تر	اڑ گئی ہے بے جگہ ان کی نظر
بے شباں دانستہ اند آں ظبی را	رایگاں دانستہ اند آں صید را
وہ ہرن کو سمجھے ہیں بے پاسباں	قید اس کی جانتے ہیں رائیگاں
تا ز غیرت تیر[2] آمد بر جگر	کہ منم حارس مکن در وی نگر
بوسے تک کر تیر غیرت بیٹھتا ہے	میں نگہباں ہوں نہ تک کر دیکھ ادھر

---

[1] یعنی ظالموں کے کہنے سے خدائے تعالیٰ پاک ہے۔

[2] یعنی غیرت الٰہی کا تیر۔

کے کم از برہ کم از بزغالہ ام
کہ نباشد حارسی از دنبالہ ام
بکری کے بچے سے تو میں کم نہیں
کیوں نہ میرا پاسباں ہو بالیقیں

حارسے دارم کہ ملکش میسزد
داند آں بادے کہ بر من میوزد
پاسباں وہ ۔ عالم ملکش جہاں
جو ہوا مجھ کو چھوے جانے عیاں

سرد بود آں باد یا گرم آں علیم
نیست غافل نیست غائب اے سقیم
جانتا ہے سرد تھی یا گرم تھی
وہ نہ غافل ہے نہ غائب ہے کبھی

نفس شہوانی ندارد نور جاں
من بدل کوریت میدیدم عیاں
نفس شہوانی میں کب ہے نور جاں
میرے دل پر ہے تیری کوری عیاں

نفس شہوانی ز حق کرست و کور
من بدل کوریت میدیدم ز دور
نفس شہوانی ہے بہرا کور بھی
تیرے اندھے پن کو میں تھی دیکھتی

ہشت سالت زاں نپرسیدم ز ہیچ
کہ پرت دیدم ز جہل پیچ پیچ
آٹھ سال اس واسطے پرسش نہ کی
جہل سے بھرپور تھا تو واقعی

خود چہ پرسم آنکہ او باشد چو قن
کہ تو چونی چوں بود او سرنگوں
کس طرح سے اس سے میں پوچھوں کیوں
قن کی صورت جو خود ہو سرنگوں

دنیا بھاڑ اور تقویٰ حمام ہے

شہوت دنیا مثال گلخن ست
کہ از و حمام تقویٰ روشن ست
شہوت دنیا ہے گلخن کی مثال
گرم ہے حمام تقویٰ کی امدلال

لیک قسم متقی زیں تون صفاست
ز آنکہ در گرمابہ است و در نقاست
اس ولفذر سے بری ہیں متقی
کیونکہ ہیں حمام میں اور پاک بھی

اغنیا مانندۂ سرگیں کشاں
بہر آتش کردن گرمابہ داں
کوڑا کرکٹ اغنیا ہیں کھینچتے
گلخن خانہ گرم کرنے کے لئے

اندر ایشاں حرص بنہادہ خدا   تا بود گرمابہ گرم و با نوا
حرص بھر دیتا ہے ان میں کبریا   تا کہ ہو حمام گرم اور با نوا

ترکِ ایں تون گیر و در گرمابہ آں   ترکِ تون را عینِ آں گرمابہ داں
یہ دلدر چھوڑ اور حمام کر   ترک اس کا عین حمام اے پسر!

ہر کہ در تون است او چوں خادم است   مرورا کو خاسرست و خادم است
جو دلدر میں ہے خادم ہے یہاں   اس سے کہہ دے تو ہے مقصد یہاں

ہر کہ در حمام شد سیمائے او   ہست پیدا بر رخِ زیبائے او
جو گیا حمام میں اس کی جبیں   ہے رخِ زیبا پہ روشن بالیقین

تونیاں را نیز سیما آشکار   از لباس و از دخان و از غبار
ہیں دلدر کے نشاں بھی آشکار   کپڑوں سے اور دھوئیں سے تن پہ ہو غبار

ور نہ بینی روش بویش را بگیر   بو عصا آمد برائے ہر ضریر
منہ نہ دیکھے اس کا تو بو اس کی لے   بو عصا ہے ایسے اندھے کے لئے

ور نداری بو بیارش در سخن   از حدیثِ نو بداں رازِ کہن
بو نہ پائے تو تو باتیں اس سے کر   راز کہنہ اخذ کر ان سے پسر!

پس بگوید تونئے صاحب ذہب   بیست سال چرک بردم تا بشب
پس کہے یوں وہ دلدر مال دار   بیس سال افسوس ڈھویا چرک یار

حرص تو چوں آتش است اندر جہاں   باز کردہ صد زبانہ ہر دہاں
حرص تیری آگ ہے یہ جہان سے   لاکھوں شعلے منہ ہیں پھیلائے ہوئے

پیشِ عقل ایں زر چو سرگیں ناخوش است   گرچہ چوں سرگیں فروغِ آتش است
عقل میں سرگیں مال و زر ہے عقل سوز   گرچہ ہے گوبر کی طرح آتش فروز

لہ ارشاد خداوندی تعالیٰ عزوجل سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ
یعنی سجدوں کے اثر سے ان کی پیشانیوں میں نشان ہوں گے۔

آفتابے کو دم از آتش زند   چرک تر را لائق آتش کند
آگ کا دعویٰ جو سورج کرتا ہے   چرک تر کو آگ کے لائق کرے
آفتاب آں سنگ را ہم کرد زر   تا بقدر جرم افتد صد شرر
ہوتا ہے پتھر بھی سورج ہی سے زر   تا دلدر میں لگائے سو شرر
آنکہ گوید مال گرد آوردہ ام   چیست یعنی چرک چندیں خوردہ ام
جس نے جمع مال کا دعویٰ کیا   کہتا ہے - یوں چرک اتنا کھا گیا
ایں سخن گرچہ کہ رسوائی فزاست   درمیان تونیاں زیں فخرہاست
بات یہ گو کہ رسوائی فزا   ہے دلدر کے لئے فخر اسے تو
گر تو ششصد سال کشیدی تا بشب   من کشیدم بیست سال بے کرب
تو نے ہے چھ سال ڈھویا با ملال   میں نے گوبر ڈھویا پیہم بیس سال
آنکہ در توں زاد پاکی را ندید   بوئے مشک آرد بروئے رنج پدید
پاک کب تھے اس میں جو پیدا ہوئے   ہے انہیں تکلیف بوئے مشک سے
گر توں انبار خواہی بود تو   زیں زیاں ہرگز نہ بینی سود تو
ڈھیر میں گوڑے سے گر تو بڑھا   اس زیاں میں کچھ نہ ہوگا فائدہ

ایک چمڑا رنگنے والے کا قصہ

آں یکے دباغ در بازار شد   تا خرد آنچہ ورا در کار بد
گزرا اک دباغ اک بازار سے   تا خریدے چند چیزیں مول لے
چونکہ در بازار عطاراں رسید   ناگہاں افتاد بیہوش و خمید
چوک میں جب عطر والوں کے گیا   ناگہاں بے ہوش ہو کر گر پڑا
بوئے عطرش زد ز عطاران راد   تا جگر دیدش سر و بیجا فتاد
عطر کی بو کا جو جھونکا آ گیا   گر پڑا دباغ سر چکرا گیا

ہمچو مردار اوفتاد او بے خبر
نیم روز اندر میان رہگذر
صورت مردار تھا وہ بے خبر
آدھے دن تک درمیان رہگذر

جمع آمد خلق بر وے آن زمان
جملگان لاحول گو درمان کنان
لوگ سب آکر اکٹھے ہو گئے
اور لاحول اس پہ سب پڑھنے لگے

آن یکے کف بر دل او مے براند
وز گلاب آن دیگرے بر وے فشاند
کوئی دل پہ ہاتھ اس کے پھیرتا
اور چھڑکتا تھا گلابی دوسرا

او نمیدانست کاندر مرتعہ
از گلاب آمد ورا این واقعہ
کون جانے مزرع مدبغ خراب
واقعہ کی وجہ تھی بوئے گلاب

آن یکے دستش ہمے مالید و سر
وآن دگر کہگل ہمے آورد تر
ہاتھ اک ملتا تھا اس کے اور سر
تھنڈ کوئی سٹھیا کرکے تر

آن بخور عود و شکر زد بہم
وآن دگر از پوششش میکرد کم
ایک لایا عود و شکر کا بخور
ایک نے کپڑے کئے سب اس کے دور

وآن دگر نبضش کہ تا چون میجہد
وآن دگر بو از دہانش مے ستد
نبض کی رفتار تھا اک دیکھتا
سونگھتا تھا اس کے منہ کو دوسرا

تا کہ مے خوردست یا بنگ و حشیش
خلق درماندند اندر بیہشیش
تاکہ ہو معلوم مے پی ہے کہ بھنگ
خلق تھی بے ہوشیوں سے اس کی تنگ

پس خبر بردند خویشان را شتاب
کہ فلان افتادہ است اینجا خراب
دی خبر اس کے عزیزوں کو شتاب
ہے فلاں شخص اس جگہ بیہوش خراب

کس نمیداند کہ چون مصروع گشت
یا چہ شد کو اوفتاد از بام طشت
کون جانے اس کو مرگی آ گئی
یا گرا ہے اور شہرت ہے یہی

یک برادر داشت آن دباغ زفت
گربز و دانا بیامد زود تفت
ایک سا بھائی تھا دباغ کا
عاقل و دانا وہ فوراً آگیا

اندکے سرگین سگ در آستین	خلق را بشکافت و آمد با حنین
لے کر وہ آستیں میں رکھ لیا	بھیڑ کو اک بار آیا چیرتا
گفت من رنجش ہمی دانم ز چیست	چوں سبب دانی دوا کردن جلیست
بولا اس کے دکھ کی مجھ کو ہے خبر	ہے مداوا اس سے آسان تر
چوں سبب معلوم نبود مشکل است	داروے رنج و دراں صد محتمل است
ہو سبب پنہاں، تو ہوں سو مشکلیں	دو قسمیں رہیں ہر دعا اور درد میں
چوں بدانستی سبب را سہل شد	دانش اسباب دفع جہل شد
جب سبب سمجھا تو آساں ہو گیا	دفع اس نے جہل کو فوراً کیا
گفت با خود ہستش اندر مغز و رگ	توے بر توے بوے آں سرگین سگ
بھائی خود اس کا دل میں یوں کہنے لگا	یہ تو ہے سرگیں سگ ہی سے بھرا
تا میاں اندر حدث او تا بشب	غرق دباغیست او روزی طلب
یہ نجاست میں کمر تک تا بہ شب	غرق رہتا ہے، سدا روزی طلب
با حدث کرد است عادت سال و مہ	پسے عطرش لاجرم دارد تباہ
یہ نجاست کا ہے خوگر سال و ماہ	عطر کی بو نے کیا اس کو تباہ
پس چنیں گفتست جالینوس مہ	آنچہ عادت داشت بیمار آنش دہ
اس لئے ہے قول جالینوس کا	جو ہے عادت، وہ مریضوں کو کھلا
کز خلاف عادتست آں رنج او	پس دوائے رنجش از معتاد جو
ترک عادت ہی مرض ہے جان سے	ڈھونڈ تو اس کی دوا معتاد سے
چوں جعل گشتست از سرگیں کشی	از گلاب آید جعل را بیہشی
جب جعل سرگیں کشی سے ہو گیا	عطر سے کیا ہوش آئے پھر بھلا
ہم از آں سرگین سگ داروے اوست	کہ بداں او را ہمیں معتاد و خوست
ہے فقط سرگین سگ اس کی دوا	داخل عادت مری ہے یہ بلا

الخبیثات[1] الخبیثین را بخواں	زرو پشت این سخن را بازداں
الخبیثات الخبیثین پڑھو ذرا	پائے گا زرو پشت سے اس کا پتا
ناصحاں آنرا بعنبر یا گلاب	مے دوا سازند بہر فتح باب
چارہ کر عنبر گلاب اور کیوڑا	دیتے ہیں بہرے دوا تا ہو شفا
مر خبیثاں را نسازد طیبات	درخور ہر لائق نباشد اے ثقات
کب خبیثوں کو ہے پاکی سازگار	اُن کے قابل ہی نہیں یہ اے نگار
چوں ز عطر وحی کژ گشتند و گم	بد فغاں شاں کہ تطیّرنا بکم
ہو گئے جب وحی کی خوشبو سے گم	کہتے تھے کافر تطیّرنا[2] بکم
رنج و بیماریست ما را زیں مقال	نیست نیکو وعظتاں ما را بفال
رنج و بیماری ہے اس تقریر سے	وعظ یہ اچھا نہیں اپنے لئے
گر بیاغازید نصحے آشکار	ما کنیم ایندم شما را سنگسار
اب نصیحت کی جو تم نے آشکار	ہم تمہیں کر دیں گے فوراً سنگسار
ما بلہو و لعب فربہ گشتہ ایم	در نصیحت خویش را نسرشتہ ایم
ہم بھلے موٹے ہیں لہو و لعب سے	ہیں نصیحت سے الگ اب تک رہے
ہست قوت ما دروغ و لاف و لاغ	شورش معدہ است ما را زیں بلاغ
جھوٹ ہے یا مکر ہے اپنی غذا	شورشِ معدہ ہے پیغامِ خدا

---

[1] قولہ تعالیٰ عزّوجل، الخبیثات للخبیثین یعنی پلید چیزیں پلید لوگوں کے لئے ہیں۔ اگر اسے زرو پشت کیا جائے تو "الخبیثون للخبیثات" ہوگا۔ یعنی پلید لوگ پلید چیزوں کے لئے ہیں ۱۲۔

[2] قالوا انا تطیرنا بکم لئن لم تنتہوا لنرجمنکم ولیمسنکم منا عذاب الیم۔ یعنی کافروں نے انبیاء سے کہا کہ اپنے درمیان ہم تمہیں نحس اور شوم سمجھتے ہیں کہ تم نے ہم میں تفرقہ ڈال دیا۔ اگر تم باز نہ آؤ گے تو ہم تمہیں سنگسار کریں گے اور تم کو ہم سے بڑے عذاب پہنچیں گے۔

رنج را صد تو و افزوں میکنند — عقل را دارو بافیوں میکنند
یہ بڑھاتے رنج کو ہیں سو گنا — عقل کو دیتے ہیں یہ افیوں کھلا
گند شرک و کفر ایشاں بیحد است — ہیں کہ دباغ اوفتادہ بیخود است
گندگی بے حد ہے کفر و شرک کی — دیکھیں اب دباغ کی بھی بیہوشی

دباغ کا علاج

خلق را میراند زو آں نوجواں — تا علاجش را نہ بینند آں کساں
بھیڑ کو اس سے ہٹانا تھا جواں — تا علاج اس کا نہ ہو ان پہ عیاں
سر بگوشش برد ہمچوں راز گو — پس نہاد آں چیز بر بینی او
راز گو کی طرح نیچا کر کے سر — رکھ دیا چرکیں اس کی ناک پر
کو بکف سرگین سگ سائیدہ بود — داروئے مغز پلیداں دیدہ بود
ہاتھ میں لے کے تھا گوہ مل لیا — جو پلیدوں کی مجرب تھا دوا
چونکہ بوئے آں حدث را واکشید — مغز زشتش بوئے ناخوش را چشید
اس نجاست کی جو بو اس تک گئی — بوئے ناخوش مغز میں جا کر بسی
ساعتے شد مردہ جنبیدن گرفت — خلق گفتند ایں فسونے بد شگفت
مردہ وہ کچھ دیر میں ہلنے لگا — لوگوں نے سمجھا کہ جادو کر دیا
کایں بخواند افسوں بگوشش او دمید — مردہ بود افسوں بفریادش رسید
اس نے جادو پڑھ کے پھونکا کان میں — کام افسوں کر گیا ڈالا سا جان میں
جنبش اہل دنیا آں سو بود — کہ زنا و غمزۂ ابرو بود
ہے ہوا سے جنبش اہل دنیا — غمزۂ ابرو ہو یا ہو تیر ناز
ہر کرا مشک نصیحت سود نیست — جز بدیں بوئے بدش بہبود نیست
مشک سے جس کو نہ ہو کچھ فائدہ — کیا علاج اس کا بجز بو کے سوا

مشرکان را[1] زاں نجس خواندہ است حق　　کاندروں پشک زادند از سبق
مشرکوں کو یوں نجس حق نے کہا　　مینگنی میں تھی پڑی ان کی بنا

کرم کو زاد است از سرگیں ابد　　مے نگرداند بعنبر خوئے خود
کیڑا جو گوبر میں ہے پیدا ہوا　　اس کی عادت بدلے کی عنبر سے کیا

چوں نزد بروے نثار رش نور　　او ہمہ جسم است بے جان چوں قشور
نور کی اس پر نہ بوچھاڑیں پڑیں　　جسم ہے چھلکا سا جاں اس میں نہیں

ور ز رش نور حق قسمیش داد　　ہمچو رسم[2] مصر سرگیں مرغ زاد
نور حق میں کچھ اگر حصہ ملا　　مرغ رسم مصر سے پیدا ہوا

لیک نے مرغ خسیس خانگی　　بلکہ مرغ دانش و فرزانگی
کب ہے وہ ناپاک مرغ خانگی　　بلکہ مرغ دانش و فرزانگی

تو بداں مانی کزاں نورے تہی　　زانکہ بینی بر پلیدی مے نہی
تو بھی ایسا ہی ہے خالی نور سے　　ناک ہے اپنی پلیدی پہ رکھے

از فراقت زرد شد رخسار و رو　　برگ زرد و میوۂ ناپختہ تو
گال تیرے ہجر سے مرجھا گئے　　برگ زرد اور میوے ناپختہ تیرے

دیگ ز آتش شد سیاہ و دود فام　　گوشت از سختی چنیں ماندست خام
دیگ آتش سے ہوئی گو دود فام　　گوشت سختی سے رہا ویسا ہی خام

ہشت سالت جوش دادم از فراق　　کم نشد یک ذرہ خامیت از نفاق
ہجر میں تجھ کو ابالا آٹھ سال　　تیری خامی کم نہ نکلی ایک بال

---

[1] قولہ تعالیٰ عز وجل: انما المشرکون نجس۔ بے شک مشرک ناپاک ہیں۔

[2] مصر میں رسم ہے کہ انڈے کو گوبر میں دباتے ہیں پھر اپنے بیٹھنے اور ملنے کی گرمی سے بچہ پیدا کرتے ہیں۔

[3] وہ معشوقہ اپنے عاشق سے کہتی ہے۔

خامی و ہرگز نخواہی پخت تو	گر ہزاراں بار جوشی اے عتو
خام ہے ہرگز پکے گا تو نہیں	گو ہزاروں بار اُبلے بالیقیں
غورۂ تو سنگ بستہ از مقام	غورہا اکنوں مویزند و تو خام
تیرا غورہ سنگ بستہ ہے تمام	سب منقّٰی بن گئے اور تو ہے خام

عاشق کی فریب سے عذر خواہی

گفت عاشق امتحاں کردم مگیر	تا بہ بینم تو حریفی یا ستیر
بولا عاشق نے لیا تھا امتحاں	ہے خفیہ یا حریف دوستاں
من ہمے دانستمت بے امتحاں	لیک کے باشد خبر ہمچوں عیاں
جانتا ہے امتحاں بھی تھا۔ مگر	دیکھنا کچھ اور ہے۔ سننا دگر
آفتابی نام تو مشہور و فاش	چہ زیانست ار بکردم ابتلاش
نام تیرا مہر کی صورت عیاں	کیا ہے نقصاں سے دیا گر امتحاں
انبیا را امتحاں کردہ عداۃ	تا شدہ ظاہر از ایشاں معجزات
امتحاں لوگوں نے نبیوں کے لئے	اور ان سے معجزے ظاہر ہوئے
تو منی من خویشتن را امتحاں	میکنم ہر روز در سود و زیاں
تو ہے مجھ میں اور میں اپنا امتحاں	کرتا ہوں ہر روز با سود و زیاں
امتحان چشم خود کردم بنور	اے کہ چشم بد ز چشمان تو دور
آزمایا آنکھ کو ہے نور سے	دور اے جاں! تجھ سے چشم بد رہے
ایں جہاں ہمچوں خرابست و تو گنج	گر تفحص کردم از گنجت مرنج
یہ جہاں ویرانہ ہے اور تو ہے گنج	جستجو کی گنج کی تو کیوں ہے رنج

؎ کچا انگور ۔

زاں چنیں بیخودی کردم گزاف
تا زنم با دشمناں ہر بار لاف
اس لئے تھی بیخودی بے گماں
دشمنوں میں تاکہ ماروں شیخیاں

تا زبانم چوں ترا نامے نہد
چشمم ازیں دیدہ گواہی با دہد
تا زباں جب نام لے اے رشک ماہ
تیری آنکھیں تیری ہو جائیں گواہ

گر شدم در راہ حرمت راہزن
آمدم اے مہ بشمشیر و کفن
تیری حرمت کا ہوا گر راہزن
لیکے آیا ہوں یہاں تیغ و کفن

جز بشمشیر خود اے شاہم مکش
بیش ازیں از دوری اے ماہم مکش
تیغ سے اپنی ہی مجھ کو قتل کر
مار دوری کی نہ دے اب اس قدر

جز بدست خود مبرم پا و سر
کہ ازیں دستم نہ از دست دگر
پاؤں اور سر کاٹ اپنے ہاتھ سے
کیوں مروں میں دوسروں کے ہاتھ سے

از جدائی باز میرانی سخن
ہر چہ خواہی کن ولیکن ایں مکن
پھر جدائی کا لیا کیوں تو نے نام
اور سب کچھ کر نہ کر لیکن یہ کام

در سخن آبادم ایں دم راہ شد
گفت امکاں نیست چوں بیگاہ شد
گو سخن[1] آباد کا رستہ ہو
اپنی کہنے کا کہاں موقع رہا

پوستہا گفتیم و مغز آمد دفیں
گر بمانیم ایں نماند ہمچنیں
پوست ظاہر ہیں مغز گودا نہاں
چھوڑ دوں یوں ہی تو جائے رائیگاں

گر خطائے آمد از ما در وجود
چشم میداریم در عفو اے ودود
مجھ سے سرزد گر ہوئی کوئی خطا
اے حبیب بخشش دے بہر خدا

امتحاں کردم مرا معذور دار
چوں ز فعل خویش گشتم شرمسار
آزمائش کی تھی ۔ کر دے عفو یار
فعل سے اپنے میں خود ہوں شرمسار

---

[1] چونکہ وہ عاشق اس جگہ اپنی معشوقہ سے ہم کلام تھا اس لئے اسے سخن آباد کہا ہے ۔

معشوق کا عاشق کے عذر کو رد کرنا

در جوابش برگشاد آں ماہ لب	کز سوئے ما روز و سوئے تُست شب
یوں جواب اس ماہ عالم نے دیا	رات تیری ہے مگر ہے دن مرا
حیلہائے تیرہ اندر داوری	پیش بینایاں چرا مے آوری
مکر یہ تاریک کیوں کرتا ہے تو	وہ بھی جو بینا ہیں ان کے رو برو
ہر چہ در دل داری از مکر و رموز	پیش ما رسوا و پیدا ہمچو روز
مکر سے جو تیرے دل میں ہے نہاں	ہے مثال روز وہ مجھ پر عیاں
گر بپوشیمش ز بندہ پروری	تو چرا بیرونی از حد مے بری
میں چھپاتا ہوں اسے یہ ہے بھلا	اپنی حد سے تو ہے کیوں آگے بڑھا
از پدر آموز کآدم در گناہ	خوش فرود آمد بسوئے پایگاہ
سیکھ جب آدم ہوئے محو گناہ	نیچے اترے شاد سوئے پایگاہ
چوں بدید آں عالم الاسرار را	بر دو پا استاد استغفار را
شان دیکھی عالم اسرار کی	ہو گئے استادہ استغفار کی
بر سر خاکستر اندہ نشست	وز بہانہ شاخ تا شاخے نجست
بیٹھے وہ خاکستر اندوہ پر	شاخ سے تا شاخ پہنچے کود کر
ربنا[۱] انا ظلمنا گفت و بس	چونکہ جانداراں بدید از پیش و پس
ربنا انا ظلمنا پھر کہا	پیش و پس سے جانداروں کو تکا

---

[۱] قول تعالیٰ عزوجل ہے ۔ ربنا ظلمنا انفسنا و ان لم تغفر لنا و ترحمنا لنکونن من الخاسرین ۔ یعنی آدم علیہ السلام نے کہا ۔ یا اللہ ہم نے اپنی ذات پر خود ظلم کیا ہے اگر تو ہم کو نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو یقیناً ہم نقصان اٹھانے والوں سے ہوں گے ۔

دیدہ جانداران پنہاں بیچ جاں	دور باشِ ہر یکے تا آسماں
دیکھا جانداروں کو پنہاں مثل جاں	دور باشیں جن کی قیمیں تا آسماں
کہ ہلا پیشِ سلیماں مور باش	تا نجشگافد ترا ایں دور باش
ہاں تو آ پیشِ سلیماں مور ہو	پھاڑ یہ تجھ کو نہ ڈالے دور ہو
جز مقامِ راستی یکدم مایست	ہیچ لالا مرد را چوں چشم نیست
ہاں نہ لے دم جز مقام راستی	آنکھ سے بہتر نہیں خادم کوئی
کور را گر از پند پالودہ شود	ہر دمے او باز آلودہ شود
صاف کر دیں کور کو گر پند سے	گندگی میں پھر وہ ہر دم جا پڑے
آدما تو نیستی کور از نظر	لیک[ل] اذا جاء القضا عمی البصر
گرچہ اے آدم نہیں تو کم نظر	جب قضا آئے ۔ ہو آنکھ اندھی مگر
عمرہا باید بنادر گاہ گاہ	تا کہ بینا از قضا افتد بچاہ
شاذ و نادر مدتوں میں ہاں کبھی	چاہ میں گر جاتا ہے بینا کوئی
کور را خود ایں قضا ہمراہ اوست	کہ مر او را اوفتادن طبع و خوست
کور کے ہمراہ قضا ہے کو بکو	اس کا گرنا ہے طبیعت اور خو
در حدث افتد نداند بوئے چیست	از منست ایں بوئے یا آلودگیست
جانے کیا وہ گر کے ناپاکی میں بھی	مجھ سے ہے میری یا کہ ہے آلودگی
ور کسے بروئے کند مشکے نثار	ہم ز خود داند نہ از احسان یار
مشک اس پر ڈال دے کوئی تو کیا	اپنی بو سمجھے نہ احسان دوست کا
پس دو چشم روشن صاحب نظر	بہتر از صد مادر است و صد پدر
آنکھیں مرد اہل نظر کی دیکھئے	بہتر و بہتر ہیں سو ماں باپ سے

[ل] یعنی جس وقت قضا آتی ہے، آنکھیں اندھی ہو جاتی ہیں ۔

خاصہ چشم دل کہ آں ہفتاد توست　　پیش چشم حس کہ خوشہ چین اوست
پردے ستر چشم دل میں کر یقیں　　چشم حس اس آنکھ کی ہے خوشہ چیں

اے دریغا رہزناں بنشستہ اند　　صد گرہ زیر زبانم بستہ اند
راہزن ہیں راہ میں بیٹھے ہوئے　　گرہیں سو میری زباں میں ڈال کے

پائے بستہ چوں رود خوش راہوار　　بس گراں بندیست ایں معذور دار
جو ہو پابستہ چلے کب راہوار　　ہے گراں بند نفس، سمجھ معذور یار

ایں سخن اشکستہ مے آید ولا　　کایں سخن دُر است و غیرت آسیا
ہے سخن تیرا شکستہ ہے ولا　　ہے سخن موتی تو غیرت آسیا

دُر اگرچہ خرد و اشکستہ شود　　توتیائے دیدۂ خستہ شود
موتی چورا چورا ہو کر ٹوٹ کے　　دیدۂ خستہ کا وہ سرمہ بنے

اے دُر از اشکستِ خود بر سر مزن　　کز شکستن روشنی خواہی شدن
اے دُر اپنے ٹوٹنے کا غم نہ کھا　　ٹوٹتے ہی روشنی بن جائے گا

ہمچنیں اشکستہ بستہ گفت نیست　　حق کند آخر درستش کو غنی ست
ایسی ہی ہے ٹوٹی پھوٹی بات بھی　　حق درست اس کو کرے جو ہے غنی

گندم ار بشکست زہم در شکست　　بر دکاں آمد کہ نک ناں درست
گیہوں ٹوٹے اور پسے بے اختیار　　جب دکاں پر گئے تو روٹی ہو یار

تو ہم اے عاشق چو جرمت گشت فاش　　آب و روغن ترک کن اشکستہ باش
تو بھی اے عاشق عیاں ہو جرم اگر　　ہو شکستہ، سب تکلف ترک کر

آنکہ فرزندانِ خاصِ آدمند　　نوحۂ اِنّا ظَلَمْنا میدمند
خاص جو فرزند آدم ہیں یہاں　　ان کو ہے انا ظلمنا بر زباں

حاجت خود عرض کن حجت مجو　　ہمچو ابلیس لعین سخت رو
اپنی حاجت کر بیاں حجت نہ کر　　مثل ابلیس لعین بد سیر

سخت روئی گر ورا شد عیب پوش	در ستیزہ سخت روئی رو مکوش
سخت روئی عیب پوش اس کی ہے یار	جا نہ کر تو سخت روئی اختیار
آں ابوجہل از پیمبر معجزے	خواست ہمچوں کینہ ور ترک غزے
مصطفےٰ سے معجزہ بوجہل نے	چاہا ۔ اور جوں ترک آیا سامنے
معجزہ جست از نبی بوجہل سگ	دید و افزودش ازاں الّا کہ شک
معجزہ بوجہل نے چاہا تو کیا	کب بڑھی بینائی ہاں شک بڑھ گیا
لیک آں صدیق حق معجز نخواست	گفت ایں رو خود نگوید غیر راست
معجزہ صدیقؓ نے چاہا نہ تھا	بولے اس منہ کی ہوں باتیں جھوٹ کیا
کے رسد ہمچوں توئی را کز منی	امتحان ہمچو من یارے کنی
تو جو ہے مغرور تو کب ہے بجا	امتحاں لینا مجھ ایسے دوست کا

حضرت علیؓ اور ایک یہودی

مرتضیٰؓ را گفت روزے یک عنود	کو ز تعظیم خدا آگہ نبود
یوں علیؓ سے ایک سرکش نے کہا	جو نہ تھا آگاہ و تعظیم خدا
بر سر بامے و قصرے بس بلند	حفظ حق را واقفی اے ہوشمند
ایک کوٹھے پر بلند اک محل پہ	حفظ حق سے آپ واقف ہیں مگر
گفت آرے او حفیظ است و غنی	ہستی ما را ز طفلی و منی
بولے ہاں وہ ہے محافظ اور غنی	عالم طفلی ہے ، اس سے قبل بھی
گفت خود را اندر افگن ہیں ز بام	اعتمادے کن بحفظ حق تمام
بولا اس کوٹھے سے نیچے گر پڑو	اور بھروسہ حفظ خالق پہ کرو
تا یقیں گردد مرا ایقان تو	و اعتقاد خوب با برہان تو
تا یقیں اس بات کا آئے مجھے	اعتقاد ایسی دلیلوں پہ رہے

پس امیرش گفت خامش کن برو
تا نگردد جانت ایں جرأت گرو
پس علیؓ بولے کہ ہو خاموش جا
جاں نہ اس جرأت میں پائے ابتلا

کے رسد مر بندہ را کو با خدا
آزمایش پیش آرد ز ابتلا
بندہ کے لائق ہے کب جو امتحاں
لے خدا کا۔ سامنے آکر یہاں

بندہ را کے زہرہ باشد کز فضول
امتحانِ حق کند اے گیج گول
بندہ کی طاقت ہے کیا جو بھول کر
لے خدا کا امتحاں اے بے بصیر

آں خدا را میرسد کو امتحاں
پیش آرد ہر دمے با بندگاں
ہے فقط یہ بات خالق کو روا
امتحاں لے ہر گھڑی مخلوق کا

تا بما ما را نماید آشکار
کہ چہ داریم از عقیدہ در سرار
تا ہمیں یہ ہم کو کر دے آشکار
غیب پہ ہے ہم کو کتنا اعتبار

ہیچ آدم گفت حق را کہ ترا
امتحاں کردم دریں جرم و خطا
کیا کسی نے بھی خدا سے ہے کہا
ہاں کیا ہے امتحاں میں نے ترا

تا ببینم غایت حشمت شہا
وہ کرا باشد مجال ایں کرا
تا کہ تیرے حلم کی حد دیکھ لوں
ہے مجال اس کی کسے اے سرنگوں

عقل تو از بس کہ آمد خیرہ سر
ہست عذرت از گناہ تو بتر
عقل تیری ہے بہت خوار و تباہ
ہے گنہ سے بھی بڑا عذرِ گناہ

آنکہ او افراشت سقف آسماں
تو چہ دانی کردن او را امتحاں
جس نے تانی ہے یہ سقف آسماں
تو بھلا اس کا کرے گا امتحاں

اے ندانستہ تو شر و خیر را
امتحاں خود را کن آنگہ غیر را
علم کب ہے تجھ کو شر و خیر کا
لے تو اپنا امتحاں پھر غیر کا

امتحان خود چو کردی اے فلاں
فارغ آئی ز امتحانِ دیگراں
امتحان اپنا لیا جب اے فتا
امتحانِ غیر سے فارغ ہوا

چوں بدانستی کہ شکر دانۂ	پس بدانی کاہل شکر خانۂ
جب تو جانے خود کو شکر دانہ ہے	واقف تو بھی شکر خانہ ہے
پس بداں بے امتحانے کر آں	شکرے نفرستدت تا جایگاہ
وہ خدا بے آزمائش کے کہیں	بھیجتا شکر مکانوں تک نہیں
ایں بداں بے امتحاں از علم شاہ	چوں سری نفرستدت تا پایگاہ
علم حق سے یوں ہی کرے تو یقیں	سروری بے امتحاں حق نہیں
ہیچ عاقل افگند دُرِّ ثمیں	درمیان مستراح پرچمیں
کوئی عاقل گوہر قدر نہیں	ڈال پھینکتا ہے کوڑے پر کہیں
زانکہ گندم را حکیم آگہے	ہیچ نفرستد بانبار کہے
گیہوں کے دانے کوئی عاقل بتا	گھاس کے انبار میں ہے پھینکتا
شیخ را کہ پیشوا و رہبر است	گر مریدے امتحاں کرد او خر است
شیخ کا جو رہنما ہے پیشوا	ہے جو خادم امتحاں تو ہے گدھا
امتحانش گر کنی در راہ دیں	ہم تو گردی ممتحن اے بے یقیں
ہے جو اس کا امتحاں راہ دیں	ممتحن تو بھی بنا اے بے یقیں
جرأت و جہلت شود عریان و فاش	او برہنہ کے شود زیں اقتباس
جہل اور جرأت ہوں تیرے برہنہ	وہ نہ ہوا اس جستجو سے برہنہ
گر بیاید ذرہ سنجد کوہ را	بردرد زاں کہ ترازوش اے فتا
کوہ کو ذرہ گر آ کے تولے	گر ٹوٹے جو اس کی ترازو کوہ سے
کز قیاس خود ترازو مے تند	مرد حق را در ترازو مے کند
وہم کی لے کر ترازو ہے تُلا	آدمی پھر ہے خدا کو تولتا
چوں نگنجد او بمیزان خرد	پس ترازوئے خرد را بر درد
جبکہ گنجائش نہیں عقل کی	توڑ دیتا ہے ترازو عقل کی

امتحاں ہمچوں تصرف داں ورو	تو تصرف بر چناں شاہے مجو
امتحاں بھی اک تصرف ہے پسر!	تو تصرف کر نہ ایسے شاہ پر
چہ تصرف کرد خواہد نقشہا	بر چناں نقاش بہر ابتلا
کیا تصرف نقش پر کر لیں بھلا	کس طرح نقاش کو لیں آزما
امتحانے گر بدانست و بدید	نے کہ ہم نقاش آں بر وے کشید
امتحاں ہے دید اور دانست سے	کیا نہیں یہ نقش[1] اس نقاش کے
چہ قدر باشد خود ایں صورت کہ بست	پیش صورتہا کہ در علمش وے است
قدر کیا رکھتی ہیں یہ سب صورتیں	نقش کے آگے جو ہیں اس کے علم میں
وسوسہ ایں امتحاں چوں آیدت	بخت بد داں کامد و گردن زدت
آئے جب یہ امتحاں کا وسوسا	بدنصیبی کا سمجھ سے سامنا
چوں چنیں وسواس دیدی زود زود	با خدا گرد و در آ اندر سجود
تجھ میں جب پیدا ہو ایسا وسوسا	سجدے میں گر جلد تر پیش خدا
سجدہ گہ را تر کن از اشک رواں	کاے خدایا وارہانم زیں گماں
آنسوؤں سے سجدہ گہ کر اپنی تر	اس گماں سے چھوٹنے کی عرض کر
آں زماں کت امتحاں مطلوب شد	مسجد دین تو پر خروب شد
امتحاں کی آرزو ہو جس گھڑی	مسجد دیں، جان سے ویراں ہوئی
زیں چو وسواس آمدت در امتحاں	باز گرد و زود بحق آر آزماں
دل میں جب ہوں امتحاں کے ولولے	جانب حق چاہیے پھرنا تجھے
تا نگہدارد ترا آں ممتحن	از گمان و امتحان انس و جن
ممتحن محفوظ تا تجھ کو رکھے	امتحاں سے جملہ جن و انس کے

---

[1] یعنی دید اور دانست ۔

مسجدِ اقصیٰ کا قصہ

اے ضیاء الحق حسام الدین بیا	قصۂ داؤد برگو در بنا
اے ضیاء، حق حسام الدین آ	قصۂ داؤد مسجد کی سنا
چوں درآمد عزم داؤد بتنگ	کہ بسازد مسجد اقصیٰ بسنگ
عزم جب داؤد کا راسخ ہوا	مسجد اقصیٰ کی پڑ جائے بنا
وحی کردش حق کہ ترک ایں بخواں	کہ ز دستت بر نیاید ایں مکاں
وحی کی حق نے ارادہ ترک کر	کب بنے گا تیرے ہاتھوں سے یہ گھر
نیست در تقدیر ما آنکہ تو ایں	مسجد اقصیٰ برآری اے گزیں
تیری قسمت میں نہیں ہم نے لکھا	مسجد اقصیٰ کی تو ڈالے بنا
گفت جرمم چیست اے دانائے راز	کہ مرا گوئی کہ مسجد را مساز
بولے اے دانا خطا میری ہے کیا	مجھ سے کہتا ہے۔ نہ تو مسجد بنا
گفت بے جرمے تو خونہا کردۂ	خون مظلوماں بگردن بردۂ
بہ قتل بے گناہ تو نے کیا	خون مظلوموں کا تجھ پر ہے دھرا
کز آواز تو خلقے بے شمار	جاں بدادند و شدند آں را شکار
تیری خوش لحنی سے خلقت بے شمار	جان دے کر ہو گئی تیرا شکار
خوں بسے رفتست بر آواز تو	بر صدائے خوب جاں پرداز تو
خون تیری آواز سے کتنے ہوئے	خوش صدائی پہ تری لاکھوں مٹے
گفت مغلوب تو بودم مست تو	دست من بر بستہ بود از دست تو
بولے میں مغلوب تھا اور مست تھا	ہاتھ میرا تیرے ہاتھوں سے بندھا
نے کہ ہر مغلوب شہ مرحوم بود	نے کہ المغلوب کالمعدوم بود
کیا نہ ہر مغلوب شہ مرحوم تھا	کیا نہ "المغلوب کالمعدوم" تھا

گفت اے مغلوب معدومی تو کو	جز بنسبت نیست معدوم ایقنوا
بولا اے مغلوب معدومی تھی کیا	نسبتاً معدوم تھا چپ ہو بھی جا
ایں چنیں معدوم کو از خویش رفت	بہترین ہستہا افتاد و زفت
نیست ایسا جو خودی کو دے ہٹا	اچھی اچھی ہستیوں سے ہے بڑا
او بہ نسبت باحیاتِ حق فناست	در حقیقت در فنا او را بقاست
نسبتاً گو وہ خدا میں ہے فنا	در حقیقت ہے فنا اس کی بقا
جملہ ارواح در تدبیر اوست	جملہ اشباح در تاثیر اوست
ہیں اسی کے حکم میں روحیں تمام	اس کی تاثیریں ہیں سب جسموں میں عام
آنکہ او مغلوب اندر لطفِ ماست	نیست مضطر بلکہ مختار ولاست
وہ جو ہے مغلوب میرے لطف سے	کب ہے مضطر، اختیار اس کو ہے
منتہائے اختیار آں است خود	کاختیارش گردد اینجا مفتقد
وہ تو خود ہے انتہائے اختیار	بھول جاتا ہے وہ اپنے اختیار
اختیارش گر نبودے چاشنی	گر نگشتے آخر او محو از منی
اختیار اس کا نہ ہو گر چاشنی	محو ہو کر کیوں مٹائے وہ خودی
در جہاں گر لقمہ و گر شربت است	لذتِ او فرعِ ترکِ لذت است
ہو غذا یا شربت دہر فراخ	سب کی لذت ترکِ لذت کی ہے شاخ
گرچہ از لذات بے تاثیر شد	لذتے بود او و لذت گیر شد
لذت دنیا سے گر بے تاثیر ہے	اصل لذت ہے تو لذت گیر ہے
ہر کہ او مغلوب شد مرحوم گشت	در بحارِ رحمتش معدوم گشت
جو ہوا مغلوب وہ مرحوم ہے	رحمتوں کے بحر میں معدوم ہے
نے چناں معدوم کز اہلِ وجود	ہیچ بروے چیرہ اندر گاہ جود
نیست وہ ایسا نہیں ہنگام جود	اس پہ غالب ہو کوئی اہلِ وجود

بلکہ والی گشت موجودات را	بیگمان و بے نفاق و بے ریا
بلکہ وہ مالک ہے موجودات کا	بے گماں بے اختلاف اور بے ریا
بیمثال و بے نشان و بے مکاں	بیزمان و بے چنیں و بے چناں
بے مثال و بے نشاں ہے بے مکاں	اب چنیں باقی نہ ہے اس میں چناں
بے شکال اندر سوال و در جواب	دم مزن واللہ اعلم بالصواب
مشکل اس کو کب سوال اور بے جواب	دم نہ مارا ، اللہ اعلم بالصواب

مومن بھائی بھائی اور علما نفسِ واحد ہیں

پس خطاب آمد بداؤد از خدا	کاے گزیں پیغمبر نیکو لقا
پس کہا داؤد سے اللہ نے	اے خجستہ خاص پیغمبر مرے
دل مدار اندر تفکر زیں خبر	رہ مدہ در دل ملال و غم مخور
اس خبر سے فکر کچھ دل میں نہ کر	رنج و غم دل میں نہ لا اے باخبر
گرچہ بر ناید بجہد و زور تو	لیک مسجد را بر آرد پور تو
تیرے امکاں میں نہیں ایسا تو کیا	تیرا بیٹا دے گا یہ مسجد بنا
گرچہ بر ناید بجہدت ایں مقام	لیک پور تو کند آنرا تمام
تیری کوشش سے نہ سدھرے یہ مقام	پر تیرا فرزند کرے گا اتمام
کردۂ او کردۂ تست اے حکیم	مومناں را اتصالے داں قدیم
اس کا کرنا تیرا کرنا ہے حکیم	اتصال ان مومنوں کا ہے قدیم
مومناں معدود لیک ایماں یکے	چشم شاں معدود لیکن جاں یکے
ہیں کئی مومن مگر ایمان ایک	ہیں کئی آنکھیں مگر ہے جان ایک
غیر فہم و جاں کہ در گاو و خر است	آدمی را عقل و جان دیگر است
گاو و خر میں ہے سمجھ بوجھ اور ہی	آدمی میں عقل و جاں ہے دوسری

باز غیرِ عقل و جانِ آدمی	ہست جانے در نبی و در ولی
آدمی کی عقل و جاں سے بھی نئی	جانِ نبیوں اور ولیوں کو ملی
جانِ حیوانے ندارد اتحاد	تو مجو ایں اتحاد از روح باد
جانِ حیوانی میں کب ہے اتحاد	اس سے خالی ہے سراسر روحِ باد
گر خورد ایں ناں نگردد سیر آں	ور کشد بار ایں نگردد آں گراں
سیر دوجی سے وہ ہو سکتی نہیں	بار سے اس کو گرانباری نہیں
بلکہ ایں شادی کند از مرگ آں	از حسد میرد چو بیند برگ آں
بلکہ اس کی موت ہو شادی اسے	دیکھے با ساماں حسد سے جل مرے
جانِ گرگان و سگاں ہر یک جداست	متحد جانہائے شیرانِ خداست
بھیڑیوں، کتوں کی جانیں ہیں جدا	متحد ہے جانِ شیرانِ خدا
جمع لہ گفتم جانہاشاں من باسم	کاں یکے صد جاں بود نسبت بجسم
"ان کی جانیں" یہ کہا از روئے اسم	ایک جاں سو طرح ہے عنوانِ جسم
ہمچو آں یک نورِ خورشید سما	صد بود نسبت بصحنِ خانہا
جس طرح اک نور ہے خورشید کا	سیکڑوں صحنوں میں گھر گھر پھیلتا
لیک یک باشد ہمہ انوارشاں	چونکہ برگیری تو دیوار از میاں
لیکن ان کا نور یکساں ہو عیاں	ہو نہ گر دیوار کوئی درمیاں
چوں نماند خانہا را قاعدہ	مومناں مانندِ نفس واحدہ
جب گھروں کا کچھ نہ ٹھہرا قاعدہ	ٹھہرے مومن مثلِ نفسِ واحدہ
فرق و اشکالات آید زیں مقال	لیک نبود مثل ایں باشد مثال
مشکلیں گو اس بیاں میں ہیں کمال	یہ مثل لیکن نہیں - یہ ہے مثال

لہ یعنی میں نے جو جانوں کو جمع کیا۔

فرقہا بیحد بود از شخصِ شیر	تا بشخصِ آدمی زادِ دلیر
فرق بے حد ہے کہاں وہ جسمِ شیر	اور کہاں اک آدمی زادہ دلیر
لیک وقتِ مثال اے خوش نظر	اتحاد از روئے جانبازی نگر
ہاں تو وقتِ مثال اے خوش نظر	دونوں کی جانبازیوں پہ غور کر
کاں دلیر آخر مثالِ شیر بود	نیست مثلِ شیر در جملہ حدود
وہ دلیر آخر مثالِ شیر تھا	ہے نہ مثلِ شیر بالکل اے فتا
متحد نقشے ندارد ایں سرا	تا کہ مثلے وانمایم من ترا
ایک سے نقش اس جہاں میں ہیں کہاں	تا مثال اس کی کروں تجھ سے بیاں
ہم مثالِ ناقصے دست آورم	تا ز حیرانی خرد را واخرم
میں مثال اک اور ناقص پیش کروں	عقل کو حیرانیوں سے ہو سکوں
شب بہر خانہ چراغے مے نہند	تا بنورِ آں ز ظلمت مے رہند
رات کو رکھتے ہیں ہر گھر میں چراغ	تا اندھیرے سے رہے حاصل فراغ
آں چراغ ایں تن بود نورش چو جاں	ہست محتاجِ فتیل این و آں
ہے بدن مثلِ چراغ اور نور جاں	بتی کا محتاج ہے یہ بے گماں
آں چراغِ شش فتیلہ ایں حواس	جملگی بر خواب و خور دارد اساس
چھ فتیلوں کا دیا ہیں یہ حواس	کھانے اور سونے پہ ہے ان کی اساس
بے خور و بے خواب نزید نیم دم	با خور و با خواب نزید نیز ہم
بے خورد بے خواب کب ہو زندگی	کھانے سونے ہی سے آئے موت بھی
بے فتیل و روغنش نبود بقا	با فتیل و روغن او ہم بے وفا
کو نہیں بے تیل بتی کے بقا	تیل بتی سے بھی ہے وہ بے وفا

---

[1] چراغ ۔

زانکہ نورِ علتی اش مرگِ جوست	چوں زید کہ روزِ روشن مرگِ اوست
موت کا جویا ہے نورِ علتی	روزِ روشن موت ہے اس کی کھلی
جملہ حسہائے بشر ہم بے بقاست	زانکہ پیشِ نورِ روزِ حشر لاست
آدمی کی سب حسیں ہیں بے ثبات	نورِ روزِ حشر کے آگے فنا
نورِ حسِ جانِ بے پایانِ ما	نیست کلی فانی ولا چوں گیا
جانِ بے پایاں میں نورِ حس رہے	فانی یہ کلی نہیں جوں گھاس کے
لیک مانندِ ستارہ و ماہتاب	جملہ محو اند از شعاعِ آفتاب
چاند تاروں کی طرح ہے یہ کلام	محو سورج کی کرنوں میں ہیں تمام
آنچنانکہ سوز و درد زخمِ کیک	محو گردد چوں در آید مار ریک
جیسے پسو کی جلن تو بھول جائے	سامنے جس وقت تیرے سانپ آئے
آنچنانکہ عور اندر آب جست	تا در آب از زخمِ زنبوراں برست
جس طرح پانی میں کودے برہنا	تاکہ پانی میں بھڑوں سے بچ رہا
میکند زنبور بر بالا طواف	چوں بر آرد سر ندارندش معاف
اس کے سر پہ اڑتی ہیں وہ بھڑیں	سر نکالے وہ تو فوراً کاٹ لیں
آبِ ذکرِ حق و زنبور ایں زماں	ہست یادِ ایں فلانہ آں فلاں
آبِ ذکرِ حق ہے ۔ بھڑ ہے یہ جہاں	یاد میں رہیں یہ فلاں اور وہ فلاں
دم بخور در آبِ ذکر و تن مزن	تا رہی از فکر و وسواسِ کہن
ذکر کے پانی میں تو غوطہ لگا	وسوسوں اور فکر سے تا بچ سکا
بعد ازاں تو طبعِ آں آبِ صفا	خود بگیری جملگی سر تا بپا
بعد ازاں تو خود طبیعت آب کی	پائیگا سر سے پا تک بس وہی
آنچناں کز آب آں زنبورِ شر	میگریزد از تو ہم گیرد حذر
جس طرح بھاگی تھی وہ بھڑ آب سے	تجھ سے بھی بھاگے گی مارے خوف کے

بعد ازاں خواہی تو دور از آب باش	کہ بسر ہم طبع آبی خواجہ تاش
پھر اگر چاہے، ہو پانی سے جدا	کیونکہ اب تو خود ہے پانی بن گیا
بس کسانے کز جہاں بگذشتہ اند	لا نیند و در صفات آغشتہ اند
آدمی ایسے بہت سے چل بسے	جو نہیں فانی، صفات ان کے رہے
در صفات حق صفات جملہ شاں	ہمچو اختر پیش آں خور بے نشاں
ہیں صفات حق میں ان کی سب صفات	مثل اختر، سامنے خور کے ہیں مات
گر ز قرآں نقل خواہی اے حرون	خواں جمیع ہم لدینا محضرون
تو ثبوت اس کا جو چاہے تو لکھوں	پڑھ لے قرآں میں لدینا[1] محضرون
محضروں معدوم نبود نیک بیں	تا بقائے روحہا دانی یقیں
ہیں جو حاضر نیست وہ ہرگز نہیں	یوں بقائے روح کا کر لے یقیں
روح محجوب از بقا بس در عذاب	روح واصل در بقا پاک از حجاب
روح غافل ہے اسیر صد سزا	روح واصل سے ہے پردہ اٹھ گیا
زیں چراغ[2] حس حیوان المراد	گفتمت ہاں تا نجوئی اتحاد
ہے چراغ حس حیواں سے مراد	یعنی اس میں تو نہ ڈھونڈے اتحاد
روح خود را متصل کن اے فلاں	زود با ارواح قدس سالکاں
روح کو اپنی ملا دے جوڑ دے	سالکوں کی پاک تر ارواح سے
صد چراغت ار مرند ار بیستند	باش فارغ چوں یگانہ نیستند
سو دیئے[2] بجھ جائیں تیرے یا جلیں	چھوڑ کر سب کو، سب یہ یگانہ رہیں
زاں ہمہ جنگند ایں اصحاب ما	جنگ کس نشنید اندر انبیاء
ہیں ہمارے دوست سب اس جنگ میں	انبیا اس جنگ سے فارغ رہیں

---

[1] قولہ تعالیٰ عزوجل: اِذا ھُمْ جمیعٌ لَّدینا مُحضرون۔ یعنی ناگہاں وہ سب ہمارے پاس حاضر کئے گئے ہیں۔ [2] چراغ۔

زانکہ نورِ انبیا خورشید بود	نورِ حس ما چراغ و شمع و دود
کیونکہ ہے خورشید نورِ انبیاء	نورِ حس اپنا دھوئیں کا ہے دیا
یک بمیرد یک بماند تا بروز	یک بود پژمردہ دیگر با فروز
اک بجھے، رہا ایک روشن تا سحر	اک ہو پژمردہ تو اک بافروز تر
جانِ حیوانی بود حی از غذے	ہم بمیرد او بہر نیک و بدے
جانِ حیوانی غذا ہی سے جئے	اور بری اچھی غذا ہی سے مرے
گر بمیرد ایں چراغ و طے شود	خانۂ ہمسایہ مظلم کے شود
یہ چراغ آخر جو بجھ بھی جائے تو	خانۂ ہمسایہ کیوں تاریک ہو
نورِ آں خانہ چو بے ایں ہم بپاست	پس چراغ حس ہر خانہ جداست
نور اس گھر کا ہے بے اس کے بپا	پس چراغ حس ہے ہر گھر کا جدا
ایں مثال جانِ حیوانی بود	نے مثال جانِ ربانی بود
جانِ حیوانی کی ہے یہ اک مثال	جانِ ربانی کی کب ہے خوش خصال:
باز از ہندوے شب چوں ماہ زاد	در سر ہر روزنے نورے فتاد
رات کو جب چاند نکلا پھر ضیا	نور ہر روزن پہ اس کا جا پڑا
نورِ آں صد خانہ را تو یک شمر	کہ نماند نورِ آں بے ایں دگر
سو گھروں کے نور کو تو ایک جان	ہو نہ اس کا نور بے اس کے عیاں
تا بود خورشید تاباں بر افق	ہست در ہر خانہ نورِ او قتق
ہو نہ جب تک مہر افق پر ضو فشاں	نور ہر گھر میں ہے اس کا میہماں
باز چوں خورشید جاں آفل شود	نورِ جملہ خانہا زائل شود
ڈوب جائے جبکہ خورشید جہاں	نور سب جانوں سے کر دے رائگاں
ایں مثالِ نور آمد مثل نے	مر ترا ہادی عدو را رہزنے
کب مثل ہے۔ ہے مثالِ نور یار	تیری رہبر اور عدو کی راہ مار

بر مثالِ عنکبوت آں زشت خو	پردہائے گندہ را بر بافد او
وہ تو مکڑی کی طرح نا آشنا	پردے خود سے لیتے اوپر تانتا
از لعابِ خویش پردہ نور کرد	دیدۂ ادراکِ خود را کور کرد
نور اس کی چیپ سے پنہاں ہوا	دیدۂ ادراک کو اندھا کیا
گردنِ اسپ ار بگیرد بر خورد	ور بگیرد پاش بستاند لگد
گھوڑے کی گردن جو پکڑے نفع پائے	پاؤں جو اس کا چھوئے تو لات کھائے
کم نشیں بر اسپِ توسن بے لگام	عقل و دیں را پیشوا کن اے غلام
گھوڑے پر کیوں بیٹھتا ہے بے لگام	عقل و دیں کو پیشوا کر اے غلام
اندریں آہنگ منگر سست و پست	کاندریں رہ صبر شقِ انفس ست
سست و پست آہنگ کا کیا دیکھنا	ہے ریاضت نفس کی صبر اے فتیٰ
باز گرد و قصۂ مسجد بگو	با سلیمانِ نبیِ نیک خو
لوٹ اور پھر قصۂ مسجد سنا	اور سلیمان نبی کا ماجرا

مسجد اقصیٰ کا باقی حصہ

چوں سلیماں کرد آغازِ بنا	پاک چوں کعبہ ہمایوں چوں منیٰ
ڈال دی جس دم سلیمان نے بنا	پاک جوں کعبہ۔ مبارک جوں منا[1]
در بنایش دیدہ می شد کرّ و فر	نے فسردہ چوں بناہائے دگر
اس کی بنیادوں میں ہے سو کرّ و فر	کب تھیں اوروں کی طرح افسردہ تر
در بنا ہر سنگ کز کہ مے شکست	فاش سیروا بی ہمی گفت از نخست
توڑا جاتا تھا جو پتھر کوہ کا	"سے چلو" کی صاف آتی تھی صدا

---

[1] منیٰ مکہ معظمہ میں ایک مقام ہے جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں۔

ہمچو از آب و گل آدم کدہ
نور انساں کہ پارہا تاباں شدہ
آب و گل کی جسم میں جو ہے ضیا
گرد سے بھی پتھروں میں ہے طلا
سنگ بے حمّال آئینہ شدہ
واں در و دیوار ہا زندہ شدہ
پتھر آجاتے تھے بے حمّال کے
اور در و دیوار سب زندہ ہوئے
حق ہمے گوید کہ دیوار بہشت
نیست چوں دیوارہا بیجان زشت
قول خالق ہے کہ دیوار جناں
مثل دیواروں کے ہے بیجاں کہاں
چوں در و دیوار تن با آگہی ست
زندہ باشد خانہ چوں شاہنشہی ست
جسم کی دیوار کو ہے آگہی
گھر سلامت ہو تو ہے شاہنشہی
ہم بہشت و میوہ ہم آب زلال
با بہشتی در حدیث و در مقال
خلد میں میوے بھی آب صاف بھی
ہم سخن ہیں ان سے جو ہیں جنتی
زانکہ جنت را نہ از آلت بستہ اند
بلکہ از اعمال و نیت بستہ اند
چونکہ مٹی کی نہیں جنت بنی
بلکہ ہے اعمال و نیت سے بنی
ایں بنا ز آب و گل مردہ بدست
واں بنا از طاعت زندہ شدست
مردہ آب و گل سے ہے اس کی بنا
طاعت زندہ سے اس کی ابتداء
ایں باصل خویش ماند پُر خلل
واں باصل خود کہ علم ست و عمل
یہ تو اپنی اصل سے ہے پُر خلل
اور اس کی اصل ہے علم و عمل
ہم سریر و قصر و ہم تاج و ثیاب
با بہشتی در سوال و در جواب
ہیں لباس اور تاج۔ قصر و تخت بھی
جنتی سے ہم سخن گویا سبھی
فرش بے فراش پیچیدہ شدہ
خانہ بے کناس روبیدہ شدہ
فرش تہ ہوتا ہے بے فراش کے
صاف گھر ہوتا ہے بے جھاڑو دیئے
تخت او سیار بے حمّال شد
حلقہ و در مطرب و قوال شد
تخت سب بے حمال کے اٹھ کر پھریں
حلقہ و در اس کے ، قوال کریں

خانۂ دل ہیں زغم ژولیدہ شد
بیگماں از توبہ روبیدہ شد
دیکھو برہم غم سے ہے یہ دل کا گھر
توبہ سے ہے صاف ہوتا سر بسر

ہست در دل زندگی دار الخلود
ور زبانم چوں نے آید چہ سود
دل میں دار الخلد کی ہے زندگی
کب وہ قابل ہے بیاں کے اے اخی

چونکہ گشت آں مسجد اقصیٰ تمام
زاہتمامات سلیماں والسلام
جب ہوئی وہ مسجد اقصیٰ تمام
تھے سلیماں جس کا کرتے اہتمام

چوں سلیماں در شدے ہر بامداد
مسجد اندر بہر ارشاد عباد
جب سلیماں صبح دم جاتے وہاں
تا سکھائیں حکم رب بندوں کو وہاں

پند دادے گہ بگفت و لحن و ساز
گر بفعل اعنی رکوع یا نماز
پند دیتے گاہ لحن و ساز سے
گر رکوع[1] و سجدہ سے دل کھول کے

پند فعلی خلق را جذاب تر
کو رسد در جان ہر بے گوش و کر
پند فعلی کا ہے خلقت پہ اثر
کیونکہ بہرہ بھی ہو اس سے بہرہ ور

و اندراں وہم امیری کم بود
در حشم تاثیر آں محکم بود
وہم سرداری کا جس میں کم ہوا
خدم میں اس کا اثر محکم ہوا

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا آغازِ خلافت

قصۂ عثمانؓ کہ بر منبر برفت
چوں خلافت یافت بشتابید تفت
قصۂ عثمانؓ کہ منبر پہ گئے
جب خلافت سے عروج ان کو ملے

منبر مہتر کہ سہ پایہ بدست
رفت بوبکر و دوم پایہ نشست
منبر نبوی سہ پایہ تھا بنا
دوسرے پہ بیٹھے بوبکر سے تو

---

[1] یعنی وہ نصیحت جو عملی ہو جائے۔ [2] یعنی جب امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا بعد خلافت دور آیا تو آپ نے جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کی جگہ چھوڑ دی اور آپ دوسرے پایۂ منبر پہ رونق افروز ہوئے۔

بر سوم پایہ عمرؓ در دورِ خویش	از برائے حرمتِ اسلام و کیش
تیسرے پائے پہ بیٹھے تھے عمرؓ	حرمتِ اسلام تھی پیشِ نظر
دورِ عثمانؓ آمد و بالائے تخت	بر شد و بنشست آں مسعود بخت
دورِ عثمانؓ آیا تو بالائے تخت	جا کے بیٹھے وہ کہ تھے مسعود بخت
پس سوالش کرد مردے بوالفضول	کاں دو ننشستند بر جائے رسولؐ
پوچھنے ان سے لگا اک بوالفضول	وہ دو بیٹھے ۔ تھی جہاں جائے رسولؐ
پس تو چوں جستی برایشاں سروری	چوں برتبت تو از ایشاں کمتری
تم نے کیوں کی ان پہ حاصل سروری	جب کہ رتبے میں ہے ان سے کمتری
گفت اگر جایم سوم پایہ بُدے	وہم مثل عمرؓ تاہم پیشدے
بولے گر لیتا میں پایہ تیسرا	وہم ہوتا ۔ ہوں عمرؓ کا ہمسر[1] ہوا
ور دوم پایہ شدم من جائے جو	گفتنی مثل ابوبکرؓ ست او
دوسرا جو پایہ میں لیتا سنبھال	سب مجھے بوبکرؓ سے دیتے مثال
ہست ایں بالا مقام مصطفیٰؐ	وہم مثلے نیست با آں شہ مرا
یہ ہے بالاتر مقام مصطفیٰؐ	وہم ہو مثل کا اس شہ سے کیا
بعد ازاں بر جائے خطبہ آں ودود	تا بقربِ عصر لب خاموش بود
پھر وہ خطبہ کی جگہ اکرام سے	چپکے وقتِ عصر تک بیٹھے رہے
زہرہ نے کس را کہ گوید ہیں بخواں	یا بروں آید ز مسجد آں زماں
کوئی نہ کہہ سکتا تھا ۔ "خطبہ پڑھیئے ہاں"	یا کوئی مسجد سے ہو باہر زماں
ہیبتے بنشستہ بُد بر خاص و عام	پُر شدہ از نورِ یزداں صحن و بام
خوف سے لبریز تھے سب خاص و عام	نورِ حق سے تھے منور صحن و بام

---

[1] ساتھ ساتھ جھنڈا رکھنے والا ۔ یعنی ہم پلہ ۔

ہر کہ بینا ناظر آں نور بود	کور را زاں تاب ہم گرمی فزود
تھا جو بینا نور کو تھا دیکھتا	کور کو بھی نور سے گرمی سما
تا ز گرمی فہم کردے آں ضریر	کہ برآمد آفتابے بس منیر
سمجھا نابینا یہ گرمی سے شتاب	نور افشاں ہو گیا ہے آفتاب
لیک ایں گرمی کشاید دیدہ را	تا بہ بیند عین ہر شنیدہ را
کھولتی ہے آنکھ یہ گرمی مگر	جو سنا تھا اس کو اب دیکھے بشر
گرمیش را ضجرتے وحالتے	زاں تپش دل را کشادے فسحتے
گرمی میں اک اضطراب و وجد تھا	تھی کشادِ دل تپش سے یہ ملا
کور چوں شد گرم از نور قدم	از فرح گوید کہ من بینا شدم
گرم جب ایں نور سے اندھا ہوا	میں ہوں بینا۔ ہو کے خوش کہنے لگا
سخت خوش مستی ولے اے بوالحسن	پارۂ راہست تا بینا شدن
خوش ہے اور سرمست لیکن دیکھنا	ہے سوانکھا ہونے میں کم فاصلا
ایں نصیب کور باشد ز آفتاب	صد چنیں واللہ اعلم بالصواب
یہ مقدر کور کو ہے آفتاب	اور بھی۔ واللہ اعلم بالصواب
و آنکہ او ایں نور را بینا بود	شرح او کے کار بوسینا بود
اور جو اس نور سے بینا ہوا	ہو ابوسینا سے اس کی شرح کیا
گر شود صد تو کہ باشد ایں زباں	کہ بجنباند بجت پردہ عیاں
سو تہیں بھی اس زباں کی ہوں اگر	اٹھ سکے کب پردۂ راز اے پسر
وائے بروے کو بباید پردہ را	تیغ اللّٰہی کند دستش جدا
وائے اس پر جس نے یہ پردہ چھوا	تیغ حق نے ہاتھ کر ڈالا جدا
دست چہ بود خود سرش را بر کند	آں سرے کز جہل شرہا سر کند
ہاتھ کیا وہ سر بھی اس کا کاٹ لے	سر وہ سر، ہوں جہل و شر جس میں بھرے

این بتقدیر سخن گفتم ترا
ورنہ خود وصفش کجا و این کجا
بات یہ اک بات میں کر دی بیاں
ورنہ بابت اس کے کہا اور یہ کہاں

خال[۱] را خالہ بجے خالو پدے
این بتقدیر آمد است از او بجے
خال بجے خالہ ہوا خالو ہوا
تھا یہ تقدیرا کہ ایسا ہو گیا

از زباں تا چشم کو پاک از شکست
صد ہزاراں سال گویم اندک است
سب شکستہ آنکھ سے ہیں تا زباں
کم ہے، ہو لاکھوں برس تک گو بیاں

ہیں مشو نومید نور از آسماں
حق چو خواہد میرسد در یک زماں
ہو نہ تو مایوس نور چرخ سے
حق اگر چاہے تو دم بھر میں ملے

اختر گردوں ظلم را ناسخ است
اختر حق در صفاتش راسخ است
دافع ظلمت ہیں تارے چرخ کے
اختر حق کی صفت کیا پوچھئے

صد اثر در کانہا از اختراں
میرساند قدرتش در ہر زماں
کان میں تاروں کے ہیں لاکھوں اثر
جو ہیں قدرت سے ہویدا سربسر

چرخ پانصد سالہ راہے مستعین
در اثر نزدیک آمد با زمین
چرخ پانصد سال کی رہ ہے پسر!
ہے زمیں پہ رات دن اس کا اثر

سہ ہزاراں سال و پانصد تا زحل
در ہمہ دم خاصیتش آرد عمل
سہ ہزار و پنج صد سال اسے نگار
ہے زحل دور اور اثر ہے آشکار

در ہمش آرد چو سایہ در ایاب
طول سایہ چیست پیش آفتاب
باز گشت اس کو کرے کیونکر خراب
طول سایہ کیا ہے پیش آفتاب

---

[۱] خال عربی میں ماموں کو کہتے ہیں تو معانی کو خالہ کہنا چاہئے۔ مگر مجازاً خالہ ماں کا بیٹی کو اور اس کے شوہر کو خالو کہتے ہیں۔ مولانا علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں اسی طرح میں نے بھی ایک لفظ مقرر کر دیا ہے مگر اس کے معنے دوسرے ہیں۔

وز نفوس پاک اختر وش مدد ۔۔۔ سوئے اخترہائے گردوں می رسد
پاک نفسوں سے ستاروں کی مثال ۔۔۔ ہے مدد تاروں کو اے فرخندہ فال

ظاہر آں اختراں قوّام ما ۔۔۔ باطن ما گشتہ قوّام سما
ظاہرا اپنا ہے تاروں سے قیام ۔۔۔ باطنا ہم آسماں کا ہیں دوام

آدمی کے متعلق حکماء وانبیاء کا قول

پس بصورت عالمِ اصغر توئی ۔۔۔ پس بمعنی عالمِ اکبر توئی
ظاہرا ہے چھوٹی سی دنیا تو ہی ۔۔۔ باطنا ہے اک بڑی دنیا تو ہی

ظاہرا آں شاخ اصلِ میوہ است ۔۔۔ باطنا بہر ثمر شد شاخ ہست
ظاہرا ہے اصل میوہ شاخ تر ۔۔۔ باطنا ہے شاخ بھی بہر ثمر

گر نبودے میل و امید ثمر ۔۔۔ کے نشاندے باغباں بیخ شجر
گر نہ ہوتی فکر و امید ثمر ۔۔۔ کب لگاتا باغباں بیخ شجر

پس بمعنی آں شجر از میوہ زاد ۔۔۔ گر بصورت از شجر بودش نہاد
پیڑ اس سے اصل میں پیدا ہوا ۔۔۔ ظاہرا گو پیڑ میں وہ ہے لگا

مصطفیٰ صلعم زیں گفت کآدم و انبیاء ۔۔۔ خلف من باشند در زیر لوا
مصطفیٰ کہتے ہیں۔ آدم انبیاء ۔۔۔ حشر میں ہوں گے مرے زیرِ لوا[1]

بہر ایں فرمودہ است آں ذوفنون ۔۔۔ رمزِ نحن الآخرون السابقون
اس لئے کہتے ہیں وہ صاحب فنون ۔۔۔ رمزِ نحن الآخرون السابقون[2]

---

[1] لوا یا لوائے حمد وہ جھنڈا ہے، جو قیامت کے دن سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک میں سایہ افگنی کے لئے ہوگا۔

[2] یعنی ہم آخری حصے کے لوگوں میں سے ہیں۔ مگر پھر بھی سابق ہیں۔

گر بصورت من ز آدم زادہ ام	من بمعنی جد جد افتادہ ام
ظاہرا آدم سے گو پیدا ہوا ہوں میں	فی الحقیقت دادا کا دادا ہوا ہوں میں
کز برائے من بدش سجدہ ملک	وز پے من رفت بر ہفتم فلک
میری ہی خاطر ہوئے ساجد ملک	میرے پیچھے گئے ساتویں فلک
پس ز من زائید در معنی پدر	پس ز میوہ زاد در معنی شجر
باطناً پیدا ہوئے مجھ سے پدر	اصل میں میوے سے نکلا ہے شجر
اول فکر آخر آمد در عمل	خاصہ فکرے کو بود وصف ازل
پہلے فکر اور بعد ہوتا ہے عمل	خاص کر جو فکر ہو وصف ازل
حاصل اندر یک زماں از آسماں	میرود مے آید ایدر کارواں
اک گھڑی میں چرخ سے المختصر	کافلہ ہے آتا جاتا اے پسر
نیست بر ایں کارواں ایں رہ دراز	کہ مفازہ زفت آید با مفاز
قافلے پر کچھ نہیں مشکل یہ راہ	دشت مہلک ہے مگر ہے رست گاہ
دل بکعبہ میرود در ہر زماں	جسم طبع دل بگیرد ز امتناں
کعبہ کو جاتا ہے دل، بے اختلاج	جسم کو مل جاتا ہے دل کا مزاج
ایں درازو کوتہی مر جسم راست	چہ درازو کوتہ آنجا کہ خداست
ہے درازی کوتہی تن کو روا	کیا درازو کوتہ جس جا ہے خدا
چوں خدا مر جسم را تبدیل کرد	رفتنش[1] بے فرسخ و بے میل کرد
جسم کو تبدیل جب کردے خدا	چلنے میں پھر چال کیا اور میل کیا
صد امید ست ایں زماں بردار گام	عاشقانہ اے فتی حل الکلام
ہیں امیدیں سیکڑوں پاؤں بڑھا	عاشقانہ، ہیچ مطلب ہو چکا

[1] یعنی پھر جانے کے لئے چلنے کی حاجت نہیں اور نہ میل منزل کی احتیاج ہے۔ جیسے عارف کا دل گھر بیٹھے بیٹھے جب چاہتا ہے کعبہ شریف پہنچ جاتا ہے۔

گرچہ پیلہ چشم برہم مے زنی
در سفینہ خفتہ رہ مے کنی
کیا عجب ہے دم زدن میں ہاتھ آئے
چلتی کشتی میں تو جاکر بیٹھ جائے

ارشادِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بہر ایں فرمود پیغمبر کہ من
ہمچو کشتی ام بطوفان زمن
اس لئے یوں مصطفےٰ فرماتے تھے
میں ہوں کشتی اس بھنور میں دہر کے

ما و اصحابیم چوں کشتیٔ نوح
ہر کہ دست اندر زند یابد فتوح[1]
ہیں، مرے اصحاب، ہیں کشتیٔ نوح
جو انہیں پکڑے وہی پائے فتوح

چونکہ با شیخے تو دور از زشتیے
روز و شب سیاری و در کشتیے
دور ہے زشتی سے ہو شیخ کے
روز و شب ہے سیر کشتی میں تجھے

در پناہِ جان جان بخش قوی
کشتی اندر خفتہ رہ میروی
ہے جو جان بخش قوی کا آسرا
جاتا ہے کشتی میں تو سوتا ہوا

مگسل از پیغمبر ایام خویش
تکیہ کم کن بر فن و بر کام خویش
ہو رسول وقت سے مت بے خبر
اور بھروسہ اپنے عمل پہ نہ کر

گرچہ شیری چوں روی رہ بے دلیل
ہمچو روبہ در ضلالی و ذلیل
شیر ہے، لیکن چلے جب بے دلیل
لومڑی کی طرح ہوتا ہے ذلیل

ہیں مپر الا کہ با پرہائے شیخ
تا ببینی عون لشکرہائے شیخ
ہاں نہ اڑ لیکن پروں پر شیخ کے
تا نظر آجائیں لشکر شیخ کے

یک زمانے موج لطفش بال تست
آتش قہرش دمے حمال تست
اس کی موج لطف تیرے پر و بال
آتش قہر اس کی لیتی ہے سنبھال

---

[1] فتح کی جمع ہے۔

قہر او با ضدِ لطفش کم شمر ۔۔۔ اتحادِ ہر دو بیں اندر اثر
قہر کو اس کے جو ضدِ لطف جان ۔۔۔ متحد دونوں اثر میں ہیں یہ مان

یک زماں چوں خاک سبزت میکند ۔۔۔ یک زماں پُر باد و کبرت میکند
تجھ کو دم بھر میں بنا دے سبز خاک ۔۔۔ اور گھڑی بھر میں بنا دے کبر ناک

جسمِ عارف را دہد وصفِ جماد ۔۔۔ تا برو روید گل و نسریں رشاد
جسمِ عارف کو وہ دے وصفِ جماد[1] ۔۔۔ تا اُگ آئیں اس پہ گلہائے رشاد

لیک او بیند نہ بیند غیر او ۔۔۔ جز بمغزِ پاک ندہد خُلد بو
دیکھے وہ لیکن نہ دیکھے غیر اسے ۔۔۔ خلد خوشبو پاک مغزوں ہی کو دے

مغز را خالی کن از انکارِ یار ۔۔۔ تا کہ ریحاں یابد از گلزارِ یار
مغز کو خالی تو کر انکار سے ۔۔۔ پائے ریحاں یار کے گلزار سے

تا بیابی بوئے خلد از یارِ من ۔۔۔ چوں محمدؐ بوئے رحماں از یمن
خلد کی تو اس طرح بو پائے گا ۔۔۔ بوئے رحماں جیوں یمن سے مصطفےٰؐ

در صفِ معراجیاں گر بیستی ۔۔۔ چوں براقت بر کشاید نیستی
صف میں گر معراجیوں کی تو کھڑے ۔۔۔ جوں براق اب نیستی پر کھول دے

نے چو معراجِ زمینی تا قمر ۔۔۔ بلکہ چوں معراجِ کلکی تا شجر
یہ نہیں معراج جو ہے تا قمر ۔۔۔ بلکہ وہ معراج تا شاخِ شجر[2]

نے چو معراجِ بخاری تا سما ۔۔۔ بل چو معراجِ جنینی تا نہا
واں نہ معراجِ بخاری تا سما ۔۔۔ بلکہ معراجِ جنینی وانہا

خوش براقے گشت خنگِ نیستی ۔۔۔ سوئے ہستی آردت گر نیستی
ہے براق اچھا یہ اسپِ نیستی ۔۔۔ نیستی سے دے تجھے ہستی یہیں

---

[1] یعنی جمادات۔

[2] شجر سے مراد شجرِ طوبیٰ یا سدرۃ المنتہیٰ ہے جو ساتویں آسمان پر ہے۔

کوہ و دریا با سمعش مس میکند	تا جہان حس راپس میکند
اس کے سمع میں کوہ و دریا چھوڑ رہے	تا جہاں حس کو پیچھے ڈالے
پا بکش در کشتی و میرو رواں	چوں سوئے معشوق جان جاں بغل
بیٹھ کشتی میں، رواں ہو بے گماں	جیسے جاں معشوق کی جانب رواں
دست نے و پائے نے رو تا قدم	آنچناں کہ تاخت جانہا از عدم
اب یوں ہی بے دست و پا تو جا وہیں	جس طرح جانیں عدم سے آئی تھیں
بر دریدے در سخن پردہ قیاس	گر نبودے سمع سامع را نعاس
پھاڑ دیتا سارے پردے راز کے	گر نہ اس کے سننے والے اونگھتے
اے فلک برگفت او گوہر ببار	از جہان او جہانا شرم دار
اے فلک باتوں پہ کر گوہر نثار	اس کے عالم سے ہو دنیا! شرمسار
گر بباری گوہرت کشش تا شود	جامدت گوئندہ و بینا شود
ایک کے بچھ بھی جو موتی لائے تو	گو ہے جامد، پھر بھی آنکھیں پائے تو
پس نثارے کردہ باشی بہر خود	چونکہ ہر سرمایۂ تو صد شود
زر نثاری اپنی خاطر ہے عجب	تا کہ سرمایہ ترا ہو سوگن

ملکہ بلقیس اور حضرت سلیمان علیہ السلام

ہمچو آں ہدیہ کہ بلقیس از سبا	بر سلیماں میفرستاد اے کیا
جوں سبا سے ملکۂ بلقیس نے	ہدیہ بھیجا تھا سلیماں کے لئے
ہدیۂ بلقیس چل اشتر بدست	بار آنہا جملہ خشت زر بدست
ہدیۂ بلقیس چالیس اونٹ تھے	جو کہ تھے سونے کی اینٹوں سے لدے
چو بصحرائے سلیمانی رسید	فرش آنرا جملہ زر پختہ دید
جب ہوا دشت سلیماں میں گذر	دیکھا پختہ ہو رہا ہے فرش زر

بر سر زر تا چہل منزل براند	تا کہ زر را در نظر آبے نماند
سونے پر چالیس منزل تک چلے	حتیٰ کہ اب زر کی وقعت نہ تھی
بارہا گفتند زر را وا بریم	سوئے مخزن ما چہ بیکار اندریم
بارہا سوچا کہ کیوں ہیں لے کے زر	رکھ دیں مخزن میں کہ ہے بیکار تر
عرصۂ کش خاک زر دہ دہی ست	زر بہدیہ بردن آنجا ابلہی ست
خاک بھی ہو زرِ خالص کی جہاں	ہدیہ زر سے کیا جائیں وہاں
اے ببردہ عقل ہدیہ تا الٰہ	عقل آنجا کمتر است از خاک راہ
پیش خالق، ہدیہ عقل اے جواں	عقل خاکِ رہ سے کمتر ہے وہاں
چوں کساد ہدیہ آنجا شد پدید	شرمساری شاں ہمے واپس کشید
جب حقارت ہدیہ کی ظاہر ہوئی	شرم سے ہونے لگی پھر واپسی
باز گفتند از کساد و از رواء	چیست بر ما بندہ فرمانیم ما
پھر یہ سوچا تحفہ اچھا یا بُرا	حکم کے بندے ہیں ہم تو ہم کو کیا
گر زرو گر خاک ما را بردنیست	امر فرماندہ بجا آوردنیست
زر ہو یا ہو خاک ہم پہنچا تو دیں	فرض ہے فرماں بجا لانا ہمیں
گر بفرمایند کہ واپس برید	ہم بفرماں تحفہ را باز آورید
وہ جو فرمائیں کہ لے جاؤ اسے	حکم جب ہم دیں تو پھر لاؤ اُسے
امر و فرماں را ہمے باید شنید	تا بدانجا ہدیہ را باید کشید
حکم جو کچھ ہو وہ سننا چاہئے	ہم کو پہنچانا یہ تحفہ چاہئے
پس رواں گشتند ہدیہ آوراں	تا بہ تخت آں سلیمان جہاں
ہدیہ لانے والے پس آگے بڑھے	سامنے تختِ سلیماں کے
خندش آمد چوں سلیماں آں بدید	کز شما من کے طلب کردم مزید
ہنس کے یوں ان سے سلیماں نے کہا	میں نے کب ہدیہ طلب تم سے کیا

من نگفتم مرا ہدیہ دہید	بلکہ گفتم لائق ہدیہ شوید
کب کہا تھا یہ کہ ہدیہ مجھ کو دو	یہ کہا تھا ۔ لائق ۔ ہدیہ بنو
کہ مرا از غیب نادر ہدیہ ہاست	کہ بشر آں را نیارد نیز خواست
غیب سے نادر ملے ہدیے مجھے	جو نہیں ممکن کہ انساں مانگ لے
مے پرستید اخترے کو زر کند	رو باو آرید کو اختر کند
پوجتے ہو تارے جو دیتے ہیں زر	خالق اختر کو پوجو بے خطر
مے پرستید آفتاب چرخ را	خوار کردہ جان عالی نرخ را
آفتاب چرخ کو ہو پوجتے	خوار ہو جانوں کو اپنی کر رہے
آفتاب از امر حق طباخ ماست	ابلہی باشد کہ گوئیم او خداست
بحکم حق سے مہر باورچی[1] بنا	بیوقوفی ہے اگر کہیے خدا
آفتابت گر بگیرد چوں کنی	آں سیاہی زو تو چوں بیروں کنی
جب گہن سورج کو ہو تو کیا کرو	دور کیونکر رنگ وہ کالا کرو
نے بدرگاہ خدا آری صداع	کہ سیاہی را ببر وا دہ شعاع
کیا خدا سے تم نہیں کرتے دعا	کہ سیاہی دور اور کر دیں دکھا
گر کشندت نیم شب خورشید کو	تا بنالی یا اماں خواہی ازو
نصف شب تم کو جو مارے کیا کرو	اور بتاؤ کس طرح سورج سے رو
حادثات اغلب بشب واقع شود	واں زماں معبود تو غائب بود
حادثے ہوتے ہیں اکثر رات کو	ہوتا ہے غائب تمہارا رب سنو
سوئے حق گر راستانہ خم شوی	وا رہی از اختراں محرم شوی
سوئے حق گر صدق دل سے تو جھکے	محرم اس کا ہو ستاروں سے بچے

---

[1] باورچی اس لیے کہا کہ نباتات وغیرہ کو پکاتا ہے۔

چوں شوی محرم کشائیم با تو لب　　تا ببینی آفتاب نیم شب
تو جو ہو محرم تو کھولوں میں بھی لب　　تا کہ دیکھے آفتاب نیم شب

چوں رواں پاک او را شرق نے　　در طلوعش روز و شب را فرق نے
مثل جان پاک وہ بے شرق ہے　　رات اور دن میں کب اس کے فرق ہے

روز آں باشد کہ او شارق شود　　شب نماند چونکہ او بارق شود
دن وہی ہے جبکہ پھیلائے ضیا　　رات اس کی روشنی میں ہو فنا

چوں نماید ذرہ پیشش آفتاب　　خور چناں باشد در آں انوار و تاب
جیسے ذرہ سامنے خورشید کے　　آفتاب ایسا ہے اس کے سامنے

آفتابے را کہ رخشاں مے شود　　دیدہ ء پیشش کند و حیراں میشود
جس گھڑی ہوتا ہے سورج ضوفشاں　　تو جھپک جاتی ہیں آنکھیں بے گماں

ہمچو ذرہ بینیش در نور عرش　　پیش نور بے حد موفور عرش
عرش میں تو دیکھے جوں ذرہ اسے　　آگے نور بے کنار عرش کے

بینیش مسکین و خوار و بے قرار　　دیدہ را قوت شدہ از کردگار
اس کو دیکھے تو ذلیل و بے قرار　　قوت آنکھوں کو ملی اللہ سے یار

کیمیائے کہ از و یک ماثرے　　بر دخاں افتاد و گشت او اخترے
کیمیا ایسی اثر جس کا فت　　جب دھوئیں پہ پڑ گیا۔ اختر بنا

نادر اکسیرے کہ از وے کیمیاب　　بر ظلامے زد و کردش آفتاب
ایسی اکسیر اس کی معمولی سی تاب　　جب اندھیرے پہ پڑی۔ تھا آفتاب

بوالعجب میناگرے کز یک عمل　　بست چندیں خاصیت بر زحل
ایسا مینا گر کرے عجب۔ اک عمل　　اس قدر خاصیتیں باندھے زحل

باقی ذرہ ہائے جہان و اختراں　　ہم بریں مقیاس اے طالب بداں
ذرّے اور تارے جو باقی ہیں پسرا　　ان کو بھی اس حال پہ محمول کر

دیدۂ حسی زبون آفتاب
دیدۂ ربانیئے جوں نے بیاب
تو ہے چشم حس خراب آفتاب
چشم ربانی نہیں، بن جا شتاب
کاں نظر نوری و ایں ناری بود
نار پیش نور بس تاری بود
وہ نظر نوری ہے، یہ ناری نظر
نار پیش نور ہے تاریک تر
تا زبوں گردد بہ پیش آں نظر
شعشعات آفتاب با شرر
تا ہوں پھیکے سامنے اس آنکھ کے
آفتاب پُر شرر کے پرتوے

حضرت شیخ عبداللہ مغربی کی کرامتیں

گفت عبداللہ شیخ مغربے
شصت سال از شب ندیدم من شبے
بولے عبداللہ شیخ مغربی
ساٹھ سال اک شب نہیں دیکھی کبھی
من ندیدم ظلمتے در شصت سال
نے بروز و نے بشب از اعتدال
ہاں نہیں دیکھا اندھیرا ساٹھ سال
رات اور دن میں تھا اتنا اعتدال
صوفیاں گفتند صدق قال او
نیم شب رفتیم در دنبال او
صوفیوں نے دی گواہی صدق کی
پیچھے ہم جاتے تھے آدھی رات تھی
در بیابانہائے پُر از خار و گو
او چو ماہ بدر ما را پیشرو
ان بیابانوں میں جن میں خار تھے
چودھویں کا چاند وہ بن کر چلے
روئے پس ناکردہ میگفت او بشب
ہیں گو آمد میل کن بر دست چپ
منہ نہ پھیرا اور اکثر کہہ دیا
دیکھو بائیں ہاتھ پہ ہے اک گڑھا
باز گفتے بعد یکدم سوئے راست
میل کن زیرا کہ خارے پیش ماست
پھر کہے تھے دیکھو سیدھے ہاتھ پہ
ہوشیار۔ آتے ہیں کچھ کانٹے نظر
روز گشتے پائے بوسش کردہ ما
زانکہ بودے پاکش از گل ہر دو پا
دن چڑھا پابوس ہم سارے ہوئے
گرد سے پاک ان کے دونو پاؤں تھے

نے زخاک و نے زگل بروے اثر
نز خراشش خار و آسیب حجر
خاک کیچڑ کا نہ تھا ان پہ اثر
پتھر اور کانٹوں سے تھے محفوظ تر

مغربی را مشرقی کردہ خدا
کردہ مغرب را چو مشرق نور زا
مغربی کو مشرقی حق نے کیا
اور مغرب کو دیا مشرق بنا

نور ایں شمس شموسی فارس است
روز خاص و عام را او حارس است
شمس یہ ہر روشنی پہ ہے سوار
روز خاص و عام کا ہے پاسدار

چوں نباشد حارس آں نورِ مجید
کہ ہزاراں آفتاب آرد پدید
کیوں نگہباں ہو نہ وہ نورِ نگار
جس سے ہوں سورج ہزاروں آشکار

تو بنورِ او ہمے رو در اماں
در میان اژدہا و کژدماں
تو بھی اس کے نور ہی میں ہے اماں
اژدہوں اور بچھوؤں کے درمیاں

پیش پیشت میرود آں نور پاک
میکند ہر رہزنے را چاک چاک
تیرے آگے آگے ہے وہ نور پاک
کرتا ہے ہر راہ زن کو چاک چاک

یوم لا یخزی النبی را راست داں
نور یسعیٰ بین ایدیہم بخواں
یوم لا یخزی[1] النبیؐ کو راست جان
نور یسعیٰ[2] بین ایدیہم کو بان

گرچہ گردد در قیامت آں فزوں
از خدا اینجا بخواہید آزموں
نور گر ہوگا قیامت میں سوا
استعانتاً کر یہاں بھی التجا

کو ببخشد ہم بمیغ و ہم بماغ
نور جاں واللہ اعلم بالبلاغ
جو بخار و ابر کو کر دے عطا
نورِ جاں اللہ ہے بہتر جانتا

---

[1] قولہ تعالیٰ عز و جل:۔ یوم لا یخزی اللہ النبی والذین آمنوا معہ' یعنی قیامت کے دن اللہ تعالیٰ نبیؐ کو اور جو لوگ اس پر ایمان لائے ہیں یا اس کے ساتھ ہیں رسوا نہ کرے گا۔

[2] قولہ تعالیٰ عز و جل:۔ نورہم یسعیٰ بین ایدیہم و بایمانہم یعنی ان کا نور آگے اور سیدھے ہاتھوں کی طرف دوڑتا ہے۔

حضرت سلیمانؑ کا قاصدانِ بلقیس کو واپس کرنا

بازگردید اے رسولانِ خجل   زر شما را دل بما آرید دل
لوٹ جاؤ اے رسولانِ خجل   زر مبارک ہو تمہیں، دل لاؤ دل

ایں زرِ من بر سرِ آں زر نہید   کورئ تن فرجِ استر را دہید
میرا سونا اپنے سونے پر رکھو   کوری تن خچروں کو سونپ دو

فرجِ استر لائق حلقہ زر است   زردِ عاشق روئے زردِ اصفر است
زر کے قابل ہیں یہ خچر بیگماں   زرد رنگت زرد ہے عاشق کا یہاں

کہ نظرگاہِ خداوند است آں   کہ نظر انداز خورشید ست کاں
کیوں کہ دل ہی ہے نظرگاہِ خدا   کان پر سورج کی پڑتی ہے ضیا

کو نظرگاہِ شعاعِ آفتاب   کو نظرگاہِ خداوندِ لباب
پس کہاں خورشید کی جلوہ بھرا   اور کہاں یہ جلوہ گاہِ کبریا

از گرفتِ من زجاں اسپر کنید   گرچہ اکنوں ہم گرفتارِ من اید
ان گرفتوں سے کرو جاں کو سپر   اب بھی ہو میری گرفتوں میں مگر

مرغِ فتنہ دانہ بر بام است او   پر کشادہ بستۂ دام است او
مرغِ دانہ دوست ہے بالائے بام   پر کھلے ہیں پر وہ ہے پابندِ دام

چوں بدانہ داد او دل را بجاں   ناگرفتہ مر ورا بگرفتہ داں
چونکہ دانے میں ہے اس کا دل پھنسا   گو رہا ہے جان اُسے پھنسا تھا

آں نظرہا سوئے دانہ میکند   آں گرہ داں کو بپا بر میزند
دانے پہ پڑتی ہے اس کی ہر نظر   وہ گرہ ہے پڑتی ہے جو پاؤں پر

لہ یعنی نصیحتیں ۱۲

دانہ گوید گر تو میسد زدی نظر
من بسے وزدم ز تو صبر و نظر
دانہ بولے تو بچا اسے گر نظر
صبر تیرا میں بچا اڑوں بے خبر

چوں کشیدت آں نظر اندر پیم
پس بدانی کز تو من غافل نیم
جب تری نظریں ہی مجھ پہ جا لگیں
تو سمجھ مجھ سے کبھی میں غافل نہیں

ایک عطار اور ایک مٹی کھانے والا شخص

پیش عطارے یکے گلخوار رفت
تا خرد ابلوج و قند خاص زفت
پیش عطار ایک گل خیرہ گیا
تا خریدے قند اور شکر ذرا

پس بر عطار طرار دو دل
موضع سنگِ ترازو بود گل
چونکہ اس عطار نے دو دل تھے پائے
باٹ تھے مٹی کے پتھر کے بجائے

گفت عطارا بجواں ابلوج من
ہست نیکو بے تکلف بے سخن
بولا عطار لے جواں شکر مری
بے تکلف ہے بہت اچھی نئی

لیک گل سنگ ترازوے منست
گر ترا میل شکر بخرید نست
باٹ مٹی کے ہی پڑے ہیں مگر
مول لے تو اگر چاہے شکر

گفت ہستم در مہمے قند جو
سنگ میزان ہرچہ خواہد باش گو
بولا میں تجھ سے ہوں شکر مانگتا
باٹ چاہے جس کے ہوں پھر اس سے کیا

گفت با خود پیش آنکہ گل خوراست
سنگ چہ بود گل نکوتر از زر است
دل میں کہتا تھا کہ جو گل خوار ہو
سنگ کیا مٹی ہے سونا دوستو

ہمچو آں دلالہ کو گفت اے پسر
نو عروسے یافتم بس خوب فر
جیسے دلالہ تھی کہتی اسے پسر
اک عروس نو ملی ہے خوب تر

سخت زیبا لیک ہم یک چیز ہست
کآں ستیرہ دختر حلوا گر است
ہے حسین لیکن ہے اک یہ بات بھی
وہ عفیفہ لڑکی ہے حلوائی کی

گفت بہتر ایں چنیں خود گر بود	دختر او چرب و شیریں تر بود
بولا لڑکا اچھا ایسا ہے اگر	ہوگی لڑکی چکنی اور شیریں نظر
گر نداری سنگ و سنگت از گلست	ایں بہ و بہ گل مرا میوہ دل است
باٹ مٹی کے ہیں پتھر کے نہیں	ہے مجھے تو بس یہ میوہ بہتریں
اندر آں کفۂ ترازو ز اعتداد	او بجائے سنگ آں گل بر نہاد
پلڑے میں پھر وزن کرنے کیلئے	سنگ کی جا باٹ مٹی کے رکھے
پس برائے کفۂ دیگر بدست	ہم بقدر آں شکر را مے شکست
دوسرے پلڑے میں اپنے ہاتھ سے	وہ شکر رکھنے لگا پھر توڑ کے
چوں نبودش تیشہ او دیر ماند	مشتری را منتظر آنجا نشاند
تھا نہ تیشہ اس لئے وقفہ ہوا	لینے والا منتظر بیٹھا رہا
رویش آنسو بود گل خور ناشگفت	گل از و پوشیدہ دزدیدن گرفت
منہ ادھر پھیرے ہوئے تھا آدمی	مٹی پوشیدہ چرالی باٹ کی
ترس ترساں کہ نباید ناگہاں	چشم او بر من فتد از امتحاں
ڈرتے ہی ڈرتے کہ شاید ناگہاں	مجھ پہ پڑ جائے نہ چشم امتحاں
دید عطار آں و خود مشغول کرد	کہ فزوں تر دزد ہاں اے خیر مرد
دیکھ کر عطار غافل ہو گیا	ہاں زیادہ اس سے تو مٹی چرا
گر بدزدی و ز گل من مے بری	رو کہ ہم از پہلوئے خود میخوری
گر چرا کر سب کی سب لیجائے تو	خود ہی کچھ نقصان نادان پائے تو
تو ہمے ترسی ز من لیک از خری	من ہمے ترسم کہ تو کمتر خوری
مجھ سے تو ڈرتا ہے۔ لیکن ہم نشیں	ڈرتا ہوں میں تو نہ کم کھائے کہیں
چوں بہ بینی تو شکر را آزمود	پس بدانی احمق و عاقل کہ بود
جب شکر تولے گا پائیگا پتا	کون تھا نادان اعاقل کون تھا

گرچہ مشغولم چناں احمق نیم   کز شکر افزوں کشی تو از تنم
گو بیشک ہوں نہیں احمق مگر   تا زیادہ مجھ سے لے جائے شکر
مرغ ازآں دانہ نظر خوش میکند   دانہ ہم از دور راہش مے زند
مرغ خوش ہوتا ہے دانہ دیکھ کر   رہزنی کرتا ہے دانہ بیشتر
گوزنانے چشم حظے میبری   نے کباب از پہلوئے خود میخوری
ہے تناسے چشم سے تو کامیاب   کیا نہ کھائے اپنے پہلو سے کباب
ایں نظر از دور چوں تیر است و سم   عشق افزوں میشود صبر تو کم
یہ نظر ہے دور سے تیر اور سم   عشق افزوں ہو رہا ہے صبر کم
مال دنیا دام مرغان ضعیف   ملک عقبیٰ دام مرغان شریف
مال دنیا، دام مرغان ضعیف   اور عقبیٰ، دام مرغان شریف
تا بدیں ملکے کہ او دامیست ژرف   در شکار آیند مرغان شگرف
اس نے رکھا بڑا عقبیٰ کا دام   تا کہ پھنس جائیں بڑے طائر تمام
من سلیماںؑ مے نخواہم ملک تاں   بلکہ من برہانم از ہر ہلک تاں
میں سلیماںؑ کیوں تمہارا ملک لوں   ہاں ہلاکت سے بری تم کو کروں
کایں زماں ہستند خود مملوک ملک   مالک ملک آنکہ او بجہد ز ہلک
آج کل مملوک ہیں مالک بنے   وہ ہے مالک جو ہلاکت سے بچے
باز گو ذالے اسیران جہاں   نام خود کردید امیران جہاں
اے اسیرو نام اپنا رکھ لیا   تم امیران جہاں کب ہو بھلا
اے تو بندہ اینچناں محبوس جاں   چند گوئی خویش را خواجہ جہاں
بندۂ دنیا ہے تو محبوس جاں   کیوں کہے پھرتا ہے سردار جہاں
اے رسولاں میفرستم تاں رسول   ردّ من بہتر شمارا از قبول
قاصدو اب میں تمہیں ہوں بھیجتا   ہے قبولیت سے بہتر ردّ مرا

حضرت سلیمانؑ کا قاصدوں کی دل جوئی کرنا

پیشِ بلقیس آنچہ دیدند از عجب باز گویند از بیابانِ ذہب
سامنے بلقیس کے دیکھا ہوا دشتِ زر کا حال کہنا برملا

کر چہل منزل بروئے زر بدید وز چنیں ہدیہ خجل چوں میشدید
سونے پر چالیس منزل تم چلے اور پشیماں ایسے تحفے سے ہوئے

تا بداند کہ بزر طامع نہ ایم ما زر از زر آفریں آوردہ ایم
تا وہ سمجھے ہم کو طمع زر نہیں ہم کو زر دیتا ہے وہ زر آفریں

آنکہ گر خواہد ہمہ خاکِ زمیں سر بسر زر گردد و دُرِّ ثمیں
وہ اگر چاہے تو سب خاکِ زمیں سر بسر سونا ہو اور دُرِّ[1] ثمیں

حق برائے او کند اے زر گزیں روزِ محشر ایں زمیں را نقرہ گیں
حق کرے اس کے لئے با صد خوشی روزِ محشر اس زمیں کو نقرئی

فارغیم از زر کہ ما بس پُر فنیم خاکیاں را سر بسر زریں کنیم
سونے کی پروا نہیں مطلق ہمیں خاکیوں کو سر بسر زریں کریں

از شما کے کُدیۂ زر مے کنیم ما شما را کیمیا گر مے کنیم
تم سے ہم مانگیں گے زر کی بھیک کیا کیمیا گر خود تمہیں دیں گے بنا

ترکِ آں گیرید کہ ملکِ سباست کہ بروں زاب و گِل بس ملکہاست
چھوڑ دو تم جو وہ ہے ملکِ سبا ہیں بہت ملک آب و گل کے ماسوا

تختہ بند است آنکہ تختش خواندۂ صدر پنداری و بر در ماندۂ
گور کا تختہ ہے تختِ سروری صدر سمجھے خود کو ہے در پہ کھڑی

---

[1] گراں قیمت موتی ۔

پادشاہی نیستت بر ریش خود	پادشاہی چوں کنی بر نیک و بد
جب نہیں داڑھی بھی قابو میں ترے	نیک و بد پر بادشاہی کیا کرے
بیمرادی تو شود ریشت سفید	شرم دار از ریش خود اے کژ امید
ہو خلاف امید کے داڑھی سفید	شرم کر داڑھی سے اپنی بد امید
مالک الملک است ہر کس سر نہد	بے جہان خاک صد ملکش دہد
وہ ہے مالک ملک کا جو سر جھکا دے	ماسوا دنیا کے لاکھوں ملک پائے
لیک ذوق سجدۂ پیش خدا	خوشتر آید از دو صد دولت ترا
ذوق کا اک سجدہ پیش کبریا	تیرے حق میں ہے خزانوں سے سوا
پس بنالی کہ نخواہم ملکہا	ملک آں سجدہ مسلم کن مرا
تو کہے رو کر کروں گا ملک کیا	ملک سجدہ کر مجھے یارب عطا
پادشاہاں جہاں از بدرگی	بو نبردندے از شراب بندگی
بادشاہان جہاں کب فخر سے	بو شراب بندگی کی لے سکے
ورنہ ادہم وار سرگرداں و دنگ	ملک را برہم زدندے بے درنگ
ورنہ ادہم[1] کی طرح ہو کر وہ دنگ	ملک کو ویران کرتے بے درنگ
لیک حق بہر ثبات ایں جہاں	مہر شاں بنہاد بر چشم و زباں
نظم عالم کے لئے حق نے مگر	مہر کی ان کی زبان و چشم پر
تا شود شیریں بر ایشاں تخت و تاج	تا ستانند از جہانداراں خراج
تا ہوں تخت و تاج ان کو خوشگوار	لیں سلاطیں سے خراج بیشمار
از خراج ار جمع آری زر چو ریگ	آخر آں از تو بماند مردہ ریگ
ریت سے زائد جو دولت جمع کی	غیر کی میراث ہے آخر وہی

---

[1] ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ سے مراد ہے۔

ہمرہِ جانت نگردد ملک و زر   زر بدہ سرمہ ستاں بہرِ نظر
ساتھ جائے جان کے کب ملک و زر   دیجئے زر سرمہ تو لے بہرِ نظر

تا ببینی کاینجہاں چاہیست تنگ   یوسفانہ آں رسن آری بچنگ
تا تو دیکھے یہ جہاں اندھا کنواں   مثلِ یوسف کے پکڑے رسی ایچواں

تا بگوید چوں ز چاہ آئی بہ بام   جاں کہ یا بشریٰ لنا ہذا غلام
جاں کہے . آکر کنوئیں سے سوئے بام   دیکھو ، یا بشریٰ[1] لنا ہذا غلام

ہست در چہ انعکاساتِ نظر   کمتریں آنکہ نماید سنگ زر
چاہ میں جائے تو الٹی ہو نظر   کم سے کم پتھر نظر آتا ہے زر

وقتِ بازی کودکاں را زِ اختلال   می نماید آں خزفہا زر و مال
کھیلنے کے وقت لڑکوں کا خیال   ٹھیکروں کو ہے بناتا زر و مال

عارفانش کیمیاگر گشتہ اند   تا کہ شد کانہا برایشاں نخند
عارف اس کے کیمیا گر ہوگئے   کان زر بھی ہیچ ہے ان کے لئے

ایک درویش کا خواب

آں یکے درویش گفت اندر سحر   خضریاں را من بدیدم خواب در
بولا اک درویش یوں وقتِ سحر   مجھ کو خضریؒ[2] خواب میں آئے نظر

گفتم ایشاں را کہ روزیٔ حلال   از کجا نوشم کہ آں نبود وبال
پوچھا میں نے ان سے روزیٔ حلال   پاؤں کیونکر جو نہ ہو مجھ کو وبال

مر مرا سوئے کہستاں راندند   میوہا زاں بیشہ مے افشاندند
مجھ کو کوہستاں کی جانب لے گئے   میوے پھر جنگل کے توڑے شوق سے

---

[1] ہمارے لئے خوشخبری ہے ، کہ ایک نوجوان ہے ۔

[2] یعنی وہ لوگ جو حضرت خضر علیہ السلام سے نسبت عقیدت رکھتے ہیں ۔

کہ خدا شیریں بگرداں میوہ را　　در دہان تو بہشتے بے ما
اور کہا شیریں انھیں کردے خدا　　تیرے حق میں یہ ہماری ہے دعا
ہیں بخور پاک و حلال و بے حسیب　　بے صداع و نقل بالا و نشیب
کھا یہ ہیں پاک اور حلال اور بے حساب　　نقل و حرکت ہے نہ ہے کوئی عذاب
پس مرا زاں رزق لطفے رو نمود　　ذوق گفت من خرد ہا مے ربود
پس مجھے اس رزق سے لطف آ گیا　　ہو گیا حیران وہ جس سے کہا
گفتم ایں فتنہ است یارب در جہاں　　بخششے دِہ از ہمہ خلقاں نہاں
کی دعا فتنوں سے پُر ہے یہ جہاں　　لطف کر تو اے خدا سب سے نہاں
شد سخن از من دل خوش یافتم　　چوں انار از ذوق مے بشگافتم
اس دعا سے دل کو پایا کامگار　　کھل گیا میں ذوق سے مثل انار
گفتم ار چیزے نباشد در بہشت　　غیر ایں شادی کہ دارم در سرشت
بولا میں کوئی نہیں جنت میں شے　　اس خوشی کے ماسوا جو مجھ کو ہے
ہیچ نعمت آرزو ناید دگر　　زیں نپردازم بخورد نیشکر
اب کوئی نعمت نہیں زیرِ نظر　　چھوڑ کر اس کو نہ کھاؤں نیشکر
ماندہ بود از کسب یکدو حبّہ ام　　دوختہ در آستین جبّہ ام
ایک دو رتی کمائی کی جو تھی　　آستین جبّہ میں وہ ہے سلی

درویش اور لکڑہارا

آں یکے درویش ہیزم میکشید　　خستہ و ماندہ ز بیشہ در رسید
اور اک درویش سر پر لکڑیاں　　آیا جنگل سے تھکا ماندہ وہاں
پس بگفتم من ز روزی فارغم　　زیں سپس از بہر رزقم نیست غم
ہوں میں فارغ میں نے[1] یہ دل میں کہا　　اب مجھے کچھ بھی نہیں غم رزق کا

---

[1] وہی درویش جو طالب روزی حلال کرتا ہے ۔

میوهٔ مکروه بر من خوش شده است	رزق خاصے جسم را آمد بدست
ہو گئے مکروہ میوے خوشگوار	خاص روزی سے بدن ہے کامگار
چونکہ من فارغ شدستم از گلو	حبۂ چندست من بدہم بدو
میں تو اب اس فکر سے آزاد ہوں	چند چنے یہ اسی کو کیوں نہ دوں
بدہم این را بدین تکلیف کش	تا دو سہ روزک شود از قوت خوش
ہے اسے تکلیف۔ دیدوں اس کو زر	تا کرے یہ دو تین دن کرے بسر
خود ضمیرم را ہمیدانست او	زانکہ سمعش داشت نور از شمع ہو
سمجھا دل کی بات کو وہ مو بمو	شمع میں اس کی تھا نور شمع ہو
بود پیشش سر ہر اندیشۂ	چوں چراغے در درون شیشۂ[1]
بھید ہر اندیشہ کا تھا سامنے	جس طرح شیشے میں رکھتے ہوں دیئے
ہیچ پنہاں مے نشد از وے ضمیر	بود بر مضمون دلہا او خبیر
دل کی بات اس سے کوئی نہاں نہ تھی	وہ دلوں کا راز داں تھا واقعی
پس ہمے مشکید با خود زیر لب	در جواب فکرتم آں بوالعجب
اس نے ہونٹوں میں تھا کچھ کہہ دیا	تھا جواب اچھا مری تخیل کا
چوں چنیں اندیشی از بہر ملوک	کیف[2] تلقی الرزق ان لم یرزقوک
سوچتا کیا ہے تو شاہوں کے لئے	رزق کیونکر پائے تو گر حق نہ دے
من نمیکردم سخن را فہم لیک	بر دلم میزد عتابش نیک نیک
میں تو بات اس کی سمجھتا ہی نہ تھا	ہاں مگر دل پہ سخت خفگی کا بڑا
سوئے من آمد بہیبت ہمچو شیر	تنگ ہیزم را ز خود بنہاد زیر
مثل شیر آیا مری جانب رواں	پھینک کر جلدی سے نیچے لکڑیاں

---

[1] چراغ ◆

[2] اگر وہ تجھے رزق نہ دیتے۔ تو تجھے رزق کیونکر ملتے ◆

پرتو حالی کہ او ہیزم نہاد	لرزہ بر ہفت عضو من فتاد[1]
پرتو اس کا تھا جو رکھیں لکڑیاں	عضو ساتوں تھے مرے لرزش کناں
گفت یا رب گر ترا خاصاں ہے اند	کہ مبارک دعوت و فرخ پے اند
ہیں دعا زندہ ہیں کہ مرد خدا	ہیں قدم جن کے مبارک اور دعا
لطفِ تو خواہم کہ مینا گر شود	ایں زماں ایں تنگ ہیزم زر شود
لطف ہو یا رب ترا صنعت اثر	لکڑیوں کا گٹھا یہ ہو جائے زر
در زماں دیدم کہ زر شد ہیزمش	ہمچو آتش بر زمیں میتافت خوش
میں نے دیکھا لکڑیاں زر ہو گئیں	جو زمیں پہ آگ سی ضو بار تھیں
من دراں بیخود شدم تا دیر گہ	چونکہ با خویش آمدم من از ولہ
دیر تک میں بیخود و حیراں رہا	ہوش پھر آخر ہوئے میرے بجا
بعد ازاں گفت اے خدا گر آں کبار	بس غیور اند و گریزاں ز اشتہار
پھر دعا کی اے خدا وہ نیک تر	ہیں غیور اور شہرتوں سے دور اگر
باز ایں را بندۂ ہیزم ساز زود	بے توقف ہمچناں حالے کہ بود
پھر اسے لکڑی کا گٹھا دے بنا	جیسا تھا ویسا ہی ہو جائے فورا
در زماں شد ہیزمش افشاں ز زر	مست شد در کار او عقل و نظر
ہو گیا فوراً وہ سونا لکڑیاں	تھیں عجب عقل و نظر کو مستیاں
بعد ازاں برداشت ہیزم را و رفت	سوئے شہر از پیش من او تیز و تفت
پھر اٹھا کر لکڑیاں رخصت ہوا	شہر کی جانب گیا بھاگا ہوا
خواستم تا در پئے آں شہ روم	پرسم از وے مشکلات و بشنوم
میں نے چاہا پیچھے جاؤں میں	مشکلوں کا حل اسی سے پاؤں میں

---

[1] یعنی ہفت اندام سے ہفت اندام، آنکھ، کان اور ناک
ہے زبان اور پیٹ، فرج اور دست و پا

بستہ کرد آں ہیبتِ او مر مرا   پیشِ خاصاں رہ نباشد عام را
اس کی ہیبت نے مگر روکا مجھے   عام کیا خاصوں کے آئیں سامنے

ور کسے را رہ شود گو سر فشاں   کاں بود از رحمت و از جذبِ شاں
جو یہ رستہ پائے، کر دے سر نثار   اُن کے جذب و کرم پر ہے انحصار

پس غنیمت دار آں توفیق را   چوں بیابی صحبتِ صدیق را
پس غنیمت جان اُس توفیق کو   جب تو پائے صحبتِ صدیق کو

نے چو آں ابلہ کہ یابد قربِ شاہ   سہل و آساں در فتد آندم براہ
پھر نہ ایسا بھی جو قربِ شہ ملے   پھیلا پھیلا سارے رستے میں پھرے

چوں ز قربانی دہندش بیشتر   پس بگوید ران گاو است ایں مگر
ملے جو قربانی سے قدرت بیشتر   ران سمجھے گائے کی وہ بے خبر

نیست ایں از ران گاو اے مفتری   ران گاوت می نماید از خری
ران یہ جھوٹے! کہاں ہے گائے کی   ران اُس کو جانتا ہے ابلہی

حضرتِ سلیمانؑ کا قاصدوں کو لوٹنے کی ترغیب دینا

بذلِ شاہانہ است ایں بے رشوتے   بخششِ محض است ایں از رحمتے
یہ تو بے رشوت ہے خیراتِ شہی   نہایتِ رحمت سے بخشش تجھ پہ کی

ہمچنانکہ شہ سلیمانؑ در نبرد   جذبِ خیل و لشکرِ بلقیس کرد
جوں سلیمانؑ نے لڑائی کی سنو   اور کھینچا لشکرِ بلقیس کو

کہ بیائید اے عزیزاں زود زود   کہ برآمد موجہا از بحرِ جود
اے عزیزو جلد جلد آؤ یہاں   بحرِ بخشش کی ہیں موجیں بیکراں

سوئے ساحل می فشاند بے خطر   جوششِ موجش ہر زمانے صد گہر
سوئے ساحل پھینکتی ہیں بے خطر   جوشش میں آ کے موجیں سو گہر

الصلا گفتیم اے اہل رشاد
کایں زماں رضواں درِ جنت کشاد
ہے صلا اہل ہدایت کے لئے
کھولے ہیں جنت کے در رضوان نے

پس سلیمانؑ گفت اے پیکاں روید
سوئے بلقیس و بدیں دیں بگروید
قاصدو تو سلیماںؑ نے کہا
مژدہ دو بلقیس کو اس دین کا

پس بگوئیدش بیا اینجا تمام
زود کانّ اللہ یدعوا بالسّلام[لہ]
پس چلیں آئیں یہاں وہ سب تمام
کیونکہ انّ اللہ یدعو بالسلام

ہیں بیا اے طالبِ دولت شتاب
کہ فتوحست ایں زماں و فتحِ باب
آ یہاں اے طالبِ دولت شتاب
فتح سے ہو گی یہاں تو کامیاب

اے کہ تو طالب نۂ تو ہم بیا
تا طلب یابی ازاں یارِ وفا
اور اگر طالب نہیں ہے تو بھی آ
دے تجھے ذوقِ طلب وہ باوفا

ملک برہم زن تو ادہمؒ وار زود
تا بیابی ہمچو او ملکِ خلود
مثلِ ادہمؒ برہم اپنا ملک کر
تاکہ ملکِ جاوداں کی ہو خبر

حضرت ابراہیم ادہمؒ کا ترکِ سلطنت

خفتہ بود آں شہ شبانہ بر سریر
حارساں بر بام اندر دار و گیر
سوتے تھے اک دن وہ سلطاں تخت پر
پاسباں تھے بام پر سینہ سپر

قصدِ شہ از حارساں آں ہم نبود
کہ کنند زاں دفعِ دزداں و رنود
ہے یہ مطلب چوکیداروں سے نہ تھا
دفع چوروں کو کریں وہ جا بجا

او ہمے دانست کانکو عادلست
فارغست از واقعہ آمن دلست
جانتے تھے وہ کہ جو عادل ہوئے
ہیں وہ فارغ حادثات و خوف سے

لہ بیشک اللہ تجھے سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے۔

عدل باشد پاسبان کامہا
نے بشب چوبک زناں بر بامہا
عدل ہوتا ہے نگہباں ہم نشیں
کوٹھوں پہ کی بانگ نوبت کچھ نہیں
لیک بُد مقصودش از بانگِ رباب
ہمچو مشتاقاں خیالِ آں خطاب
مقصد ان کا تھا مگر بانگِ رباب
تھا خیالوں میں وہی شوقِ خطاب
نالۂ سرنا و تہدیدِ دہل
چیزکے ماند بداں ناقورِ کل
ڈھول کی آواز سرنا کی صدا
ملتی اس نغمے سے ہے کچھ برملا
پس حکیماں گفتہ اند ایں لحنہا
از دوارِ چرخ بگرفتیم ما
کہتے ہیں دانا یہ آوازیں تمام
لی ہیں دورِ چرخ ہی سے لاکلام
بانگِ گردشہائے چرخست اینکہ خلق
میسرایندش بطنبور و بحلق
گردشِ گردوں کے ہیں یہ زمزمے
گاتے ہیں جو حلق یا طنبور سے
مومناں گویند کآثارِ بہشت
نغز گردانید ہر آواز زشت
کہتے ہیں مومن کہ آثارِ بہشت
خوب کر دیتے ہیں ہر آوازِ زشت
ما ہمہ اجزائے آدم بودہ ایم
در بہشت آں لحنہا بشنودہ ایم
سب کے سب اجزائے آدم ہم جو تھے
سنتے رہتے تھے وہ نغمے خلد کے
گرچہ بر ما ریخت آب و گل شکے
یاد ما آید ز آنہا اندکے
آب و گل نے شک میں گو ڈالا ہمیں
یاد ہے ان میں سے تھوڑا سا ہمیں
لیک چوں آمیخت با خاکِ کرب
کے دہند ایں زیر و ایں بم آں طرب
مل گئے اس میں غم و اندوہ اب
آئے کیوں کر زیر و بم میں وہ طرب
آب چوں آمیخت با بول و کمیز
گشت ز آمیزش مزاجش تلخ و تیز
پانی میں پیشاب کی بو جب ملی
تلخ و تیز اس کی طبیعت ہو گئی
چیزکے از آب ہستش در جسد
بول از آں رو آتشے را میکشد
پانی بھی تھوڑا سا اس میں ہے ڈلے
آگ بجھ جاتی ہے یوں پیشاب سے

گر نجس شد آب ایں طبعش نماند	کآتش غم را بطبع خود نشاند
ہے نجس، لیکن طبیعت میں ہے تاب	آتش غم کو بجھا دیتا ہے آب
پس غذائے عاشقاں آمد سماع	کہ درو باشد خیال اجتماع
راگ عاشق کی غذا ہے خوش خصال	یار سے ملنے کا اس میں ہے خیال
قوتے گیرد خیالات ضمیر	بلکہ صورت گردد از بانگ صفیر
قوت اک پکڑیں خیالات ضمیر	بلکہ دے صورت دکھا بانگ صفیر
آتش عشق از نواہا گشت تیز	آنچناں کہ آتش آں جوز ریز
تیز ہو جاتی ہے آتش عشق کی	جیسے اس اخروٹ والے کی ہوئی

پانی میں اخروٹ پھینکنے والے کی کہانی

در تغوکے بود آب آں تشنہ راند	بر درخت جوز جوزے میفشاند
تھا گڑھے میں آب اور اک پیاسا تھا	پیڑ پر اخروٹ کے بیٹھا ہوا
میفتاد از جوز بن جوز اندر آب	بانگ مے آمد مے دید او حباب
پھینکتا پانی میں وہ اخروٹ تھا	سنتا بانگ اور دیکھتا تھا بلبلہ
عاقلے گفتا کہ بگذار اے فتا	جوزہا خود تشنگی آرد ترا
بولا اک عاقل یہ کیا ہے دل لگی	ہیں یہی اخروٹ وجہ تشنگی
بیشتر در آب می افتد ثمر	آب در پستی ست از تو دور تر
گرتے ہیں اخروٹ اس میں ٹوٹ کر	پانی ہے پستی میں تجھ سے دور تر
بیشتر در آب مے افتد ببیں	میبرد آبش تراچہ سود ازیں
گر کے پانی میں یہ اخروٹ اے فتا	ڈوب جاتے ہیں تجھے کیا فائدہ
تا تو از بالا فرود آئی بزیر	آب جوزت بردہ باشد اے دلیر
جب تک اوپر سے تو نیچے آئیگا	پانی ان اخروٹوں کو لے جائیگا

گفت قصدم زیں فشاندن جز کیست   تیز تر بنگر بریں ظاہر مایست
بولا یہ اخروٹ کب ہے پھینکنا   چھوڑ ظاہر دیکھ باطن کو ذرا

قصدِ من آنست کاید بانگِ آب   ہم ببینم بر سر آب ایں حباب
ہے یہ مقصد آئے پانی کی صدا   اور نظر پانی پہ آئے بلبلا

تشنہ را خود شغل چہ بود درجہاں   گرد پائے حوض گشتن جاوداں
پیاسے کا کیا شغل ہے اس کے سوا   حوض کے چاروں طرف پھرنا سدا

گردِ جو و گردِ آب و بانگِ آب   ہمچو حاجی طائفِ کعبہ صواب
پانی کے گرد اور گرد آواز کے   جیسے حاجی گرد کعبے کے پھرے

ہمچنیں مقصود من زیں مثنوی   اے ضیاء الحق حسام الدین توئی
مثنوی سے پس میرا مقصود بھی   ہے ضیاء الحق حسام الدین تو ہی

مثنوی اندر فروع و در اصول   جملہ آنِ تست و کردستی قبول
مثنوی فرعاً اور اصلاً ہے تری   کی قبول اور ملکیت تیری ہوئی

التجا بر تست و بر امداد تو   تکیہ بر اشفاق و بر اسعادِ تو
التجائیں تجھ سے ہیں امداد کی   ہے بھروسہ لطف و یاری پہ تری

مثنوی اندر اصول و در فروع   میکند زیر لوائے تو رجوع
ہاں یہ اصلاً اور فرعاً مثنوی   ہر طرح سے ہے پناہوں میں تری

مثنوی اندر اصول و ابتدا   جملہ بہر تست و بر تست انتہا
مثنوی کا ہر اصول اور ابتدا   تجھ سے ہے اور ہے تجھی پہ انتہا

در قبول تست عزّ و مقبلی   زانکہ شاہ جان و سلطان دلی
تیری منظوری ہے عزت مستقل   کیونکہ تو ہے شاہ جاں اور شاہ دل

در قبول آرند شاہاں نیک و بد   چوں قبول آرند نبود ہیچ رد
ہے قبول بادشاہاں نیک و بد   گر کریں مقبول کیوں ہوتا ہے رد

چوں نہالے کاشتی آبش بدہ	چوں کشادش دادہ بکشا گرہ
پیڑ بویا ہے تو پانی اُس کو دے	اب گرہ اچھی طرح سے کھول دے
قصدم از الفاظ او رازِ تو است	قصدم از انشایش آوازِ تو ہست
مقصدِ الفاظ تیرا راز ہے	مقصدِ انشا تری آواز ہے
پیش من آوازت آوازِ خداست	عاشق از معشوق حاشا کے جداست
ہے تری آواز آوازِ خدا	کب ہُوا معشوق سے عاشق جُدا
اتصالے بے تکیف بے قیاس	ہست ربّ الناس را با جانِ ناس
بے تکلف اس کا ہوتا ہے وصال	اپنے بندوں سے ہے ملتا ذو الجلال
لیک گفتم ناس من نسناس نے	ناس غیرِ جان جاں اشناس نے
لیک ہر ناس نہیں معنیِ ناس[1]	بلکہ وہ انسان جو ہے حق شناس
ناس مردم باشد و کو مردمی	تو سرِ مردم ندیدستی دنی
آدمی دیکھے کہاں ہیں اے دنی	آدمی کا سر بھی دیکھا ہے کبھی
مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ خواندۂ	لیک جسمی در تجزّی ماندۂ
مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ ہے پڑھا	جسم کی تقسیم میں ہے تو پڑا
ملکِ جسمت را چو بلقیس اے غبی	ترک کن بہرِ سلیمانؑ نبی
مثلِ بلقیس اس بدن کو اے غبی	ترک کر بہرِ سلیمانؑ نبی
میکنم لاحول نے از گفتِ خویش	بلکہ از وسواسِ آں اندیشہ کیش
کب ہے لاحول اپنے اس احساس پر	بلکہ بد اندیش کے وسواس پر
کو خیالے میکند در گفتِ من	در دل از وسواس و انکارات و ظن
جس کو میری گفتگو کا ہے خیال	وسوسہ، انکار، بدظنی، ملال

---

[1] انسان "آدمی"۔

میکنم لاحول یعنی چارہ نیست　　چوں ترا دردل بضدم گفتنی ست
چارہ ہی کیا ہے بجز لاحول کے　　جب تجھے ضد ہے مری گفتار سے
چونکہ گفت من گرفتت در گلو　　من خمش کردم تو زیں پس خود بگو
پکڑا میری باتوں نے تیرا گلا　　لے میں چپکا ہو گیا اب تو سنا

ہر بے ادب سے تحمل اور رفاقت کرنا

قصہ گفت آں شاہ را و فلسفہ　　تا بہ آمد عشر خرمن از کفہ
کچھ سنایا فلسفہ۔ قصے کہے　　دس گنا غلہ نکالا یاں سے
دہ ہزارش داد و خلعت درخورش　　خانۂ فکر و ثنا گشت آں سرش
دس ہزار دستار اور عمدہ اک خلعت دیا　　اُس کا سر شکر و ثنا سے بھر گیا
پس تفحص کرد کایں سعی کہ بود　　شاہ را اہلیت من کہ نمود
اس نے ڈھونڈا کس نے کی تھی یہ سعی　　شاہ کو دکھلائی اہلیت مری
پس بگفتندش کہ حسن الدین وزیر　　آں حسن نام و حسن خلق و ضمیر
پس کہا لوگوں نے ہے سعی وزیر　　ہے حسن نام اور حسن خلق و ضمیر

ور ثنائے وے یکے شعرِ دراز بر نوشت و سوئے خانہ رفت باز
شعر کچھ اس کے لئے اس نے لکھے اور اپنے گھر سدھارا شوق سے

بے زبان و لب ہماں نعمائے شاہ مدح شد میگفت خلعتہائے شاہ
بے زباں و لب سخاوت شاہ کی مدح خواں تھی اور خلعت شاہ کی

چند سال کے بعد شاعر کا پھر آنا

بعد سالے چند بہر رزق و کشت شاعر از فقر و عوز محتاج گشت
کچھ برس کے بعد طالب رزق کا فقر کا مارا وہ شاعر پھر ہوا

گفت وقت فقر و تنگی دو دست جستجوئے آزمودہ بہتر است
بولا وقت فقر و تنگی مو بمو آزمودہ کی ہے بہتر جستجو

درگہی را کآزمودم از کرم حاجت نو را ہماں جانب برم
آزمایا لطف جس درگاہ کا حاجت نو بھی اُدھر لے جاؤں گا

معنیِ اللہ گفت آں سیبویہ یولہون فی الحوائج ہم لدیہ
سیبویہ[1] اللہ کے یہ معنے کہے وقت حاجت[2] رو چکی اس کے سامنے

گفت الہنا فی حوائجنا الیک والتمسناہا وجدناہا الیک
اور کہا جب وقت حاجت کی پکا اور ڈھونڈا ہم نے اس کو پا لیا

صد ہزاراں عاقل اندر وقت درد جملہ نالاں پیش آں دیان فرد
لاکھوں عاقل جبکہ ہوں تکلیف میں رو میں، یاد اللہ کو اپنے کریں

ہیچ دیوانہ فلیوسے آں کند بر بخیلے عاجزے کدیہ تند
ہو گا ایسا وہ دیوانہ کوئی جو کرے عاجز سے دریوزہ گری

---

[1] علم نحو کے بڑے عالم و فاضل امام گذرے ہیں ۔

[2] اپنی حاجتوں کے وقت بندے اس کے سامنے زاری کرتے ہیں ۔

گر ندیدندے ہزاراں بار بیش
عاقلاں کے جاں کشیدندش بہ پیش
پہلے لاکھوں بار جا بجا ہے آئے
ورنہ عاقل جان دیتے کس لئے

بلکہ جملہ ماہیاں در موجہا
جملۂ پرندگاں بر اوجہا
بلکہ موجوں میں ہیں جتنی مچھلیاں
جو پرندے ہیں فضاؤں میں نہاں

بلکہ جملہ موجہا بازی کناں
ذوق شوقش راعناں اندر عناں
بلکہ ہیں موجیں بھی سب بازی کناں
ذوق میں اس کے عناں اندر عناں

پیل و گرگ و شیر و اشکار نیز
اژدہائے زفت و مور و مار نیز
بھیڑیا اور شیر ہاتھی اور شکار
اژدہا یہ خوف اور سب مور و مار

بلکہ خاک و آب و باد و ہم شرار
مایہ زو یابند ہم دی ہم بہار
خاک پانی اور ہوا اور یہ شرار
سب خزاں پاتے ہیں اس سے اور بہار

ہر دمش لابہ کند ایں آسماں
کہ فرو مگذارم اے حق یکزماں
کرتا ہے اس کی خوشامد آسماں
چھوڑنا یارب نہ مجھ کو ناگہاں

استن من عصمت و حفظ تو است
جملہ مطوی بیمین آمد و دست
ہے ستوں میرا، حفاظت میں تری
ہاتھ میں لپٹے ہیں تیرے ہم سبھی

وین زمین گوید کہ دارم بر قرار
ایکہ بر آبم تو کردی استوار
اور زمیں کہتی ہے رکھنا برقرار
مجھ کو پانی پہ کیا ہے استوار

جملگاں کیسہ ازو بردوختند
دادن حاجت ازو آموختند
سب نے کیسہ لطف سے اس کے سیا
اس نے سکھایا کرنا حاجت کا روا

ہر نبی زو بر آوردہ برات
استعینوا منہ صبراً و الصلوٰۃ[۲]
ہر نبی نے اس سے حاصل کی برات[۱]
تم مدد لو اس سے با صبر و صلوٰۃ

---

[۱] حقیر۔ معجزہ۔

[۲] اسْتَعِینُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوۃ۔ صبر اور نماز کے ذریعے سے اللہ سے مدد چاہو۔

ہیں ازو خواہید نے از غیر او   آب در یم جو مجو از خشک جو
اسی سے مانگو ہاں نہ مانگو غیر سے   پانی لے دریا سے نہریں چھوڑ دے
ور بجوابی از دگر ہم او دہد   برکفِ میلش سخا ہم او نہد
دوسرے سے بھی جو مانگے دے وہی   ہاتھ کو میل سخاوت اُس نے دی
آنکہ معرض را ز زر قاروں کند   رو بدو آری بطاعت چوں کند
معترض کو دیکھے زر قاروں کیا   گر کرے طاعت تو دے کتنا بھلو
بار دیگر شاعر از سودائے دلو   رو بسوئے آں شہ محسن نہاو
شاعر آیا داد کی اُمید پہ   اپنے محسن کی طرف پھر لوٹ کر
ہدیۂ شاعر چہ باشد شعر نو   پیش محسن آرد و بنہد گرو
ہدیہ شاعر کے کیا اشعار نو   پیش محسن لا کے رکھتا ہے گرو
محسناں باصد عطا و جود و بِر   زر نہادہ شاعراں را منتظر
سو عطا و جود سے محسن تمام   شاعروں کے منتظر ہیں و کلام
پیش شاں شعرے بہ از یک تنگ شعر   خاصہ شاعر کو گہر آرد ز قعر
شعر اچھیں ریشم سے ہیں محبوب تر   خاص کر شاعر ہو دے جو گہر
آدمی اوّل حریص ناں بود   زانکہ قوتِ ناں ستونِ جاں بود
آدمی اوّل حریص ناں ہوا   روٹی کھانا ہی ستون جاں ہوا
سوئے کسب و سوئے غصب و صد حیل   جاں نہادہ بر کفِ از حرص و اَمل
کسب و غصب اور سو طرح حیلہ کرے   حرص سے جاں کو ہتھیلی پہ دھرے
چوں بنادر گشت مستغنی ز ناں   عاشقِ نام است و مدحِ شاعراں
جب کبھی روٹی سے مستغنی ہوا   شاعروں کی مدح پہ مرنے لگا
تاکہ اصل و فصل او را بر دہند   در بیانِ فضلِ او منبر نہند
تاکہ اصل و نسل کی تحسین کریں   کرنے کو تعریف منبر پہ چڑھیں

تاکہ کرّ و فرّ زر بخشی او
ہمچو عنبر بو دہد در گفتگو

تاکہ شانِ جود اس کی بے گماں
گفتگو میں مثلِ عنبر ہوں عیاں

خلق ما بر صورتِ خود کرد حق
وصفِ ما از وصفِ او گیرد سبق

رب کی صورت پہ ہے مخلوقِ جہاں
ہیں ہمارے وصف اس کی خوبیاں

چونکہ آں خلاقِ شکر و حمد جوست
آدمی را مدح جوئی نیز خوست

وہ ہے خالق شکر کا اور حمد جوُ
مدح جوئی بھی ہے انسانوں کی خو

خاصہ مردِ حق کہ در فضل است چست
پُر شود زاں باد چوں مشکِ درست

خاصکر وہ جو ہے فضلِ حق سے چست
اس ہوا سے مشک بنکر ہے درست

ور نباشد اہل زاں بادِ دروغ
خیک بدریداست کے گیرد فروغ

گر نہ ہو وہ اہل تو بادِ دروغ
پھاڑ ڈالے مشک. کب پائے فروغ

ایں مثل از خود نہ گفتم اے رفیق
سرسری مشنو چو اہلی و مفیق

یہ مثل خود ساختہ کب ہے نگار!
سرسری مت سُن اگر ہے ہوشیار

ایں پیمبرؐ گفت چوں بشنید قدح
کہ چرا فربہ شود احمدؐ بمدح

ہجو سنکر اپنی احمدؐ نے کہا
مدح سے فربہ میں کیوں ہونے لگا

رفت شاعر سوئے آں شاہ و بُرد
شعر اندر شکرِ احساں کاں نمرد

پیشِ حضرتؒ شعر شاعر لے گیا
شکرِ احساں میں نہیں جس کو فنا

محسناں مردند و احسانہا بماند
اے خنک آں را کہ ایں مرکب براند

مرگئے محسن اور احساں رہ گئے
ہے مبارک جس نے یہ احساں کئے

ظالماں مردند و ماند آں ظلمہا
وائے جانے کو کند مکر و دغا

مرگئے ظالم ، رہی باقی جفا
وائے اس پہ جو کرے مکر و دغا

گفت پیغمبرؐ خنک آں را کہ او
شد ز دنیا ماند ازو فعلِ نکو

کہتے ہیں حضرتؐ مبارک ہے وہی
جس کی نیکی مرکے بھی باقی رہی

نام نیک اوز فعل نیک داں   لیس فرد است و یقیں بنگر عیاں
نیک نامی جان فعل نیک سے   اور یقیناً زندہ ہے وہ دیکھ لے
مرد محسن نیک احسانش نہ مرد   نزد یزداں دین احساں نیست خرد
مر گیا محسن، مرا احساں نہیں   پیش حق، افضل ہے احسان اور دیں
وائے آنکو مرد و عصیانش نمرد   تا نہ پنداری بمرگ او جاں ببرد
ہائے! عصیاں جس کا زندہ - خود مرا   مر کے وہ کب جاں بچا کر لے گیا
ایں رہا کن زانکہ شاعر بر گذر   وام دار است و قوی محتاج زر
چھوڑ اس کو کیونکہ شاعر اب ادھر   ہے بہت مقروض اور محتاج زر

شاعر کا بادشاہ کے پاس شعر لے جانا

برد شاعر شعر سوئے شہریار   بر امید بخشش و احسان پار
لایا شاعر شعر پیش شہریار   بخشش و احساں کا تھا امیدوار
نازنیں شعرے پر از در درست   بر امید و بوئے اکرام نخست
آبدار اشعار مانند گوہر   پہلے سے انعام کی امید پر
بازشہ بر خوئے خود گفتش ہزار   چوں چنیں بد عادت آں شہریار
عادتاً دی اشرفی شہ نے ہزار   تھی یہی از بسکہ خوئے شہریار
لیک ایں بار آں وزیر پر ز جود   بر براق عز ز دنیا رفتہ بود
جو وزیر باعطا سابق میں تھا   چھوڑ کر دنیا کو اب تھا چل بسا
بر مقامش او وزیر نو رئیس   گشتہ لیکن سخت بے رحم و خسیس
جانشیں اس کا نیا تھا اک رئیس   تھا جو بے رحم اور بہت ہی تھا خسیس
گفت اے شہ خرجہا داریم ما   شاعرے را نبود ایں بخشش سزا
بولا اے شہ خرچ اپنا ہے بڑا   مستحق شاعر نہیں اس جود کا

من بہ ہر یک عشر آں اے محتشم	ہر دو شاعر را خوش و راضی کنم
دس کی میں جو نقاقؑ پہ باصد خوشی	راضی اس شاعر کو کروں گا ابھی
خلق گفتندش کہ او از پیش ستدست	دہ ہزار اے زیں گدا و ربودہ است
لوگوں نے اس سے کہا ہے پہلی بار	لے گیا ہے بادشہ سے دس ہزار
بعد شکر کلک خائی چوں کند	بعد سلطانی گدائی چوں کند
کھا کے شکر کس طرح نرسل چبائے	کر کے سلطانی گدائی کیسے پائے
گفت بفشارم ورا اندر فشار	تا شود زار و نزار از انتظار
بولا میں دوں گا اسے ایسا فشار	ہوگا وہ مجبور کر کے انتظار
آنکہ از خاکش دہم از راہ من	ور رباید ہمچو گلبرگ از چمن
پھر اٹھا کر خاک اگر دوں گا اسے	مثل گل لے جائیگا وہ باغ سے
ایں ہمہ بگذار کاستادم و دیں	گر تقاضا گر بود ہم آتشیں
چھوڑیے مجھ پہ ہوں پرفن بالیقیں	گر تقاضا گر ہو پیدا آتشیں
از ثریا گر بپرد تا ثری !	نرم گردد چوں بہ بیند او مرا
وہ ثریا سے اڑے گر تا ثری	نرم ہو گر دیکھے گا مجھ کو ذرا !
گفت سلطانش برو فرماں تراست	لیک شادش کن کہ نیکو گوئے ماست
شاہ بولا۔ دی اجازت تجھ کو جا	خوش مگر کر دے کہ ہے مدحت سرا
گفت او را دو صد امید لیس !	تو بمن بگذار و آں بر من نویس
بولا اس کو دو حریفیں ایسے تمام	سونپ مجھ کو اور لکھوا لے میرے نام
جنس او و ہیچو او سی صد ہزار	تو رہا کن با من و با من گذار
اس کے ہم جنس ایسے لاکھوں لا کلام	چھوڑ مجھ پہ میں کروں گا انتظام
پس فگندش صاحب اندر انتظار	شد زمستان و دی و آمد بہار
کر دیا اس کو شکار انتظار !	گذرے جاڑے اور خزاں آئی بہار

شاعرش چندانکہ حاجت مینمود
صاحبش در وعدہ حیلہ مے فزود
جس قدر کرتا تھا شاعر التجا !
اتنے ہی کرتا تھا وہ وعدے سوا

تاکہ اندر انتظارش پیر شد
پس زبون ایں غم و تدبیر شد
رہتے رہتے منتظر بوڑھا ہوا
اس غم و تدبیر سے وہ تھک گیا

گفت اگر زر نہ کہ دشنامم دہی
تا رہد جانم ترا باشم رہی
بولا زر دیتا نہیں دشنام دے
تا بچے جاں - یہ ترا بندہ رہے

انتظارم کشت بارے گو برو
تا رہد ایں جان مسکیں از گرو
منتظر کب تک رہوں کہدے کہ جا
تا رہائی پائے جاں مبتلا !

بعد ازانش داد ربع عشر آں
ماند شاعر اندر اندیشہ گراں
اس کی جو تھائی جو پائی بعد ازاں
فکر سے شاعر ہوا وہ سر گراں

کو چناں نقد و چناں بسیار بود
دیر کرد آں شگفتہ دستہ خار بود
گرچہ یہ نقد و زر بسیار تھا
دیر میں کھلنے سے یہ گل خار تھا

پس بگفتندش کہ آں دستور راد
رفت از دنیا خدا مزدش دہاد
پس کہا لوگوں نے وہ بھلا وزیر
چل بسا بخشے اُسے رب قدیر

کہ مضاعف زو ہمے گشتے عطا
کم ہمے افتاد در بخشش خطا
جس سے ہو جاتی تھی دگنی ہر عطا
اور کم ہوتی تھی بخشش میں خطا

ایں زماں او رفت و احساں را ببرد
او ببرد الحق و لے احساں نمرد
وہ گیا اور رسم احساں لے گیا
وہ مرا احساں مگر زندہ رہا

رفت از ما صاحب راد و رشید
صاحب سلاخ درویشاں رسید
ہو گیا رخصت جوانمرد رشید
یہ ملا دشمن فقیروں کا پلید

رو بگیر ایں را و زینجا شب گریز
تا نگیرد با تو ایں صاحب ستیز
دے جو کچھ لے اور چل دے رات کو
تا تیرے ساتھ اس کا کچھ جھگڑا نہ ہو

ما بصد حیلہ ازو ایں ہدیہ را بستدیم اے بے خبر با جہد ہا
ہم نے سو حیلوں سے یہ ہدیہ لیا کوششیں کر کر کے ہے حاصل کیا

رُو بایشاں کرد و گفت اے مشفقاں از کجا آمد بگوئید ایں عوان
اُن سے شاعر نے کہا۔ اے دوستو یہ یہاں آیا کہاں سے ہے کہو

چیست نام ایں وزیر جامہ کن قوم گفتندش کہ نامش ہم حسن
ہے وزیر راہ زن کا نام کیا نام اس کا ہے حسن سب نے کہا

گفت یارب نام آن و نام ایں چوں یکے آمد دریغ اے ربِّ دیں
بولا یارب ایک ہے دونوں کا نام ہے تعجب سخت مجھ کو لا کلام

آں حسن نامی کہ از یک کلکِ اُو صد وزیر و صاحب آمد جود جو
اک حسن وہ تھا کہ اس کے کلک سے سینکڑوں محتاج صاحب زر ہوئے

ایں حسن کز ریش زشتِ ایں حسن میتواں بافید اے جاں صد رسن
اک حسن یہ ہے کہ اس کی ریش سے سینکڑوں رسّی بنانی چاہیئے

بر چنیں صاحب چو شہ اصغا کند شاہ و ملکش را ابد رُسوا کند
ایسے صاحب کا جو شہ کہنا سنے ملک و مالک تا ابد رُسوا رہے

اس وزیر کی فرعون سے مُشابہت

چند آں فرعون میشد نرم و رام چوں شنیدے او ز موسیٰؑ آں کلام
ہوتا تھا فرعون کتنا نرم و رام جبکہ سنتا تھا وہ موسیٰ کا کلام

آں کلامے کہ بدادے سنگ شیر از خوشیِ آں کلامِ بے نظیر
دودھ پتھر سے نکالے جو کلام بے نظیر اور لاجواب و خوش نظام

چوں بہاماں کہ وزیرش بُود او مشورت کردے کہ کینش بُود خو
جب وہ ہاماں سے، کہ تھا اس کا وزیر مشورہ کرتا۔ تو کہتا وہ شریر

پس بگفتے تاکنوں بودی خدیو   بندہ گردی ژندہ پوشے را بریو
شاہ تھا فرعون اب تک تیرا نام   اب ہے گدڑی والے کا بنتا غلام
ہمچو سنگ منجنیقے آمدے   آں سخن بر شیشہ خانہ او زدے
بات یہ گوپھن کے پتھر کی مثال   شکستہ دل پہ تھی لگتی۔ تھا یہ حال
ہر چہ صد روز آں کلیمؑ خوش خطاب   ساختے دریکدم او کردے خراب
سو دنوں تک وہ کلیمؑ خوش خطاب   جو بناتے، ہوتا دم بھر میں خراب
عقل تو مغلوبِ دستورِ ہواست   در وجودت رہزنِ راہِ خداست
عقل جو تیری ہے مغلوبِ ہوا   جسم میں ہے رہزنِ راہِ خدا
ناصحے ربانیے پندت دہد   آں سخن را او بفن طرحے نہد
گر تجھے کوئی نبی بھی پند دے   یہ ہوا سو مکر سے ٹالے اسے
کایں نہ بر جا ایست ہیں از جا مشو   نیست چنداں با خود آ شیدا مشو
اں یہ بے موقع ہے تو دھوکا نہ کھا   کچھ نہیں بس ہوش کر آپے میں آ
وائے آں شہ کہ وزیرش ایں بود   جائے ہر دو دوزخ پر کیں بود
وائے وہ شہ ایسا جس کا ہو وزیر   دونوں یہ دوزخ میں ہونگے جائے گیر
شاد آں شاہے کہ او را دستگیر   باشد اندر کار چوں آصف وزیر
ہے مبارک شاہ جس کا دستگیر   کارِ شاہی میں ہو آصف سا وزیر
شاہ عادل چوں قرینِ او شود   معنیٔ "نورٌ علیٰ نور" ایں بود
شاہ عادل جب قریب آ کے ہوا   ہو گیا "نورٌ علیٰ نورٌ" نے ثنا
چوں سلیمانؑ شاہ و چوں آصف وزیر   نور بر نور است عنبر بر عبیر
چوں سلیمانؑ شاہ آصف سا وزیر   نور پہ ہے نور۔ عنبر پہ عبیر
شاہ فرعون و چو ہامانش وزیر   ہر دو را نبود زبد بختی گزیر
شاہ فرعونی، اور ہاماں سا وزیر   دونوں کو ہے بد نصیبی ناگزیر

پس بود ظلمات بعض فوق بعض
نے خرد یار و نہ دولت روز عرض
ہے یہی تاریک سے تاریک تر
روز محشر عقل کام آئے نہ زر

من ندیدم جز شقاوت در لئام
گر تو دیدستی رساں از من سلام
جز شقاوت کیا کمینوں کا ہے کام
تو نے دیکھا ہو تو پہنچا دے سلام

ہمچو جاں باشد شہ و صاحب چو عقل
عقل فاسد روح را آرد بنقل
مثل جاں ہے شہ تو نائب مثل عقل
عقل فاسد روح کو کرتی ہے نقل[ے]

آں فرشتہ عقل چوں ہاروت شد
سحر آموزید و صد طاغوت شد
وہ فرشتہ عقل جو ہاروت تھا
سحر سیکھا اللہ گمرہ ہو گیا

عقل جزوی را وزیر خود مگیر
عقل کل را ساز اے سلطاں وزیر
عقل جزوی کو نہ کر اپنا وزیر
عقل کل اے شاہ ہے اچھا وزیر

مر ہوا را تو وزیر خود مساز
کہ بر آید جان پاکت از نماز
حرص کو تو مت وزیر اپنا بنا
کیونکہ جاں ہوگی نمازوں سے جدا

کایں ہوا پر حرص و حالی بیں بود
عقل را اندیشہ یوم الدین بود
یہ ہوا پر حرص دنیا بیں رہے
عقل اندیشہ قیامت کا کرے

عقل را دو دیدہ در پایان کار
بہر آں گل می کشد او رنج خار
دیکھتی ہے عقل ہر انجام کار
کھینچتی ہے گل کی خاطر رنج خار

کہ نفرساید نریزد ہر خزاں
باد ہر خرطوم اخشم دور ازاں
تا خزاں سے وہ نہ پچکا بکھر ہو
ناک جیسے حس کا ہو اس سے دور ہو

ور چہ عقلت ہست با عقل دگر
یار باش و مشورت کن اے پسر
تجھ میں ہے گو عقل پھر بھی اے پسر
مشورہ اوروں کی عقلوں سے تو کر

[ے] یعنی روح کو بھی فساد کی طرف منتقل کرتی ہے۔

باد و عقل از ہر بلا ہا وا رہی   پائے خود بر اوج گردو نہا ہی
کر دیں دو عقلیں بلاؤں سے رہا   اوجِ گردوں پہ تو ہو رونق فزا

حضرت سلیمانؑ کے مقام پر ایک دیو کا بیٹھنا

دیو گر خود را سلیمانؑ نام کرد   ملک بُرد و مملکت را رام کرد
دیو نے اپنا سلیمانؑ رکھ کے نام   کر لیا ملک اور دولت کو غلام
صورتِ کارِ سلیمانؑ دیدہ بُود   صورت اندر سِرِّ دیوے مینمود
تھا سلیمانؑ کا اگرچہ کاروان   دیو کے پردے میں صورت تھی عیاں
خلق گفتند ایں سلیمانؑ بے صفاست   از سلیمانؑ تا سلیمان فرقہاست
بولے سب ہے یہ سلیمان بے وفا   یہ سلیمان اور ہے۔ وہ اور تھا
او چو بیداریست ایں ہمچوں وسن   ہمچنانکہ آں حسن تا ایں حسن
مثلِ بیداری تھا وہ، یہ مثلِ خواب   جیسے وہ حسنین میں فرق بے حساب
دیو می گفتے کہ حق بر شکلِ من   صورتے کرد است خوش بر اہرمن
دیو کہتا تھا کہ میری شکل پر   حق نے شیطاں کو بنایا سر بسر
دیو را حق صورتِ من دادہ است   تا بنید از شمار او بشست
دیو کو خالق نے میری شکل دی   تا کہ تم پر شست پھینکے مکر کی
گر پدید آید بدعویٰ زینہار   صورتِ او را مدارید اعتبار
ہو اگر دعوے میں اپنے آشکار   اس کی صورت کا نہ کرنا اعتبار
دیو شاں از مکر ایں میگفت لیک   مینمود ایں عکس بر دلہائے نیک
مکر سے یہ دیو کہتا تھا مگر   تھا دلوں پہ اُن کے کچھ اُس کا اثر

لہ وہ ہی بادشاہ کے قدیم وجدید وزیر جن کا ذکر شاعر کے بیان میں ہُوا۔

نیست بازی با ممیز خاصه او
که بود تمییز و عقلش غیب گو
سہل کب عاقل کو دینا ہے دغا
خاص کر اس کو جو ہو غیب آشنا

ہیچ سحر و ہیچ تلبیس و دغل
مے نہ بندد پردہ بر اہل دول
کوئی جادو ، مکر کوئی با یقیں
اہل دل سے چھپ کے رہ سکتا نہیں

پس ہمے گفتند با خود در جواب
باز گونہ میروی اے کج خطاب
اپنے دل میں اس کو دیتے تھے جواب
چال الٹی ہے تری اے ناصواب

باز گونہ رفت خواہی ہمچنیں
سوئے دوزخ اسفل السافلین
کجروی تیری جو باقی ہے یونہی
پہنچے گا دوزخ میں تو اے دغی

او اگر معزول گشتہ است و فقیر
ہست در پیشانیش بدر منیر
وہ اگر معزول ہو کر ہے فقیر
پر ہے تیرے سامنے بدر منیر

تو اگر انگشتری را بردہ
دوزخی چوں زمہریر افسردہ
گر انگوٹھی تو چرا کر لے گیا
تو ہے دوزخ جاڑے سے ٹھٹھرا ہوا

ما بجوش و عارض و طاق و طرب
سر کجا کہ خود ہمے ننہیم سغب
تیرے کر و فر کے آگے اے شقی
سر کہاں ۔ پاؤں نہ رکھیں ہم کبھی

ور بغفلت ما نہیم او را جبیں
پنجۂ مانع بر آید از زمیں
اور جو لیں بھولے سے پیشانی جھکا
پنجہ اک نکلے زمیں سے روکتا

کہ منہ ایں سر مر ایں سر زیر را
ہیں مکن سجدہ مر ایں ادبیر را
یعنی نہ تو اس سرنگوں کو سر جھکا
سجدہ اس بدبخت کو ہے ناروا

کردمے من شرح ایں بس جانفزا
گر نبودے غیرت و رشک خدا
شرح اس کی اور کرتا جاں فزا
گر نہ ہوتی غیرت اور رشک خدا

ہم قناعت کن تو بپذیر اینقدر
تا بگویم شرح ایں وقتے دگر
کر قناعت اب قبول اتنا ہی کر
شرح پھر اس کی کروں گا لے پسر

نام خود کردہ سلیمان نبیؑ
روئے پوشی میکند بر ہر غبی
نام تو اپنا سلیمانؑ کر لیا
چھپتا پھرتا ہے ہر اک سے جا بجا

درگذر از صورت و از نام خیز
از لقب وز نام در معنیٰ گریز
نام اور صورت سے کر تو درگذر
چھوڑ نام اور غور تو معنی پہ کر

پس بپرس از خلق او وز فعل او
درمیان خلق و فعل او را بجو
اس کے خلق و فعل سے دریافت کر
ڈھونڈ خلق و فعل ہی میں سر بسر

کار ہر کس نیست ایں در کش تمام
مسجد اقصیٰ بساز و کن تمام
کام ہر اک کا نہیں یہ لا کلام
مسجد اقصیٰ بنا ، اور کر تمام

شد تمام القصہ مسجد بے فتور
بد سلیمانؑ زائر و مسجد مزور
مسجد القصہ مکمل ہو گئی
اور سلیمانؑ نے زیارت اس کی کی

مسجد میں حضرت سلیمانؑ کا ہر روز تشریف لانا

چوں سلیمان نبیؑ شاہِ انام
ساخت مسجد را و فارغ شد تمام
جب سلیمان نبیؑ شاہِ انام
ہو چکے مسجد سے فارغ لا کلام

ہر صباح او را وظیفہ ایں بُدے
کامدے در مسجدِ اقصیٰ شدے
ہر سحر ان کا یہی دستور تھا
مسجد اقصیٰ میں آتے بے ولا

نو گیاہے رُستہ بودے اندرو
پس بگفتے نام و نفع خود بگو
جب نبیؑ اک گھاس اُگتی دیکھتے
اُس کا نام و نفع اس سے پوچھتے

تو چہ داروئی و نامت بر چہ است
تو زیاں بر کہ و نفعت بر کہ است
تو دوا کس کی ہے کیا ہے تیرا نام
کس کو نقصان ۔ نفع تیرا کس پہ عام

پس بگفتے ہر گیاہے فعل و نام
کہ من آں را جانم و ایں را حمام
گھاس کرتی فعل و نام اپنا بیاں
اس کی ہوں موت اور میں اس کی ہوں جاں

من مرآنرا زہرم و ایں را شکر	نام من اینست بر لوحِ قدر
ہیں اُسے جوں زہر اِدھر اس کو شکر	نام ہے میرا یہ لوحِ عرش پہ
پس سلیمانؑ با حکیماں زاں گیا	شرح کردے ضرّ و نفعش اے کیا
پس طبیبوں سے سلیماں تھے گیاں	نفع و نقصان تھا اس کا کرتے بیاں
آں طبیباں از سلیمانؑ زاں گیا	عالم و دانا شدند و مقتدا
شرح سنکر وہ سلیماںؑ سے فت	عالم و دانا ہوگئے اور پیشوا
تا کتبہائے طبیبی ساختند	جسم را از رنج مے پرداختند
بھیجیں پھر طب کی کتابیں بر ملا	جسم کو دُکھ درد سے خالی کیا
ایں نجوم و طب وحیٔ انبیاست	عقل و حس را سوئے بےسو رہ کجاست
یہ نجوم و طب ہے وحیٔ انبیاؑ	عقل و حس کو کب ہے اُس میں راستا
عقلِ جزوی عقلِ استخراج نیست	جز پذیرائے فن و محتاج نیست
عقل جزوی میں کب استخراج ہے	اہلِ فن کی ہر طرح محتاج ہے
قابلِ تعلیم و فہم است ایں خرد	لیک صاحب وحی تعلیمش دہد
عقل یہ قابل ہے بس تعلیم کے	وحی والا ہی اسے تعلیم دے
جملہ حرفتہا یقیں از وحی بود	اوّل او لیک عقل آں را فزود
حرفتیں سب وحی سے پیدا ہوئیں	اوّل - اوّل. عقل سے پھر بڑھ گئیں
ہیچ حرفت را ببیں کایں عقل ما	تا نداند آموخت بے ہیچ اوستا
کوئی حرفت عقل کب سیکھے کوئی	گر نہ اک اُستاد نے تعلیم دی
گرچہ اندر مکر موئے اشگاف بد	ہیچ پیشہ رام بے اُستا نشد
موشگافی عقل کو تھی گو کہ یاد	رام پیشے کب ہوئے بے اوستاد

ـــہ قوّتِ ایجاد۔

دانش پیشہ ازیں عقل ار بُدے
پیشہ بے اوستا حاصل شدے

پیشے کی دانش جو ہوتی عقل سے
پیشہ بے اُستاد آجاتا تجھے

قابیل کا کوّے سے گورکنی سیکھنا

کندن گورے کہ کمتر پیشہ بود
کے ز فکر و حیلہ و اندیشہ بود

پیشہ ادنیٰ ہے لحد کا کھودنا
فکر و اندیشہ سے وہ بھی تو نہ تھا

گر بُدے ایں فہم مر قابیل را
کے نہادے بر سر او ہابیل را

یہ سمجھ ہوتی اگر قابیل کو
پھر وہ رکھتا سر پہ کیوں ہابیل کو

کہ کجا غائب کنم ایں کشتہ را
ایں بخون و خاک در آغشتہ را

اب کہاں اس کو چھپاؤں مار کر
خاک و خوں میں یہ بھرا ہے سربسر

دید زاغے زاغ مُردہ در دہاں
بر گرفتہ در ہوا گشتہ پراں

دیکھا اک کوّے کو ، اک کوّا مرا
آیا لیکر منہ میں وہ اُڑتا ہوا

از ہوا زیر آمد و شد او بفن
از پئے تعلیم او را گورکن

نیچے اُترا اور ہنر کی راہ سے
کھودی قبر اس کو سکھانے کے لئے

پس بچنگال از زمیں انگیخت گرد
زود زاغ مُردہ را در گور کرد

اپنے پنجوں سے زمیں کو کھود کر
مردہ کوّے کو دبایا بے خطر

دفن کردش پس بپوشیدش بخاک
زاغ از الہام حق بُد علمناک

دفن کر کے خاک میں پنہاں کیا
زاغ تھا الہام حق سے آشنا

گفت قابیل آہ شہ بر عقل من
کہ بود زاغے ز من افزوں بفن

بولا قابیل آہ میری عقل ہے
مجھ سے اک کوّا بھی ہے آگاہ تر

عقل کل را گفت مازاغ البصر
عقل جزوی میکند ہر سو نظر

عقل کل کو کہئے مازاغ البصر؎
عقل جزوی ڈالے ہر جانب نظر

؎ یعنی محمد مصطفےٰ صلعم کی چشم مبارک نے کجروی اور سرکشی نہیں کی:

عقلِ مازاغ است نورِ خاصگاں
عقل زاغ استادِ گورِ مردگاں
نورِ خاصاں عقل ہے مازاغ کی
عقل زاغ استادِ گورِ مردہ بھی

جاں کہ او دنبالۂ زاغاں پرد
زاغ او را سوئے گورستاں برد
جان بھاگی کوّوں کے پیچھے اڑے
زاغ گورستاں سے جا پہنچائے

ہیں مرو اندر پئے نفسے چو زاغ
کو بگورستاں برد نے سوئے باغ
ہاں نہ کر تقلید زاغ نفس کی
باغ کی جائے جائے گورستاں ابھی

گر روی رو در پئے عنقائے دل
سوئے قاف و مسجدِ اقصائے دل
اِن رواں ہو در پئے عنقائے دل
سوئے قاف و مسجدِ اقصائے دل

نو گیاہے ہر دم از سودائے تو
مے دمد در مسجدِ اقصائے تو
گھاس ہر دم تیرے سودا سے نئی
مسجدِ اقصیٰ میں اُگتی ہے اُگی

تو سلیمانؑ وار دادِ او بدہ
پے بر از وے پائے بر رویش منہ
تو سلیمانؑ کی طرح داد اس کی دے
رکھ نہ اس پہ پاؤں اور کھوج اس سے

زانکہ خاکِ ایں زمیں با ثبات
باز گوید با تو انواعِ نبات
کیونکہ اس قائم زمیں کا حسن بھی
گفتگو تجھ سے کرے گی گھاس کی

در زمیں گر نیشکر ور خود نی است
ترجمانِ ہر زمیں نبتِ وی است
ہو زمیں پہ نیشکر یا نے اُگی
ہے زمیں کی ترجماں روئیدگی

پس زمینِ دل کہ نبتش فکر بود
فکرہا اسرارِ دل وا مینمود
خاکِ دل کی فکر ہے روئیدگی
فکر سے اسرارِ دل میں جھلکی

گر سخن کش یابم اندر انجمن
صد ہزاراں گل بروئیم زیں چمن
گر سخن فہم انجمن میں کوئی پاؤں
پھول لاکھوں اس چمن سے میں اگاؤں

ور سخن کش بینیت لے زن بزد
میگریزد نکتہ از پیشم چو دزد
اور سمجھ لوں گر سخن فہم اب بھی
چور کی صورت ہیں نکتے بھاگتے

مستمع چوں نیست خاموشی بہ است / نکتہ از نااہل گر پوشی بہ است
چپ بجا جب سننے والا ہی نہیں / نکتہ نااہلوں سے مت کہہ بالیقیں
جنبش ہر کس بسوئے جاذب ست / جذب صادق نے چو جذب کاذب ست
سوئے جاذب سب کی جنبش ہے یہاں / جذب جھوٹا جذب صادق سے کہاں
میروی گہ گمرہ و گہ در رشد / رشتہ پیدا نے و آں کت میکشد
ہے کبھی گمرہ کبھی رہ آشنا / رشتہ اک مخفی ہے تجھ کو کھینچتا
اشترے کوری مہار تو رہیں / تو کشش مے بیں مہارت را مبیں
تو شتر ہے کور اور گروی مہار / جذب کو دیکھو اور نہ دیکھو اپنی مہار
گر شدے محسوس جذب آں مہار / پس نماندی ایں جہاں دار الغرار
جذب اگر محسوس ہوتا اس کا یاں / مکر کا گھر پھر نہ بنتا یہ جہاں
گبر دیدی کو پئے سگ میرود / سخرۂ دیو ستنبہ مے شود
گبر جو کتوں کے پیچھے جاتا ہے / بھوت کا ہو کر مسخر آتا ہے
در پئے او کے شدے مانند حیز / پائے خود واپس کشیدے گبر نیز
جاتا کیوں مثل مخنث اے اخی / پاؤں اپنے کھینچ لیتا گبر بھی
گاؤ اگر واقف ز قصاباں بدے / کے پئے ایشاں بداں دکاں شدے
گاے قصابوں سے واقف ہوتی گر / ان کے پیچھے جاتی کیوں دکان پر
یا بخوردے از کف ایشاں سبوس / یا بدادے شیرشاں از چاپلوس
کھاتی کیوں بھوسی انہیں کے ہاتھ سے / دودھ دیتی پیار سے کس واسطے
ور بخوردے کے علف ہضمش شدے / گر ز مقصود علف واقف بدے
کھاتی گر چارہ تو ہوتا ہضم کیا / اس کے مقصد سے جو ہوتی آشنا
پس ستون اینجہاں خود غفلت است / چیست دولت کایں دوادو بالتست
پس ہے غفلت ہی ستون اس دہر کا / اور دولت ہے دوا دو لت بجا

اولش دو دو بآخر لت بخور	جز دریں ویرانہ نبود مرگ خر
پہلے دوڑ اور آخر لاتیں کھا	مرگ خر ہے اور ہے دنیا میں کیا
تو بجد کارے کہ بگرفتی بدست	عیبش ایندم بر تو پوشیدہ شدہ ست
ہاتھ میں جو کام تو نے ہے لیا	عیب اُس کا ہے گناہوں سے چھپا
زاں ہمے تانی بدادن تن بکار	کہ بپوشید از تو عیبش کردگار
اس لئے تو شغل میں اُس کی ہے لگا	عیب مخفی حق تعالےٰ نے رکھا
ہمچنیں ہر فکر کہ گرمی دراں	عیب آں فکرت شدہ ست از تو نہاں
ایسے ہی جس فکر میں ہے جستجو	تجھ سے پنہاں عیب ہے اس فکر کا
بر تو گر پیدا شدی زاں عیب و شین	زاں رمیدی جانت بعد المشرقین
تجھ پہ گر وہ عیب ہو جائے عیاں	بھاگ جائے تو کہاں پھر وہ کہاں
حال کاخر زاں پشیماں میشوی	گر شود ایں حالت اول کے روی
تو پشیماں اب ہوا جس حال سے	ہوتا گر پہلے نہ کرتا بھول کے
پس بپوشید اول آں بر جان ما	تا کنیم آں کار بر وفق قضا
اول اول ہے چھپاتا کبریا	تا چلیں ہم حسب منشائے قضا
چوں قضا آورد حکم حق پدید	چشم واگشت و پشیمانی رسید
حکم حق لے کر قضا جب آ گئی	کھل گئیں آنکھیں پشیمانی ہوئی
آں پشیمانی قضائے دیگر است	پس پشیمانی بہل حق را پرست
یہ پشیمانی قضا ہے دوسری	چھوڑ اس کو حق پرستی کر اخی
ور کنی عادت پشیماں خور شوی	زاں پشیمانی پشیماں تر شوی
گر یہ عادت ہو پشیمانی تجھے	تو پشیماں سے پشیماں تر رہے
نیم عمرت در پریشانی رود	نیم دیگر در پشیمانی شود
عمر آدھی تو پریشانی میں جائے	دوسری آدھی پشیمانی میں جائے

ترک ایں فکر و پشیمانی بگو	حال و کار و بار نیکو تر بجو
ترک اس فکر و پشیمانی کو کر	تو ڈھونڈ کار و بار کوئی خوب تر
ور نداری کارِ نیکو تر بدست	پس پشیمانیت بر فوت چہ است
کار بہتر پر نہیں گر اختیار	کیوں پشیماں ہے، اگر ہو فوت کار
گر ہمیدانی رہِ نیکو پرست	ور ندانی چوں بدانی کایں بدست
راہِ نیکی چل، اگر ہے جانتا	گر نہیں معلوم، بد کیونکر کہا
بد ندانی تا ندانی نیک را	ضد را از ضد تواں دید اے فتا
نیک سمجھے تو جو بد سے آشنا	ضد کو ضد سے دیکھتے ہیں اے فتا
چوں ز ترکِ فکر ایں عاجز شدی	از گنہ آنگاہ ہم عاجز بدی
تو جو ترکِ فکر سے عاجز ہوا	تو گنہ کے وقت بھی عاجز ہی تھا
چوں بدی عاجز پشیمانی ز چیست	عاجزی را باز گو کز جذب کیست
تو جو تھا عاجز پشیمانی ہے کیا	عاجزی میں جذب ہے کس کا بتا
عاجزی بے قادری اندر جہاں	کس ندید است و نباشد ایں بداں
عاجزی بے قادری ہوتی نہیں	ہاں کسی نے بھی یہ دیکھا ہے کہیں؟
ہمچنیں ہر آرزو کہ میبری	تو ز عیبِ آں حجابے اندری
اس طرح کرتا ہے تو جو آرزو	عیب سے ناآشنا رہتا ہے تو
ور نمودے علتِ آں آرزو	خود رمیدے جانِ تو زیں جستجو
علتِ اُمید اگر آتی نظر	جان تیری بھاگتی خود سے پھر
گر نمودے عیبِ آں کار او ترا	کس نبردے کش کشاں آں سو ترا
سمجھے یہ کھلتا عیب گر اس کام کا	کھینچنے سے بھی نہ جاتا برملا
واں دگر کارے کزاں کاری نفور	زاں بود کہ عیبش آمد در ظہور
اور ہے جس کام سے نفرت تجھے	عیب اُس کے سب ہیں تجھ پہ کھلے

اے خدائے رازدانِ خوش سخن　　عیب کارِ بد ز ما پنہاں مکن
اے خدا ہاں اے خدائے رازداں　　عیب کارِ بد نہ کر ہم سے نہاں
عیب کارِ نیک را منما بما　　تا نگردیم از روش سرد و ہبا
عیب کارِ نیک کا افشا نہ کر　　تا پریشاں ہم نہ ہوں لے داد گر
ہم بر آں عادت سلیمانؑ سنی　　رفت در مسجد میانِ روشنی
اس روش پر وہ سلیمانؑ سنی　　جانبِ مسجد گئے روشن گھڑی
قاعدہ ہر روز را میجُست شاہ　　کہ بہ بیند مسجد اندر نو گیاہ
جستجو اس قاعدے سے ان کو تھی　　گھاس دیکھیں کوئی مسجد میں نئی
دل بہ بیند سِر بداں چشمِ صفی　　آں حشائش کہ شدُ از عامہ مخفی
تا کہ دل اُن کا ہو پورا رازداں　　اس حشیش و خاشاک کا جو ہے نہاں

باغ میں مراقبہ کرنیوالے صوفی کا قصہ

صوفئے در باغ از بہرِ گشاد　　صوفیانہ روئے بر زانو نہاد
گشت کو گلشن میں اک صوفی گیا　　صوفیانہ سر کو زانو پہ رکھا
پس فرو رفت او بخود اندر نغول　　شد ملول از صورتِ خوابش فضول
محو گہری فکر میں جب وہ ہوا　　یوں بگڑ کر بولا اک بیہودہ سرا
کہ چہ خسپی آخر اندر رز بنگر　　ایں درختاں بین و آثارِ خضر
سو گیا کیا ہے؟ دیکھ انگور و انار　　یہ درخت اور اس پہ سبزے کی بہار
امرِ حق بشنو کہ گفت ست انظروا　　سوئے ایں آثارِ رحمت آر رو
حکمِ حق تو سن کہا ہے انظروا　　ہر طرف آثارِ رحمت دیکھ تو
گفت آثارش دل ست اے بوالہوس　　آں بروں آثار آثار است و بس
بولا دل آثار ہے اے بوالہوس　　ظاہری آثار ہیں آثار بس

باغہا و سبزہا در عین جاں   بر بروں عکسش چو در آب رواں
عین جاں میں باغ و سبزہ ہے نہاں   عکس باہر صورتِ آب رواں
آں خیال باغ باشد اندر آب   کہ کند از لطفِ آب آں اضطراب
ہے خیال باغ پانی میں وسے   مضطرب ہے جو کہ لطف آب سے
باغہا و میوہا اندر دل است   عکس لطفِ آن بریں آب گل است
باغ اور میوے ہیں سب دل میں نہاں   آب و گل پہ عکس ہے اُن کا عیاں
گر نبودے عکسِ آں سرو سرور   پس نخواندے ایزدش دار الغرور
گر نہ ہوتا عکس بستان سرور   کیوں خدا کہتا اُسے دار الغرور
ایں غرور آنست یعنی ایں خیال   ہست از عکسِ دل و جانِ رجال
بس یہی دھوکا ہے یعنی یہ خیال   آدمی کے جان و دل کا عکس حال
جملہ مغروراں بریں عکس آمدہ   بر گمانے کایں بود جنت کدہ
آئے سب مغرور بس اس عکس پر   وہم سے گلزارِ جنت جان کر
میگریزند از اصول باغہا   بر خیالے میکنند آں لاغہا
ہیں اصول باغ سے سب بھاگتے   کھیلتے ہیں اک خیالِ خام سے
چونکہ خوابِ غفلت آید شاں بسر   راست بینند و چہ سود است آں نظر
خواب غفلت سے کھلے گی آنکھ جب   جو حقیقت ہے وہ پھر دیکھیں گے سب
پس بگورستاں غریو افتاد و آہ   تا قیامت زیں غلط وا حسرتا
شور گورستان میں ہے ہو رہا   اس خطا پہ تا ابد ہوگی بکا
اے خنک آنرا کہ پیش از مرگ مرد   یعنی او از اصل ایں رز بوئے برد
خوش رہے وہ جو مرنے سے پہلے مرا   اصل انگوروں سے پھل اس کو ملا

حضرت سلیمانؑ کا غمگین ہونا

ہمچنیں روزے سلیمانؑ را قضا
شد بعادت مسجد اندر رائے فنا

حسب عادت جب سلیمانؑ ایک روز
مسجد اقصیٰ میں تھے رونق فروز

نو گیاہے دید اندر گوشۂ
رستہ برگے دانہ ہمچوں خوشۂ

گھاس اک کونے میں واں دیکھی نئی
دانوں سے جو مثل خوشہ تھی بھری

دید بس نادر گیاہے سبز و تر
می ربود آں سبزیش نور از بصر

گھاس وہ عمدہ تھی بالکل سبز و تر
چھینتی تھی آنکھ سے نور بصر

پس سلامش کرد در دم آں حشیش
او جوابش گفت و بشگفت از خوشیش

پس سلام اس گھاس نے ان کو کیا
آپ نے ہنس کر جواب اس کو دیا

گفت نامت چیست بر گو بے دہاں
گفت خرنوب است اے شاہ جہاں

پوچھا تیرا نام کیا ہے بے دہاں!
بولی ہوں خرنوب؎ اے شاہ جہاں

گفت اندر تو چہ خاصیت بود
گفت من رستم مکاں ویراں شود

پوچھا تجھ میں خاصیت کیا ہے نہاں
بولی مجھ سے ہوتے ہیں ویراں مکاں

من کہ خرنوبم خراب منزلم
ہادم بنیاد ایں آب و گلم

میں خرنوب اک خراب و خستہ دل
ڈھانے والی ہوں بنائے آب و گل

پس سلیمانؑ آں زماں دانست زود
کہ اجل آمد سفر خواہد نمود

پس سلیماں نے یہ سمجھا مرد دیں!
بس اجل آئی۔ سفر ہے بالیقیں

گفت تا من ہستم ایں مسجد یقیں
در خلل ناید ز آفات زمیں

بولے جب تک میں ہوں مسجد بالیقیں
ہو گی کیونکر صرف آفات زمیں

؎ خرنوب ایک گھاس ہے جو ویرانوں میں پیدا ہوتی ہے۔

تا کہ من باشم وجودِ من بود
مسجدِ اقصیٰ مغلل کے شود

میں ہوں جب تک اور مری جان جسم میں
رخنہ اس مسجد میں پڑ سکتا نہیں

پس خرابِ مسجدِ ما بے گماں
بود او بعد مرگ ما بداں

پس یہ مسجد کی خرابی بے گماں
ہو نہیں سکتی مگر مرنے سے یاں

مسجد است ایں دل کہ جسمش ساجد است
یارِ بد خروب ہر جا مسجد است

دل ہے مسجد، جسم سب ساجد ہے [illegible]
یارِ بد خروب ہے [illegible]

یارِ بد چوں رست در تو مہرِ او
ہیں ازو بگریز و کم کن گفتگو

یارِ بد کی مہر جب دل میں پڑے
بھاگ اس سے اور باتیں چھوڑ دے

برکن از بیخش کہ گر سر بر زند
مر ترا و مسجدت را بر کند

پھینک اسے جڑ سے کہ گر آئی ابھر
تجھ کو اور مسجد کو ڈھا دے بے خبر

عاشقا خروب تو آمد کژی
ہمچو طفلاں سوئے کژ چوں میغژی

عاشقا! خروب ہے تیری کجی
مثل بچوں کے کجی پہ دوڑے [illegible]

خویش را نادان و مجرم دان بترس
تا نہ دزدد از تو ایں استاد درس

اپنے کو مجرم سمجھ اور ڈر ذرا
تا نہ لے استاد درس اپنا چھپا

چوں بگوئی جاہلم تعلیم دہ
ایں چنیں انصاف از ناموس بہ

تو کہے جاہل ہوں میں۔ تعلیم دے
خوب یہ انصاف ہے ناموس سے

از پدر آموز اے روشن جبیں
ربنا گفت و ظلمنا پیش ازیں

باپ سے اپنے تو سیکھ اے باوفا
ربنا کہہ کر ظلمنا صحت کہا

---

[1] یعنی اپنے جدِ امجد حضرت آدم علیہ السلام سے۔

[2] قرآن مجید میں خدا فرماتا ہے حضرت آدم علیہ السلام نے کہا رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ۔ یعنی اے ہمارے رب! ہم نے اپنے نفسوں پر خود ظلم کیا ہے اگر تو نہ بخشے گا اور رحم نہ کرے گا تو ہم بے شک زیاں کار ہوں گے۔

نے بہانہ کرد و نے تزویر ساخت	نے لوائے مکر و حیلت بر فراخت
کچھ بہانہ تھا نہ تھی کوئی بنا	اور فریب و مکر و حیلہ کچھ نہ تھا
باز آں ابلیس بحث آغاز کرد	کہ بدم من سرخ رو کردیم زرد
بحث پھر شیطان نے آغاز کی	سرخ رو تھا میں ندامت تو نے دی[1]
رنگ رنگ تست صباغم توئی	اصل جرم و آفت و داغم توئی
رنگ ہے تیرا ہی ہے رنگ ریز تو	جرم و آفت کا ہے غم انگیز تو
ہیں بخواں ربِّ بما اغویتنی	تا نگردی جبری و کژ کم تنی
اب تو پڑھ ربِّ[2] بما اغویتنی	تا نہ جبری کا بن کے سب حرف بکی
بر درخت جبر تا کے بر جہی	اختیار خویش را یکسو نہی
کودے گا کب تک درختِ جبر پہ	اختیاروں کو تو اپنے چھوڑ کر
ہمچو آں ابلیس و ذرّیات او	با خدا در جنگ و اندر گفتگو
مثل ابلیس اور ذرّیات کے	تو خدا سے جنگ میں کب تک رہے
چوں بود اکراہ با چندیں خوشی	کہ تو در عصیاں ہمے دامن کشی
اس خوشی میں جبر اور اکراہ کیا	جب تو خود ہے مائل جرم و خطا
آنچناں خوش کس رود در مکرہی	کس چناں رقصاں رود در گمرہی
کوئی یوں ہوتا ہے خوش اکراہ سے	کوئی گمراہی میں یوں رقصاں چلے
بیست مردہ جنگ میکردی دراں	کت ہمی دادند پند آں دیگراں
تو ہے لڑتا جس طرح بیس آدمی	یہ نصیحت تجھ کو اوروں سے ملی

---

[1] ابلیس کا خطاب خدائے عزّ و جل سے ہے۔

[2] قولہٗ تبارک و تعالیٰ: فَبِمَا اَغْوَیْتَنِیْ لَاَقْعُدَنَّ لَھُمْ صِرَاطَکَ الْمُسْتَقِیْمَ۔ یعنی شیطان نے خدا سے کہا کہ مجھ کو تیرے بہکانے کی قسم ہے۔ میں اس سیدھی راہ کو ضرور روک کر بیٹھوں گا۔ جو تو نے ان کے لئے بنائی ہے۔

کہ صواب اینست و راہ اینست و بس	کہ زند طعنہ مرا جز ہیچ کس
یہ صواب اور یہ ہے رستہ بالیقیں	کوئی طعنہ مجھ کو دے سکتا نہیں
کے چنیں گوید کسے کو گمراہ است	چوں چنیں جنگد کسے کو بیرہ است
کب کوئی گمراہ یہ باتیں کرے	کب کوئی بے راہ اس ڈھب سے لڑے
ہر چہ نفست خواست داری اختیار	ہر چہ عقلت خواست آری اضطرار
نفس کی خواہش میں تو با اختیار	عقل کی خواہش میں تو نادار و نزار
داند او کو نیکبخت و محرم است	زیرکی ز ابلیس و عشق از آدم است
جانے وہ جو زمرۂ محرم سے ہے	زیرکی شیطاں سے ہے۔ عشق آدم سے ہے
زیرکی آمد سباحت در بحار	کم رہد غرق است او پایان کار
زیرکی ہے بحر کا گویا سفر	رہتا ہے انساں جس میں ڈوب کر
ہل سباحت را رہا کن کبر و کیں	نیست جیحوں نیست جو دریاست ایں
چھوڑ سیر بحر، اور یہ کبر و کیں	ہے سمندر، نہر اور دریا نہیں
و آنگہاں دریائے ژرف بے پناہ	در رباید ہفت دریا را چو کاہ
اب رہا دریائے تند و بے پناہ	وہ بہا دے سات دریا مثل کاہ
عشق چوں کشتی بود بہر خواص	کم بود آفت بود اغلب خلاص
عشق اک کشتی سی ہے بہر خواص	کم ہے آفت، اور اکثر ہے خلاص
زیرکی بفروش و حیرانی بخر	زیرکی ظن است و حیرانی نظر
عقل کو بیچ اور حیرانی خرید	زیرکی ہے وہم، حیرانی ہے دید
عقل قرباں کن بہ پیش مصطفےٰ	حسبی اللہ گو کہ اللہ ام کفےٰ
عقل کر قرباں بہ پیش مصطفےٰ	حسبی اللہ کر کہ کافی ہے خدا
ہمچوں کنعاں سر ز کشتی وا مکش	کہ غرورش داد نفس زیرکش
مثل کنعاں کر نہ کشتی سے گریز	تھا بہت مغرور اس کا نفس تیز

کہ بر آیم بر سر کوہ مشید
منتِ نوحؑ چرا باید کشید
میں ہی چڑھ جاؤں گا عالم کوہ پہ
نوحؑ کا احسان کیوں لوں اپنے سر

چوں رہی از منتش اے بے رشد
کہ خدایم منت او میکشد
اُن کے احساں سے بچے بچ سکتا کہیں
جس کا لے احسان ربّ العالمین

چوں نباشد منتش بر جانِ ما
چونکہ شکر و منتش گوید خدا
اُن کا احساں کیوں نہ ہو ہم پہ بھلا
شکر احساں جن کا فرمائے خدا

تو چہ دانی اے غرورت پُر حسد
کہ نہادن منت او را کی رسد
پُر حسد، احمق، تو کیا سمجھے بھلا
بے شک احساں ان کو کرنا ہے روا

کاشکے او آشنا ناموختے
تا طمع در نوحؑ و کشتی دوختے
کاش اُسے آتا نہ اُس کو تیرنا
نوحؑ اور کشتی کا رکھتا آسرا

کاش چوں طفل از حیل جاہل بُدے
تا چو طفلاں چنگ در مادر زدے
کاش جاہل ہوتا لڑکوں کی طرح
ماں کا لیتا سہارا بچوں کی طرح

یا بعلم نقل کم بودے ملی
علم وحی دل ربودے از ولی
کم بھرا ہوتا وہ علم نقل سے
ہوتا حاصل علم وحی و دل اُسے

چوں تیمم با وجودِ آب داں
علم نقلی با دمِ قطبِ زماں
پانی کے ہوتے تیمم جان سے
علم نقلی کو مقابل قطب کے

خویش ابلہ کن تبع میرو سپس
رستگی زیں ابلہی یابی و بس
بن کے ناداں اُس کے پیچھے پیچھے جا
تاکہ نادانی سے بچ جائے رہا

با چنیں نوری چو پیش آری کتاب
جانِ وحی آسائے او آرد عتاب
ایسے نوری کو جو دکھلائے کتاب
جانِ وحی آسا کرے اس کی عتاب

---

[1] یعنی کنعان ابن نوحؑ کو۔

اکثر اہل الجنۃ البلہ اے پسر	بہر ایں گفتست سلطان البشر
اہل جنت ہوں گے ناداں اے پسر	ہے یہی ارشاد سلطان البشرؐ
زیرکی چوں باد و کبر انگیز تست	ابلہی شو تا بماند دیں درست
عقلمندی ہے تکبر کی ہوا	ہو تو ناداں تا رہے دیں بجا
ابلہی نے کو بمسخرگی دوتوست	ابلہی نے کز شقاوت مال جوست
جو مسخرہ ہو نہ ابلہی ابلہی	یا جو بدبختی سے خواہاں مال کی
ابلہی کو والہ و حیران ہوست	باشد اندر گردن او طوق دوست
ابلہی وہ ہو جو ہجر کی سے شیفتا	طوق ہو جس کے گلے میں دوست کا
ابلہانند آں زنان دست بُر	از کف ابلہ وز رخ یوسف نذر
ابلہ وہ جب ہاتھ کاٹیں بے خطر	ہو بجز یوسفؑ نہ ہاتھوں کی خبر
عقل را قربان کن اندر عشق دوست	عقلہا باری از آں سویست کوست
عقل عشق دوست میں قربان کر	عقل وہ ہے جس کا رشتہ ہے ادھر
عقلہا آں سو فرستادہ عقول	ماندہ آں سو کہ نہ معشوقست گول
عقلیں جو عقلوں نے بھیجی ہیں ادھر	ابلہا وہیں ، معشوق کب ہے بےخبر
زیں سر از حیرت گر ایں عقلت رود	ہر سر مویت سر و عقلے شود
عقل تیری ہو جو حیرت میں فنا	تیرا اک اک بال ہو عقل اے فتا
نیست آں سو رنج و فکرت بر دماغ	کہ دماغ و عقل روید دشت و باغ
ہے وہاں کب رنج اور فکرِ دماغ	واں دماغ و عقل سے ہیں دشت و باغ
سوئے دشت از دشت نکتہ بشنوی	سوئے باغ آئی شود نخلت روی
دشت میں پہنچے سنے نکتہ نیب	باغ میں آ کے تو ہو جائے ہرا
اندریں رہ ترک کن طاق و طرنب	تا قلاوزت نجنبد تو مجنب
ترک اس رستے میں کر شے کر و فر	تو نہ ہل ، ہلتا نہیں گر راہبر

ہر کہ او بے سر بجنبد دم بود	جنبشش چوں جنبش کژدم بود
جو کوئی بے سر ہے بے دُم ہے وہ	اور جنبش جنبش کژدم ہے وہ
کژرو و شبکور و زشت و زہرناک	پیشۂ او خستن جانہائے پاک
خشب کا اندھا ہے وہ کج و زہرناک	اس کا پیشہ خستگی جان، پاک
سر بکوب او را کہ سرش ایں بود	خلق و خوئے مستمرش ایں بود
سر کچل اُس کا یہی ہے بھید بھی	اور عادت ہے یہ اُس کی دائمی
خود صلاح اوست آں سر کوفتن	تا رہد جاں ریزہ اش زیں شوم تن
سر کچلنے میں ہے اس کی بہتری	جسم بد سے تا ہو حاصل جاں بری
واستاں از دست دیوانہ سلاح	تا ز تو راضی شود عدل و صلاح
ہاتھ سے دیوانے کے ہتھیار لے	تجھ سے عدل و صلح تا راضی رہے
چوں سلاحش ہست و عقلش نے ببند	دست او را ورنہ آرد صد گزند
ہاتھ میں ہتھیار، پھر آزادیاں	ہاتھ باندھ اس کے وگرنہ ہے زیاں

بد اصل کیلئے علم و مال کا حصول

بدگہر را علم و فن آموختن	دادن تیغ است دست راہزن
بدگہر کا کچھ سکھانا علم و فن	تیغ دینا ہے بدست راہزن
تیغ دادن در کف زنگی مست	بہ کہ آید علم ناداں را بدست
مست زنگی کے جو خنجر ہاتھ آئے	اس سے بہتر ہے کہ ناداں علم پائے
علم و مال و منصب و جاہ و قراں	فتنہ آرد در کف بد گوہراں
علم و مال اور منصب و جاہ، گراں	بدگہر کے ہاتھ میں فتنہ ہے ہاں
پس غزا زیں فرض شد بر مومناں	تا ستانند از کف مجنوں سناں
اس لئے ہے فرض مومن پہ غزا	دست مجنوں سے سناں کر لیں جدا

جان او مجنوں تنش شمشیر او
واستاں شمشیر رازیں زشت خو
جان مجنوں اس کی ہے تلوار تن
چھین لے تلوار اس سے جان کن

آنچہ منصب میکند با جاہلاں
از فضیحت کے کند صد ار سلاں
جاہلوں پہ جو ستم منصب کریں
شیر سو وہیں فضیحت کب کریں

عیب او مخفی ست چوں آلت نیافت
مار از سوراخ بہ صحرا شتافت
جب نہ تھے اسباب مخفی عیب تھا
سانپ اس کا بل سے جنگل کو گیا

جملہ صحرا مار و کژدم پر شود
چونکہ جاہل شاہ حکم مر شود
سارا جنگل سانپ بچھو سے بھرے
جب کہ اک جاہل کو سلطانی ملے

چوں قلم در دست غدارے فتاد
لاجرم منصور بر دارے فتاد
جب قلم ظالم کے ہاتھوں میں پڑا
لاجرم منصور سولی پہ چڑھا

مال و منصب ناکسے کارد بدست
طالب رسوائی خویش آمد است
مال و منصب جیسے نااہل کو
وہ سبب اپنی ہی رسوائی کا ہو

یا کند بخل و عطاہا کم دہد
یا سخا آرد بنا موضع نہد
یہ کرے بخل، اور نہ دے کچھ عطا
بے محل یا اس سے بیجا ہو سخا

شاہ را در خانہ بیذق نہد
ایں چنیں باشد عطا کاحمق دہد
شہ کو لے گھر میں پیادہ کے بٹھا
اس طرح ہوتی ہے احمق کی عطا

حکم چوں در دست گمراہے فتاد
جاہ پندارید در چاہے فتاد
حکم ہو جب ہاتھ میں گمراہ کے
جاہ سمجھے اور کنوئیں میں گر پڑے

رہ نمیداند قلاوزی کند
جان زشت او جہانسوزی کند
رہ نہ جانے، رہنمائی کو بڑھے
جان اس کی اک جہاں کو پھونک دے

طفل راہ فقر چوں پیرے گرفت
پیروانرا غول ادبیرے گرفت
طفل راہ فقر مثل پیر سے
پیروؤں پہ نحوست ادبار آ پڑے

کہ بیا تا ماہ بنمایم ترا ماہ را ہرگز ندید آں مفترے
ہاں یہاں آ چاند دکھلاؤں تجھے اور نہ دیکھے خود ہی جھوٹے چاند کے

چوں نشانی چوں ندیدستی بعمر عکس مہ و آفتابم اے خام غمر
کیا دکھائے تو سے جب دیکھا نہیں عکس مہ باقی ہیں ہم اے بد یقیں

احمقاں سرور شدند و ز بیم عاقلاں سرہا کشیدہ در گلیم
بن گئے سردار احمق خوف سے عقل والے اپنے کمبل میں چھپے

آیۂ "یا ایہا المزمل" کی تفسیر

خواند مزمل نبی را زیں سبب کہ بروں آ از گلیم اے بوالہرب
یوں نبی کو حق نے مزمل کہا باہر آ کمبل سے اے رنج آشنا

سر مکش اندر گلیم و رو مپوش کہ جہاں جسمیست سرگرداں تو ہوش
تو نہ اپنا چہرہ کمبل میں چھپا جسم ہے دنیا، تو ہوش اس کا بنا

ہیں مشو پنہاں ز ننگ مدعی کہ تو داری نور وحی شعشعی
ہو نہ پنہاں مدعی کے ننگ سے کیونکہ نور وحی کی تو ضو رکھے

ہیں قم اللیل کہ شمعی اے ہمام شمع دائم شب بود اندر قیام
ہو کھڑا شب کو تو ہے شمع انام رات ہی کو شمع کرتی ہے قیام

بے فروغت روز روشن ہم شبست بے پناہت شیر اسیر ارنبست
بے ترے ہے روز روشن شب بنا شیر ہے خرگوش کا قیدی بنا

باش کشتیباں دریں بحر صفا کہ تو نوح ثانیی اے مصطفےٰ
تو ہو کشتی والا دریا ئے صفا نوح ثانی تو ہوا اے مصطفےٰ

رہ شناسے مے بباید با لباب ہر رہے را خاصہ اندر راہ آب
چاہئے ہر رہ میں صاحب عقل رہنما خاص اس میں جو کہ ہو رہ آب کا

خیز و بنگر کاروان رہ زدہ	غول کشتیبان ایں بحر آمدہ
دیکھ اٹھ کر قافلہ بھٹکا ہوا	غول کشتی بان بنا اس بحر کا
خضر وقتی غوث ہر کشتی توئی	ہمچو روح اللہ[1] مکن تنہا روی
خضر وقت اور غوث ہر کشتی تو ہے	مثل روح اللہ نہ کر تنہا روی
پیش ایں جمعی چو شمع آسماں	انقطاع و خلوت آری را بماں
اس جماعت بیچ تو شمع آسماں	ترک خلوت کر، نہ چھوڑ اس کو یہاں
وقت خلوت نیست اندر جمع آ	اے ہدیٰ چوں کوہ قاف و تو ہما
وقت خلوت کا نہیں جلوت میں آ	اے ہدایت کوہ قاف اور تو ہما
بدر بر صدر فلک شد شب رواں	سیر را نگذارد از بانگ سگاں
چاند شب بھر چرخ پر چلتا رہے	سیر کب چھوڑے سگوں کی بانگ سے
طاعناں ہمچوں سگاں بر بدر تو	بانگ می دارند سوئے صدر تو
طعنہ زن کتے ہیں تیرے چاند پر	بھونکتے ہیں تیرا رتبہ دیکھ کر
ایں سگاں کرند از امر انصتوا[2]	از سفہ وعوع کناں بر بدر تو
کتے امر انصتوا سے ہیں یہ کر	بھونکتے ہیں تیرے نور بدر پر
ہیں بمگذار اے شفا رنجور را	تو ز خشم کر عصائے کور را
اے شفا، رنجور سے غافل نہ ہو	اے عصا رستہ دکھا تو کور کو
نے تو گفتی قائد اعمیٰ براہ	صد ثواب و اجر یابد از الٰہ
تو نے کہتا کور کا ہو رہبر جب	پائے گا اللہ سے اجر و جزا
ہر کہ او چل گام کورے را کشد	گشت آمرزیدہ و یابد رشد
رہبر اندھے کا جو چالیس گام	اس کی بخشش میں نہیں کوئی کلام

---

[1] یعنی جس طرح حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام تنہا پھرنے کے عادی تھے [2] یعنی چپ ہو جاؤ

پس بکش تو زین جہان بیقرار ۔ جوق کوران را قطار اندر قطار
پس جہان مضطرب کو کھینچ لے ۔ صف بصف اس میں ہیں اندھے کھڑے

کار ہادی این بود تو ہادئی ۔ ماتم آخر زمان را شادئی
کام یہ ہادی کا ہے ہادی ہے تو ۔ عہد آخر کے لئے شادی ہے تو

ہین روان کن اے امام متقین ۔ این خیال اندیشگان را تا یقین
ہاں تو لے چل اسے امام متقین ۔ ان خیال اندیشوں کو بس تا یقین

ہر کہ در مکر تو دارد دل گرو ۔ گردنش را من زنم تو شاد شو
جو دغا کی فکر میں تجھ سے رہے ۔ خوش رہ تو میں کاٹوں گا ان سب کے گلے

بر سر کوریش کوریہا نہم ۔ او شکر پندارد و زہرش دہم
اس کے اندھے پن پہ اندھاپن رکھوں ۔ وہ شکر سمجھے میں اس کو زہر دوں

عقلہا از نور من افروختند ۔ مکرہا از مکر من آموختند
عقلیں میرے نور سے ہیں نور زاد ۔ مکر میرے مکر سے ہیں اوستاد

چیست خود آلاچق این ترکمان ۔ پیش پائے نرّہ پیلان جہان
کیا ہیں آخر گھاس کے یہ جھونپڑے ۔ ہاتھیوں کی ٹھوکروں کے سامنے

آن چراغ او بہ پیش صرصرم ۔ خود چہ باشد اے مہیں پیغمبرم
وہ چراغ ان آندھیوں کے سامنے ۔ اے پیمبر کیا ہیں تو خود سوچ لے

خیز در دم تو بصور سہمناک ۔ تا ہزاران مردہ بر روید زخاک
ہولناک اک صور ایسا پھونک دے ۔ تا ہزاروں مردے نکلیں خاک سے

چون تو اسرافیل وقتی راست خیز ۔ رستخیزے ساز پیش از رستخیز
تو تو اسرافیل ہے اس دور کا ۔ اک قیامت قبل محشر کر بپا

ہر کہ گوید کو قیامت اے صنم ۔ خویش بنما کہ قیامت نک منم
پوچھے گر کوئی قیامت کا فسوں ۔ کہہ دے اس سے تو قیامت میں ہی ہوں

ور نگر اے سائل محنت زدہ	زیں قیامت صد جہاں قائم شدہ
غور کر اے سائل محنت فشاں	اس قیامت سے ہیں قائم سو جہاں
ور نباشد اہل ایں ذکر و قنوت	پس جواب الاحمق اے سلطاں سکوت
گر نہ ہو حیثیت ذکر و بیاں	تو ہے خاموشی جواب جاہلاں
ز آسمان حق سکوت آید جواب	چوں بود جانا دعا نا مستجاب
گو خموشی آسماں کا ہے جواب	ہو جیسی سچی دعا نا مستجاب
اے دریغا وقت خرمنگاہ شد	لیک روز از بخت ما بیگاہ شد
ہائے گزرا وقت خرمن گاہ کا	بد نصیبی تھی کہ وقت آخر ہوا
وقت تنگست و فضائے ایں کلام	تنگ مے آید برو عمر دوام
وقت ہے تنگ اور لمبا ہے کلام	تھوڑی ہے اس کے لئے عمر دوام
نیزہ بازی اندریں کہائے تنگ	نیزہ بازاں را ہمے آرد بہ تنگ
نیزہ بازی تنگ وادی میں ہو گیا	نیزہ بازوں کو بھی ہو وقت سوا
وقت تنگ و خاطر و فہم عوام	تنگ تر صد رہ ز وقت است اے غلام
وقت ہے تنگ اور خاطر و فہم عوام	وقت سے بھی تنگ تر ہے اے غلام
چوں جواب احمق آمد خامشی	ایں درازی در سخن چوں میکشی
جب جواب احمقاں ہے خامشی	پھر طوالت ہے فضول اس ذکر کی
حق ز بحر رحمت و موج کرم	میدہد ہر شورہ را باراں نعم
بحر رحمت سے خدا کرے کرم	دیتا ہر بنجر کو ہے باران نعم

ایک بادشاہ اور اس کا غلام

بادشاہے بود او را بندۂ	مردۂ عقلے بود و شہوت زندۂ
تھا غلام اک شاہ کا نوجوان سے	زندہ تھا شہوت سے مردہ عقل سے

خردہائے خدمتش نگذاشتے	**بدسگالیدے نکو پنداشتے**
اور تھی ادنیٰ خدمتوں سے تھا پھرا	بدسگالی کو تھا نیکی جانتا
گفت شاہنشہ جرایاتش کم کنید	**ور بجنگد نامش از خط بر زنید**
شاہ بولا ۔ جو وظیفہ اس کا کم	اور رہے تو نام پہ پھیرو قلم
عقل او کم بود و حرص او فزون	**چوں جرے کم دید شد تند و حرون**
عقل کم تھی حرص تھی اس کی فزوں	تھا وظیفہ کی کمی سے وہ زبوں
عقل بودے گرد خود کردے طواف	**تا بدیدے جرم خود گشتے معاف**
عقل ہوتی اپنا خود کرتا طواف	جانتا جرم اور کرا لیتا معاف
چوں خرے پابستہ تندد از خرے	**ہر دو پایش بستہ گردد از سرے**
تھا وہ پابستہ گدھے کی طرح سے	جس کے دونوں پاؤں ہوں رسی سے بندھے
پس بگوید خر کہ یک بندم بس است	**خود بداں کاں دو ز فعل ایں خس است**
پھر کہے خر ۔ بند کافی ایک ہے	اور یہ دو بنداں ہیں اپنا کیا
گر بدیدے تیز بنداں چشم کور	**بند بر وے سخت نہ بستندے بزور**
بندکا بھید اندھا جانتا	بند میں ہوتا نہ ہرگز مبتلا
ور ز جرم بند پا آگہ بدے	**خود ز بند دست و پا ایمن شدے**
جرم پابندی اگر بھانپتا	قید دست و پا سے ہو جاتا رہا
ورنہ تندیدے ز بند آں ابو الفضول	**اور نہ خر بودے بدے شیر فحول**
ورنہ دو بندوں میں پھنس کر جاتا گر	شیر ہوتا پھر تو کیوں ہوتا وہ خر

خلقت کی تین قسمیں

در حدیث آمد کہ یزدان مجید	**خلق عالم را سہ گونہ آفرید**
قول پیغمبر ہے ۔ حق نے اے اخی	کی رکھی پیدا تین قسمیں خلق کی

یک گروہ را جملہ علم و عقل و جود   او فرشتہ است و نداند جز سجود
مل گئے اک کو تو علم و عقل و جود   وہ فرشتہ ہے، نہ جانے جز سجود
نیست اندر عنصرش حرص و ہوا   نور مطلق زندہ از عشق خدا
اس کے عنصر میں نہیں حرص و ہوا   نور مطلق زندۂ عشق خدا
یک گروہ دیگر از دانش تہی   ہمچو حیواں از علف در فربہی
عقل سے خالی جماعت دوسری   ہے وہ حیواں چارہ سے ہے فربہی
او نہ بیند جز کہ اصطبل و علف   از شقاوت غافلست و از شرف
جانے کیا اصطبل و چارہ کے سوا   وہ شرف یا شر سے ہے ناآشنا
زاں سوم ہست آدمی زاد و بشر   از فرشتہ نیمے و نیمیش خر
اور جماعت تیسری ہے آدمی   نصف حیواں نصف قدسی ہے اٹھی
نیم خر خود مائل سفلی بود   نیم دیگر مائل علوی شود
مائل پستی ہے سمجھ کر نیم خر   ہے علو کا عشق نصف دگر
تا کدامیں غالب آید در نبرد   زیں دوگانہ تا کدامیں برد نرد
کون دیکھیں جنگ میں غالب رہے   کون بازی جیتے ان میں دیکھئے
عقل اگر غالب شود پس شد فزوں   از ملائک ایں بشر در آزموں
عقل اگر غالب ہوئی تو بڑھ گیا   قدسیوں سے بھی یہ انساں بڑھا
شہوت ار غالب شود پس کمتر است   از بہائم ایں بشر زاں کابتر است
اور شہوت کا اگر غلبہ ہوا   تو بہائم سے بھی انساں گھٹ گیا
آں دو قوم آسودہ از جنگ و حراب   ویں بشر با دو مخالف در عذاب
ہیں گروہ دونوں سکوں سے کامیاب   آدمی دو دشمنوں میں ہے خراب
ویں بشر ہم ز امتحاں قسمت شدند   آدمی شکلند و سہ امت شدند
پھر یہ انساں بھی بروئے امتحاں   منقسم ہیں تین قسموں پر یہاں

یک گروہ مستغرق مطلق شدہ
ہمچو عیسیٰ با ملک ملحق شدہ
اک جماعت مطلقاً محو خدا
مثل عیسیٰ ہے ملائک آشنا

نقش آدم لیک معنی جبرئیل
رستہ از خشم و ہوا و قال و قیل
ظاہرا انساں ہے باطن جبرئیل
حرص ہے اس میں نہ خشم و قال و قیل

از ریاضت رستہ وز زہد و جہاد
گوئیا کز آدمی او خود نزاد
وہ جہاد و زہد سے آزاد ہے
تو کہے کیونکر وہ آدم زاد ہے

قسم دیگر با خراں ملحق شدند
خشم محض و شہوت مطلق شدند
قسم دیگر مل گئی حیوان سے
خشم محض و شہوت مطلق رہے

وصف جبریلی در ایشاں بود رفت
تنگ بود آں خانہ و آں وصف زفت
وصف جبریلی اگرچہ ان میں تھا
ظرف کی تنگی سے پہ جاتا رہا

مردہ گردد شخص چوں بے جاں شود
خر شود چوں جان او بے آں شود
مردہ ہے ہر جسم جب بے جاں ہوا
جان نکلی رہ گیا کورا گدھا

زاغ گردد چوں پئے زاغاں رود
جسم گردد جاں چو او بے آں شود
کوا ہو جو کوؤں کے پیچھے چلے
جان تو جیتی ہے بے اس وصف کے

زانکہ جانے کاں ندارد ہست پست
ایں سخن حق ست و صوفی گفتہ است
پست ہے وہ جاں نہیں جس میں بقا
یہ مقولہ سچ ہے صوفی نے کہا

او ز حیوانہا فزونتر جاں کند
در جہاں باریک کاریہا کند
بڑھ کے حیوانوں سے وہ گھیرے جہاں
اور کرے سو طرح مینا کاریاں

مکر و تلبیسے کہ او داند تنید
آں ز حیوان دگر ناید پدید
اس میں ہو جو مکر و حیلہ بالیقیں
دوسرے حیواں سے ہو سکتا نہیں

جامہائے زرکشی را بافتن
دُرہا از قعر دریا یافتن
کپڑے بننا زرنگار اور غرق زر
اور لانا قعر دریا سے گہر

خردہ کاریہائے علم ہندسہ	یا نجوم و علم طب و فلسفہ
ہندسہ دانی کی خردہ کاریاں،	فلسفہ۔ طب، اور نجوم اے نوجواں
کاں تعلق با ہمیں دنیاستش	رہ بہفتم آسماں بر نیستش
ہے اسی دنیا سے کچھ نسبت جنہیں	چرخ ہفتم پر وہ کیونکر جا سکیں
ایں ہمہ علم بنائے آخر است	کہ عماد بود گاو و اشتر است
علم یہ سب اک بنا ہیں گھاس کی	اونٹ گائے کے ستون زندگی
بہر استبقائے حیواں چند روز	نام آں کردند ایں گیجاں رموز
تا مقیم اس میں ہوں انساں چند روز	رکھا اس کا نام دنیا اور موز[1]
علم راہ حق و علم منزلش	صاحب دل داند آں را با دلش
علم منزل علم راہ سمجھا یا	اہل دل اور اس کا دل ہے جانتا
پس دریں ترکیب حیوان لطیف	آفرید و کرد با دانش الیف
ہیں اسی ترکیب سے انسان کو	دیکھے دانائی کیا پیدا سنو
نام کالانعام کرد آں قوم را[2]	زانکہ نسبت کو بہ یقظہ نوم را
پھر لقب اُن کو دیا انعام کا	خواب کو نسبت ہے بیداری سے کیا
روح حیوانی ندارد غیر نوم	حسہائے منعکس دارند قوم
روح حیواں صرف جانے نیند کو	منعکس ہیں اس کی حسیں جان کو
یقظہ آمد نوم حیوانی نماند	انعکاس حس خود از لوح خواند
آئی بیداری تو سونا چل دیا	لوح سے وہ عکس حس کا پڑھ لیا

---

[1] کسی کے گھر میں بے اجازت جانا۔

[2] کی قولہ تعالیٰ:- اُولٰئک کالانعام بل ھم اضل سبیلاً۔ یعنی وہ لوگ مثل چوپایوں کے ہیں بلکہ وہ اُن سے زیادہ گمراہ ہیں۔

ہمچو حِس آنکہ خواب او را ربُود
چوں شد او بیدار عکس او نمود

اس کی حس کی طرح جو بس سو گیا
جبکہ جاگا، عکس اُس حس کا پڑا

لاجرم اسفل بود از سافلین
ترک او کن لا یحب الآفلین[1]

پست تر پستوں سے ہے وہ بالیقین
چھوڑ اس کو لا یحب الآفلین

نجاست نجاست کیطرف بڑھتی ہے

زانکہ استعدادِ تبدیل و نبرد
بودش از پستی و آنرا فوت کرد

کیونکہ زہرہ جنگ اور تبدیل کا
پستیوں سے تھا گیا اُس کو فنا

باز حیواں را چو استعداد نیست
عذر او اندر بہیمی روشنی ست

چونکہ استعداد حیواں میں نہیں
عذر ہے حیوانیت کا دل نشیں

زو چو استعداد شد کاں رہبرست
ہر غذائے کہ خورد مغز خرست

جبکہ استعداد ہی رہبر نہیں
کھائے جو کچھ مغز خر ہے بالیقیں

گر بلادر خورد او افیوں شود
سکتہ و بے عقلیش افزوں شود

ہے بلادر تواں بھی افیم اُس کے لئے[2]
جس سے سکتہ اور بے عقلی بڑھے

ماند یک قسم دگر در اجتہاد
نیم حیواں نیم حی با رشاد

تیسری قسم ان کی اہل اجتہاد
نیم حیواں نیم یادِ حق سے شاد

نفس اور عقل کی لڑائی

روز و شب در جنگ اندر کشمکش
کردہ چالیش اوّلش با آخرش

رات دن ہیں کش مکش میں جنگ کی
پہلوں پچھلوں میں لڑائی چھڑ گئی

---

[1] اللہ تعالیٰ فرو ہو جانے والی چیزوں کو دوست نہیں رکھتا ہے۔

[2] حالانکہ بلادر تواں بہ سبب گرم خشک ہونے کے نیند نہیں آنے دیتا۔

ہمچو مجنوں در تنازع با شتر	گر شتر چربید دگر مجنون حرؔ
جس طرح مجنوں سے ہو جنگ شتر	گر شتر غالب کبھی مجنون حر[1]
ہمچو مجنونند و چوں ناقہ اش یقین	میکشد آں پیش و آں واپس بکیں
مثل مجنوں اور ناقہ اہل کیں	کھینچتے ہیں آگے پیچھے بالیقیں
میل مجنوں پیش آں لیلی رواں	میل ناقہ پس پئے طفلش دواں
خواہش مجنوں ہے لیلیٰ میں رواں	اونٹنی بچہ کے پیچھے ہے دواں
یکدم ار مجنوں ز خود غافل شدے	ناقہ گردیدے و واپس آمدے
قیس غافل اک گھڑی ہوتا اگر	ناقہ واپس جا کے لوٹ آتا ادھر
عشق و سودا چونکہ پر بودش بدن	می نبودش چارہ از بیخود شدن
جسم اس کا عشق و سودا لے گیا	بیخودی کے ماسوا چارہ نہ تھا
آنکہ او باشد مراقب عقل بود	عقل را سودائے لیلیٰ در ربود
عقل کرتی ہے مراقب بر ملا	عقل کو سودائے لیلیٰ نے اڑا
لیک ناقہ بس مراقب بود و چست	چوں بدیدے او مہار خویش سست
ناقہ لیکن تھا مراقب اور چست	دیکھتا جس دم نکیل اپنی وہ سست
فہم کردے زو کہ غافل گشت و دنگ	رو سپس کردے بکرہ بیدرنگ
بس سمجھتا وہ ہے غافل اور دنگ	دیکھتا بچے کو مڑ کر بیدرنگ
چوں بخود باز آمدے دیدے زجا	کو سپس رفتہ است بس فرسنگہا
آپ میں آتا تو پھر وہ دیکھتا	کوسوں اُس کے پیچھے ہے دوڑ گیا
در سہ روزہ رہ بدیں احوالہا	ماند مجنوں در تردد سالہا
تین دن کی راہ تھی مجنوں جہاں	تھا انہی حالوں میں برسوں نوحہ خواں

---

[1] آزاد ۔

گفت اے ناقہ چو ہر دو عاشقیم	ما دو ضد پس ہمرہِ نالائقیم
بولا اے ناقہ ہیں دونوں شیفتہ	دو ضدیں کسطرح ہونگی ایک جا
نیستت بر وفق من مہر و مہار	کرد باید از تو عزلت اختیار
کب موافق ہیں مرے مہر اور مہار	تجھ سے یکسوئی کرونگا اختیار
ایں دو ہمرہ یکدگر را راہزن	گمرہ آں جاں کو فرو ناید ز تن
دونوں ساتھی باہمی ہیں راہزن	جان ہے گمراہ جو ہو محوِ تن
جاں ز ہجر عرش اندر فاقۂ	تن ز عشق خاربن چوں ناقۂ
جان فاقے میں ہے ہجر عرش سے	خار کی الفت سے تن ناقہ بنے
جاں کشاید سوئے بالا بالہا	در زدہ تن بر زمین چنگالہا
جان کھولے سوئے بالا بال و پر	مارتا چنگل بدن ہے خاک پر
تا تو با من باشی اے مردہ وطن	پس زلیلی دور ماند جانِ من
جب تلک اے مردہ وطن ہے دوستی	جان لیلا سے رہیگی دُور ہی
روزگارم رفت زینگوں حالہا	ہمچو تیہ و قوم موسیٰؑ سالہا
عمر[1] ان حالوں میں آخر ہو گئی	قوم موسیٰؑ جیسے جنگل میں رہی
خطوتینے بود ایں رہ تا وصال	ماندہ ام در رہ ز مستی چند سال
دو قدم کی راہ تھی راہ وصال	جس میں مستی سے گئے ہیں چند سال
راہ نزدیک و بماندم سخت دیر	سیر گشتم زیں سواری سیر سیر
راہ تھی نزدیک اور پھر اتنی دیر	سیر ہوں میں لے سواری تجھ سے سیر
سرنگوں خود را ز اشتر در فگند	گفت سوزیدم ز غم تا چند چند
خود کو ناقے سے گرایا سرنگوں	اور کہا۔ غم سے میں اب کب تک جلوں

[1] یہاں سے مجنوں کی گفتگو ناقہ کے ساتھ پھر شروع ہوتی ہے۔

تنگ شد بر وے بیاباں فراخ	خویشتن افگند اندر سنگلاخ
تنگ اُس پہ وسعتِ صحرا ہوئی	پتھروں میں اپنی ہستی ڈال دی
آنچناں افگند خود را سخت زیر	کہ مخلخل گشت جسم آں دلیر
اس طرح وہ ناقہ سے نیچے گرا	جسم اس کا کھوکھلا سا ہو گیا
چوں چناں افگند خود از زیر پست	از قضا آں لحظہ پایش ہم شکست
جب وہ یوں اوپر سے نیچے گر پڑا	اتفاقاً پا شکستہ ہو گیا
پائے را بربست و گفتا گو شوم	در خمِ چوگانش غلطاں میروم
پاؤں باندھا اور کہا گیند اب بنوں	لوٹتا میداں میں اُس کے پھروں
زیں کند نفریں حکیم خوش دہن	بر سواری کو فرو ناید ز تن
اس لئے کرتے ہیں نفرت ہوشیار	اُن سواروں سے جو تن پر ہیں سوار
عشق مولیٰ کے کم از لیلیٰ بود	گوے گشتن بہر او اولیٰ بود
عشق مولیٰ کب ہے کم اس عشق سے	گیند بنا خوب اسی کے واسطے
گوئے شو می گرد بر پہلوئے صدق	غلط غلطاں در خمِ چوگانِ عشق
گیند بن جا صدق کے ارمان میں	لوٹتا پھر عشق کے میدان میں
کایں سفر زیں پس بود جذبِ خدا	واں سفر بر ناقہ باشد سیر ما
یہ سفر ہو بعد ازاں جذبِ خدا	وہ سفر ناقہ کا تو اک سیر تھا
ایں چنیں سیریست مستثنیٰ ز جنس	کایں فزود از اجتہادِ جن و انس
جنس ہی اس سیر کی کوئی نہیں	بڑھ گئی ہر انس و جن سے بالیقیں
ایں چنیں جذبیست نے ہر جذبِ عام	کہ نہادش فضلِ احمد والسلام
ہے یہ جذبِ خاص کب ہے جذبِ عام	یہ طفیلِ مصطفےٰ ہے۔ والسلام
قصہ کوتہ کن برائے آں غلام	کو سوئے شہ بر نبشتہ است او پیام
قصہ کر کوتاہ کر ذکرِ غلام	جس نے سوئے شاہ بھیجا ہے پیام

اس غلام کا بادشاہ کو رقعہ بھیجنا

رقعۂ پر جنگ و پر مستی و کیں
می‌فرستد پیش شاہ نازنیں

ایک رقعہ جس میں تھی جنگ اور کیں
اس نے بھیجا سوئے شاہ نازنیں

کالبد نامہ است اندر وے نگر!
ہست لائق شاہ را آنگہ ببر

جسم بھی نامہ ہے اس پہ غور کر
لائق شہ ہو تو اس کو بھیج ادھر

گوشۂ رو نامہ را بکشا بخواں
ہیں کہ حرفش ہست درخورد شہاں

نامہ تنہائی میں پڑھ کر دیکھ لے
حرف بھی شاہوں کے لائق ہیں کہ نے

گر نباشد درخور او پارہ کن
نامۂ دیگر نویس و چارہ کن

ہوں نہ اس قابل تو پھر پرزے اڑا
دوسرا اک نامہ لکھ کر اور لا

لیک فتح نامۂ تن زیب مداں
ورنہ ہر کس سرِّ دل دیدے عیاں

نامۂ تن کی فکر آساں نہ جان
ورنہ ہوتا رازِ دل سب پہ عیاں

نامہ بکشادن چہ دشوارست و صعب
کارِ مردانست نے طفلان لعب

ہے بہت دشوار نامہ کھولنا
کام بچوں کا نہیں ہے مرد کا

جملہ بر فہرست قانع گشتہ ایم
زانکہ در حرص و ہوا آغشتہ ایم

ہم تو سب قانع ہیں اک فہرست پہ
ہیں بھرے حرص و ہوا میں سر بسر

باشد آں فہرست دامے عامہ را
تا چناں دانند متن نامہ را

ہے بھی فہرست دامِ خلق عام
تا کہ متن نامہ کو سمجھیں تمام

باز کن سر نامہ را گردن متاب
زیں سخن واللہ اعلم بالصواب

کھول سر نامہ نہ کھا تو پیچ و تاب
اس سے اور واللہ اعلم بالصواب

ہست آں عنواں چو اقرار زباں
متن نامہ سینہ را کن امتحاں

چونکہ ہے عنوان اقرار زباں
متن ہے سینہ کر اس کا امتحاں

کہ موافق ہست با اقرارِ تو   تا موافق دار نبود کارِ تو
کیا موافق ہے ترے اقرار سے   تا نہ تیرے کام میں جھگڑا پڑے
چوں جوال بس گرانے میبری   زاں نباید کم کہ در وے بنگری
گون جب تو اتنی بھاری لے چلے   کم سے کم اب دیکھ لینا چاہیئے
تا چہ داری در جوال از تلخ و خوش   گر ہمی ارزد کشیدن را بکش
گون میں کیا کیا ہے اچھا یا برا   لادنے کے ہو جو قابل - لادنا
ورنہ خالی کن جوالت راز سنگ   باز خر خود را ازیں پیکار و ننگ
گون خالی پتھروں سے وہ کر   اور جنگ و ننگ سے کرلے عذر
در جوال آں کن کہ میباید کشید   سوئے سلطاناں و شاہان رشید
گون میں وہ بھر جو بھرنا چاہیئے   جو ہو لائق شاہ اور سلطان کے
زشت نبود کایں جوال مردہ ریگ   ہیچ تی و باشد آنہم نزد ریگ
گون کو ناچیز شے سے بھر لیا   ریت بھر کے بھرے اس کو کھینچنا
چوں ہمیانی کہ پر لعلش کنی   ہم تہی بہتر جو ہم جنس تہی
لعل سے بھرتا نہیں گر جانِ من   خالی بہتر۔ تو جو ہے ہم جنسِ تن

ایک بڑی پگڑی والے فقیہ کی کہانی

یک فقیہے ژندہا بر چیدہ بود   در عمامہ خویش در پیچیدہ بود
چیتھڑے اک مولوی نے کچھ چنے   سب وہ عمامے کے اندر رکھ لئے
تا شود زفت و نماید آں عظیم   چوں در آید سوئے محفل در حطیم
تا کہ عمامہ نظر آئے عظیم   جبکہ ہو وہ داخل بزم حطیم کے

۱؎ یعنی خواہشات نفسانی میں غرق۔
۲؎ کعبہ کی بیرونی دیوار۔

ژندہا از جامہا پیراستہ   ظاہرا دستار ازاں آراستہ
چیتھڑوں کو ایسا کیا آراستہ   سج گئی دستار اس کی ظاہرا
ظاہر دستار چوں حُلّۂ بہشت   چوں مُنافق اندروں رسوا و زشت
پگڑی تھی ظاہر میں حلۂ خلد کا   جوں منافق باطن اس کا تھا بُرا
پارہ پارہ دلق و پنبہ و پوستیں   در درونِ آں عمامہ بُد دفیں
پوستیں گدڑی کے ٹکڑے اور روئی   اُس نے عمامہ کے اندر تھی بھری
روئے سوئے مدرسہ کردہ صبوح   تا بدیں ناموس او یابد فتوح
صبح کو وہ جانب مکتب چلا   تا کہ عزت اس سے حاصل ہو ذرا
در رہِ تاریک مردے جامہ کن   منتظر استادہ بود از بہر فن
اک جگہ تاریک سا تھا راستا   گھات میں واں اک اچکا تھا کھڑا
در ربود او از سرش دستار را   پس دواں شد تا بسازد کار را
اس کی پگڑی لے کے وہ چلتا ہوا   بھاگا تا کچھ کام سے اپنا بنا
پس فقیہش بانگ بر زد کاے پسر   باز کن دستار را آنگہ ببر
چیخا عالم پھر تو اے جانا پسر   دیکھ لے پگڑی کو پہلے کھول کر
ایں چنیں کہ چار پرّہ می پری   باز کن آں ہدیہ را کہ میبری
جس کو لیکر یوں تو جاتا ہے اُڑا   کھول کر تو دیکھ وہ تحفہ ہے کیا
باز کن آں را بدست خود بمال   آنگہاں خواہی ببر کردم حلال
اپنے ہاتھوں سے تو کھول اور مل اُسے   پھر جو چاہے ۔ لے جا جا ترے لیے
چونکہ بازش کرد آنکہ میگریخت   صد ہزاراں ژندہ اندر رہ بریخت
بھاگتے میں اس نے کھولا جب اُسے   راستے میں لاکھ چیتھڑے گر پڑے
زاں عمامہ زفت نابایست او   ماند یک گز کہنہ در دست او
اس عمامے سے جو تھا اتنا بڑا   ہاتھ میں گز بھر کا چیتھڑا رہ گیا

بر زمین زد کہنہ را کاے بے عیار	زین دغل ما را بر آوردی زکار
بولا عالم سے زمین پر پھینک کر	کام دھوکے سے بگاڑا سر بسر
ایں چہ تزویر است و مکر است و چہ شید	کو فگندی مر مرا در قید و صید
کیسا دھوکا تھا یہ کیسا مکر تھا	جس نے مجھ کو یوں خوار اپنا کیا
شرم نامد مر ترا زیں ژندہا	از دغل بفگندیم اندر دغا
شرم چیتھڑوں سے نہ آئی تجھ کو کیوں	جو دغا میں تو نے ڈالا مجھ کو یوں
گفت بنمودم دغل لیکن ترا	از نصیحت باز گفتم ماجرا
بولا بیشک مکر تھا لیکن تجھے	ہم بطور پند تھے سمجھا چکے
ہمچنیں دنیا اگرچہ خوش شگفت	عیب خود را بانگ زد با جملہ گفت
ایسے ہی دنیا ہے گو خوش اور عجب	عیب کر دیتی ہے ظاہر اپنے سب

اہل دُنیا کو دُنیا کی نصیحت

اندریں کون و فساد اے اوستاد	آں دغل کون و نصیحت آں فساد
اس فساد و کون میں اے اوستاد	کون ہے مکر اور نصیحت ہے فساد
کون میگوید بیا من خوش پیم	واں فسادش گفت رو من لاشیم
کون کہتا ہے کہ آ خوش ہے جہاں میں	اور فساد اس کا کہ جا لاشے ہوں میں
اے ز خوبی بہاراں لب گزاں	بنگر آں سردی و زردی خزاں
اے کہ تو کھولے بہار خوش سے لب	سردی اور زردی خزاں کی دیکھ اب
روز دیدی طلعت خورشید خوب	مرگ او را یاد کن وقت غروب
دیکھتا دن بھر ہے تو خورشید خوب	موت اس کی یاد کر وقت غروب
بدر را دیدی بریں خوش چار طاق	حسرتش را ہم ببیں وقت محاق
چرخ پہ دیکھے ہیں جلوے بدر کے	دیکھ حسرت اس کی جب دم وہ گھٹے

کودکے از حسن شد مولائے خلق	بعد فردا شد خرف رسوائے خلق
حسن سے لڑکا ہوا آقائے خلق	جب ہوا بوڑھا ہوا رسوائے خلق
گر تن سیمیں بران کردت شکار	بعد پیری بیں تنے چوں پنبہ زار
گر ہوا سیمیں تنوں کا تو شکار	بعد پیری دیکھیگا تن پنبہ زار
اے بدیدہ لوتہائے چرب خیز	فضلۂ آنرا بہ بیں در آبریز
چکنی چکنی دیکھتا ہے کیا غذا	اُس کا فضلہ دیکھ موری میں ذرا
مرخبیث را گو کو آں خوبیت کو	در فریب آں حسن و مرغوبیت کو
پوچھ اُس سے اب ہے وہ خوبی کہاں	حسن میں باقی ہے مرغوبی کہاں
برطبق کو عشوہ و نرمی و خوت	پرسپد کو جلوہ و نغزی و بوت
اب کہاں وہ عشوہ و نرمی کی خو	اب کہاں وہ جلوۂ رعنا کی بو
گوید آں دانہ بُد و من دام آں	چوں شدی تو صید دانہ شد نہاں
وہ کہے وہ دانہ تھا ۔ میں دام تھا	جب ہوا تو صید دانہ چھپ گیا
پس ازاہل رشک اُستاداں شدہ	در صناعت عاقبت لرزاں شدہ
انگلیاں صنعت میں جو استاد تھیں	آخر کار ایک دن لرزاں ہوئیں
نرگس چشم خماری ہمچو جاں	آخر اعمش بیں و آب از وے چکاں
نرگسی جو آنکھ تھی مانند جاں	ڈھلکی آخر اس سے ہے پانی رواں
حیدرے کاندر صف شیراں رود	آخر او مغلوب موشے می شود
جنگ جو شیروں کی صف میں جائے جو	آخر اک چوہے سے وہ مغلوب ہو
طبع تیز و دور بین و محترف	چوں خر پیرش ببیں آخر خرف
تیز طبع و دور بیں صناع کو	دیکھ اک بوڑھا گدھا صاحب ضعف ہو
زلف وجعد مشکبار عقل بر	آخر او چوں دم زشت پیر خر
مشک بو وہ زلف جو تھی عقل تاب	بوڑھے خر کی دُم کی صورت ہو خراب

خوش ببیں کونش زاوّل باکشاد	وآخر آں رسوائیش بیں وفساد
پہلے اس کے کون کو تھا اک کشاد	اور ہے انجام رسوائی فساد
زانکہ او بنمود پیدا دام را	پیش تو برکند سبلت خام را
کیونکہ اس نے جال پھیلا کے کھلے	کی فضیحت ان کی جو الجھن میں پھنسے
پس مگو دنیا بتزویرم فریفت	ورنہ عقل من زدانہ می شگیفت
پس نہ کہہ دنیا نے دی مجھ کو دغا	ورنہ مجھ کو صبر اک دانے سے تھا
طوق زریں و حمائل بیں ہلہ	غل و زنجیرے شناست و سلسلہ
وہ حمائل اور طوقِ زر نگار	بن گیا زنجیر و غل[1] انجام کار
ہمچنیں ہر جزو عالم می شمر	اوّل و آخر در آرش در نظر
کر یونہی ہر جزو عالم پہ نظر	اوّل و آخر پہ اس کے غور کر
ہر کہ آخر بیں ترا و مسعود تر	ہر کہ آخُر بیں ترا و مطرود تر
جو کہ آخر بیں ہے وہ مسعود ہے	جو حریصِ دانہ ہے مردود ہے
روئے ہر یک چوں مہِ فاخر ببیں	چونکہ اوّل دیدہ آخر ببیں
سب کا منہ مثلِ مہِ خوش کام دیکھ	دیکھ کر آغاز پھر انجام دیکھ
تا نباشی ہمچو ابلیس اعورے	نیم بیند نیم نے چوں ابترے
ہو نہ کانا مثلِ ابلیس لعیں	جس نے آدھا دیکھا اور آدھا نہیں
دید طین آدم و دینش ندید	ایں جہاں دید آں جہاں بینش ندید
دیکھی خاکِ آدم۔ ان کا دیں نہیں	یہ جہاں دیکھا نہ بینش بالیقیں
فضلِ مرداں بر زناں اے بوشجاع	نیست بہرِ قوت و کسب و ضیاع
مرد عورت سے ہے افضل بالیقیں	پہ کمائی اور کھیتی سے نہیں

---

[1] طوق ۔

ورنہ شیر و پیل را بہ آدمی
فضل بودے بہر قوت اے عمی
ورنہ شیر اور فیل کو انسان پہ
افضلیت ہوتی سوچ اے بیخبر

فضلِ مردان بر زنان ایحالی پرست
زاں بود کہ مرد پایاں بیں تر است
مرد زن سے اس لئے افضل ہوا
کیونکہ وہ ہے دور بیں اس سے سوا

مرد کاندر عاقبت بینی خمست
او ز اہلِ عاقبت چوں زن کمست
مرد جو ہو عاقبت بینی میں خم
دور بینوں سے وہ مثلِ زن ہے کم

از جہاں دو بانگ می آید بضد
تا کدامیں را تو باشی مستعد
اس جہاں کی دو صدائیں ہیں جدا
کون سی آواز پر تو ہے فدا

آں یکے بانگش نشورِ اتقیا
واں دگر بانگش فریب اشقیا
اک صدا اس کی حیاتِ متقی
دوسری آواز ہے مکرِ شقی

بانگِ خارو بانگِ اشگوفہ شنو
بعد ازاں شو بانگِ خارش را گرو
سن شگوفوں اور کانٹوں کی صدا
پھر صدائے خار پہ ہو مبتلا

من شگوفہ خارم اے فخر کبار
گل بریزد من بمانم شاخ خار
ہوں شگوفہ اور کانٹا اے نگار
پھول جھڑ جائیں رہوں میں شاخِ خار

بانگِ اشگوفہ اش کہ اینک گلفروش
بانگِ خارِ او کہ سوئے ما مکوش
ہے شگوفے کی صدا ہیں پھول یاں
کانٹا کہتا ہے نہ آ ہرگز یہاں

ایں پذیرفتی بماندی زاں دگر
کہ محب از ضدِ محبوب است کر
اس کو چھوڑیگا اگر اس کی سنی
بہرا عاشق ضد سے ہے محبوب کی

آں یکے بانگ ایں کہ اینک حاضرم
بانگِ دیگر بنگر اندر آخرم
ایک کہتا ہے کہ میں حاضر ہوں آ
دوسرا کہتا ہے دیکھ آخر مرا

حاضری ام ہست ہمچو مکر و کمیں
نقشِ آخر ز آئینہ اول ببیں
حاضری میری ہے مثلِ مکر و کمیں
آئینے میں دیکھ نقشِ آخریں

چوں یکے زیں دو جواں اندر شدی
آں دگر را ضد و نا در خور شدی
دونوں گوتوں سے جو اک میں تو گیا
دوسری کے پھر تو ناقابل ہوا
اے خنک آنکو زاوّل آں شنید
کش عقول و مسمع مرداں شنید
وہ مبارک جس نے پہلے سے سنا
جو عقیلوں اور مردوں نے سنا
خانہ خالی یافت اوراجاگرفت
غیرآنش کژ نماید ناشگفت
جیسے خالی گھر میں کوئی جا گھسے
غیر اس کا اس کو کج دکھلائی دے
کوزۂ نو کو بخود بولے کشد
آں خبث را آب نتواند برد
جذب جو کوزہ کرے پیشاب کو
پاک پھر پانی سے وہ ہرگز نہ ہو
درجہاں ہر چیز چیزے را کشد
کفر کافر را و مرشد را رشد
ایک جاذب دوسرے کا ہے یہاں
کفر کافر کو رشد مرشد کو یاں
درجہاں ہر چیز چیزے جذب کرد
گرم گرمے را کشید و سرد سرد
جاذب ہر شے ہے ہر شے نیک مرد
گرم کھینچے گرم کو ٹھنڈے کو سرد
کہربا ہم ہست و مغناطیس ہست
تا تو آہن یا کہی آئی بشست
جذب مغناطیس ہے اور کہربا
لوہا ہو یا کاہ تو کھنچ جائے گا
بُرد مغناطیس ار تو آہنی
ور کہی بر کہربا ہم می تنی
ہے اگر لوہا تو مغناطیس سے
کاہ ہے تو کہربا کھینچے تجھے
آں یکے چوں نیست با اخیار یار
لاجرم شد پہلوئے فجار جار
جو نہیں نیکوں کا اس دنیا میں یار
وہ بدوں کے ساتھ ہے انجام کار
واں یکے را صحبت خار اختیار
لاجرم شد پہلوئے ہر خار خار
جس نے کی خاروں کی صحبت اختیار
وہ ہوا ہر خار کے پہلو میں خار

ـه ہدایت ۔

ہست موسیٰ پیش قبطی بس ذمیم   ہست ہاماں پیش سبطی بس رجیم
قبطیوں[1] کے آگے موسیٰ تھے بُرے   اور ہاماں سبطیوں[2] کے سب تھے
جان ہاماں جاذبِ قبطی شدہ   جانِ موسیٰ طالبِ سبطی شدہ
جانِ ہاماں جاذبِ قبطی ہوئی   جان موسیٰ طالب سبطی ہوئی
معدۂ خر کہ کشد در اجتذاب   معدۂ آدم جذوبِ گندم آب
معدۂ خر جذب چارے کو کرے   آدمی کا معدہ گندم کھینچ لے
گر تو نشناسی کسے را از ظلام   بنگر اورا کوش سازیداست امام
تو نہ تاریکی سے گر سمجھے تمام   دیکھ اُن کو جن کو کہتے ہیں امام
زانکہ ہر گُرّہ پئے مادر رود   تا بداں جنسیتش پیدا شود
بچہ ماں کے پیچھے جائے بار بار   تا اثر ہو جنسیت کا آشکار

عارف کی غذا نورِ حق ہے

آدمی را شیر از سینہ رسد   شیرِ خر از نیم زیرینہ بود
آدمی کو دودھ سینے سے ملے   اور گدھے کو نصف زیریں جسم سے
عدل قسّام است و قسمت کردنی ست   اے عجب کہ جبر نے و ظلم نیست
عدل ہے قسّام سب کے بخت کا   ظلم و جبر اس میں نہیں ہرگز ذرا
جبر بودے کے پشیمانی شدے   ظلم بودے کے نگہبانی بدے
جبر ہوتا تو پشیمانی تھی کیا   ظلم ہوتا تو نگہباں کون تھا
روز آخر شد سبق فردا بود   رازِ ما را روز کے گنجا بود
ڈھل گیا دن کل سبق ہوگا نیا   ایک ہی دن میں سمائے راز کیا

---

[1] اہل مصر جو آلِ فرعون اور اس کے متبعین میں سے تھے۔

[2] بنی اسرائیل کے بارہ گروہ سبطی کہلاتے تھے جو حضرت موسیٰؑ پر ایمان لائے تھے۔

حاصل آں کاندر دخول دور ایاب   در نگر واللہ اعلم بالصواب
آنے جانے میں تو سب کے ہے حجاب   غور کر۔ اللہ اعلم بالصواب

دنیا کے مغروروں اور نفس کے گرفتاروں سے خطاب

اے بکردہ اعتماد و واثقے   بر دم و بر چاپلوس فاسقے
ایکہ تجھ کو ہے بھروسہ بسر تہ   ہر فریب فاسق ناپاک پر
قبۂ بسا ختتی از حباب   آخر آں خیمہ ست سست واہی طناب
بلبلے سے ڈالی گنبد کی بنا   کس قدر ہے سست یہ خیمہ ترا
زرق چوں برقست اندر نور آں   راہ نتواند دیدن رہرواں
مکر مثل برق ہے اس میں نہاں   راہ رہرو پر نہیں ہوتی عیاں
ایں جہاں و اہل آں بیحاصل اند   ہر دو اندر بیوفائی یکدل اند
یہ جہاں ہے ہیچ اور اہل جہاں   بیوفائی میں ہیں دونوں ہمزباں
زادۂ دنیا چو دنیا بیوفاست   گرچہ رُو آرد بتو آں رو قفاست
اہل دنیا مثل دنیا بیوفا   پیٹھ اُن کی جان جب ہو سامنا
اہل آں عالم چو آں عالم ز بر   تا ابد در عہد و پیماں مستقر
اُس جہاں والے ہیں احساں سر بسر   عہد اور پیماں میں اپنے مستقر[1]
خود دو پیغمبر بہم کے ضد شدند   معجزات ہمدگر کے بستدند
دو نبی آپس میں کس دن ضد ہوئے   ایک کے کب اک نے چھینے معجزے
کے شود پژمردہ میوہ آنجہاں   شادیٔ عقبیٰ نگردو اندہاں
اس جہاں کا میوہ پژمردہ ہو گیا   ہو خوشی عقبیٰ کی کیونکر غم فزا

---

[1] قائم ؛

نفس بیعہد است زاں رو کشتنی ست	او دنی و قبلہ گاہ او دنی ست
نفس بدعہد اس لئے ہے کشتنی	وہ دنی اور قبلہ گاہ اس کا دنی[1]
نفسہا را لائق ست ایں انجمن	مردہ را در خور بود گور و کفن
نفسوں کے لائق ہے بس یہ انجمن	جیسے مردہ قابل گور و کفن
نفس اگرچہ زیرک ست و خردہ داں	قبلہ اش دنیاست او را مردہ داں
نفس اگرچہ ہے بہت باریک داں	قبلہ جو دنیا ہے اُس کو مردہ جان
آبِ وحیِ حق بدیں مردہ رسید	شد ز خاکِ مردہٗ زندہ پدید
پانی وحیِ حق کا جب اُس کو ملا	زندہ خاک مردہ سے ظاہر ہوا
تا نیاید وحی تو غرّہ مباش	تو بداں گلگونہ طال بقاش
وحی جب تک آ نہ جائے کر نہ ناز	لاکھ گلگونہ ملے۔ عمرش[2] دراز
بانگِ دیگی جو کہ آں خالی نشد	تابِ خورشیدے کہ آں آفل نشد
ڈھونڈھ اُس آواز کو جو کم نہ ہو	سورج ایسا جو کبھی مدھم نہ ہو
آں ہنرہائے دقیق و قال و قیل	قوم فرعونند اجل چوں آبِ نیل
یہ ہنر باریک اور یہ قال و قیل	قوم ہیں فرعون کی موت آبِ نیل
رونق و تاب و طرب و سحرِ شاں	گرچہ خلقاں را کشد گردن کشاں
کرّ و فر اور ان کی رونق لے اُٹھی	گو کرے مخلوق کی گردن کشی
سحرہائے ساحراں داں جملہ را	مرگ چوبے داں کہ آں شد اژدہا
جان جادوگر کا جادو بر ملا	جیسے اژدر بن گئی چوبِ قضا
جادوئیہا را ہمہ یک لقمہ کرد	یک جہاں پُر شب بد آں را صبح خورد
جادوؤں کو اس نے اک لقمہ کیا	ایک دنیا کو سحر یک کھا گیا

---

[1] کمینہ۔

[2] دنیا کو یہ درازیٔ عمر کی دعا بطور تمسخر دی گئی ہے۔

نور زاں خوردن نشد افزون و بیش بل ہماں سانست کو بود است پیش
نور کھانے سے نہ کچھ اس کا بڑھا بلکہ وہ ویسا ہی ہے جیسا کہ تھا
ور اثر افزوں شدہ در ذات نے ذات را افزونی و آفات نے
ذات میں تو کیا اثر میں بڑھ گیا ذات میں افزونی و نقصاں ہے کیا
حق ز ایجادِ جہاں افزوں نشد آنچہ اوّل آں نبود اکنوں نشد
حق نہ کچھ ایجاد عالم سے بڑھا وہ نہیں وصف اب بھی جو پہلے نہ تھا
لیک افزوں شد اثر ز ایجادِ خلق درمیانِ آں فراوانست فرق
ہاں اثر ایجاد خلقت سے بڑھا فرق بیّن درمیاں میں پڑ گیا
ہست افزونی اثر اظہارِ او تا پدید آید صفات و کارِ او
اس کا مظہر ہے فزونیٔ[1] اثر تا صفات اس کی ہوں ظاہر سر بسر
ہست افزونی ہر ذاتے دلیل کو بود حادث بعلتہا علیل
ذات ہی کی ہے ہر افزونی دلیل جو ہے حادث اور علت سے علیل
نکتہ شد باریک اینجا اے رفیق لیک بشنو تو مقالاتِ دقیق
نکتہ کچھ باریک تر یہ ہو گیا مسئلہ مشکل ہے لیکن سن ذرا
گفت موسیٰ سحر ہم حیراں کنیست چوں کنم کایں خلق را تمییز نیست
بولے موسیٰ سحر ہے حیرت فزا کیا کروں کوئی نہیں جب جانتا

فاوجس[2] فی نفسہ خیفۃ موسیٰ . . . کی تفسیر

گفت حق تمییز را پیدا کنم عقلِ بے تمییز را بینا کنم
حق کہے تمییز میں پیدا کروں عقل بے تمییز کو بینا کروں

---

[1] یعنی معلول ہر علت ؛

[2] پس موسیٰ نے اپنے نفس میں خوف پایا ؛

چونکہ معجزہات را ظاہر کنم	عقل را در دیدنش فاخر کنم
جبکہ تیرے معجزے ظاہر کروں	عقل کو اس سے پیام فخر دوں
دیدہ بخشم عقل بے تمیز را	کور سازم جاہل ناچیز را
آنکھ دوں میں عقل بے تمیز کو	کور کردوں جاہل ناچیز کو
گرچہ چوں دریا برآوردند کف	موسیا تو غالب آئی لاتخف
مثل دریا گو وہ لائیں کف مگر	غالب آئے گا تو اے موسیٰ نہ ڈر
بود اندر عہد خود سحر افتخار	چوں عصا شد مار آنہا گشت عار
جادو اپنے دور میں تھا افتخار	جب عصا اژدر بنا تھا سحر عار
ہر کسے را دعویٰ حسن و نمک	سنگِ مرگ آمد نمکہا را محک
ہوئے جس کو دعوے حسن و نمک	موت کا پتھر ہے اس کی محک
سحر رفت و معجزۂ موسیٰ گذشت	ہر دو را از بام بود افتاد طشت
سحر اور موسیٰ کا گذرا معجزا	ذکر ان دونوں کا باقی رہ گیا
بانگِ طشتِ سحر جز لعنت نماند	بانگِ طشتِ دیں بجز رفعت نماند
لعنتوں میں سحر کی شہرت رہی	دین کی شہرت مگر رفعت رہی
چوں محک پنہاں شد است از مرد و زن	در صف آ اے قلب اکنوں لاف زن
وہ کسوٹی مرد و زن سے ہیں نہاں	وقت ہے باطل جو ہو مغرور یاں
وقت لافستت محک چوں غائب است	میبرندت از عزیزی دست دست
ہے محک غائب۔ غرور و ناز کر	سب کے دل میں ہے تری عزت کا گھر
ہر دمت عزت ز نازے در فزود	چوں محک آمد چرا گشتی کبود
بڑھ رہی ہے تیری عزت ہر گھڑی	جب کسوٹی آئی رنگت کیوں اڑی
قلب میگوید ز نخوت ہر دمم	اے زرِ خالص من از تو کے کمم
کہتا ہے نخوت سے کھوٹا بالیقیں	اے زرِ خالص میں تجھ سے کم نہیں

زر ہمی گوید بلے اے خواجہ تاش　　لیک می آید محک آمادہ باش
زر یہ کہتا ہے کہ یہ سچ ہے مگر　　اب کسوٹی آ رہی ہے صبر کر
مرگِ تن ہدیہ ست بر اصحابِ راز　　زرِ خالص راچہ نقصانست گاز
مرگِ تن تحفہ ہے بہرِ اہلِ راز　　کیا زیاں دیگا زرِ خالص کو گداز
قلب اگر در خویش آخر بیں بُدے　　آں سیہ کاخر شدا و اوّل شدے
ہوتا آخر بیں جو کھوٹا خوش نگاہ　　مثلِ آخر ہوتا پہلے ہی سیاہ
چوں شدے اوّل سیہ اندر لقا　　دُور بودے از نفاق و از شقا
اور اگر پہلے ہی ہوتا وہ سیاہ　　کب وہ بدبختی سے پھر ہوتا تباہ
کیمیائے فضل را طالب بُدے　　عقل او بر زرق او غالب شدے
ہوتا طالب کیمیائے فضل کا　　غالب اُس کے مکر پہ ہوتی ذکا
چوں شکستہ دل شدے زحالِ خویش　　جابر اشکستگاں دیدے بہ پیش
دل شکستہ جبکہ ہوتا اسے قنا　　دل شکستوں میں وہ خود کو دیکھتا
عاقبت را دید او اشکستہ شد　　از شکستہ بند در دم بستہ شد
وہ شکستہ ہیں غمِ انجام سے　　اور شکستہ بندیوں سے ہیں بندھے
فضل مسہا را سوئے اکسیر راند　　آں زراندود از محک محروم ماند
مس سوئے اکسیر جا پہنچا مگر　　رہ گئے خالی محک سے اہلِ زر
اے زراندودہ مکن دعویٰ ببیں　　کہ نماند مشتریت اعمیٰ چنیں
اے زراندود اب نہ کر دعویٰ گری　　ایسا اندھا بھی نہ ہوگا مشتری
نورِ محشر چشمہا بینا کند　　چشم بندیٔ ترا رسوا کند
نورِ محشر آنکھ کو بینا کرے　　چشم بندی کو تری رسوا کرے
بنگر آنہا را کہ آخر دیدہ اند　　حسرتِ جانہا و رشکِ دیدہ اند
دیکھ ان کو جو کہ آخر بیں ہوئے　　حسرتِ جاں رشکِ دیدہ بن گئے

مگر آنہا را کہ حالی دیدہ اند
ستر فاسد ز اصل سر ببریدہ اند
ہاں نہ دیکھ ان کو جنہوں نے کر دیا
اصل سرشتہ سے ستر فاسد کو جدا

پیش حالی بیں کہ در جہلست و شک
صبح صادق صبح کاذب ہر دو یک
حال بیں کو جہل و شک سے ہو گئی
صبح صادق صبح کاذب ایک سی

صبح کاذب صد ہزاراں کارواں
داد بر بادِ ہلاکت اے جواں
صبح کاذب نے تو لاکھوں کارواں
کر دئے برباد و غارت اے جواں

صبح صادق را طلب کن اے عزیز
تا ز صدق او شوی صاحب تمیز
صبح صادق کو طلب کر اے عزیز
تا ہو اس کے صدق سے تجھ کو تمیز

نیست نقدے کش غلط انداز نیست
وائے آنجاں کش محک و گاز نیست
ہے غلط انداز ہر اک نقد کا
وائے اس پہ جو محک سے ہے جدا

باز رو سوئے غلام و کتبتش
کو سوئے شہ می نویسد نامہ خوش
چل غلام اور اس کے نامے کی طرف
شاہ کو جو لکھ رہا ہے ذی شرف

مدعی کو دعوے سے جھڑکنا

بوسیلم گفت من خود احمدم
دین احمدؐ را بفن برہم زدم
میں ہوں احمدؐ بوسیلم[2] کہتا تھا
دین احمدؐ میں نے برہم کر دیا

بوسیلم را بگو کم کن بطر
غرہ اول مشو آخر نگر
یوں نہ اترا بوسیلم سے کہو
پہلے مت کر غرہ دیکھ انجام کو

ہیں قلاوزی مکن از حرص جمع
پس روی کن تا فتد در پیش شمع
حرص سے بنتا ہے ناحق پیشوا
پیروی کر تا ملے شمع ہدا

[1] تجید ؟
[2] عبدالرحمٰن جسکا لقب مسیلمہ کذاب تھا اور جسنے عہد نبوی میں جھوٹا دعویٰ نبوت کیا تھا۔

شمع مقصد را نماید ہمچو ماہ   کاینطرف دانہ است یا خود دامگاہ
شمع مقصد کو دکھائے مثل ماہ   اس طرف دانہ، ادھر ہے دامگاہ
گر بخواہی ور نخواہی با چراغ   دیدہ گردد نقش باز و نقش زاغ
تیری خواہش ہو نہ ہو جب ہو چراغ   خود عیاں ہو نقش باز اور نقش زاغ
ورنہ ایں زاغاں دغل افروختند   بانگِ بازانِ سپید آموختند
ورنہ ان کووں نے یہ کی ہے دغا   سیکھ کر آئے ہیں بازوں کی صدا
بانگِ ہُدہُد گر بیاموزد قطا   رازِ ہُدہُد کوو پیغامِ سبا
گر صدا ہُدہُد کی سیکھے بھی قطا[1]   لائے گا کس طرح پیغام سبا
بانگِ پررستہ ز پربستہ بداں   تاجِ شاہاں راز "تاجِ ہُدہُداں"
قید اور آزاد کی آواز جان   "تاجِ ہُدہُد" تاجِ شہ میں فرق مان
حرفِ درویشاں و نکتہ عارفاں   بستہ اند ایں بیحیایاں بر زباں
عارفوں کے اور فقیروں کے بیان   بے حیاؤں نے رکھے ہیں بر زبان
ہر ہلاکِ اُمتِ پیشیں کہ بود   زانکہ چندل را گماں کردند عود
تھی ہلاکت اگلی امت کی یہی   عود پتھر کو وہ تھی سمجھی ہوئی
بود شاں تمییز کاں مظہر کند   لیک حرص و آز کور و کر کند
تھی انہیں تمییز جو ظاہر کرے   پر تھے اندھے بہرے حرص وطمع سے
کوریٔ کوراں ز رحمت دور نیست   کوریٔ حرص است کاں معذور نیست
اندھا پن کب رحمتوں سے دور ہے   حرص کی کوری کہاں معذور ہے
چار میخ شہ ز رحمت دور نے   چار میخ حاسدے مغفور نے
ہے کرم بھی چار میخی شاہ کی   چار میخی دشمنوں کی ہے بڑی

---

[1] ایک سنگ خوار جانور ہے۔ جس کی آواز سے مسافروں کو پانی کا پتہ مل جاتا ہے۔

[2] وہ سزا کہ دونوں ہاتھوں اور دونوں پاؤں میں میخیں ٹھونک دی جاتی ہیں۔

ماہیا آخر بکے مبنگر بشست	بد گلوئی چشم آخر بینت بست
شست کی جانب بھی پچھلی دیکھ لے	چشم آخر بیں ہے اندھی حرص سے
با دو دیدہ اوّل و آخر ببیں	ہیں مباش اعور چو ابلیس لعیں
اوّل و آخر پہ کر آخر نظر	مثل شیطاں بن نہ کانا اے پسر
اعور آں باشد کہ حالی دید و بس	چوں بہائم بیخبر از پیش و پس
کانا وہ ہے جو فقط ہے حال بیں	پیش و پس کی کچھ خبر جس کو نہیں
چوں دو چشم گاو در جرم تلف	ہمچو یک چشمست کش نبود شرف
دونوں[1] آنکھیں گائے کی گر ہوں تلف	ہے عوض اک آنکھ کا، کم ہے شرف
رُبع قیمت ارزد آمد و چشم او	کہ دو چشمش راست مسند چشم تو
چوتھائی[2] قیمت دونوں آنکھوں کی بجا	مسند آں دو کی ہے اک آنکھ اے فتا
گر کنی یک چشم آدم زادہٗ	نصف قیمت لازمست از جادہٗ
پھوڑ دے گر اک آنکھ تو انسان کی	نصف قیمت چاہیئے دینی اُنکی
زانکہ چشم آدمی تنہا بخود	بے دو چشم یار کارے میکند
کیونکہ تنہا آنکھ بھی انسان کی	خوب کر سکتی ہے کاروبار بھی
چشم خر چوں اوّلش بے آخرست	گر دو چشمش ہست حکمش اعورست
چشم خر جس کی نہیں کچھ انتہا	گو ہیں دو لیکن ہیں کانی برملا
ایں سخن پایاں ندارد واں خفیف	مینویسد رقعہ در طمع رغیف
یہ سخن تو ہے طویل اور وہ غلام	طمع میں روٹی کی لکھتا ہے پیام

---

[1] یہ ایک مسئلہ شرعی ہے۔ کہ اگر کوئی شخص کسی چوپائے کی دونوں آنکھیں پھوڑ ڈالے تو جراحت کا عوض اُس کی ایک آنکھ کے برابر ہوگا۔

[2] یعنی جبکہ تو یک چشم ہے۔ اور آخر بیں نہیں تو اس کی دونوں آنکھوں کی قیمت چوتھائی ہونے کے قابل ہے۔

غلام کا طلب اُجرت کے لئے رقعہ لکھنا

رفت پیش از نامہ پیش مطبخی	کاے بخیل از مطبخ شاہ سخی
شہ کے باورچی سے یوں بہکے کہا	مطبخ شاہی کے لئے بخل آشنا
دور از و وز ہمت او کایں قدر	از جرے ام آیدش اندر نظر
اس کی ہمت سے ہے یہ دور اس قدر	ہو وظیفے پر مرے اس کی نظر
گفت بہر مصلحت فرمودہ است	نے برائے بخل و نے تنگی دست
بولا کچھ اس میں بھی کوئی مصلحت	بخل اور تنگی نہیں اس کی صفت
گفت دہلیزیست واللہ ایں سخن	پیش شہ خاکست ایں زر کہن
بولا کتنی پست ہے تیرا سخن	خاک پیش شاہ ہے زر کہن
مطبخی دہ گونہ حجت بر فراشت	او ہمہ رد کرد از حرصے کہ داشت
گرچہ باورچی نے کیں سو حجتیں	اس نے رد کیں حرص سے اک آن میں
چوں جرے کم آمدش در وقت چاشت	زد بسے تشنیع او سودے نداشت
تھوڑا آیا جب وظیفہ چاشت کا	اس نے کی طعنہ زنی بے فائدہ
گفت قاصد میکنید اینہا شما	گفت نے کہ بندہ فرمانیم ما
بولا یہ سب کرتے ہو تم قصد سے	بولا۔ ہم تو سب ہیں بندے حکم کے
ایں مگیر از فرع ایں از اصل گیر	بر کماں کم زن کہ از بازو ست تیر
فرع سے کیا ہے یہ سب کچھ اصل سے	کیا کماں کا۔ تیر بازو سے چلے
مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ ابتلاست	بر نبیؐ کم نہ گنہ کاں از خداست
[1] مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ امتحاں	مت نبیؐ پر رکھو گنہ حق سے تو جان

---

[1] جب اس نے تیر چلایا۔ تو گویا اس نے نہیں چلایا۔ بلکہ خدا نے چلایا۔

آب از سرِ نیزہ است اے خیرہ خشم   بیشتر بنگر یکے بکشائے چشم
پانی سر سے ایک نیزہ ہے بلند   کھول آنکھیں دیکھ اس سے بھی دوچند
شد ز خشم و غم درون بقعہ   سوئے شہ بنوشت خشمیں رقعہ
وہ غم و غصہ میں اپنے گھر گیا   خشمگیں اک نامہ سلطاں کو لکھا
اندر آں رقعہ ثنائے شاہ گفت   گوہرِ جود و سخائے شاہ سُفت
رقعہ میں پہلے ثنائے شاہ کی   پھر ستائش جود و بخشش کی لکھی
کائے ز بحر و ابر افزوں کفِ تو   جملہ محتاجاں بتو آوردہ رُو
ہاتھ تیرا ابر و دریا سے سوا   تو ہی محتاجوں کا ہے حاجت روا
زانکہ ابر آنچہ دہد گریاں دہد   کفِ تو خنداں پیاپے خواں نہد
ابر دے جو کچھ بھی وہ رو رو کے دے   تو عطا ہنس ہنس کے لوگوں پہ کرے
ظاہرِ رقعہ اگرچہ مدح بود   بوئے خشم از مدح اثرہا می نمود
تھی بظاہر مدح رقعے میں لکھی   مدح میں آتی تھی بو غصے ہی کی
زاں ہمہ کارِ تو بے نور است و زشت   کہ تو دوری دور از نورِ سرشت
اس لئے ہیں کام بے نور و خراب   نور سے تو دُور ہے اے با حجاب
رونقِ کارِ خساں کاسد شود   ہمچو میوہ تازہ زو فاسد شود
اہلِ دنیا کے ہیں کھوٹے کام سب   میوۂ تازہ گرے جوں بے طلب
رونقِ دنیا برآرد زو کساد   زانکہ ہست از عالمِ کون و فساد
رونق و بہر اس سے لاتی ہے کساد[1]   کیونکہ ہے یہ عالمِ کون و فساد
خوش نگردد از مدیحے سینہا   چونکہ در مدّاح باشد کینہا
مدح سے دل خوش نہیں ہوتا کبھی   مدح میں ہوتی ہے پنہاں دشمنی

---

[1] کھوٹا پن ؛

اے دل از کین و کراہت پاک شو   وانگہاں الحمد خواں چالاک شو
اے دل اس کینہ وری سے پاک ہو   اور پھر الحمد پڑھ دہ چالاک ہو
بر زباں الحمد و اکراہ از دروں   از زباں تلبیس باشد یا فسوں
حمد لب پہ اور دل میں نفرتیں   ہیں زباں پر مکر کی یہ حالتیں
وانگہاں گفتہ خدا کہ بنگرم   ہم بظاہر ہم بباطن ناظرم
قول حق یہ ہے کہ میں ہوں دیکھتا   ظاہر و باطن ہر اک کا برملا

گدڑی والے مدّاح کی حکایت

آں یکے با دلق آمد از عراق   باز پرسیدند یاراں از فراق
گدڑی والا دیکھ کر آیا عراق   دوستوں نے پوچھا کچھ حال فراق
گفت آرے بُد فراق الا سفر   بود بر من بس مبارک مژدہ ور
بولا ہاں فرقت تو تھی لیکن سفر   تھا مبارک اور بہت ہی خوب تر
کاں خلیفہ دادہ دہ خلعت مرا   کہ قرینش باد صد مدح و ثنا
دس دئے خلعت خلیفہ نے مجھے   وہ تو لائق ہے بہت تعریف کے
شکرہا و حمدہا بر می شمرد   تا کہ شکر از حدّ و اندازہ بُرد
شکر اور تعریف وہ کرتا رہا   شکر تھا اندازہ و حد سے سوا
پس بگفتندش کہ احوال نژند   بر دروغ تو گواہی میدہند
لوگ بولے یہ پریشانی تری   جھوٹ پہ ہے کچھ گواہی دے رہی
تن برہنہ سر برہنہ سوختہ   شکرہا دزدیدہ یا آموختہ
جسم ننگا اور برہنہ تیرا سر   شکر لایا ہے چرا کر سیکھ کر
کو نشان شکر و حمد میر تو   بر سر و بر پائے بے توقیر تو
شکر و حمد شاہ کا کیا ہے نشاں   تو برہنہ تن ہے بے توقیر ہاں

گر زبانت مدح آں شہ می تند	ہفت اندامت شکایت میکند
مدح شہ کرتی ہے یہ تیری زباں	اور ہفت اندام سے شکوہ عیاں
در سخائے آں شہ و سلطان جود	مر ترا کفشے و شلوارے نبود
اس قدر تھا شاہ کا جود و سخا	جوتا کرتا بھی نہیں تجھ کو دیا
گفت من ایثار کردم آنچہ داد	میر تقصیرے نکرد از افتقاد
بولا میں نے دیدیا۔ جو کچھ ملا	شاہ کا لطف و کرم تو کم نہ تھا
بستدم جملہ عطاہا از امیر	بخش کردم بر یتیم و بر فقیر
میں نے سب کچھ شاہ والا سے لیا	پھر یتیموں اور فقیروں کو دیا
مال دادم بستدم عمر دراز	در جزا زیرا کہ بودم پاکباز
مال دے کر پائی ہے عمر دراز	یہ لیا بدلہ کہ میں تھا پاکباز
پس بگفتندش مبارک مال رفت	چیست اندر باطنت ایں دود و تفت
بولے سب اچھا کیا خیرات مال	کیوں ہے باطن میں یہ تیرا خستہ حال
صد کراہت در درون تو چو خار	کے بود اندہ نشان ابتشار
تجھ میں مثل خار ہیں صدمے نہاں	غم کہاں ہوتا ہے عشرت کا نشاں
کو نشان عشق و ایثار و رضا	گر درستست آنچہ گفتی ما مضے
ہیں کہاں آثار تسلیم و رضا	تجھ پہ جو گذری اگر وہ ہے بجا
خود گرفتم مال گم شد میل کو	سیل اگر بگذشت جائے سیل کو
میل تو ہو مال اگر تو نے دیا	سیل گذرا تھا۔ تو وہ رستہ دکھا
چشم تو گر بد سیاہ و جانفزا	گر نماند او جانفزا ازرق چرا
آنکھیں کالی تھیں تری اور خوشنما	نیلی کیوں ہیں گر نہیں اب جانفزا
کو نشان پاکبازی اے ترش	بوئے لاف کژ ہمی آید خمش
پاکبازی کا کہاں تجھ میں اثر	مارتا ہے ڈینگ کیوں۔ لب بند کر

صد نشاں باشد درونِ ایثار را
صد علامت ہست نیکوکار را
سو نشاں مخفی ہیں ایثار کے
سو نشاں ہوتے نیک اطوار کے
مال در ایثار اگر گردد تلف
در درونِ صد زندگی آید خلف
مال اگر ایثار کرتا ہے کوئی
ملتی ہے اُس کے عوض سو زندگی
در زمینِ حق زراعت کردنے
تخمہائے پاک آنگہ دخل نے
کاشت گر حق کی زمینوں میں کرے
تخم ہائے پاک سے کیوں پھل نہ دے
گر نگردد زریع جاں یکدانہ صد
صحن ارض اللّٰہ واسع کے بود
یک دانے کے جو سو دانے نہ ہوں
پھر کہیں واسع زمینِ[1] حق کو کیوں
اصل ارض اللّٰہ قلبِ عارف است
لامکاں ست و ندارد فوق و پست
ہے دلِ عارف زمینِ کبریا
لامکاں ہے پست و بالا اس میں کیا
گر نروید خوشہ از روضات ہو
پس چہ واسع باشد ارض اللّٰہ بگو
باغ ہو سے جب نہ اک خوشہ اُگا
پھر کشادہ کیا ہے ارضِ حق بتا
چونکہ ایں ارضِ فنا بے زریع نیست
چوں بود ارض اللّٰہ آں مستوسعی ست
ارض فانی جبکہ بے حاصل نہیں
بے ثمر ہوتی ہے ارضِ حق کہیں؟
ریع آں را نے حدو نے حد بود
کمتریں دانہ دہد ہفصد بود
اس کے حاصل کا نہ اندازہ نہ حد
تھوڑے ہی دانے جو دیکھوں ہفت صد
حمدِ گفتی کو نشانِ حامدوں
نے برونست ہست آثر نے اندروں
حمد کی تو نے نہیں لیکن نشاں
ظاہر و باطن اثر کوئی کہاں
حمدِ عارف مر خدا را راست است
کہ گواہِ حمد او شد پا و دست
حمد ہے عارف کی مقبولِ خدا
ہیں گواہ حمد اس کے دست و پا

---

[1] اِنَّ اَرْضُ اللّٰہِ وَاسِعَۃٌ یعنی تحقیق اللّٰہ کی زمین بہت ہی وسیع ہے۔

از چہ تاریکے ز جسمش بر کشید   وز تنگِ زندانِ دنیا اش خرید
جسم کے اندھے کنوئیں سے کھینچ کر   قیدِ دنیا سے چھڑایا سر بسر
اطلس تقوے و نور موتلف   آیت محمد ست اورا بر کتف
اطلس تقوی ہے اور نور صفا   اُس کے کاندھوں پر نشاں ہے محمد کا
وارہیدہ از جہانِ عاریہ   ساکنِ گلزار و عینِ جاریہ
وہ جہانِ عارضی سے چھٹا   ہے مقیم باغ عین جاریہ [1]
بر سریرِ سِرِّ عالی ہمتش   مجلسِ جاہ و مقامِ رتبتش
اس کی ہمت تختِ راز اوج پہ   مجلس اعلیٰ میں وہ ہے جلوہ گر
مقعد صدقے کہ صدیقاں برو   جملہ سرسبزند و شاد و تازہ رو
صدق [2] کا مسکن کہ اہلِ صدق ہی   ہیں وہاں سرسبزے کر تازگی
حمدِ شاں چوں حمدِ گلشن از بہار   صد نشانی دارد و صد گیر و دار
حمد ان کی مثل باغ نوبہار   سو نشاں رکھتی ہے اور سو گیر و دار
بر بہارش چشمہ و نخل و گیاہ   واں گلستان و نگارستان گواہ
پیڑ اور چشمے بہاروں کے گواہ   وہ گلستاں اور وہ اس کی گیاہ
شاہد شاہد ہزاراں ہر طرف   در گواہی، ہمچو گوہر و صدف
شاہد شاہد ہزاروں ہر طرف   جیسے گوہر ہیں گواہ ہر صدف
بوئے سیر بد بیاید از دمت   وز سر و رو [3] تابد اے لافی غمت
آتی ہے لہسن کی بو منہ سے ترے   جھلکے غم تیرے سر و رخسار سے

---

[1] جاری چشمہ۔ [2] قولہ تعالیٰ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ۔ ان المتقین فی جنٰت ونہر فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر۔ یعنی بیشک پرہیزگار جنتوں اور نہروں اور مقام صدق میں قدرت والے پادشاہ کے پاس ہیں۔

[3] چہرے۔

بو شناسانند حاذق در مصاف
تو بجلدی ہائے ہو کم کن گزاف
بو شناس اس جا بہت ہیں صاف صاف
چھوڑ یاد ہو اور بے لاف و گزاف
تو ملاف از مشک کاں بوئے پیاز
از دم تو میکند مکشوف راز
مشک کا دعوی ہے اور بوئے پیاز
کھولتی ہے ہر نفس میں تیرے راز
گلشکر خوردم ہمیگوئی و بوئے
میزند از سیر کہ یافہ مگوئے
کھایا ہے گلقند کیوں بکتا ہے تو
چغلی کھاتی ہے وہی لہسن کی بو
ہست دل مانندۂ خانہ کلاں
خانۂ دل را نہاں ہمسایگاں
آدمی کا قلب ہے اک گھر بڑا
اور ہمسایہ ہے اس گھر کا چھپا
از شگافِ روزن و دیوار ہا
مطلع گردند بر اسرار ہا
جو شگافے روزن و دیوار سے
دیکھتا ہے بھید ہیں جو کچھ ترے
از شگافے کہ ندارد ہیچ وہم
صاحب خانہ ندارد ہیچ سہم
جس شگاف دل سے تو ہے بیخبر
صاحب خانہ بھی ہے جس سے نڈر
از نبیؐ برخواں کہ دیو و قوم او
میبرند از حال انساں خفیہ بو
جن کہ شیطاں ہیں پڑھ قرآں تو
چھپ کے ان حالات کی لیتے ہیں بو
از رہے کہ انس ازاں آگاہ نیست
زانکہ زیں محسوس و زیں اشباہ نیست
اس طرح کہ ہو نہ انساں کو خبر
کیونکہ وہ اک مختلف ہے رہ گذر
درمیان ناقداں زرقے متن
با محک اے قلب دوں لافے مزن
تو پرکھنے والوں کو دھوکا نہ دے
بکسا نہ اسے کھوٹے! پارکھ کے سامنے

لہ قولہ تعالیٰ جل جلالہٗ وعم نوالہٗ اِنّہٗ یَرٰکُمْ ھُوَ وَقَبِیْلُہٗ مِنْ حَیْثُ لَا تَرَوْنَھُمْ یعنی بے شک وہ شیطان، اور اس کی قوم تم کو دیکھتی ہے اس طرح کہ ان کو نہیں دیکھ سکتے ۔ ۱۲

مر محک را رہ بود در نقد و قلب   کہ خدایش کرد امیر جسم و قلب
ہے کسوٹی کو کھرے کھوٹے میں بار   کیونکہ وہ ہے جسم و دل کی شہریار
چوں شیاطین با غلیظیہائے خویش   واقفند از سرِّ او در فکر و کیش
جب شیاطین جو ہیں ناپاک و لعیں   بھید سب کے جانتے ہیں بالیقیں
مسلکے دارند دزدیدہ درون   ما ز دزدیہائے ایشاں سرنگوں
راستہ رکھتے ہیں باطن میں نہاں   اور ہم ہیں سرنگوں و سرگراں
دمبدم خبط و زیانی میکنند   صاحب نقب و شگاف روزنند
ڈالتے ہیں دھوکے اور نقصاں میں وہ   ڈال کر رخنے شگاف جاں ہیں وہ
پس چرا جانہائے روشن در جہاں   بیخبر باشند از حالِ نہاں
پس وہ جانیں جو کہ ہیں روشن یہاں   کس طرح جانیں نہ حالات نہاں
در سرایت کمتر از دیواں شدند   روحہا کہ خیمہ بر گردوں زدند
کیا اثر میں کم ہیں وہ شیطان سے   جن کے خیمے آسماں پر ہیں گڑے
دیو دزدانہ سوئے گردوں رود   از شہاب محرق و مطعوں شود
جاتا ہے شیطاں جو چھپ کر چرخ پہ   ہیں شہاب اس کو جلاتے بے خطر
سرنگوں از چرخ زیر افتد چناں   کہ شقی در جنگ از زخم سناں
اس طرح گرتا ہے نیچے چرخ کے   جس طرح دشمن سناں کھا کے گرے
آں ز رشک روحہائے دل پسند   از فلک شاں سرنگوں می افگند
رشک ہوتے ہیں جو اچھی روح سے   اوج گردوں سے گراتے ہیں اسے
تو اگر شلّی و لنگ و کور و کر   ایں گماں بر روحہائے مہ مبر
تو جو شل ہے یا ہے لنگڑا کور و کر   یہ گماں تو نیک روحوں پہ نہ کر
شرم دار و لاف کم زن جاں مکن   کہ بسے جاسوس ہست آں سوئے تن
شرم کر اور اس طرح سے شیخی نہ مار   تن کے اُس جانب ہیں مخبر بیشمار

طبیبانِ الٰہی کا امراضِ دلِ دیں کو معلوم کرنا

ایں طبیبانِ بدن دانشور اند
بر سقامِ تو ز تو واقف تر اند
یہ طبیبانِ بدن ہیں عقل ور
ہیں ترے امراض سے آگاہ تر
تا ز قارورہ ہمی بینند حال
کہ ندانی تو از آں رُو اعتدال
دیکھتے ہیں تیرے قارورے سے حال
تو نہ اس صورت سے جانے اعتدال
ہم ز نبض و ہم ز رنگ و ہم ز دم
بو برند از تو بصد گونہ سقم
نبض سے اور رنگ سے اور خون سے
ہوں انہیں معلوم بے حد دُکھ ترے
پس طبیبانِ الٰہی در جہاں
چوں ندانند از تو اسرارِ نہاں
پس طبیبانِ الٰہی اے جواں
کیوں نہ جانیں تیرے اسرارِ نہاں
ہم ز نبضت ہم ز چشمت ہم ز رنگ
صد سقم بینند از تو بیدرنگ
دیکھ کر آنکھیں تری اور نبض و رنگ
وہ ترے امراض سمجھیں بیدرنگ
ایں طبیبانِ نو آموزند خود
کہ بدیں آیاتِ شاں حاجت بود
یہ معالج بھی ہیں نو آموز ہی
ہے ضرورت جن کو ان آثار کی
کاملاں از دُور نامت بشنوند
تا بقعرِ تار و پودت در روند
جو ہیں کامل دُور سے سن کر وہ نام
جانچ لیں گہرائیاں دل کی تمام
بلکہ پیش از زادنِ تو سالہا
دیدہ باشندت بچندیں حالہا
تیری پیدائش سے پہلے سالہا
حال تیرا ہے ان کا دیکھا ہوا
حالِ تو دانند یک یک مُو بمُو
زانکہ پُر ہستند از اسرارِ ہُو
حال تیرا جانتے ہیں مو بمو
کیونکہ وہ ہیں واقف اسرار ہو

حضرت بایزیدؒ کی داستان

آں شنیدی داستانِ بایزیدؒ　کہ ز حالِ بوالحسنؒ از پیش دید
بایزیدؒ پاک کی سن داستاں　بوالحسنؒ کا حال تھا اُن پہ عیاں
روزِ آں سلطانِ تقویٰ میگذشت　با مُریداں جانبِ صحرا و دشت
ایک دن سلطان تقویٰ تھے گئے　جانبِ صحرا مریدوں کو لئے
بوئے خوش آمد مراو را ناگہاں　در سوادِ رَے ز حدِّ خارقاں
ایک خوشبو آئی ان کو ناگہاں　ملک رَے[1] میں ہے جو حدِ خارقاں[2]
ہم در آنجا نالۂ مشتاق کرد　بوئے را از باد استنشاق کرد
نالۂ مشتاق اک اس جا کیا　آئی اک خوشبو ہوا سے برملا
بوئے خود را عاشقانہ می کشید　جانِ او از باد بادہ می چشید
بوئے خوش سے عاشقانہ تھا سماں　بادے عشقی بادہ کش وہ انکی جاں
کوزۂ کو از یخ آبہ پُر بود　چوں عرق بر ظاہرش پیدا شود
کوزے میں ہو برف کا پانی اگر　آشکارا اُس پہ عرق ہو پھوٹ کر
از دُرونِ کوزہ نم بیروں نداست　آں ز سردی ہوا آبے شداست
کوزے کے اندر سے پھوٹا ہے یہ نم　ہے ہوائے سرد سے پانی بہم
باد بوئے او مراو را آب گشت　آب ہم او را شرابِ ناب گشت
وہ ہوائے بو بھی ان کا آب ہے　آب بھی اُن کو شرابِ ناب ہے
چوں درو آثارِ مستی شُد پدید　یک مُرید او را در آندم در رسید
جب ہوئے آثارِ مستی کے عیاں　اک مُرید اسوقت آپہنچا وہاں

---

[1] ایک ملک کا نام ہے۔
[2] ایک ولایت ہے۔

پس بپرسیدش کہ ایں احوال خوش
کہ بروں نیست از حجاب پنج و شش
پوچھا یہ حال آپ کا اے ذی فنون
پنج حس اور شش جہت سے ہے بروں
گاہ سرخ و گاہ زرد و گہ سپید
میشود رویت چہ حالست و نوید
ہے کبھی سرخ اور کبھی زرد و سپید
آپ کا چہرہ، یہ ہے کیسی نوید
میکشی بوئے بظاہر نیست گل
بیشک از غیب است و از گلزار کل
سونگھتے ہو بو، نہیں ہے روئے گل
غیب سے آتی ہے شاید بوئے گل
اے تو کام جان ہر خود کامۂ
ہر دم از غیبت پیام و نامۂ
کام جاں ہو تم ہر اک خود کام کے
آتے ہیں پیغام تم کو غیب سے
ہر دمے یعقوبؑ وار از یوسفےؑ
میرسد اندر مشام تو شفے
صورت یعقوبؑ یوسف کی تمہیں
آ رہی ہیں بے محابا خوشبوئیں
قطرۂ بر ریز بر ما زاں سبو
شمۂ زاں گلستان با ما بگو
ایک قطرہ اس سبو سے دو ہمیں
کچھ تو اس گلشن کی بو سے دو ہمیں
خو نداریم اے جمال مہتری
کہ لب ما خشک و تو تنہا خوری
اس کے ہم عادی نہیں اے نیک خو
ہم ہوں پیاسے اور تم تنہا پیو
اے فلک پیمائے چست چست خیز
زانچہ خوردی جرعۂ بر ما بریز
اے فلک پیما! اٹھو جلدی اٹھو
اپنی مے سے گھونٹ اک ہمکو بھی دو
میر مجلس نیست در دوراں دگر
جز تو اے شہ در حریفاں درنگر
اس جہاں کے میر مجلس ہو تمہیں
دیکھو تو سوئے حریفاں بھی کہیں
کے تواں نوشید ایں مے زیر دست
مے یقیں مر مرد را رسوا گر است
ایسا ویسا پی سکے کب یہ شراب
مرد بھی پی کر ہو رسوا و خراب
بوئے را پوشیدہ و مکنوں کند
چشم مست خویشتن را چوں کند
بو کو ممکن ہے کہ پوشیدہ کرے
اپنی مست آنکھوں کو لیکن کیا کرے

خود ہم آں بوست کیں دم اندر جہاں
صد ہزاراں پردہ اش دارد نہاں
یہ وہ خوشبو ہی نہیں ہے یکیاں
لاکھ پردوں میں جو ہو جائے نہاں

پُر شد از تیزئ او صحرا و دشت
دشت چہ کز نُہ فلک ہم درگذشت
دشت و صحرا اس کی تیزی سے بھرے
کیا صحرا گزری یہ نُہ چرخ سے

ایں سرِ خم را بکہگل در مگیر
کایں برہنہ نیست خود پوشش پذیر
کیوں سرِ خم لیپو کہگل سے امیر
یہ برہنہ خود نہیں پوشش پذیر

لطف کن اے رازدان رازگو
آنچہ بازت صید کردش بازگو
لطف ہو اے رازدان راز گو
حال صید باز کا کچھ تو کہو

گفت بوئے بوالعجب آمد بمن
ہمچنانکہ مر نبیؐ را از یمن!
بوئے آئی مجھ کو اک بوئے حسن
آئی پیغمبرؐ کو جوں بوئے یمن

کہ محمدؐ گفت بر دستِ صبا
از یمن می آیدم بُوئے خدا
ان ہواؤں میں محمدؐ نے کہا!
ہے یمن سے آئی خوشبوئے خدا

بوئے رامیں میرسد از جانِ ویس
بوئے یزداں میرسد ہم از اویسؓ
ویس کی بو سونگھی جوں رامینؒ نے
بوئے حق آئی اویسؓ پاک سے

از اویسؓ و از قرن بوئے عجب
مر نبیؐ را مست کرد و پر طرب
جب قرن سے آئی وہ بوئے عجب
مصطفیؐ کو کر دیا مستِ طرب

چوں اویسؓ از خویش فانی گشتہ بود
آں زمینی آسمانی گشتہ بود
تھے اویسؓ اپنے سے فانی ہو گئے
تھے زمینی آسمانی ہو گئے

۱؎ قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم:- انی لاجد نفس الرحمان من طرف الیمن، یعنی مجھے یمن کی طرف سے خدا کی خوشبو آتی ہے۔

۲؎ رامین اور اویس دونوں طالب و مطلوب گذرے ہیں۔

آں ہلیلہ پروریدہ در شکر چاشنی تلخیش نبود دگر
ہڑ کے اندر جب ملاتے ہیں شکر اس کی تلخی کب ہے پھر اے پسر
آں ہلیلہ رستہ از ما و منے نقش دارد از ہلیلہ طعم نے
ہڑ حقیقی ما و منی سے بالیقیں دیکھنے کی ہے وہ کھانے کی نہیں
آں کسے کز خود بکلی در گذشت ایں منی و مائی خود در نوشت
اپنی ہستی سے جو گذرا بر ملا ما و منی کو اس نے خود طے کر لیا
ایں سخن پایاں ندارد باز گرد تا چہ گفت از وحی غیب آں شیر مرد
یہ سخن بے انتہا ہے ، لوٹ آ حال وحیِ غیب کا سن کیا کہا

حضرت بایزیدؒ کا جواب

گفت زیں سو بوئے یارے می رسد کاندریں دہ شہریارے می رسد
بوئے آتی اس طرف سے بوئے یار آتا ہے اس گاؤں میں اک شہریار
بعد چندیں سال می زاید شہے می زند بر آسمانہا خرگہے
ہوتا ہے برسوں کے پیچھے ایک شاہ آسماں بنتا ہے جس کی بارگاہ
رویش از گلزار حق گلگوں بود از من او اندر مقام افزوں بود
باغِ حق سے ہوگا چہرہ لالہ گوں مرتبے میں مجھ سے ہوگا وہ فزوں
چیست نامش گفت نامش بو الحسن حلیہ اش وا گفت ز ابرو و ذقن
پوچھا کیا ہے نام ، بولے بو الحسنؒ! حلیۂ ابرو کہا ، حال ذقن!
قد او و رنگ او و شکل او یک بیک وا گفت از گیسو و رو
قد کا رنگ و شکل کا کر کے بیاں گیسو و رخ کا کیا حلیہ عیاں
حلیہائے روح او را ہم نمود از صفات و از طریق و جاہ و بود
روح کے حلیے بھی ظاہر کر دئے جائے بود و باش ، اور سب حلیے

حلیۂ تن ہمچو تن عاریت است	دل براں کم نہ کہ آں یکساعت است
حلیۂ تن مثل تن ہے عارضی	دل نہ تو اس سے لگا ہے اک گھڑی
حلیۂ روح طبیعی ہم فناست	حلیۂ آں جاں طلب کو بر سماست
حلیۂ روح طبیعی ہے فنا	حلیہ اس کا ڈھونڈھ جو ہے کبریا
چشم او ہمچوں چراغے بر زمین	نور او بالائے سقف ہفتمیں
آنکھ اس کی شمع ساں سوئے زمیں	نور اس کا فوق چرخ ہفتمیں !
آں شعاع آفتاب اندر وثاق	قرص او اندر سپہر چار طاق
ہر جگہ ہے وہ شعاع آفتاب	اس کی ٹکیا آسماں پر بے حجاب
نقش گل در زیر بینی بہر لاغ	بوئے گل بر سقف ایوان دماغ
جیسے نقش گل ہے بازی کیلئے	اور بوئے گل دماغوں میں رہے
مرد خفتہ در عدن دیدہ فرق	عکس آں بر جسم افتادہ عرق
مرد خفتہ خواب دیکھے پُر خطر	عکس ہو اس کا پسینہ جسم پر
پیرہن در مصر رہن یک حریص	پُر شدہ کنعاں ز بوئے آں قمیص
پیرہن ہو مصر میں رہن حریص	مہکے کنعاں میں مگر بوئے قمیص
بر نبشتند آں زماں تاریخ را	از کباب آراستند آں سیخ را
لکھ لی اُن لوگوں نے تاریخ اسے پھر	یا کبابوں کو چڑھایا سیخ پہ[ل]
چوں رسید آں وقت و آں تاریخ است	زاں زمیں آں شاہ پیدا گشت و خاست
جب کہ وہ وقت آیا اور تاریخ بھی	ہو گئی پیدائش اُس سلطان کی

[ل] یعنی جس طرح سیخ پر کباب چڑھنے سے بحیثیت کباب محفوظ ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح وہ تاریخ بھی محفوظ ہو گئی *

حضرتِ ابوالحسن خرقانی کی پیدائش

زادہ شد آں شاہ و خسروِ ملکِ بخت
از عدم پیدا شد و مرکب تباخت
خسروِ ملکِ ولا پیدا ہوئے
آئے گھوڑے پر عدم سے دوڑتے

از پسِ آں سالہا آمد پدید
بوالحسنؒ بعد از وفاتِ بایزیدؒ
اتنی ہی مدت سے آئے اے سعید
بوالحسنؒ بعدِ وفاتِ بایزیدؒ

جملہ خوہائے او زِ امساک و جود
آنچناں آمد کہ آں شہ گفتہ بود
خصلتیں سب بخل کی اور جود کی
جو کہی تھیں ان میں بالکل ٹھیک ہی

لوحِ محفوظ ست او را پیشوا
از چہ محفوظ ست محفوظ از خطا
لوحِ محفوظ ان کی بس تھی پیشوا
لوح وہ ہے جو ہے محفوظِ خطا

نے نجوم ست و نے رمل ست و نے خواب
وحیِ حق واللہ اعلم بالصواب
نہ نجوم اب ہے نہ رمل ہے ورنہ خواب
وحی ہے واللہ اعلم بالصواب

از پئے روپوش عامہ در بیاں
وحیِ دل گویند او را صوفیاں
تا رہے یہ بھید لوگوں سے چھپا
وحیِ دل کہتے ہیں اس کو صوفیا

وحیِ دل گیرش کہ منظرگاہِ اوست
چوں خطا باشد چو دل آگاہِ اوست
کیونکہ دل اللہ کی منظرگاہ ہے
کیوں غلط ہو جبکہ دل آگاہ ہے

مومن ینظر بنور اللہ شدی
از خطا و سہو بیروں آمدی
تو مومن[1] ینظر بنورِ اللہ ہوا
تو خطا و سہو سے پھر بچ گیا

---

[1] قال النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم "اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللہ" یعنی فراستِ مومن سے ڈرو۔ کیونکہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے۔

صوفی کے وظیفہ دل و جان کا نقصان

صوفیے از فقر چوں در غم شود	عین فقرش دایہ و مطعم شود
غم اگر صوفی کو ہو کچھ فقر سے	کھانا پینا اُس کو عین فقر دے
زانکہ جنت از مکارہ رستہ است	رحم قسم عاجزِ اشکستہ است
ہے بڑی فردوس مکروہات سے	رحم ہے حصے میں ہر محتاج کے
آنکہ سرہا بشکند او از علو	رحم حق و خلق ناید سوئے او
سر شکن جو ہو علو کے زعم سے	رحم اُس پہ خلق یا حق کیوں کرے
ایں سخن آخر ندارد و آں جواں	از کم اجرائے ناں شد ناتواں
یہ سخن بے انتہا ہے وہ جواں	کم وظیفہ ملنے سے ہے ناتواں
شاد آں صوفی کہ رزقش کم شود	آں شبہ اش دُر گردد و او یم شود
شاد وہ صوفی۔ ہو جس کا رزق کم	بوند اُس کا دُر ہو، وہ بن جائے یم
زاں جرائے خاص ہر کہ آگاہ شد	او سزائے قرب و اجرے گاہ شد
اس جرائے حق سے جو آگاہ ہے	لائق قرب و وظیفہ گاہ ہے
زاں جرائے روح چوں نقصاں شود	جانش از نقصان و لرزاں شود
جب جرائے روح میں نقصان ہے	اُس کی جاں نقصان سے لرزاں ہے
پس بداند کہ خطائے رفتہ است	کہ سمن زار رضا نشگفتہ است
پس وہ یہ جانے ہوئی ہے کچھ خطا	جو نہیں کھلتا سمن زار رضا

حکایتِ غلام کی طرف رجوع

ہمچناں آں شخص از نقصاں گشت	رقعہ سوئے صاحبِ خرمن نوشت
ایسے ہی اس شخص نے نقصان کیا	یعنی اُس سلطان کو رقعہ لکھا

---

[1] یعنی اس جگہ کے بھی لائق ہے۔ جہاں سے دوسروں کو وظیفہ تقسیم ہوتا ہو۔

رقعه‌اش بردند پیشِ شاہِ راد
خواند او رقعہ جوابے وا نداد
لوگ رقعہ پیش سلطاں لے گئے
کچھ نہ لکھوایا جواب اُس کا دے

گفت او را نیست الّا دردِ و ت
پس جوابِ احمق اولیٰ‌تر سکوت
بولا اُس کو ہے فقط رنج عنا
ہے جواب احمق کا خاموشی بھلا

نیستش دردِ فراق و وصل ہیچ!
بندِ فرعست و نجوید اصل ہیچ
رنج وصل و ہجر کچھ اس کو نہیں
اصل سے ہے دور شاخوں سے قریں

احمق است و مردۂ ما و منے
کز غمِ فرعش فراغِ اصل نے
ہے وہ احمق ما و من میں ہے فنا
فرع کے غم میں فراغ اصل کیا

آسمانہا و زمیں یک سیب داں
کز درختِ قدرتِ حق شد عیاں
سیب ہیں گویا زمیں و آسماں
جو ہوئے ہیں تجلّی قدرت سے عیاں

تو چو کرمی در میانِ سیب در
از درختِ قدرتِ حق بے خبر
تو ہے کیڑا سیب میں شوریدہ سر
اُس درخت و باغباں سے بے خبر

آں یکے کرمے دگر در سیب ہم
لیک جانش از بروں صاحب علم
کیڑا ہے اُس سیب میں اک اور بھی
راز بیروں سے ہے واقف واقعی

جنبشِ او وا شگافد سیب را
برنتابد سیب آں آسیب را
اُس کی جنبش توڑتی ہے سیب کو
سیب کیونکر جھیلے اس آسیب کو

بر دریدہ جنبشِ او پردہا
صورتش کرم است و معنی اژدہا
اُس کی جنبش نے دیئے پردے اُٹھا
کرم صورت اس کی معنی اژدہا

آتشے کاوّل ز آہن می جہد
او قدم بس سست بیروں می نہد
شعلہ اُٹھتا ہے جب آہن سے بہم
سست اُٹھتے ہیں بہت اسکے قدم

دایہ‌اش پنبہ است اوّل لیک اخیر
میرساند شعلہا او تا اثیر
دایہ بنتی ہے روئی لیکن اخیر
جاتے ہیں شعلے وہ اُس کے تا اثیر

مرد اول بستۂ خواب و خور است — آخر الامر از ملایک برتر است
پہلے انساں کھانے سونے میں پڑا — مرتبے میں پھر فرشتوں سے بڑھا

در پناہ پنبہ و کبریتہا — شعلۂ نورش برآید تا سہا
گندھک اور روئی کے پردے میں رہا — ہے سُہا تک شعلہ اس[1] کے نور کا

عالم تاریک روشن میکند — کندۂ آہن بسوزن میکند
عالم تاریک کو روشن کرے — لوہے کو پگھلائے اور سوزن کرے

گرچہ آتش نیز ہم جسمانی است — نے ز روح است و نہ از روحانی است
گو کہ آتش بھی ہے جسمانی مگر — روح سے کب ہے تعلق غور کر

جسم را نبود ازاں عز بہرۂ — جسم پیش بحر جاں چوں قطرۂ
نور جاں سے بسکہ بے بہرہ ہے جسم — آگے بحر جاں کے اک قطرہ ہے جسم

جسم از جاں نور افزوں میشود — چوں رود جاں جسم بیں چوں میشود
جاں سے ہے نور جسموں کا سوا — جان جب جائے تو پھر بے نور کیا

حد جسمت یک دو گز خود بیش نیست — جان تو تا آسمان جولاں کنیست
جسم کی حد ایک دو گز ہیں یہاں — روح کی جولانیاں تا آسماں

تا بہ بغداد و سمرقند اے ہمام — روح را اندر تصور نیم گام
تا بہ بغداد و سمرقند اے ہمام — روح کی تخییل میں ہے نصف گام

دو درم سنگ است پیہ چشمتاں — نور روحش تا عنان آسماں
دو درم آنکھوں کی چربی ہے میاں — نور اس کی روح کا تا آسماں

نور بے ایں چشم می بیند بخواب — چشم بے آں نور نبود جز خراب
نور دیکھے خواب میں بے چشم یاں — آنکھ بے اس نور کے رسوا و خوار

جاں ز ریش و سبلت تن فارغ است — لیک تن بیجان بود مردار و پست
روح داڑھی مونچھ سے آزاد ہے — اور تن بے روح ہے مردار ہے

---

[1] یعنی اس آگ کا۔

بار نامہ روحِ حیوانست ایں پیشتر آ روحِ انسانی ببیں
بار نامہ روحِ حیواں کا یہ تھا روحِ انسانی بھی دیکھ آگے تو آ
بگذر از انسان ہم از قال و قیل تا لبِ دریائے جانِ جبرئیلؑ
گذر جا انساں کو اور اس کی قال و قیل چل لبِ دریائے جانِ جبرئیلؑ
بعد از آنت جانِ احمدؐ لب گزد جبرئیلؑ از بیمِ تو واپس خزد
جانِ احمدؐ پھر ترے لب چوم لے اور پھسلے جبرئیلؑ تیرے خوف سے
گوید ار آیم بقدرِ یک کماں من بسوئے تو بسوزم در زماں
اور کہیں گر اک کماں بھر بھی بڑھوں میں تری جانب۔ تو فوراً ہی جلوں
ایں بیاباں خود ندارد پا و سر بے جوابِ نامہ خستہ ست آں پسر
اس بیاباں کا نہیں کچھ پاؤں سر بے جواب آزردہ ہے اب وہ پسر[1]

غلام شاہ کا غمگیں ہونا

چوں جوابِ نامہ نامد خیرہ گشت وز غمِ او آبِ صافی تیرہ گشت
تھا پشیماں جب نہ آیا کچھ جواب غم سے تھا تاریک اُس کا نورِ آب
نے قرارش ماند و نے خواب از جنوں روز و شب بُد در تفکر سرنگوں
لے گیا خواب و قرار اُس کا جنوں روز و شب تھا فکر سے وہ سرنگوں
کای عجب چوں ہم ندارد آں شہ جواب یا خیانت کرد در رقعہ بُرد تاب
کیوں نہ شہ نے دیدیا اُس کا جواب نامہ بر نے یا خیانت کی شتاب
رُقعہ پنہاں کرد و ننمود و بشاہ کو منافق بود مارے زیرِ کاہ
بے دکھائے رقعہ پوشیدہ کیا کہ منافق سانپ زیرِ کاہ تھا

[1] یعنی وہ غلام شاہ ۔

رقعۂ دیگر نویسم زآزموں
دیگرے جویم رسولے ذوفنوں
دوسرا رقعہ میں سلطاں کو لکھوں
نامہ بر بھی دوسرا پیدا کروں

بر امیر و مطبخی و نامہ بر
عیب بنہادہ ز جہل آں بیخبر
نامہ بر، باورچی، اور سلطان پر
جہل سے تھا عیب رکھتا بے خبر

ہیچ گرد خود نمیگردد کہ من
کژ روی کردم چو اندر دین شمن
خود وہ خود پر نہ کرتا تھا کبھی
مثل کافر کی ہے میں نے خود بھی

حضرت سلیمانؑ پہ ہوا کا ٹیڑھا چلنا

باد بر تخت سلیماںؑ رفت کژ
پس سلیمانؑ گفت بادا کژ مغژ
کج چلی تخت سلیماںؑ پہ ہوا
کج نہ چل اس سے سلیماںؑ نے کہا

باد ہم گفت اے سلیماںؑ کژ مرو
ور روی کژ از کژم خشمیں مشو
باد بولی کج نہ پھر تم بھی چلو
اور چلو تو مجھ پہ غصہ کیوں کرو

ایں ترازو بہر ایں بنہاد حق
تا رود انصاف مارا در سبق
یہ ترازو اس لئے حق نے رکھی
تا ہمیں تعلیم ہو انصاف کی

از ترازو کم کنی من کم کنم
تا تو با من روشنی من روشنم
کم کرو گر تم تو میں بھی کم کر دوں
تم جو ہو روشن تو روشن میں بھی ہوں

ہمچنیں تاج سلیماںؑ میل کرد
روز روشن را بروچوں لیل کرد
ایسے ہی تاج سلیماںؑ جب جھکا
رات اُن پہ روشن ہو گیا

گفت تاجا کژ مشو بر فرق من
آفتابا کم مشو از شرق من!
بولے سر پہ کج نہ ہو اے تاج تو
کم نہ ہو مشرق سے اے مہر تاج تو

راست میکرد او بدست آں تاج را
باز کژ میشد بروآں تاج اے فتا
ہاتھ سے کرتے تھے سیدھا تاج کو
تاج ہو جاتا تھا پھر ٹیڑھا سنو

ہشت بارش راست کرد و گشت کژ
گفت تاجا چیست آخر کژ مغژ
آٹھ بار اس کو کیا سیدھا مگر
کج ہوا تو وجہ پوچھی بے خطر

گفت اگر صدرہ کنی تو راست من
کژ شوم چوں کژ شوی اے موتمن
بولا گر سو بار تم سیدھا کرو
کج رہونگا میں اگر تم کج رہو

پس سلیمانؑ اندروں را راست کرد
دل بر آں شہوت کہ بودش کرد سرد
پس سلیمانؑ نے کیا باطن درست
دل میں جو تیزی تھی کر کے اسکو سست

بعد ازاں تاجش ہماندم راست شد
آنچناں کہ تاج را میخواست شد
ہو گیا سیدھا پھر اُن کا تاج بھی
جیسا رکھتے اس کو رہتا ویسے ہی

بعد ازآں کژش ہمی کرد او بقصد
تاج وا میگشت تارک جو بقصد
پھر اگر قصداً وہ کرتے کج اسے
سیدھا ہو جاتا وہ اپنے آپ سے

ہشت کرت کژ بکرد آں مہترش
راست میشد تاج بر فرق سرش
کج سلیمانؑ نے کیا گو آٹھ بار
سر پہ سیدھا ہی رہا تاج اے نگار

شاہ گفت اے تاج چیست ایں ہا
کژ کنم تو راست گردی ز امتحاں
بولے اے تاج اب ہے تیرا حال کیا
کج کیا میں نے تو تو سیدھا ہوا

تاج ناطق گشت کاے شہ ناز کن
چوں فشاندی پر ز گل پرواز کن
تاج بولا اے جی اب ناز کر
پر سے مٹی جھڑ گئی پرواز کر

نیست دستوری کزیں من بگذرم
پردہائے غیب ایں بر ہم درم
کب اجازت ہے کہ اب میں کچھ کہوں
غیب کے پردوں کو کیونکر کھول دوں

بر دہانم نہ تو دست خود بہ بند
مر دہانم راز گفتن ناپسند
ہاتھ رکھ کر میرے منہ کو بند کر
تاکہ بات اُس سے نہ ہو بیہودہ تر

تا ترا ہر غم کہ پیش آید ز درد
بر کسے تہمت منہ بر خویش گرد
درد سے پیش آئے تجھ کو غم اگر
دیکھ خود کو رکھ نہ تہمت غیر پر

ظن مبر بر دیگرے اے دوستکام
آں کمیں کرمیگالید آں غلام
بدظنی اوروں پہ کیوں اے خستہ کام
وہ دہ کرتو کرچکا ہے جو غلام

گاہ جنگش با رسول و مطبخی
گاہ خشمش با شہنشاہ سخی
جنگ باورچی سے ۔ قاصد سے بھی
شاہ پر غصہ بھی جو تھا سخی

ہمچو فرعونے کہ موسیٰؑ ہشتہ بود
طفلکان خلق را سر می ربود
جیسے چھوڑا موسیٰؑ کو فرعون نے
اور کاٹے سر بہت سے بچوں کے

آں عدو در خانۂ آں کوردل
او شدہ اطفال را گردن گسل
دشمن اس کا کوردل کے گھر میں تھا
اور وہ تھا بچوں کی گردن توڑتا

تو ہم از بیروں بدی با دیگراں
و اندروں خوش گشتہ با نفس گراں
تو بھی باہر دوسروں سے ہے بُرا
اور اندر نفس سے ہے آشنا

خود عدوت اوست قندش میدہی
وز بروں تہمت بہر کس می نہی
خود عدو وہ ہے تو اس کو قند دے
اور تہمت غیر پر رکھتا پھرے

ہمچو فرعونی تو کور و کوردل
با عدو خوش بیگناہاں را مذل
صورت فرعون تو اندھا ہوا
خوش عدو سے بے گناہوں سے خفا

چند فرعونا کشی بیجرم را
مینوازی ایں تن پُرجرم را
کب تلک اے فرعون خون بے گناہ
دیگا کب تک جسم مجرم کو پناہ

عقل او بر عقل شاہاں میفزود
حکم حق بیعقل و کورش کردہ بود
عقل تھی گو اس[1] میں شاہوں سے سوا
حکم حق نے بے وقوف اس کو کیا

مہر حق بر چشم و بر گوش و خرد
گر فلاطون ست حیوانش کند
مہر حق تھی کان آنکھوں پہ لگی
ہو وہ حیواں گر ہو افلاطون بھی

---

[1] یعنی فرعون میں ۔

حکم حق بر لوح می آید پدید   آنچنانکہ حکم غیب بایزیدؒ
لوح پر یوں علم حق ہے اے سعید   ہے نمایاں جیسے علم بایزیدؒ

ابوالحسن کا اپنے متعلق خبر سُننا

ہمچناں آمد کہ او فرمودہ بود   بوالحسنؒ از مردماں آں را شنود
جیسا وہ کہتے تھے۔ ویسا ہی ہوا   بوالحسنؒ نے بھی یہ لوگوں سے سنا

کہ حسن باشد مُرید و امتم   درس گیرد ہر صباح از تربتم
بوالحسن ہوں گے مریدوں میں مرے   درس لیں گے روز میری قبر سے

ہر صباحے آمدے خواندے سبق   بر سر خاکش شدے پیرے بحق
درس کو تربت پہ میری آئیں گے   مرشد برحق یونہی ہو جائیں گے

ہر صباحے تیز رفتے بے فتور   بر سر گورش نشستے با حضور
روز وقت صبح جاتے تھے ضرور   قبر پہ اور بیٹھتے ان کے حضور

گفت من ہم نیز خوابش دیدہ ام   وز روان شیخ ایں بشنیدہ ام
کہتے تھے میں نے بھی اک دیکھا ہے خواب   اور سُنا ہے شیخ سے میں نے خطاب

ہر صباحے رو نہادے سوئے گور   ایستادے تا ضحے اندر حضور!
ہر سحر جاتے تھے ان کی قبر پہ   اور کھڑے رہتے وہاں تا دوپہر

تا مثال شیخ پیشش آمدے   تا کہ بے گفتے شکالش حل شدے
شیخ آتے سامنے بن کر مثال   مشکلیں حل ہوتی تھیں بے قیل و قال

تا یکے روزے بیامد با سعود   گورہا را برف نو پوشیدہ بود
ایک دن آئے تو کیا ہیں دیکھتے   قبریں پوشیدہ ہیں تازہ برف سے

توئے بر تو برفہا ہمچوں علم   قبہ قبہ دیدہ شد جانش بغم
برف کی دیکھیں تہیں ہر قبر پہ   برف کے قبوں سے تھے رنجیدہ وہ

بانگش آمد از حظیرۂ شیخ حی
ہا انا ادعوک کی تسعی الیّ

آئی اک آواز قبر شیخ سے
آ، ادھر آ، میں بلاتا ہوں تجھے

ہیں بیا ایں سو بر آوازم شتاب
عالم ار برف است روی من بتاب

آ، ادھر آواز پہ میری شتاب
برف ہو دنیا، نہ کر مجھ سے حجاب

حال او آں روز شد خوب و پدید
آں عجائب را کہ اول می شنید

آن پہ اس دن ہو گئے سب آشکار
جن عجائب کو سنا تھا چند بار

باز باید گشت سوئے آں غلام
کرد باید آں حکایت را تمام

لوٹنا اب چاہئے سوئے غلام
چاہئے کرنا حکایت کو تمام

غلام کا دوسرا رقعہ لکھنا

نامۂ دیگر نوشت آں بدگماں
پُر ز تشنیع و نفیر و پُر فغاں

بدگماں نے دوسرا نامہ لکھا
جس میں کچھ تھی طعن کچھ آہ و بکا

کہ یکے رقعہ نوشتم پیش شاہ
ایعجب آنجا رسید و یافت راہ

یعنی اک رقعہ لکھا تھا پیش شاہ
ہے تعجب پہنچا اس جا، پائی راہ

آں دگر را خواند ہم آں خوب خد
ہم نداد او را جواب و تن بزد

دوسرا رقعہ بھی سلطان نے پڑھا
کچھ جواب اس کا نہ دانستہ دیا

خشک می آورد او را شہریار
او مکرر کرد رقعہ چند بار

ٹالتا تھا خشک اس کو شہریار
اور وہ لکھتا تھا رقعے بار بار

گفت حاجب آخر او بندۂ شما
گر جوابش بر نویسی ہم رواست

بولا حاجب وہ ہے بندہ آپ کا
گر جواب اس کو ملے، تو ہے روا

از شہی تو چہ کم گردد اگر
بر غلام و بندہ اندازی نظر

بادشاہی میں ہو کیا ٹوٹا اگر
تو غلام و بندہ پہ ڈالے نظر

بیت گفت ایں سہل است اما احمقی	مرد احمق زشت و مردودِ حق است
شاہ بولا۔ ہاں۔ مگر احمق ہے وہ	جو ہے احمق لعنتیِ حق ہے وہ
گرچہ آمرزم گناہ و زلتش	ہم کند در من سرایت علتش
بخشدوں اُس کی خطاؤں کو وے	اس کی علت بھی اثر مجھ میں کرے
صد کس از گرگیں ہمہ گرگیں شوند	خاصہ ایں گرگِ خبیثِ عقل بند
ایک سے خارش میں ہوں سو مبتلا	پھر خصوصاً خارشِ جہل آشنا
گر کمِ عقلی مبادا گبر را	شومیش بے آب دارد ابر را
گبر کو بھی جہل کی خارش نہ ہو	اُس کی شومی رکھتے بے آب ابر کو
نم نبارد ابر از شومیِ او	شہر شد ویرانہ از بومیِ او
اُس کی شومی سے نہ برسے ابر تر	شہر ویرانہ ہوا اُس سے سر بسر
از گرانِ احمقاں طوفانِ نوح	کرد ویراں عالمے را در فضوح
نوحؑ کا طوفاں انہیں سے تھا بپا	جس نے اک عالم کو ویراں کر دیا

ارشادِ نبوی عاقل و احمق کے متعلق

گفت پیغمبرؐ کہ احمق ہر کہ ہست	او عدوِ ما و غولِ رہزن است
بولے پیغمبرؐ کہ جو ہے بے شعور	ہے ہمارا دشمن اور رہزن ضرور
ہر کہ او عاقل بود او جانِ ماست	روحِ او و ریحِ او ریحانِ ماست
جو ہے عاقل وہ ہماری جان ہے	اس کی روح اور بوئے خوش ریحان ہے
عقل دشنامم دہد من راضیم	زانکہ فیضے دارد از فیاضیم
عقل گالی دے۔ گوارا ہے مجھے	فیض ہے اس کو مری فیاضی سے
نبود آں دشنامِ او بیفائدہ	نبود آں مہمانیش بے مائدہ
اس کی گالی بھی نہیں بے فائدہ	اس کی مہمانی نہیں بے مائدہ

احمق ار حلوا نہد اندر لبم	من ازاں حلوائے او اندر تبم
اور اگر احمق مجھے حلوا بھی دے	اُس کے حلوے سے مری الجھن بڑھے
ایں یقیں داں گر لطیفی روشنی	نیست بوس کون خر با چاشنی
تو سمجھ روشن دل تو رکھ اس پہ یقین	کون خر کا بوسہ با لذت نہیں
سبلتت گندہ کند بے فائدہ	جامہ از وپیش سیہ بے مائدہ
گندہ ہوں مونچھیں تری بے فائدا	دیگ سے کپڑا ہو کالا بے غذا
مائدہ عقلست نے نان و شوا	نورِ عقل است اے پسر جاں را غذا
مائدہ دانش نہ روٹی شوربا	اور نورِ عقل ہے جاں کی غذا
نیست غیر نور آدم را خورش	از جز آں جاں را نیابد پرورش
نور ہے انساں کی اصلی خورش	صرف اسی سے جان کی کر پرورش
زیں خورشہا اندک اندک باز بُر	کایں غذائے خر بود نے آنِ حُر
کھانا پینا رفتہ رفتہ ترک کر	یہ غذائے خر نہیں ہے طعمِ حُر
تا غذائے اصل را قابل شوی	لقمہائے نور را آکل شوی
تا غذائے اصل کے قابل ہو تو	لقمہ ہائے نور کھائے تو بھو
اصل ایں نورست کایں نان نان شدست	فیض آں جان ست کایں جان جاں شدست
اصل ہے اس نور کی یہ نان نان!	فیض سے اُس جان کے ہے جان جان
چوں خوری یکبار از ماکول نور	خاک ریزی بر سرِ نانِ تنور
تا کنوں معبود و مسجود جہاں   بودہٗ گردی کینہ بندگاں
تو ہے اب معبود و مسجود جہاں   اپنا بندہ کر لیا ہے سب کو ہاں
دربزدا آتش شدن زیں خوشتر است   کہ خداوندے شود بندہ پرست
اس سے بہتر ہے کہ آتش میں جلے   کیوں خدا بن کر کوئی بندہ بنے
نے بکش اول مرا اے شاہ ہیں   تا نہ بیند چشم من بر شاہ ایں
مار ڈالیں آپ پہلے ہی ہمیں   تا نہ دیکھیں آپ کو اس حال میں
خسروا اول مرا گردن بزن   تا نہ بیند ایں تذلت چشم من
بادشہ! پہلے تو مجھ کو قتل کر   تا کہ میں دیکھوں نہ ذلت اس قدر
خود نبود است و مبادا ایں چنیں   کہ زمیں گردوں شود گردوں زمیں
آب ہُوا یہ اور نہ ہوا ایسا کہیں   ہو زمیں گردوں سبھی گردوں زمیں

بندگاں ماں خواجہ تاشِ ما شوند
بیبلاں ماں دلخراشیں ماخوند
جو ہمارے بندے ہیں۔ سرفراز ہوں
اور جو حامی ہیں دل آزار ہوں
چشمِ روشن دشمناں دوست کور
گشت مارا ایں گلستاں قعرِ گور
چشم دشمن شاد چشمِ دوست کور
آہ ہو ہم پہ گلستاں مثلِ گور

ہامان بے ایمان کی باتوں کی تردید

دوست از دشمن ہمی نشناخت او
نرد را کورانہ کژ میباخت او
دوست دشمن کی نہ تھی پہچان اسے
نردوں کا کھیل کھیلا بیہودے
دشمن تو جز تو نبود اے لعین
بیگناہاں را مگو دشمن بکیں
اپنا دشمن آپ ہے تو اے لعین
بیگناہوں کو نہ کر رکھتے ہیں کیں
پیش تو ایں حالتِ بد دولتست
کو دوا و اول و آخر لت است
حال بد تیرے لئے دولت سہی
ہے دَوا دَو چلے آخر لت رہی
اوّلش دَو دَو و در آخر لت بخور
جز دریں ویرانہ نبود مرگِ خر
چلے چلے بھاگ۔ آخر مار کھا
ایسے ہی جنگل میں مرتا ہے گدھا
گر ازیں دولت بتازی خرخراں
ایں بہارت را ہمی آید خزاں
گر نہ بھاگیگا تو اس دولت سے ال
آئے گی تیری بہاروں پہ خزاں
مشرق و مغرب چو تو بس دیدہ اند
کز سرِ ایشاں زتن ببریدہ اند
مشرق و مغرب نے تجھ سے سو ہزار
دیکھے اور پھر سر سے اُن کے اُتار
مشرق و مغرب کہ نبود برقرار
چوں کند آخر کسے را پائدار
مشرق و مغرب نہیں خود برقرار
پھر کسی کو کیا کریں گے پائدار
تو بداں فخر آوری کز ترس بند
چاپلوست گشت مردم روز چند
اِس پہ اتراتا ہے خوفِ قید سے
چاپلوسی لوگ کچھ کرتے رہے

ہر کرا مردم سجودے می کنند   زہر اندر جان او می آگنند
جس کو سجدہ کرتے ہیں لوگ اے معیں   اس کی جاں میں زہر بھر دیں بالیقیں
چونکہ برگردد از و آں ساجدش   داند او کاں زہر بودہ موبدش
جب قیامت میں وہ ساجد ہو خلاف   تو یہ سمجھے زہر مہلک تھا وہ صاف
اے خنک آں را کہ ذلت نفسہٗ   وائے آں کز سرکشی شد چونکہ او
واہ وہ ہے نفس جس کا خوار و زار   آہ وہ سرکش ہوا جو نفس دار
ایں تکبر زہر قاتل داں کہ ہست   از مے پر زہر شد آں گیج مست
اس تکبر کو تو قاتل زہر جان   ہے شراب زہر سے بدمست ماں
چوں مے پر زہر نوشد مدبرے   از طرب یکدم بجنباند سرے
جب کوئی بدبخت ایسی مے پیئے   ایک پیک جھومے وہ فرط کیف سے
بعد یکدم زہر بر جانش فتد   زہر با جانش کند داد و ستد
زہر تھوڑی دیر میں پھر جب چڑھے   مار ڈالے اور اس کی جان لے
گر نداری زہریش را اعتقاد   کو چہ زہر آمد نگر در قوم عاد
زہر کا اس کے نہیں گر اعتقاد   کیا ہوا تھا دیکھ حال قوم عاد
چونکہ شاہے دست یابد بر شہے   بکشدش یا باز دارد در چہے
جبکہ پکڑے بادشا کو بادشا   قید کر دے یا کرے اس کو فنا
در بیابد خستہ افتادہ را   مرہمش سازد شہ و بدہد عطا
اور اگر پائے کسی کو مبتلا   چارہ گر بن کر کرے اس پہ عطا
گر نہ زہرست ایں تکبر پس چرا   کشت شہ را بے گناہ و بے خطا
زہر اگر ہوتا تکبر کا نہ تھا   شاہ کو کیوں مارتا وہ بے خطا
ویں دگر را بے ز خدمت چوں نواخت   زیں دو جنبش زہر را باید شناخت
اس پہ بے خدمت نہ ہوتا مہرباں   زہر کی دونوں سے کر پہچان ہاں

راہزن ہرگز گدائے را نزد
گرگ گرگیں مردہ را ہرگز گزد
راہزن کب ہے گدا کو مارتا
گرگِ مردہ کو نہ کاٹے بھیڑیا

خضرؑ کشتی را برائے آں شکست
تا تواند کشتی از فجار رست
خضرؑ نے کشتی کو یوں ٹکڑے کیا
ہو گنہگاروں کے ہاتھوں سے رہا

چوں شکستہ میرہد اشکستہ شو
امن در فقراست اندر فقر رو
بن شکستہ جب شکستہ ہے رہا
فقر میں جب امن ہے. کر فقر جا

آں کہے کو داشت زکاں نقد چند
گشت پارہ پارہ از زخمِ کلند
کان زر سے بہرہ ور جو کوہ تھا
پارہ پارہ ضرب تیشہ سے ہوا

تیغ بہرِ اوست کو را گردنیست
سایہ افگندست پئے زخم نیست
تیغ ہے گردن کشوں کے واسطے
سایہ عاجز ہو زخم اُس پہ کیوں لگے

مہتری نفط ست و آتش اے غوی
اے برادر چوں بر آذر میروی
آگ ہے کہتے ہیں جس کو مہتری
بھائی تو اس آگ سے رہ جا بری

ہر چہ آں ہموارہ باشد با زمیں
تیر ہا را کے ہدف گردد ببیں
جو زمیں کی سطح سے ہموار ہو
کیوں ہدف ہو اُس پہ کیونکر وار ہو

سر برآرد از زمیں آنگاہ او
چوں ہدفہا زخم یابد بے رفو
ہاں اُٹھائے خاک سے جس وقت سر
ہو نشانہ زخم کھائے سربسر

نردبانِ خلق ایں ما و من ست
عاقبت زیں نردباں افتادنی ست
خلق کا زینہ ہے یہ ما و منی
آخر اس زینے سے گرنا ہے کبھی

ہر کہ بالاتر رود ابلہ تر است
کاستخوانِ او بتر خواہد شکست
جو ہے بالاتر وہ ہے ناداں تر
ہڈیاں ٹوٹیں گی اُس کی بے خبر

ایں فروعست و اصولش آں بود
کہ ترفع شرکتِ یزداں بود
فرع تھی یہ۔ اصل بھی سن اے فتیٰ
ہے بلندی ڈھونڈھنا شرکِ خدا

چوں نمردی و نگشتی زندہ زو
باغیے باشی بشرکت ملک جو
جب نہ موت آئی نہ تو زندہ رہا
ہو کے باغی شرک کیوں کرنے لگا

چوں بدو زندہ شدی آں خود وے ست
وحدت محض است آں شرکت کے ست
اس سے جو زندہ ہوا ہے خود وہی
وحدت مطلق ہے یہ، کب ہے دوئی

شرح ایں در آئنہ اعمال جو
کہ نیابی فہم ایں از گفتگو
آ گئے ہیں فعل کے بس ڈھونڈ لے
کب تو معنی پا سکے اس قول سے

گر بگویم آنچہ دارم در دروں
بس جگرہا گردد اندر حال خوں
دل میں جو کچھ ہے۔ اگر کردوں بیاں
خون ہو جائیں کلیجے بے گماں

بس کنم خود زیرکاں را ایں بس ست
بانگ دو کردم اگر در دہ کس است
بس کروں کافی ہے دانا کے لئے
دو صدائیں گاؤں بھر کے واسطے

حاصل آں ہاماں بداں گفتار بد
ایں چنیں راہے بداں فرعون زد
الغرض ہاماں کی تھی یہ گفتگو!
کرتا تھا گمراہ اس کو کینہ خو

لقمۂ دولت رسیدہ تا دہاں!
از گلوئے او بریدہ ناگہاں
لقمۂ دولت جو منہ تک تھا گیا
حلق سے اُس کے نکالا برملا

خرمن فرعون را داد او بباد
ہیچ شہ را ایں چنیں صاحب مباد
خرمن فرعون کو ویراں کیا!
ہو مشیر ایسا نہ کوئی شاہ کا

از چنیں ہمراہ بد دُوری گزیں
زینہار اللہ اعلم بالیقیں
ایسے ہمراہی سے ہو خلوت گزیں
زینہار۔ اللہ اعلم بالیقیں

فرعون سے حضرت موسیٰ کی ناامیدی

گفت موسیٰ لطف بنمودیم وجود
خود خداوندیت را روزی نبود
بولے موسیٰ۔ کی عنایت حق نے کی
مستحق تیری خداوندی نہ تھی

آں خداوندی کہ نبود راستیں
مر ورا نے دست و نے آستیں
وہ خداوندی کہ جو ہے ناروا
وہ خداوندی جو ہے بے دست و پا

آں خداوندی کہ دزدیدہ بود
بیدل و بیجان و بے دیدہ بود
وہ خداوندی کہ جو دزدیدہ ہے
بیدل اور بیجان ہے بے دیدہ ہے

آں خداوندی کہ دادندت عوام
باز بستانند از تو ہمچو وام
وہ خداوندی جو بندوں نے ہے دی
لیجئے واپس جب وہ چاہیں جبھی

آنخداوندیِ تو از بندگی
کمتر است از باز دانی اندکی
بندگی سے یہ خداوندی تری
ہے بہت کم غور کر جیو اے شقی

دہ خداوندیِّ عاریت بحق
تا خداوندیت بخشد متفق !
کر خداوندی سپرد کبریا
متفق شہ تا ہو خداوندی عطا

آنحضرت سے سفیران عرب کا جھگڑا

آں امیران عرب گرد آمدند
نزد پیغمبر منازع میشدند
آگئے بلکہ سب امیران عرب
یوں نبی سے کرتے تھے جھگڑا وہ سب

کہ تو میری ہر یکے از ما ہم امیر
بخش کن ایں ملک و بخش خود بگیر
ہم بھی سردار عرب ہیں تم بھی ہو
اپنا حصہ لو۔ ہمارا ہم کو دو

ہر یکے در بخش خود انصاف جو
تو ز بخش ما دو دست خود بشو
اپنے حصے میں ہر اک منصف ہے
ہاتھ دھو لو تم ہمارے حصے سے

گفت میری مر مرا حق دادہ است
سروری و امر مطلق دادہ است
بولے حضرت ہے امیری حق نے دی
سروری ہے یہ اسی کی دی ہوئی

---

[1] یعنی جس پر سب اتفاق کر لیں ۔

کایں قرآنِ احمدؐ ست ذو دِرا او
ہیں بگیرید امرِ او را اتّقوا
یہ تو عہدِ مصطفےٰؐ ہے دوستو
حکم مانو اس کا اور حق سے ڈرو

قوم گفتندش کہ ما ہم در قضا
حاکمیم و داد امیری ماں خدا
قوم بولی یہ بھی ہے حکمِ خدا
ہے خدا ہی نے ہمیں حاکم کیا

گفت لیکن مر مرا حق مُلک داد
مر شما را عاریہ از بہرِ زاد
بولے حضرتؐ مجھ کو ملکِ خاص دی
کھانے پینے کو تمہیں دی عارضی

میری من تا قیامت باقیست
میری عاریتے خواہد شکست
میری سرداری قیامت تک رہے
عارضی سرداری دو دن کے لئے

قوم گفتندش کہ افزونی مجو
چیست حجت بر فزونی جوئی بگو
قوم بولی۔ ہم سے بڑھ کر کیوں رہو
بڑھنے کی آخر کوئی حجت بھی ہو

سیلاب کی آمد اور آنحضرتؐ کی فتح

در زماں ابرے بر آمد ز امرِ مُرّ
سیل آمد گشت آں اطراف پُر
حکمِ حق سے اُن دنوں اک ابر اُٹھا
آیا اک سیلاب جل تھل کو بھرا

رو بشہر آورد سیلی بس مہیب
اہل شہر افغاں کناں جملہ رہیب
شہر میں سیلاب آیا زور سے
شہر والے خوف سے چلّا اُٹھے

گفت پیغمبرؐ کہ وقتِ امتحاں
آمد اکنوں تا نہاں گردد عیاں
بولے پیغمبرؐ کہ وقتِ امتحان
آگیا اب سر نہاں ہوگا عیاں

ہر امیرے نیزۂ خود در فگند
تا شود در امتحاں آں سیل بند
اپنا اپنا نیزہ ہر سردار نے
سیل میں ڈالا کہ بند اُس کو کرے

نیزہا را ہمچو خاشاکے ربود
آبِ تیز سیلِ پُر جوش عنود
نیزوں کو خس کی طرح وہ لے گیا
تیز تھا پانی بہت سیلاب کا

پس قضیب انداخت در وے مصطفیٰ	آں قضیب معجز فرماں روا
ڈالی حضرت نے بھی اک شاخ اس گھڑی	معجزوں سے آپ کے جو تھی بھری
نیزہا گم گشت جملہ واں قضیب	بر سر آں ایستادہ چوں رقیب
نیزے سب گم ہو گئے اور وہ چھڑی	پانی پر مثل محافظ تھی کھڑی
ز اہتمام آں قضیب آں سیل نفت	رو بگردانید سوئے بحر رفت
اُس عصا سے ہو گیا سیلاب دور	رخ گیا دریا کی جانب بے فتور
چوں بدیدند از وے آں امر عظیم	پس مقر گشتند آں میراں زعیم
دیکھا جب حضرت کا یہ کار عظیم	ہو گئے اُن کے مقر وہ اہل بیم
جز سہ کس کہ حقد ایشاں چیرہ بود	ساحرش گفتند و کاہن از جحود
تین شخصوں کے سوا حاسد جو تھے	کاہن ان کو بغض سے کہنے لگے
بود بوجہل لعین و بولہب	واں سوم ہم بود بوسفیاں حرب
ایک تھا بوجہل اور اک بولہب	تیسرا تھا ان میں بوسفیان حرب
ملک بربستہ چناں باشد ضعیف	ملک بررستہ چناں باشد شریف
ہو مقید ملک ایسا ہی ضعیف	ملک آزاد ایسا ہوتا ہے شریف
نیزہا را گر ندیدی یا قضیب	نام شاں بیں نام او بیں اے نجیب
تو نے گر نیزے نہ دیکھے یا عصا	نام پہ دونوں کے کر غور اے فتا
نام شاں را سیل تیز مرگ برد	نام او و دولت تیزش نمرد
نام اُن[1] کے لے گیا سیل قضا	نام و اقبال اِن[2] کا باقی رہ گیا

---

[1] یعنی ابوجہل، ابولہب اور ابوسفیان کے نام۔

[2] یعنی آنحضرتؐ کا ۔

پنج نوبت میزنندشان دوام ‌‌ ‌ همچنین هر روز تا روز قیام
نوبتیں[1] پانچ ان کی بجتی ہیں مدام ‌ ‌ اور بجینگی یوں ہی تا روز قیام

حضرت موسیٰؑ کا فرعون کو ڈرانا اور جھڑکنا

[2]گر ترا عقلیست کردم لطفها ‌ ‌ ور خری آوردہ ام خر را عصا
عقل گر ہے تجھ میں تو کرتا ہوں عطا ‌ ‌ ہے گدھا تو ساتھ لایا ہوں عصا

آنچنان زین آخر[3] بیرون کنم ‌ ‌ کز عصا گوش و سرت پرخوں کنم
یوں طویلے سے تجھے باہر کروں ‌ ‌ اس عصا سے گوش و سر سب خوں کروں

اندرین آخر خران و مردمان ‌ ‌ می نیابند از جفائے تو امان
اس طویلے میں تمام انسان و خر ‌ ‌ ظلم سے تیرے نہیں پاتے مفر

نک عصا آوردہ ام بہر ادب ‌ ‌ ہر خرے را کو نباشد منتخب
دیکھ لایا ہوں عصا بہر ادب ‌ ‌ اس کی زد میں آئیں گے خر سب کے سب

اژدہائے میشود در قہر تو ‌ ‌ کاژدہائے گشتۂ در فعل و خو
اژدہا بنتا ہے یہ تیرے لئے ‌ ‌ تو بنا ہے اژدہا افعال سے

اژدہائے کوہئی تو بے اماں ‌ ‌ لیک بنگر اژدہائے آسماں
تو پہاڑی اژدہا ہے بے اماں ‌ ‌ دیکھ اب یہ اژدہائے آسماں

این عصا از دوزخ آمد چاشنی ‌ ‌ بر تو و بر مومن آمد روشنی
یہ عصا ہے تجھ کو دوزخ کا مزا ‌ ‌ مومنوں کے واسطے نور و ضیا

مر ترا گوید کہ اے گبر دنی ‌ ‌ کہ ہلا بگریز اندر روشنی
تجھ سے کہتا ہے کہ اے کافر دنی ‌ ‌ بھاگ جا جلدی سے سوئے روشنی

---

[1] یعنی پانچ نمازوں کی اذانیں ۔
[2] حضرت موسیٰؑ کا قول فرعون سے
[3] یعنی دنیا ۔

ورنہ درمانی تو در زندان من
تو رہیگا ورنہ زندان میں مرے
مخلصت نبود ز دربندان من
میرے بندھن سے نہ جائے چھوٹ کے

باز گرد از کفر سوئے دین حق
لوٹ دیں حق کی جانب کفر سے
ورنہ در نار ابد یابی قلق!
ورنہ دوزخ میں سدا جلتا پڑے

باز گرد اے گمرۂ بدبخت دون
لوٹ اے گمراہ و بدبخت و زبون
ورنہ در دوزخ در افتی سرنگوں
ورنہ دوزخ میں گریگا سرنگوں

عارف بہشت و دوزخ کو نہیں پوچھتا

ایں عصائے بود اینہم اژدہاست
یہ عصا تھا اور اب ہے اژدہا
تا نگوئی دوزخ یزداں کجاست
ہے کہاں دوزخ خدا اب یہ پوچھنا

ظاہرست ایں دوزخ اما بر دلت
ہے عیاں دوزخ مگر دل پر ترے
ہست پوشیدہ یقیں زآب و گلت
آب و گل سے ہیں بہت پردے پڑے

ہر کجا خواہد خدا دوزخ کند
جس جگہ چاہے خدا دوزخ بنائے
اوج را بر مرغ دام و فخ کند
دام بنکر اوج چڑیوں کو پھنسائے

ہم ز دندانت برآرد درد ہا
درد دانتوں میں وہ دے اس قسم کا
تا بگوئی دوزخست و اژدہا
تو کہے دوزخ ہے یہ اور اژدہا

یا کند آب دہانت را عسل
شہد تیرے تھوک کو وہ دے بنا
تا بگوئی کہ بہشت است و حلل
تو کہے جنت ہے حلہ خلد کا

از بن دنداں برویاند شکر
دانت کی جڑ سے کرے پیدا شکر
تا بدانی قوت حکم قدر
تا تو سمجھے قوت حکم قدر

---

[۱] یہاں سے حضرت مولاناؒ کے اقوال ہیں +

[۲] بلندی یعنی وہ بلندی جہاں وہ اُڑتے پھرتے ہیں وہ ان کے لئے دام بن جائے +

پس بدنداں بیگناہاں را مگز　　فکر کن از ضربتِ نا محترز
بے گناہوں پہ نہ کر تو دانت تیز　　اور ضرب بے ہنگم سے کر گریز

نیل را بر[1] قبطیاں حق خوں کند　　سبطیاں را از بلا محصوں کند
قبطیوں پہ نیل کو حق خوں کیے　　سبطیوں کو دے نجات آفات سے

آب بر فرعون ور دم خوں شود　　بر کلیمے قند نا ممنوں شود
پانی خون ہو جائے گر فرعون سے　　قند ہو موسیٰؑ پہ بے احسان کے

تا بدانی پیش حق تمییز ہست　　درمیانِ ہوشیار و راہ مست
تا تو سمجھے۔ فرق رکھتا ہے الٰہ　　درمیان ہوشیار و مستِ راہ

نیل تمییز از خدا آموختہ است　　کہ گشاد آں را و ایں را سخت بست
نیل نے سیکھی تمیز اللہ سے　　اس کو کھولا سخت اس کو باندھ کے

لطفِ او عاقل کند مر نیل را　　قہرِ او ابلہ کند قابیل[2] را
لطف اس کا عقل دیدے نیل کو　　قہر حق احمق کرے قابیل کو

در جمادات از کرم عقل آفرید　　عقل از عاقل بقہر خود برید
پتھروں میں بھی کرم سے عقل دی　　قہر کرکے عقل عاقل چھین لی

در جماد از لطف عقلے شد پدید　　ور نکال از عاقلاں دانش برید
کی عطا تو پتھروں کو عقل دی　　دی سزا تو عاقلوں سے عقل لی

عقل چوں باراں بامر آنجا بریخت　　عقل ازینسو خشم حق دید و گریخت
عقل مثل ابر جا برسی وہاں　　بھاگ اٹھی جب خشم حق دیکھا یہاں

ابر و خورشید و مہ و نجم بلند　　جملہ بر ترتیب آیند و روند
چاند سورج تارے سنگے ابر کے　　چلتے پھرتے ہیں سب اک ترتیب سے

---

[1] یعنی سبطیوں کو راستہ دیدیا اور قبطیوں پہ سخت بندش کردی +

[2] پسر آدم علیہ السّلام جس نے اپنے بھائی ہابیل کو مارا تھا +

ہر یکے ناید مگر در جائے خویش	کہ نہ پس ماند بہنگام و نہ پیش
اپنی اپنی جا پہ لوٹ آتے ہیں سب	آگے پیچھے اپنی منزل میں ہیں سب
چوں نکردی فہم ایں را ز انبیاؑ	دانش آوردند در سنگ و عصا
کیوں نہ سمجھا تو یہ رازِ انبیاؑ	عقل جب سنگ و عصا کو کی عطا
تا جمادات دگر را بے لباس	چوں عصا و سنگ داری از قیاس
تا کہ جو پتھر ہیں اُن کو بے لباس	صورتِ سنگ و عصا کرے قیاس
طاعتِ سنگ و عصا ظاہر شود	وز جمادات دگر مخبر شود
جب ہو ظاہر طاعتِ سنگ و عصا	دوسروں کی ہے وہ مخبر برملا
کہ ز یزداں آگہیم و طائعیم	ما ہمہ بے اتفاقے ضائعیم
ہم[1] ہیں آگاہ و مطیعِ کبریا	اور ہیں بے اتفاقی سے فنا
ہمچو آبِ نیل دانی وقتِ غرق	کو میانِ ہر دو امت کرد فرق
مثلِ آبِ نیل جس نے وقتِ غرق	دو گروہوں میں کیا بے لاگ فرق
چوں زمیں کش دانش آمد وقتِ خسف	در حقِ قارون کہ کردش قہر خسف
جس طرح تھی یہ زمیں عقل آشنا	حقِ قاروں میں کہ جو مقہور تھا
چوں قمر کامر شنید و شکافت	پس دو نیمہ گشت بر چرخ و شتافت
حکم سن کر چاند جیسے شق ہوا	تھا وہ دو ٹکڑے فلک پہ برملا
چوں ستوں نالید از ہجرِ نبیؐ	باخبر گشتند از آں شیخ و صبی
جیسے تھم رویا نبیؐ کے ہجر سے	باخبر تھے جس سے سب چھوٹے بڑے
چوں درخت و سنگ کاندر ہر مقام	مصطفیٰؐ را کرد ظاہر والسلام
جس طرح پیڑ اور پتھر کا کلام	مصطفیٰؐ کو صاف کرتے تھے سلام

---

[1] یعنی وہ سنگ و عصا کہتے ہیں کہ ہم خدا کے مطیع ہیں اگر اُس سے اتفاق نہ رکھیں تو ضائع اور بیکار ہو جائیں +

سُنّی اور فلسفی کی بحث

دی یکے میگفت عالم حادث است
فانیست ایں چرخ و حقش وارث است
ایک کہتا تھا کہ حادث ہے جہاں
حق ہے وارث اور فانی آسمان

فلسفیے گفت چوں دانی حدوث
حادثی ابر چہ داند غیوث
فلسفی بولا نہیں تو باخبر
ابر حادث ہو تو مینہ کو کیا خبر

ذرّۂ خود نیستی از انقلاب
تو چہ میدانی حدوث آفتاب
انقلابوں کا تو ذرہ بھی نہیں
کیا حدوث مہر جانے بالیقیں

کرمکے کاندر حدث باشد دفیں
کے بداند آخر و بدو زمیں!
ہو جو اک کیڑا نجاست میں دبا
وہ زمیں کے حال سے واقف ہو کیا

ایں بتقلید از پدر بشنیدۂ
از حماقت اندر آں پیچیدۂ
تونے تقلیداً پدر سے جو سنا
ابلہی سے اُس میں پیچیدہ ہوا

چیست برہان بر حدوث ایں بگو
ورنہ خامش کن فزوں گوئی مجو
دے جو حادث ہونے کی ہو کچھ دلیل
ورنہ پھر خاموش ہو بے قال و قیل

گفت دیدم اندریں بحر عمیق
بحث میکردند روزے دو فریق
بولا وہ اس مسئلے میں اے اخی
ایک دن دو دوستوں میں بحث تھی

در جدال و در شکال و در شکوہ
گشتہ ہنگامہ براں دو کس گروہ
تھا جو اُس جھگڑے کا مشکل فیصلا
ایک مجمع سا اکٹھا ہو گیا

سوئے آں ہنگامہ گشتم من رواں
تا بیابم اطّلاع از حال شاں
میں بھی اُس ہنگامے کی جانب گیا
تا کہ دیکھوں فیصلہ ہوتا ہے کیا

من یکے از جمع ہنگامہ شدم
اطلاع از حال ایشاں بستدم
میں بھی اک منجملۂ ہنگامہ تھا
لے رہا تھا درک اُن کے حال کا

آں یکے میگفت گردوں فانی ست   بے گمانے ایں بنا را بانی ست
ایک بولا۔ چرخ فانی ہے ضرور   بے گماں ایک اس کا بانی ہے ضرور

واں دگر گفت او قدیم و بیکی ست   نیستش بانی و یا بانی وی ست
ایک کہتا تھا کہ دنیا ہے قدیم   کب ہے بانی اس کا وہ خود ہے مقیم

گفت منکر گشتہ خلاق را   روز و شب آرندہ و رزاق را
بولا تو منکر ہے کیوں خلاق کا   رب روز و شب کا اور رزاق کا

گفت بے برہاں نخواہم من شنید   آنچہ گوئی آں بتقلیدے گوید
بولا میں سنتا نہیں کچھ بے دلیل   صرف اک تقلید پر ہے قال و قیل

ہیں بیاور حجت و برہاں کہ من   نشنوم بے حجت ایں را در زمن
ہو دلیل اس کی اگر کوئی تو لا   بے دلیل ایسا نہیں میں مانتا

گفت حجت در درون جانم ست   در درون جاں نہاں برہانم ست
بولا میرے دل میں ہے اس کی دلیل   روح میں پنہاں ہے برہانِ جلیل

تو نمی بینی ہلال از ضعف چشم!   من ہمی بینم مکن بر من تو خشم
ضعف سے گر تو نہ دیکھے چاند کو   اور میں دیکھوں خفا مجھ پہ نہ ہو

گفتگو بسیار گشت و خلق گیج   در سر و پایانِ ایں چرخ بسیج
بڑھ گئی بات اور تھیں سب الجھنیں   ابتدا و انتہائے چرخ میں

گفت یارا در درونم حجتے ست   بر حدوث آسمانم آیتے ست
بولا وہ حجت جو دل میں ہے نہاں   جس سے ظاہر ہے حدوثِ آسماں

من یقیں دانم نشانش آں بود   مر یقیں داں را کہ در آتش رود
میں تو جانوں یوں پتہ اس کا ملے   ہو یقیں جس کو وہ آتش[1] میں گھسے

---

[1] یعنی جس کو اپنے قول کا یقین ہو۔ وہ آگ میں گھس جائے اگر سچا ہے تو آگ نہ جلائیگی۔ اور جھوٹا ہے تو جل جائیگا۔ مثل مشہور ہے کہ سانچ کو آنچ نہیں ◆

ور زباں می نماید آں حجت بداں
ہمچو حال و سیر عشق عاشقاں
گر نہیں سکتا میں وہ حجت بیاں
ہے وہ سیر عشق کی صورت نہاں

نیست پیدا بہر گفت و گوئے من
جز کہ زردی و نزاری روئے من
راز میری گفتگو کا کیا ملے
زردی رخ اور لقا بہت دیکھئے

اشکِ خوں بر رُخ روانہ میرود
حجت حسن و جمالش می شود
خون کے آنسو رواں رخسار پہ
حسن جاناں کی ہیں حجت سربسر

گفت من اینہا ندانم حجتے
کہ بود در پیش عامہ آیتے
فلسفی بولا کہ ہے حجت وہی
ہاں ہیں سب لوگ جس کو واقعی

گر بیاری من کنم آنرا قبول
ورنہ کوتہ کن سخن با عرض و طول
ایسی حجت لائیں کرلونگا قبول
ورنہ پھر کیوں بات کو دیتے ہو طول

گفت چوں قلبے و نقدے دم زنند
کہ تو قلبی من نکویم وارہند
بولا جب کھوٹے کھرے ہوں جنگجو
اور کہیں باہم کھرا میں - کھوٹا تو

ہست آتش امتحانِ آخریں
کاندر آتش در فتند آں دو قریں
آگ ان کا امتحان ہے آخری
آگ میں وہ دونوں جائیں واقعی

عام و خاص از حالشاں عالم شوند
از گمان و شک سوئے ایقاں روند
واقف انکے حال سے ہوں خاص و عام
ہوں یقیں ان کے گمان و شک تمام

سُنّی اور فلسفی کا آگ میں گھسنا

آب و آتش آمد ایجاں امتحاں
نقد و قلبے را کہ آں باشد نہاں
آب و آتش میں بہانے امتحاں
ہو کھرے اور کھوٹے کو جو ہے نہاں

تا من و تو ہر دو در آتش رویم
حجت باقی حیراناں شویم
آگ میں میں اور تو دونوں چلیں
حجت باقی زمانے میں رہیں

یا من و تو ہر دو در بحر اوفتیم	چوں دو دعوی من و تو کوفتیم
یا کہ ہم دونوں گریں دریا میں چل	ہیں اگر دعوے ہمارے یہ اٹل
ہمچناں کردند و در آتش شدند	ہر دو خود را بر تف آتش زدند
الغرض وہ آگ میں دونوں گئے	آگ کے شعلوں میں جا کر گر پڑے
فلسفی را سوخت خاکستر شد او	متقی را ساخت تازہ تر شد او
فلسفی تو جل کے خاکستر ہوا	متقی محفوظ و تازہ تر رہا
آں خدا گوئندہ مرد مدعی	رست و سوزیدا اندر آتش آں دعی
ماننے والا خدا کا مدعی	بچ گیا اور جل گیا آخر شقی
از مؤذن بشنو ایں اعلام را	کوری افزون روان خام را
سن لے مؤذن کے ذرا اعلان کو	دے خدا کوری بدوں کی جان کو
کو نسوزید است ایں نام از اجل	کش مسمی صدر بودہ است و اجل
نام یہ سوز اجل سے کب جلا	نام والا بھی بزرگ ایسا ہی تھا
صد ہزاراں قسم بیاں اندر قراں	بر در دیدہ بہ دلہائے منکراں
لاکھوں ہی شہر میں ہوئیں قرآن پہ	اُس کے قائل ہو گئے منکر مگر
صد ہزاراں سوح شد ولعادہ	در دو او سر بسر افتادہ
لاکھوں ہی روحیں ہوئیں اُس پہ فدا	اُس کے آگے سر ہر اک کا جھک گیا
صد ہزاراں خلق اندر بادیہ	سر چہ گو دے بے عصا و راویہ
ویسے ہی مکہ پہ تھا جھگڑا پڑا	سب مٹے پیاسے بغیر آشنا
چوں گرو بستند غالب شد صواب	در دوام معجزات و در جواب
شرط جب باندھی ہوا غالب صواب	معجزوں سے مل گیا اس کا جواب

---

[١] یہاں سے اقوال مولانا علیہ الرحمۃ کے ہیں ؎

[٢] یہ شعر میرے نسخۂ مثنوی میں نہیں اور نہ اسکا ترجمہ ٹھیک ہے۔ ناجی

فہم کردم کانکہ دم زد از سبق !
در حدوث چرخ پیروز است حق
بس میں اب سمجھا یقیں جس نے کیا
اس حدوث چرخ کا حق پہ رہا

حجت منکر ہمارہ زرد رو
یک نشاں بر صدق ایں انکار کو
حجتِ منکر پشیماں ہو گئی
صدقِ منکر کی گواہی کب ملی

یک منارہ در ثنائے منکراں
کو دریں عالم کہ تا باشد عیاں
اک منارہ منکروں کی یادگار
ہو کہیں دنیا میں تو کر آشکار

سکۂ شاہاں ہمی گردد دگر
سکۂ احمدؐ ببیں تا مستقر
سکۂ شاہی بدلتا ہی رہے
سکۂ احمدؐ ہے باقی دیکھ لے

منبرے کو کہ در آنجا مخبرے
یاد آرد روزگار منکرے
ہے کوئی منبر کہ جس پہ بیٹھ کے
یاد منکر کی کوئی تازہ کرے

روئے دینار و درم از نام شاں
تا قیامت میدہد ز حق نشاں
نام دینار و درم پہ جاوداں
دیتا ہے اُن کی صداقت کا نشاں

بر رخ نقرہ و یا روئے زرے
وا نما بر سکہ نام منکرے
سیم و زر کے سکوں پہ اے خستہ کام
تو دکھا دے ایک ہی منکر کا نام

خود بگیر ایں معجزہ چوں آفتاب
صد زبان و نام او ام الکتاب
معجزہ ہے خود مثالِ آفتاب
اک یہی قرآں جو ہے اُم الکتاب

زہرہ نے کس را کہ یک حرفے ازاں
یا بدزدد یا فزاید در بیاں
کس کی یہ طاقت ہے جو اک حرف بھی
دے بڑھا یا دے گھٹا دے مدعی

یار غالب شو کہ تا غالب شوی
یار مغلوباں مشو ہاں اے غوی
یارِ غالب بن کہ تو غالب رہے
یارِ مغلوباں نہ بن بھٹکے ہوئے!

حجت منکر ہمیں آمد کہ من
غیر ایں ظاہر نمی بینم وطن
حجتِ منکر یہ ہے۔ میں بے سخن
صرف ظاہر کو سمجھتا ہوں وطن

ہیچ نندیشد کہ ہر جا ظاہریست
آں ز حکمتہائے پنہاں مخبریست

یہ نہ جانے کہ ظاہر ہے جہاں
حکمتِ پنہاں کا دیتا ہے نشاں

فائدہ ہر ظاہرے خود باطنست
ہمچو نفع اندر دوا ہا کامنست

ہے ہر اک ظاہر کا باطن فائدہ
جس طرح صحت ہے پنہاں در دوا

ایں تفاوت حق نہاد اندر نہاں
تا بداند اہل عرفاں در جہاں

یہ تفاوت اس لئے حق نے رکھا
اہل عرفاں اس کو تا سمجھیں ذرا

عمر کرگس صد ہزار و پانصد ست
عمر کبوتر را چہ باشد زاں بدست

عمر گدھ کی ایک لاکھ آدھا ہزار
اس کو کیا سمجھے کبوتر نابکار

می بمیرد از کبوتر صد ہزار
مرگ کرگس را نہ بیند آشکار

گو مریں لاکھوں کبوتر اے نگار
موت کرگس کی نہ دیکھیں آشکار

جملہ پندارند کرگس باقی است
نی غلط کردند یک کس باقیست

ہے مسلم سب پہ کرگس کی بقا
یہ غلط ہے بلکہ باقی ہے خدا

چونکہ ظاہر بیں شدند از جہد خویش
می نہ بینند از عمی نہ پس و پیش

ہیں یہ ظاہر بیں خود اپنی سعی سے
آگے پیچھے بس نہیں کچھ دیکھتے

می نماند در جہاں یک تارِ مو
کل شیٔ ہالک الا وجہہٗ

ہے یہاں اک بال کو بھی کب بقا
سب ہیں فانی ذاتِ باری کے سوا

وماخلقنا السمٰوات والارض کی تفسیر

ہر چہ پیدا کرد بہر معنے ست
باطنش بنگر برایں ظاہر بایست

جو کیا پیدا ہے باطن کے لئے
دیکھ باطن اور ظاہر چھوڑ دے

ف آسمان سے مراد جسم ہے یعنی ایک لحظہ [illegible] قولہ تعالیٰ عز وجل وما خلقنا السمٰوت والارض وما بینہما الا بالحق ہم نے زمین آسمان کو اور اسکو جو کچھ ان دونوں میں ہے پیدا نہیں کیا مگر ساتھ حق کے۔ یعنی نہیں اس غرض کیلئے پیدا نہیں کیا جو تمہاری نظر میں ہے۔ بلکہ اس معنی و حکمت کے لئے جسے تم نہیں دیکھتے ۔

ہیچ نقاشے نگارد زیں نقش	بے امید نفع بہر عین نقش
نقش بے امید کب کھینچے کوئی	نقش سے مقصود کب ہے نقش ہی
بلکہ بہر میہماناں و کہاں	کہ بفرجہ وا رہند از اندہاں
بلکہ مہمانوں عزیزوں کے لئے	تا کہ وہ خوش ہوں چھٹیں اندوہ سے
شادیِ بچگان و یادِ دوستاں	دوستانِ رفتہ را از نقش آں
بچے خوش ہوں دوستوں کی یاد آئے	نقش یاد اُن مرنے والوں کی دلائے
ہیچ کوزہ گر کند کاسہ تمام	بہر عین کوزہ نے از بہر آب
کوزہ گر کوزہ بناتا ہے شتاب	صرف کوزہ جان کر ؛ نے بہر آب
ہیچ کاسہ گر کند کاسہ تمام	بہر عین کاسہ نے بہر طعام
کاسہ گر ڈھالیں پیالہ اے ہمام	بہر عین کاسہ ؛ نے بہر طعام
ہیچ خطاطے نویسد خط بفن	بہر عین خط نہ بہر خواندن
لکھنے والا کوئی بھی خط کو لکھے	بہر عین خط ؛ نہ پڑھنے کے لئے
نقش ظاہر بہر نقش غائب است	واں برائے غائبے دیگر ببست
نقش ظاہر نقش باطن کے لئے	اور ہیں باطن سے مقصد دوسرے
تا سوم چارم دہم بر می شمر	ایں فوائد را بمقدار نظر
تین چار اور دس یونہی اندازہ کر	ان فوائد کا ، بمقدار نظر
ہمچو بازیہائے شطرنج اے پسر	فائدہ ہر لعب در بازی نگر
جس طرح شطرنج بازی اے پسر	فائدہ جو کچھ ہے اس میں غور کر
ایں نہادہ بہر آں لعب نہاں	واں برائے آں وآں بہر فلاں
دو کھلاڑی چالیں چلتے ہیں نہاں	اپنے اپنے فائدے کو اے فلاں
ہمچنیں می بیں جہات اندر جہات[1]	در پئے ہم تا رسی در بُرد و مات
آگے پیچھے دیکھ اسی صورت جہات	تا کہ آخر پہنچے تو تا بُرد و مات

---

[1] طرفین

اوّل از بہرِ دوم باشد چناں
کہ شدن بر پایہائے نردباں
پہلی صورت دوسری کے واسطے
یوں ہے جیسے سیڑھیوں پہ تو چڑھے

آں دوم بہرِ سوم میداں دوام
تا رسی تو پایہ پایہ تا بہ بام
دوسری کے بعد پایہ تیسرا
پایہ پایہ چل کے تو کوٹھا آ گیا

شہوتِ خوردن ز بہرِ آں منی
آں منی از بہرِ نسل اے روشنی
کھانے کی خواہش تو ہے بہرِ منی
اور منی ہے بہرِ نسل اے روشنی

کُند بینش می نہ بیند غیر ایں
عقلِ او بے سیر چوں نبتِ زمیں
کُند ہیں پہنچا نہ تہ کو بات کی
عقل ہے بے سیر اس کی گھاس سی

نبت را چہ خواندہ چہ ناخواندہ
ہست پائے او بگِل درماندہ
گھاس کو کوئی بلائے یا نہیں
پا بگِل ہے اور عاجز بالیقیں

گر سرش جنبد بباد تیز رو
کہ بسر جنبانیش غرہ مشو
تیز جھونکوں سے جو اس کا سر ہلا
خود بلایا تھا یقیں اس پہ نہ لا

آں سرش گوید سمعنا اے صبا
پائے او گوید عصینا خلنا
سر تو کہتا ہے سنا ہم نے صبا
پاؤں کہتے ہیں کہ ہم نے کی خطا

چوں نداند سیر میراند چو عام
بر توکل مینہد چوں کور گام
سیر سے محروم جوں عام اے فتا
بے توکل میں مقلد کور کا

بر توکل تا چہ آید در نبرد
چوں توکل کردنِ اصحاب نرد
فائدہ ایسے توکل سے ہے کیا
یہ توکل تو ہے اہلِ نرد کا[1]

واں نظر ہائے کہ آں افسردہ نیست
جز روندہ جز درندہ پردہ نیست
وہ نگاہیں جو کہ افسردہ نہیں
پردہ در ہیں اور رواں ہیں بالیقیں

---

[1] یعنی پانسہ سیدھا پڑے یا الٹا ◆

آنچہ در دہ سال خواہد آمدن
ایں زماں بیند بچشم خویشتن
دس برس کے بعد جو پیش آئے گا
آج اُن کے سامنے ہے برملا

ہمچنیں ہر کس باندازہ نظر
غیب مستقبل بہ بیند خیر و شر
دیکھنے والے بہ اندازِ نظر
دیکھتے ہیں آنے والے خیر و شر

چونکہ سدّے پیش و سدّے پس نماند
شد گذارہ چشم و لوح غیب خواند
آگے پیچھے اُن کے دیواریں نہیں
غیب کی پڑھتے ہیں لوحیں بالیقین

چوں نظر پس کرد تا بدو وجود
آخر و آغازِ ہستی رُو نمود
جب گزشتہ پہ نظر کی اے فتا
آخر و آغازِ ہستی کھل گیا

بحث املاک و زمیں با کبریا
در خلیفہ کردنِ بابائے ما
جب فرشتوں نے خدا سے بحث کی
اور خلافت حضرتِ آدمؑ کو دی

چوں نظر در پیش افگند او بدید
آنچہ خواہد بود تا محشر پدید
سامنے ڈالی نظر تو کھل گیا
ہونے والا حشر تک جو کچھ بھی تھا

پس ز پس می بیند او تا اصل اصل
پیش می بیند عیاں[1] تا روزِ فصل
پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں اصل اصل
دیکھتے ہیں سامنے تا روزِ فصل[1]

ہر کسے زاندازۂ روشن دلی
غیب را بیند بقدر صیقلی
روشنیٔ دل کے اندازے سے سب
دیکھتے ہیں غیب کے حالات اب

ہر کہ صیقل بیش کرد او بیش دید
بیشتر آمد برو صورت پدید
جس نے صیقل کی سوا دیکھا سوا
کچھ زیادہ حال اُس پہ کھل گیا

گر تو گوئی کاں صفا فضلِ خداست
نیز ایں توفیق صیقل آں عطاست
گر کہے تو ہے صفا فضلِ خدا
وہ کرے توفیق صیقل بھی عطا

---

[1] روز قیامت ٭

قدرِ ہمت باشد آں جہد و دعا	لیس للانسان الا ما سعیٰ
ہے بقدرِ ہمت اب سعی و دعا	لیس للانسان الا ما سعیٰ[۱]
واہبِ ہمت خداوند ست و بس	ہمتِ شاہی ندارد ہیچ خس
دینے والا ہمتوں کا ہے خدا	ہمتِ شاہی مگر ہو خس کو کیا
نیست تخصیصِ خدا کس را بکار	مانعِ طوع مراد و اختیار
کار آمد کب ہے تخصیصِ خدا	آرزوؤں سے وہ کب مانع ہوا
لیک چوں رنجے دہد بدبخت را	او گریزاند بکفراں رخت را
ہاں مگر جب رنج دے بدبخت کو	جانبِ کفراں بس اُس کا قصد ہو
نیکبختے را چو حق رنجے دہد	رخت را نزدیکتر وا می نہد
اور نیکوں کو خدا جب رنج دے	اُس کا ساماں قرب میں اپنے رکھے
بددلاں از بیمِ جاں در کارزار	کردہ اسبابِ ہزیمت اختیار
خوفِ جاں سے بددلاں کارزار	بھاگنے کا کر رہے ہیں انتظار
پُردلاں در جنگ ہم از بیمِ جاں	حملہ کردہ سوئے صفِ دشمناں
ہے شجاعوں کو بھی خوفِ جاں مگر	ہیں صفوں پہ دشمنوں کی حملہ ور
رستماں را ترس و غم وا پیش برد	ہم ز ترس آں بددل اندر خویش مرد
رستموں کو خوف آگے لے گیا	اور بددل خوف ہی میں ہے فنا
چوں محک آمد بلا و بیمِ جاں	زاں پدید آمد شجاع از ہر جباں
جب کسوٹی ہے بلا اور خوفِ جاں	مرد اور نامرد اس سے ہیں عیاں
حاصل آں کز وسوسہ بگریخت	از قضا ہم در قضا باید گریخت
مرد وہ جو وسوسوں سے ہے رہا	ہو گئے راضی ہے طالب کا رِ قضا

[۱] یعنی "انسان کے لئے جو کچھ ہے۔ اس کی کوشش ہی سے ہے۔"

حق تعالیٰ کا حضرت موسیٰؑ کو وحی بھیجنا

گفت موسیٰؑ را بوحیِ دل خدا   کاے گزیدہ دوست میدارم ترا
وحی میں موسیٰؑ سے یوں حق نے کہا   دوست رکھتا ہوں تجھے اے باصفا
گفت چہ خصلت بود اے ذوالکرم   موجب آں تا من آں افزوں کنم
بولے موسیٰؑ وہ ہے خصلت مجھ میں کیا   جو ہے وجہ لطف۔ تُوں اُس کو بڑھا
گفت چوں طفلے بہ پیشِ والدہ   وقتِ قہرش دست ہم بروے زدہ
بولا جیسے بچہ ماں کے سامنے   وقت غصے کے بھی لپٹا ہی رہے
خود نداند کہ جز او دیّار ہست   ہم ازو مخمور ہم ازو ست مست
گھر میں وہ جانے کسے ماں کے سوا   مست اور مخمور اُس سے ہے سدا
مادرش گر سیلئے بروے زند   ہم بمادر آید و بروے تند
ماں اگر تھپڑ بھی اُس کو مار دے   پھر بھی اپنی ماں سے وہ لپٹا رہے
از کسے یاری نخواہد غیر او   اوست جملہ خیر او و شرِّ او
کب کسی سے لیتا ہے امداد وہ   والدہ سے جو ہے اس کی خیر و شرّ
خاطرِ تو ہم ز ما در خیر و شر   التفاتش نیست با جائے دگر
خیر و شر میں تیرے دل کو بھی یونہی   کس سے ہے میرے سوا وابستگی
غیر من پیشت چو سنگ است و کلوخ   گر صبی و گر جواں و گر شیوخ
ماسوا ہے تیرے آگے ہیچ ہاں   بچہ ہو بوڑھا ہو یا کوئی جواں
ہمچناں کہ ایاک نعبد در حنین   از بلا از غیر تو لا نستعین
نغمے میں ہے "ایاک نعبد"[1] پہ یقیں   اور بلا میں ورد تیرا "نستعین"

---

[1] یعنی تو غم میں بھی یہی کہتا ہے کہ اے خدا ہم تیری ہی پرستش کرتے ہیں، اور بلا میں بھی یہی کہتا ہے کہ ہم تیرے سوا کسی سے مدد نہیں مانگتے۔

ہست ایں ایاک نعبد حصر را
در لغت آں از پئے رفع ریا
حصر ہے "ایاک نعبد" میں فتا
ہے لغت میں از پئے رفع ریا

ہست ایاک نستعین ہم بہر حصر
حصر کردہ استعانت را و قصر
حصر ہی کو ہے ایاک نستعین
استعانت کو ہے گھیرا بالیقین

کہ عبادت مر ترا آریم و بس
طمع یاری ہم ز تو داریم و بس
بس عبادت تیری ہی کرتے ہیں ہم
ہیں مدد لیتے تجھی سے ذوالکرم

ایک بادشاہ کی مصاحب سے خفگی

پادشاہے بر ندیمے خشم کرد
خواست تا از وے بر آرد دود و گرد
اک مصاحب پر ہوا سلطان خفا
عزم پھر اس کی ہلاکت کا کیا

کرد شہ شمشیر بیروں از غلاف
تا زند بروے جزائے آں خلاف
کھینچ لی تلوار باہر میان سے
تا مخالف کو سزا اس کی ملے !

ہیچکس را زہرہ نے تا دم زند
یا شفیعے بر شفاعت بر تند
تاب بھی دم مارنے کی تھی کسے
یا کوئی اس کی شفاعت ہی کرے

جز عماد الملک نامی از خواص
در شفاعت مصطفےٰ وار از خلاص
جو عماد الملک خاص اک شخص تھا
مثل پیغمبر شفاعت گو تھا

بر جہید و زود در سجدہ فتاد
در زماں شہ تیغ را از کف نہاد
اٹھا اور فوراً ہی سجدے میں گرا
ہاتھ سے تلوار کو شہ نے رکھا

---

[1] اصطلاح اہل معانی و بیاں میں کسی چیز کو کسی چیز کے ساتھ مخصوص کرنے کو کہتے ہیں صفت کو موصوف کے ساتھ یا موصوف کو صفت کے ساتھ اور "ایاک نعبد و ایاک نستعین" میں چونکہ "ک" مفعول ہے۔ اس لئے فعل پر مقدم ہو کر قصر کا فائدہ دیتا ہے۔ یعنی ہماری عبادت تیرے ہی لئے مخصوص ہے اور ہماری مدد طلبی بھی تجھی سے مخصوص ہے

گفت اگر دیو است من بخشیدمش
ور بلیسی کرد من پوشیدمش
بولا، بخشا گو کہ وہ شیطان سہی
شیطنت اُس نے اگرچہ مجھ سے کی

چونکہ آمد پائے تو اندر میاں
راضیم گر کرد مجرم صد زیاں
جبکہ تیرا پاؤں آیا درمیاں
ہوں میں راضی گو کئے اُس نے زیاں

صد ہزاراں خشم را تانم شکست
کہ ترا آں فضل و آں مقدار ہست
لاکھ ہوں غصّے مرے تجھ پہ نثار
تجھ میں ہے وہ فضل۔ ایسا اقتدار

لابہات را ہیچ نتوانم شکست
زانکہ لابۂ تو یقیں لابۂ من ست
کیوں کروں میں رد سفارش کو تری
یہ سفارش ہے تری گویا مری

گر زمین و آسماں برہم زدے
زانتقامم ایں مرد بیروں نامدے
کرتا گر برہم زمین و آسماں
یہ نہ پاتا میرے غصّے سے اماں

ور شدے ذرّہ بذرّہ لابہ گر
او نبردے ایں زماں ز تیغ سر
کرتا منت ذرہ ذرہ بھی اگر
تیغ سے میری نہ بچتا اُس کا سر

بر تو می ننہیم منّت اے کریم
لیک شرح عزّت تست اے کریم
تجھ پہ کچھ احسان نہیں ہے اے کریم
ہے تری عزّت کی یہ شرح عظیم

ایں نکردی تو کہ من کردم یقیں
اے صفاتت در صفات ما دفیں
کیا کیا تو نے یہ خود میں نے کیا
ہر صفت تیری ہے میری برملا

تو دریں مستعملی نے عاملی
زانکہ محمول منی نے حاملی
اس میں مستعمل ہے تو عامل نہیں
ناز کا محمول ہے، حامل نہیں

ما رمیت اذ رمیت گشتۂ
خویشتن در موج چوں کف ہشتۂ
ما رمیت اذ رمیت تو بنا
موج کا گویا کہ تو کف ہو گیا

لا شدی پہلوئے الّا خانہ گیر
اے عجب کہ ہم اسیری ہم امیر
ہو گئے "لا" "الّا" میں ہے تو خانہ گر
خود امیر سلطنت ہے خود اسیر

آنچہ دادی تو ندادی شاہ داد   اوست بس اللہ اعلم بالرشاد
تو نے جو کچھ ہے، دیا شہ نے دیا   ہے وہی۔ آگے خدا ہے جانتا

معتوب کا غصے ہو کر سفارشی سے دوستی قطع کرنا

واں ندیم رستہ از خوفِ بلا !   زیں شفیع آورد گردید از ولا
جب ندیم اس خوف و غم سے چھٹ گیا   تھا سفارش کرنے والے سے خفا
دوستی ببرید زاں مخلص تمام   رو بحائط کرد تا نارد سلام
منقطع کی یار سے یاری تمام   منہ کو موڑا تا نہ وہ کر دے سلام
زاں شفیع خویشتن بیگانہ شد   زیں تعجب خلق را افسانہ شد
اُس سفارش گر سے بیگانہ ہوا   خلق میں یہ امر افسانہ ہوا
گر نہ مجنونست یاری چوں برید   از کسے کہ جان او را وا خرید
گر نہ تھا پاگل تو کیوں کی بد دلی   اُس سے جس نے جان اُس کی مول لی
کاں خریدش آمدم از گردن زدن   خاک نعل پائش بایستے شدن
قتل ہونے سے بچایا واقعی   خاک بنتا کاش اُس کے کفش کی
باز گونہ رفت و بیزاری گرفت   با چنیں دلدار کیں داری گرفت
پھر گیا۔ بیزار اُس سے ہو گیا   کینہ جو بیکار اُس سے ہو گیا
پس ملامت کرد او را ناصحے   کایں جفا چوں میکنی با مصلحے
پس ملامت اُس کو اک ناصح نے کی   ایسے مصلح سے نظر کیوں پھیر لی
جان تو بخرید آں دلدار خاص   آندم از گردن زدن کردت خلاص
جان خریدی تیری اس دلدار نے   قتل ہونے سے بچایا یار نے
گر جفا کردے نبایستے رمید   خاصہ نیکی کرد آں یارِ حمید
وہ جفا کرتا تو سہہ لیتا مگر   اب تو نیکی کی ہے اُس نے خاصکر

گفت بہرِ شاہ مبذول ست جاں　　او چرا آید شفیع اندر میاں
بولا میری جان ہے شہ پہ فدا　　وہ ہمارے درمیاں کیوں آپڑا

لی مع اللہ وقت بود آندم مرا　　لا یسع فیہ نبی مجتبےٰ [1]
یعنی شہ میں اُس دم خدا کے ساتھ تھا　　تھی نبی کو بھی نہ گنجائش کی جا

من نخواہم رحمتے جز زخمِ شاہ　　من نخواہم غیر آں شہ را پناہ
میں نہیں کچھ چاہتا جز زخمِ شاہ　　اور سوا اُس کے کسی کی کیوں پناہ

غیر شہ را بہر آں لا کردہ ام　　کہ بسوئے شہ تولا کردہ ام
غیر شہ سے اس لئے انکار ہے　　دوستی شہ کی مری غمخوار ہے

گر ببرد او بقہرِ خود سرم　　شاہ بخشد شصت جان دیگرم
قہر سے اپنے جو وہ سر کاٹ دے　　ساٹھ جانیں مجھ کو گویا اور دے

کارِ من سر بخشی و بیخویشی ست　　کارِ شاہنشاہِ ما سر بخشی ست
کام میرا ، سر نثاری ، بیخودی　　اور جاں بخشی ہے عادت شاہ کی

فخر آں سر کہ کفِ شاہش برد　　ننگ آں سر کہ بغیرے سر برد
فخر اُس سر پہ جسے شہ کاٹ لے　　ننگ ہے وہ سر جو غیروں میں جھکے

شب کہ شاہ از قہر در قیرش کشید　　ننگ دارد از ہزاراں روزِ عید
رات جس کو شاہ سے ظلمت ملی　　عید کے دن سے بھی ہے اُجلی ہوئی

خود طوافِ آنکہ او شہ بیں بود　　فوق قہر و لطف و کفر و دیں بود
بس طواف اُس کا کہ جو ہے شاہ بیں　　کفر سے اور دیں سے بالا ہے کہیں

---

[1] چنانچہ آنحضرت فرماتے ہیں کہ لی مع اللہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبی مرسل۔ یعنی مجھ پہ قرب الٰہی میں ایک ایسا وقت آتا ہے۔ کہ نہ اُس میں کسی مقرب فرشتے کی گنجائش ہوتی ہے۔ اور نہ کسی نبی مرسل کی ٭

زاں نیامد یک عبارت در جہاں
بس نہانست و نہانست و نہاں
ہے جہاں میں کب عبارت اس کا عیاں
وہ نہاں ہے وہ نہاں ہے وہ نہاں

زانکہ ایں اسماء و الفاظِ حمید
از گلابہ آدمی آمد پدید
ہیں یہ الفاظ اور اسماء جس قدر
آدمی کی آب و گل سے ہیں پیدا

عَلَّمَ الاسماء بُد آدم را امام
لیک نے اندر لباسِ عین و لام
عَلَّمَ الاسماء[1] تھا آدم کا امام
گو نہ تھا اُن پر لباسِ عین[2] و لام

چوں نہاد آں آب و گل بر سر کلاہ
گشت از اسمائے جانی روسیاہ
آب و گل نے جب رکھی سر پر کلاہ
ہو گیا اسمائے جاں سے روسیاہ

گر نقاب حرف و دم در خود کشید
تا شود بر آب و گل معنی پدید
گر نقاب حرف و دم میں تھی نہاں[3]
تا کہ آب و گل پہ معنی ہوں عیاں

گرچہ از خصم شہم کرد او خلاص
لیک ہم شہ شد مرا حقاً مناص
کر دیا گو رستگارِ[4] قہرِ شاہ
تھا مگر وہ شاہ بھی میری پناہ

گرچہ از یک وجہ منطق کاشفست
لیک از دہ وجہ پردہ و مکتنفست
اک سبب ظاہر ہے میرے نطق سے
دس سبب ہیں اور بھی لیکن چھپے

حضرت جبرئیلؑ و حضرت خلیلؑ کی گفتگو

من خلیلِ وقتم و او جبرئیل
من نخواہم در بلا او را دلیل
میں[5] خلیلِ وقت ہوں وہ شہ جبرئیل
رنج میں اس کو کروں میں کیوں دلیل

---

[1] ارشاد باری تعالیٰ ہے وعلّم آدم الاسماء کلّھا اور اس نے آدم کو تمام چیزوں کے نام سکھا دیے ۔ [2] یعنی علم ۔ [3] یعنی جان نہاں تھی ۔

[4] رہا شدہ مجرم کر دیا ہے ۔

[5] یعنی سفارش کرنے والا ۔

اُو ادب ناموخت از جبریلؑ راد
کہ بپرسید از خلیلؑ حق مراد
وہ ادب سیکھا نہ کیوں جبریلؑ سے
یوں جو ابراہیمؑ سے تھے پوچھتے

کہ مرادت ہست تا یاری کنم
ورنہ بگریزم سبکباری کنم
کوئی حاجت ہو تو میں یاری کروں
ورنہ پھر جانے کا تم سے اذن لوں

گفت ابراہیمؑ نے رَو از میاں
واسطہ زحمت بود بعد العیاں
بولے حضرتؑ کیوں پڑو تم درمیاں
واسطہ تکلیف ہے بعدِ عیاں

بہر اہلِ دنیاست مرسل[2] رابطہ
مومناں را زانکہ ہست[1] و واسطہ
ہر نبیؑ ہے اس جہاں میں رابطہ
ہے ہر اک مومن کا اُس بے واسطہ

ہر دلے را سامع بدے وحیٔ نہاں
حرف و صوتے کے بُدے اندر میاں
سنتا ہر اک دل اگر وحیٔ نہاں
کیوں صدا اور لفظ ہوتے درمیاں

گرچہ او محوِ حقست و بے سرست
لیک کارِ من ازاں نازکتر است
گرچہ محوِ حق ہے وہ بھی لاکلام
اُس سے نازک تر ہے لیکن میرا کام

کردۂ او کردۂ شاہست لیک
پیشِ چشمم بدنمایندہ ست نیک
فعل اس کا فعل ہے سلطان کا
ہے مری نظروں میں لیکن ناروا

آنچہ عینِ لطف باشد بر عوام
قہر شد بر نازنینانِ کرام
عام لوگوں کو جو ہے لطف اے اخی
نازنینوں پر وہی ہے قہر بھی

کاین بلا و رنج می باید کشید
عامہ را تا فرق را تانند دید
جب اٹھائیں وہ بھی یہ رنج و بلا
فرق جو معلوم انہیں اس بات کا

اینحروفِ واسطہ اے یارِ غار
پیشِ واصل خار باشد خار خار
یہ حروفِ واسطہ اے یارِ غار
جیسے واصل سامنے اُس کے ہیں خار

---

[1] قولِ مشہور ہے کہ "لاواسطہ بعد العیان"۔

[2] یعنی سفارشی ۔

پس بلا و رنج بایست و وقوف	تا رہد آں روح صافی از حروف
ہو جدا سرگشتہ رنج و بلا	تا ہو روح پاک لفظوں سے رہا
لیک بعضے زیں بلا کدر شدند	باز بعضے صافی و برتر شدند
بعض کدر ان بلاؤں سے ہوئے	اور بعضے برتر و بہتر ہوئے
ہمچو آب نیل آمد ایں بلا	سعد را آبست و خوں اشقیا[1]
مثل آب نیل کے ہے یہ بلا	نیک کو آب اور خون اشقیا[1]
ہر کہ پایاں بیں تر او مسعودتر	جد تر او کارد کہ افزون برد بر
تھا جو آخر بیں وہی مسعود تھا	جو سوا بوئے گا کاٹیگا سوا
زانکہ داند کایں جہاں کاشتن است	ہست بہر محشر و بر داشتن
جانتا ہے اس جہاں کو کاشت کا	حشر کے دن کچھ اُٹھے گا فائدہ
ہیچ عقدے بہر عین خود نبود	بلکہ از بہر مقام ربح و سود
کب گرہ بے فائدہ کوئی لگے	بلکہ سود اور فائدہ کے واسطے
ہیچ نبود منکرے گر بنگری	منکریش بہر عین منکری
اور منکر کا کوئی انکار بھی	منکری محض کب ہے منکری
بل برائے قہر خصم اندر حسد	یا فزونی جستن و اظہار خود
ہاں حسد سے قہر دشمن کے لئے	یا نمود ظاہری کے واسطے
واں فزونی ہم پئے طمعے دگر	بیمعانی چاشنی ندہد صور
ہے نمودوں میں بھی لالچ دوسرا	یعنی بے باطن ہے ظاہر بے مزا
زاں ہمی پرسی چرا ایں میکنی	کہ صور زیت[2] است و معنی روشنی
پوچھتا ہے وجہ تو ہر کام کی	صورتیں روغن[2] ہیں - معنی روشنی

---

[1] شقی کی جمع - بُرے ✦

[2] یعنی روغن زیتون ✦

ورنہ ایں گفتن چرا از بہر چیست
چونکہ صورت بہر عین صورت نیست
فائدہ ہے پوچھنے میں کیا مجھے
جب ہے ظاہر صرف ظاہر کے لئے

ایں چرا گفتن سوال از فائدہ است
جز برائے ایں چرا گفتن بد است
پوچھنے سے ہے یہی اک فائدہ
ورنہ پھر بیکار ہوتا پوچھنا

از چہ رو فائدہ جوئی اے امیں
چونکہ باشد فائدہ ایں خود ہمیں
اور اس سے کون سا ہے فائدہ
گر وہ خود ہو فائدہ پھر پوچھ کیا

پس نقوش آسمان و اہل زمیں
نیست حکمت کو بود بہر ہمیں
پس ہے ہر نقش زمین و آسماں
نقش ہی کے واسطے کب ہے عیاں

گر حکیمے نیست ایں ترتیب چیست
ور حکیمے ہست چوں فعلش تہی ست
گر نہیں حکمت تو پھر ترتیب کیا
ہے جو حکمت فعل خالی کب رہا

کس نسازد نقش گرمابہ خضاب
جز پئے قصد صوابے نا صواب
کون ہو حمام میں آراستہ
عزم اگر اس کا نہ ہو اچھا برا

ہر چہ بینی در جہاں از آیتے
ہست بہر معنئے و حکمتے
اس جہاں میں جو نشاں ہے دیکھتا
ہے وہ معنی اور حکمت کے لئے

حضرت موسیٰ اور اللہ تعالیٰ میں سوال و جواب

گفت موسیٰ اے خداوند حساب
نقش کردی باز چوں کردی خراب
بولے موسیٰ اے خداوند حساب
نقش کر کے کیوں کیا اس کو خراب

نر و مادہ نقش کردی جاں فزا
وانگہے ویراں کنی آں را چرا
مرد و عورت کو بنایا خوشنما!
پھر انہیں برباد تو نے کیوں کیا

---

[1] یعنی صورت بنا کر ۔

گفت حق دانم کہ ایں پرسش ترا
نیست از انکار و غفلت وز ہوا
حق نے فرمایا کہ یہ پرسش تیری
حرص سے اور کاہلی سے ہے نہیں

ورنہ تادیب عتابت کردمے
بہر ایں پرسش ترا آزردمے
ورنہ تجھ پر ہوتا تادیبا عذاب
پہنچتا اس پرسش سے تجھ کو اضطراب

لیک میخواہی کہ در افعال ما
باز جوئی حکمت و ستر قضا
تو ہمارے فعل میں ہے چاہتا
درک اگرچہ حکمت و اسرار کا

تا ازاں واقف کنی ہر عام را
پختہ گردانی بدیں ہر خام را
تاکہ اس سے لوگوں کو واقف کرے
پختگی ہر خام کو اس سے ملے

قاصدا سائل شدی در کاشفی
بر عوام ارچہ کہ تو زاں واقفی
تو نے قصداً یہ سوال اب ہے کیا
تاکہ سب جانیں جو تو ہے جانتا

زانکہ نیم علم آمد ایں سوال
ہر برونے را نباشد ایں مجال
نصف آگاہی ہے خود تیرا سوال
ہر کس و ناکس کی کب ہے یہ مجال

ہم سوال از علم خیزد ہم جواب
ہمچنانکہ خار و گل از خاک و آب
علم ہی سے ہیں سوالات اور جواب
خار و گل کو جیسے لازم خاک و آب

ہم ضلال از علم خیزد ہم ہدیٰ[1]
ہمچنانکہ تلخ و شیریں از ندا
علم ہی سے گمراہی ہے اور ہدیٰ
تلخ و شیریں کی مظہر ہے ندا

ز آشنائی خیزد ایں بغض و ولا[2]
وز غذائے خوش بود سقم و شفا
دوستی سے بغض پیدا اور ولا
ہے غذا وجہ مرض اور وجہ شفا

مستفید اعجمی شد آں کلیم
تا عجمیاں را کند زاں سر علیم
نافہم کو بن گئے نادان کلیم
تاکہ ہوں نادان واقف اسکے مغز کا

---

[1] ہدایت ۔
[2] محبت ۔

ما ہم از وے ابلہی سازیم خویش	تا نخش آریم چوں بیگانہ خویش
ہم بھی ناداں بن کے کام اپنا کریں	ہیں جواب اُس سے جو بیگانہ بنیں
خرفروشاں[1] خصیم ہمدیگر شدند	تا کلید قفل آں در آمدند
خرفروش سب آپس میں دشمن ہو گئے	آخر اُس دروازے کی کنجی بنے
پس بفرمودش خدا اے ذولباب	چوں بپرسیدی بیا بشنو جواب
پس ہوا ارشادِ حق اے خوش خطاب	تو نے پوچھا ہے تو اب سُن لے جواب
موسیا تخمے بکار اندر زمیں	تا تو خود ہم وادہی انصاف ایں
بیج کچھ موسیٰ زمیں میں ڈال دے	تا کہ خود انصاف تو اس کا کرے
چونکہ موسیٰ کشت شد کشتش تمام	خوشہ ہایش یافت خوبی و نظام
بیج جب موسیٰ نے بوئے خوب اُگے	خوشے اُن کے اک نظامِ خاص سے
داس بگرفت و مر آنہا را برید	پس ندا از غیب در گوشش رسید
لیکے ہنسیہ اُن کو کاٹا شوق سے	غیب سے پس آئی یہ آواز اُسے
کہ چرا کشتی کنی و پروری	چوں کمالے یافت آں را میبری
بو یا کیوں کھیتی کو اور پالا اُسے	جب مکمل ہو گئی کاٹا اُسے
گفت یارب زاں کنم ویراں و پست	کہ درینجا دانہ ہست و کاہ ہست
بولے یارب اس لئے کاٹا اسے	تھی یہاں گھاس اور کچھ دانے بھی تھے
دانہ لائق نیست در انبارِ کاہ	کاہ در انبارِ گندم ہم تباہ
دانہ کب ہے لائق انبارِ کاہ	گھاس بھی گیہوں میں مل کر ہو تباہ
نیست حکمت ایں دو را آمیختن	فرق واجب میکند در بیختن
دونوں کی آمیزشیں اچھی نہیں	ہے الگ کرنا ہی ان کا بہتریں

---

[1] گدھے (نفس) کو بیچنے والے۔ فلسفی اور گمراہ لوگ۔

گفت ایں دانش ز کہ آموختی   نور ایں شمع از کجا افروختی
پوچھا حق نے کس سے یہ حکمت لا   نور سے کس کے یہ روشن شمع کی

گفت تمییزم تو دادی اے خدا   گفت پس تمییز چوں نبود مرا
بولے دی تمییز تو نے اے خدا   بولا، پھر مجھ میں نہیں تمییز کیا

در خلائق روحہائے پاک ہست   روحہائے تیرہ و گلناک ہست
اس جہاں میں ہیں بہت ارواح پاک   ہیں بہت تاریک آلودہ بخاک

ایں صدفہا نیست در یک مرتبہ   در یکے دُر است و در دیگر شبہ
سیپیاں رتبے میں کب یکساں رہیں   ایک میں ہے پت موتی ایک میں

واجب است اظہار ایں نیک و تباہ   ہمچنانکہ اظہار گندمہا ز کاہ
فرق واجب نیک و بد کا تھا کیے   جس طرح گیہوں نکالیں گھاس سے

بہر اظہار است ایں خلق جہاں   تا نماند گنج حکمتہا نہاں
ہے یہ اظہار یہ خلق جہاں   گنج حکمت تا نہ رہ جائے نہاں

کنت کنزاً گفت مخفیاً شنو   جوہر خود گم مکن اظہار شو
کنت کنزاً مخفیاً سن اے نگار   اپنا جوہر گم نہ کر ہو آشکار

روح حیوانی چھپا اور روح وحی روغن ہے

جوہر صدقت خفی شد در دروغ   ہمچو طعم روغن اندر طعم دوغ
صدق تیرے جھوٹ میں ہے تہ   چھاچھ میں جس طرح روغن ہو چھپا

آں دروغت ایں تن فانی بود   راستت آں جان ربانی بود
جھوٹ ہے اس تن فانی کو جان   صدق جان روح ربانی کو جان

سالہا ایں دوغ تن پیدا و فاش   روغن جاں اندرو فانی و لاش
تن سے چھاچھ حق کی ہے عیاں   روغن جاں اس میں لاشے اور نہاں

تا فرستد حق رسولے بندۂ　　دوغ را در خمرہ جنبانندۂ
تا نبیؐ نازل کرے کوئی خدا　　اپنے ہاتھوں سے بلوئے وہ مٹھا

تا بجنباند بہنجار و بفن　　تا بدانم من کہ پنہاں بود من
جنبشیں اس طرح دے وہ بر ملا　　تا میں سمجھوں اس میں شے کیا تھا چھپا

یا کلام بندۂ کاں جزو اوست　　در رود در گوش آنکہ وحی جوست
یا کلام اُس کا۔ جو ہے جزو نبیؐ　　جائے اُن کانوں میں جو ہیں وحی جو

اذن مومن وحی ما را واعی است　　آنچناں گوشے قرین داعی است
گوش مومن وحی کا ہے یاد دار　　جس طرح سے ہے کان پیغمبرؐ کا یار

آنچنانکہ گوش طفل از گفت مام　　پر شود ناطق شود او در کلام
کان میں بچے کے جوں ماں کی صلا　　جاتی ہے اور اُس سے ہے وہ بولتا

ور نباشد طفل را گوش رشد　　گفت مادر نشنود گنگے شود
کان بچے کے اگر شنوا نہ ہوں　　پھر سُنے وہ گفتگو مادر کی کیوں

دائماً ہر کر اصلی گنگ بود　　ناطق آنکس شد کہ از مادر شنود
ہے جو جنم کا بہرا۔ گونگا دیکھ لے　　بولے وہ جو ماں کی باتوں کو سُنے

دانکہ گوش کر و گنگ از آفتیست　　ز آنکہ در گوشش رسیدہ علتیست
ہاں جو گونگا بہرا ہو امراض سے　　کان جس کے سقم سے بہرے ہوئے

او نپذیرائے دم تعلیم نیست　　لاجرم مر نطق را تسلیم نیست
ہو سکے وہ لائق تعلیم کیا　　نطق کو پھر کر سکے تسلیم کیا

آنکہ بے تعلیم بُد ناطق خداست　　کہ صفاتش ز علتہا جداست
جو ہے بے تعلیم ناطق ہے خدا　　علتوں سے ہیں صفات اس کی جدا

---

[1] یعنی وہ سُن سکتا ہے مگر بعد شفا ۔

یا چو آدم کردہ تعلیمش خدا
بے حجاب مادر و دایہ و ددا

یا جو تھی آدم کو تعلیم خدا!
دایہ اور ماں کا نہ تھا پردہ پڑا

یا مسیحا کہ بتعلیم ودود
در ولادت ناطق آمد در وجود

یا مسیحا حق کی جو تعلیم سے
باتیں پیدا ہوتے ہی کرنے لگے

از برائے دفع تہمت در ولاد
کہ نزادست از زنا و از فساد

تہمت تولید کو زائل کیا
میں زنا سے تو نہیں پیدا ہوا

جنبشے بایست اندر اجتہاد
تا کہ دوغ آں روغن از دل بزاد

اس طرح اس کو ہلانا چاہیے
چھاچھ تا کر دینا مکھن چھوڑ دے

روغن اندر دوغ باشد چوں عدم
دوغ در ہستی بر آوردہ علم

چھاچھ میں مکھن ہے یوں جیسے عدم
چھاچھ نے ہستی میں رکھا ہے قدم

آنکہ ہستت مینماید ہست پوست
وانکہ فانی مینماید اصل اوست

پوست ہے جو ہست آتا ہے نظر
اصل وہ ہے جو عدم ہے اے پسر

دوغ روغن ناگرفتست و کہن
تا ندادی یزدنی بنہ خو جنبش مکن

گو نہ مکھن چھاچھ سے تو لے سکے
گو کہن ہو اُس کو یونہی چھوڑ دے

ہیں بگردانش بدانش دست دست
تا نماید آنچہ پنہاں کردہ است

رفتہ رفتہ عقلمندی سے ہلا
تا کہ ظاہر ہو جو اُس میں ہے چھپا

آنکہ ایں فانی دلیل باقی است
لابہ مستاں دلیل ساقی است

چونکہ یہ فانی ہے باقی کی دلیل
عجز مستوں کا ہے ساقی کی دلیل

روغن اندر دوغ پنہاں می شود
ہر چہ پیدا سازی تو آں آں می شود

چھاچھ میں از بسکہ مکھن ہے چھپا
جو کرے گا تو وہی ہو جائے گا

اسی مطلب کی دوسری مثال

ہست بازیہائے آں شیرِ علم
مخبرے از بادہائے مکتتم
جنبشیں شیرِ علم کی اے پسر
دیتی ہیں مخفی ہواؤں کی خبر

گر نبودے جنبشِ آں بادہا
شیرِ مردہ کے بجستے در ہوا
گر نہ دیتی جنبشیں اس کو ہوا
شیر مردہ کیوں اچھلتا کودتا

زاں شناسی باد را گر آں صباست
یا دبورست ایں بیانِ آں خطاست
اس سے جانے تو یہ ہے بادِ صبا
اور وہ تو ہے بیان اس کا خطا

ایں بدن مانندِ آں شیرِ علم
فکر میجنباند اورا دمبدم
یہ بدن ہے صورتِ شیرِ علم[1]
فکر سے جنبش ہے اس کو دمبدم

بادکاں از مشرق آید آں صباست
وانکہ از مغرب دبور باوباست
جو ہو مشرق سے آئے ہے صبا
جو چلے مغرب سے تو ہے برملا

مشرقِ ایں بادِ فکرت دیگرست
مغربِ ایں بادِ فکرت زاں سرست
دوسرا مشرق ہے بادِ فکر کا
اس کا مغرب بھی ہے بیشک دوسرا

مہ جماد است و بود شرقش جماد
جانِ جانِ جاں بود شرقش فؤاد
چاند کا مشرق جمادِ آسمان
دل ہے مشرق جاں کا جو ہے جانِ جاں

شرقِ خورشیدے کہ شد باطن فروز
قشر و عکسِ آں بود خورشید روز
پھر وہ سورج جو ہے باطن کی ضیا
عکس اس کا ہے یہ سورج روز کا

زانکہ چوں مردہ بود تن بے لہب
پیشِ او نے روز بنماید نہ شب
بے ضیا تن مردہ ہوتا ہے پسر
رات دن کب اس کو آتے ہیں نظر

---

[1] وہ شیر جو علم کے پھریرے پر بنا ہوتا ہے۔

ورنہ باشد آں چو ایں باشد تمام	بے شب و بے روز دارد انتظام
وہ[1] نہ ہو اور یہ[2] اگر باقی رہے	نظم ہو عالم کا بے دن رات کے
ہمچنانکہ چشم می بیند بخواب	بے مہ و خورشید ماہ و آفتاب
خواب میں جوں آنکھ دیکھے مہر و ماہ	بے مہ و خورشید کے بے اشتباہ
نوم ما چوں شد اخ الموت اے فلاں	زیں برادر آں برادر را بداں
موت کا بھائی ہے خواب اے فلاں	جان اس بھائی سے اس کو بے گماں
ور بگوید مت کہ ہست ایں فرع ایں	مشنو آں را اے مقلد بے یقیں
گر کہیں وہ شاخ ہے اس جڑ کی	اے مقلد تو نہ مان اس کو کبھی
می ببیند خواب جانت وصف حال	کہ بہ بیداری نہ بینی بیست سال
جان تیری خواب میں دیکھے وہ حال	تو نہ بیداری میں دیکھے بیس سال
در پئے تعبیر آں تو عمرہا	می دوی سوئے شہان با دہا
اور تو تعبیر پوچھنے کے لئے	عاقلوں کو مدتوں گھیرے پھرے
کہ بگو انخواب را تعبیر چیست	فرع گفتن ایں چنیں سر را سگیست
ہاں کہو تعبیر کیا اس خواب کی	فرع کہنا تو ہے اک شان سگی
خواب عامہ ست ایں خود خواب خاص	باشد اصل اجتبا و اختصاص
ہے تو خواب عامہ کے ہیں خواص	خواب میں مخصوص ان کے جو ہیں خاص
پیل باید تا چو خسپد اوستاں	خواب بیند خطۂ ہندوستاں
فیل ہو تا چت جو لیٹے بے گماں	خواب میں آئے نظر ہندوستان
خر نہ بیند ہیچ ہندوستاں بخواب	خر ز ہندستاں نکردہ ست اغتراب
خواب میں ہندوستان دیکھے نہ خر	کب گیا ہے ہند سے اس نے سفر

---

[1] آفتاب ظاہری - [2] آفتاب باطنی +

[3] یعنی اسی دنیا کے خیال خواب میں نظر آتے ہیں +

جان ہمچوں پیل باید نیک زفت	تا بخواب او ہند تاند رفت تفت
فیل کی مانند کر جان کو قوی	خواب میں تا ہند تک جائے کبھی
ذکرِ ہندستاں کند پیل از طلب	پس مصور گردد آں ذکرش بشب
ہند کا ذکر اور طلب فیلوں کو ہو	ذکر بن جاتے مصور رات کو
اذکروا اللہ کارِ ہر اوباش نیست	ارجعی بر پائے ہر قلاش نیست
ذکرِ شے ہے کب کام ہر اوباش کا	ارجعی نہ کب کام ہے قلاش کا
لیک تو آیس مشو ہم پیل باش	ور نہ پیلی در پے تبدیل باش
تو نہ ہو مایوس۔ اچھا پیل ہو	گر نہیں ہے پیل تو تبدیل ہو
کیمیا سازانِ گردوں را ببیں	بشنو از مینا گراں ہر دم طنیں
دیکھ جو ہیں کیمیا گر چرخ پر	ذکر سُن مینا گروں کا بے خبر
نقش بندانند در جوّ فلک	کار سازانند بہرِ لی و لک
ہیں خلا کے چرخ میں وہ خوش طراز	جو ہیں میرے اور تیرے کارساز
گر نہ بینی خلق مشکیں جیب را	بنگر اے شب کور آں آسیب را
گر نہ دیکھے ان معنبر جیب کو	اے رتوندی دیکھ اس آسیب کو
ہر دم آسیبیست بر ادراکِ تو	نبت نو نو رستہ بیں از خاکِ تو
جو ترے ادراک پر ہے ہر گھڑی	جسم پر تیرے اگیں گھاسیں نئی

[1] بنحوائے۔ اذکروا اللہ ذکراً کثیراً۔ یعنی اللہ کا ذکر بہت زیادہ کیا کرو۔

[2] بنحوائے "ارجعی الیٰ ربک راضیۃ مرضیۃ" یعنی اپنے رب کی طرف ہنسی خوشی لوٹو۔

[3] آسمان بنانے والے یعنی فرشتے۔

[4] خیالات فاسدہ سے مراد ہے۔

زیں مُبدا ابراہیمؒ ادہمؒ دید خواب   بسطِ ہندستان وذکر ایں حجاب
دیکھا ابراہیم ادہم نے جو خواب   بسطِ ہندستان کا۔ ذکرِ حجاب

لاجرم زنجیرہا را بردرید   مملکت برہم زد و شد ناپدید
بھاگے زنجیریں تڑا کر ایک بار   سلطنت سے ہو گئے اپنی فرار

ایں نشانِ دیدِ ہندستاں بود   کہ جہد از خواب و دیوانہ شود
یہ نشان ہندوستان کی دید کا   خواب سے چونکے تو وحشت تھی سوا

میفشاند خاک بر تدبیرہا   میدراند حلقۂ زنجیرہا
ڈال دیتی خاک ہے تدبیر پہ   بھاگ نکلے توڑ کر زنجیر وہ

ترک گیرد ملک و دنیا سربسر   جملگی برہم زند آید بدر
ملک و دنیا ترک کرکے سربسر   کر لیا سب سے کنارہ اے پسر

آنچنانکہ گفت پیغمبرؐ زنور   کہ نشانش آں بود اندر صدور
کی ہے پیغمبرؐ نے یوں تشریحِ نور   سینوں میں ہوتا ہے یوں اُس کا ظہور

کہ تجافی دار و از دار الغرور   ہم انابت دارد از دار السرور
یعنی وہ اس دنیا سے اک نفرت کرے   اور جنّت کی طرف رغبت کرے

بہر شرح ایں حدیثِ مصطفےٰ   داستانے بشنو اے یارِ صفا
اب کروں شرح حدیثِ مصطفےٰؐ   مجھ سے سن اک داستاں اے باصفا

۱؎ مشہور ہے۔ کہ حضرت ابراہیم ادہمؒ نے خواب میں ایک شخص کو اپنی چھت پر کچھ ڈھونڈتے دیکھا۔ پوچھا۔ کیا ڈھونڈتا ہے۔ کہا۔ اونٹ ڈھونڈتا ہوں۔ بولے۔ کیسا بے وقوف ہے۔ چھت پر اونٹ کہاں سے آیا۔ اس نے کہا۔ تو بیوقوف نہیں۔ جو سلطنت میں خدا کو ڈھونڈتا ہے! یعنی یہ سلطنت تھوڑی اور تنگ ہے۔ اور ہندوستان جو اصل مبدا ہے۔ سراسر بسط اور فراخ۔ جس کی یہ سلطنت ہی حجاب ہے۔

ایک شہزادے کا بادشاہ حقیقی کی صورت دیکھنا

پادشاہے داشت یک برنا پسر	باطن و ظاہر مزین از ہنر
اک پسر اک بادشہ کا تھا جواں	تھا ہنر در باطن و ظاہر عیاں
خواب دید او کاں پسر ناگہ بمرد	صافیِ عالم بر آں شہ گشت دُرد
خواب دیکھا شاہ نے وہ مر گیا	اک جہاں اندھیر نظر دل میں ہوا
خشک شد از تاب آتش مشک او	کہ نماند از تفِ آتش اشک او
سوز غم سے دل جو اس کا خشک تھا	ایک آنسو بھی نہ گرمی سے رہا
آنچناں پُر شد ز دود و درد شاہ	کہ نمی یابید در وے راہ آہ
اس قدر غم سے بھرا وہ بادشاہ	بس سمائی پھر نہ اس کے دل میں آہ
خواست مُردن قالبش بیکار شد	عمر ماندہ بود شہ بیدار شد
دل ہوا بیکار، مشکل زندگی!	جاگ اٹھا۔ عمر باقی تھی ابھی
شادیے آمد ز بیداریش پیش!	کو ندیدہ بود اندر عمر خویش
جاگنے سے وہ خوشی حاصل ہوئی	عمر بھر میں جو کبھی دیکھی نہ تھی
کہ ز شادی خواست ہم فانی شدن	پس مطوق آمد ایں جاں با بدن
تھی خوشی ایسی کہ شادی مرگ تھا	روح میں لیکن بدن الجھا رہا
از دم غم مے بمیرد ایں چراغ	وز دم شادی بمیرد اینت لاغ
بجھتی ہے یہ شمع غم کی پھونک سے	پھونک سے شادی کی بھی بے شک بجھے
درمیان ایں دو مرگ او زندہ است	ایں مطوق شکل جائے خندہ است
وہ ہے زندہ درمیان دو قضا	ہنسنے کے لائق ہے انساں اے فتا
شاہ با خود گفت شادی را سبب	آنچناں غم بود از تبدیل رب
وجہ شادی شاہ نے دل میں کہا	ہے وہی غم جو خدا نے تھا دیا

ایں عجب یک چیز از یک شے مرگ
وز یکے روز زندگی و رخت و برگ

ایک رخ اک چیز کا مرگ و قضا !
اور وہ چیز زندگی رخ دوسرا

آں یکے نسبت بداں حالت ہلاک
باز ہم از سوئے دیگر امتساک

اک طرح اک شے قضا ہوئے گماں
دوسری صورت میں وہ ہو پاسباں

شادیٔ تن سوئے دنیاوی کمال
سوئے روز عاقبت نقص و زوال

ہے خوشی تن کی پئے دنیا کمال
اور پھر عاقبت نقص و زوال

خندہ را در خواب ہم تعبیر دال
گریہ گوید با دریغ و اندہاں

خواب میں ہنسنے کی گر تعبیر ہے
رو دیگا ہر ہنسنے والا یوں کہے

گریہ را در خواب شادی و فرح
ہست در تعبیر اے صاحب مرح

اور جو روئے خواب میں ہو شادماں
ہے یہی تعبیر اس کی بے گماں

شاہ اندیشید کایں غم خود گذشت
لیک جاں از جنبش ایں پر شکست

شاہ نے سوچا گزرا غم تو گیا
وہم لیکن مجھ کو اس سے ہو گیا

گر رسد خارے چنیں اندر قدم !
گر رود گل یادگارے بایدم

پاؤں میں کانٹا اگر ایسے چبھے
جائے گل تو کچھ نشان اس کا رہے

چشم زخمے زیں مبادا کہ شود
یادگارے بایدم گر او رود

ہو مبادا اس سے گر صدمہ کبھی
یادگار اس کی رہے باقی کوئی

چوں فنا را شد سبب بے منتہا
پس کدامیں راہ را بندیم ما

جب فنا کے ہیں سبب بے انتہا
کون سا پھر بند کیجے راستا

صد دریچہ و در سوئے مرگ لدیغ
میکنند اندر گشادن ژیغ ژیغ

کھل گیا اندر میں لاکھوں موت کے
کھلنے میں ہر وقت جو ہیں بولتے

ژیغ ژیغ تلخ آں دردہائے مرگ
نشنود گوش حریص از حرص برگ
موت کے دردوں کی وہ چیں پکار
حرص سے کانوں میں کب آتی ہے یار

از سوئے تن دردہا بانگِ دہل است
وز سوئے خصماں جفا بانگِ دہل است
درد تن کی ہر صدا ہے بانگ دہل
دشمنوں کی ہر جفا ہے بانگ دہل

جان من برخواں تو اے فہرست طب
نار علتہا نظر کن ملتہب !
پڑھ ذرا فہرست طب اے جان من
دیکھ کتنی علتیں ہیں جاں شکن

در کتاب طب چو بینی اے فتے
بر شمار ریگ بینی رنجہا
دیکھیے گر طب کی کتابوں میں ذرا
ریت[1] کی مانند دکھ ہیں یہ بلا

زآنہمہ غرہ ہا در خانہ رہست
ہر دو گامے پُر ز کژدمہا چہ رہست
طے کسک کر ہوتی ہے اس گھر کی راہ
بچھوؤں سے پُر ہیں دو قدموں پہ راہ

باد تند است و چراغ ابترے
زو بگیرانم چراغ دیگرے
ہے ہوا تیز اور ابتر ہے چراغ
اور جل جائے تو بہتر ہے چراغ

تا بود کہ ہر دو یک وافی شود
گر ببادے آں چراغ از جا رود
تاکہ دونوں میں سے اک جلتا رہے
ایک بجھ جائے جو باد تند سے

ہمچو عارف کز تن ناقص چراغ
شمع دل افروخت از بہر فراغ
جیسے شمع تن جو دیکھی مضمحل !
جلد عارف نے جلا لی شمع دل

تا کہ روزے کایں بمیرد ناگہاں
پیش چشم خود نہد او شمع جاں
تا بجھے گر شمع پہلی ناگہاں
سامنے آنکھوں کے رکھے شمع جاں

او نکرد ایں فہم پس داد از غرر
شمع فانی را بفانی دگر
وہ نہ سمجھا۔ سونپا از راہِ خطر
شمع فانی کو بہ فانی دگر

---

[1] یعنی اتنے دکھ ہیں جتنے ریت کے ذرّے ؛

چارہ اندیشید لیکن چارہ نے	گفت با خود نیست بیروں رفتنے
سوچی تدبیر اور کچھ چارہ نہ تھا	باہر اب جاؤں نہ میں دل میں کہا

شہزادے کی شادی کی تدبیر کرنا

پس عروسی خواست باید بہر او	تا بگردد زیں تزوّج نسل جو
سوچا شہ نے لڑکے کی شادی کرے	تاکہ نسل اس وجہ سے باقی رہے
گر رود سوئے فنا ایں باز باز	فرخ او گردد ز بعد باز باز
فوت کر جائے عدم کو گر یہ باز	اس کا بچہ زندہ رکھے بے نیاز
صورت ایں باز گر زینجا رود	معنی او در ولد باقی بود
باز کی صورت جو ہو جائے نہاں	بچے سے پھر اس کے معنی ہوں عیاں
بہر ایں فرمود آں شاہ نبیہ	مصطفےٰ صلعم کہ الولد سر ابیہ
اس لئے وہ مجتبیٰ و مصطفیٰ	کہتے ہیں ہے بیٹا بھید باپ کا[1]
بہر ایں معنی ہمہ خلق از شغف	می بیاموزند طفلاں را حرف
اس لئے دنیا میں اہل علم و فن	ہیں سکھاتے بچوں کو اپنا چلن
تا بماند آں معانی در جہاں	چوں شود آں قالب ایشاں نہاں
تا رہیں معنی جہاں میں بے گماں	ان کا قالب جب ہو فنا سے نہاں
حق بحکمت حرص شاں دادست جد	بہر رشد ہر صغیر مستعد
حکمت حق نے دئے ہیں حوصلے	تا ہدایت بچے حاصل کر سکے
من ہم از بہر دوام نسل خویش	جفت خواہم پور خود را خوب کیش
واسطے اپنی بقائے نسل کے	ڈھونڈوں بیوی خوب بچے کے لئے

---

[1] حدیث شریف ہے کہ۔ اَلوَلَدُ سِرٌّ لِاَبِیہ ٭

دخترے خواہم ز نسل صالحے	نے ز نسل پادشاہے طالحے
نسل صالح سے ملے دختر کوئی	نسل شاہی سے نہ لاؤ تم کبھی
شاہ خود آں صالح است آزادہ او	نے اسیر حرص فرجست و گلو است
جو ہے صالح، اصل شاہاں ہے وہی	ہو نہ جس میں شہوت و حرص بدی
مر اسیران را لقب کردند شاہ	عکس چوں کافور نام آں سیاہ
ہے اسیروں کا لقب دنیا میں شاہ	نام کافور اس کا ہے جو ہو سیاہ
شد مفازہ بادیہ خونخوارہ نام	نیکبخت آں پیس را گویند عام
سہل اُسے کہتے ہیں جو ہو داو سخت	کہتی ہے کوڑھی کو دنیا نیک بخت
ہر اسیر شہوت و حرص و امل	بر نوشتہ میر یا صدر اجل
ہر اسیر شہوت و حرص و ہوا	ہے بزرگ اور صدر محفل جابجا
آں اسیران اجل را عام داد	نام امیران اجل اندر بلاد
اُن اسیران اجل کو بے گماں	سب امیران اجل کہتے ہیں یاں
صدر خوانندش کہ در صف نعال	جان او پستہ است یعنی جاہ و مال
صدر وہ ہیں جو ہیں پستی میں نہاں	یعنی جاہ و مال پر دیتے ہیں جاں

ایک زاہد کی لڑکی سے شہزادے کی شادی

شاہ چوں با زاہدے خویشی گزید	ایں خبر در گوش خاتوناں رسید
خویش زاہد کو کیا شہ نے اجی	یہ خبر پہنچی حرم خانے میں بھی
مادر شہزادہ گفت از نقص عقل	شرط کفویت بود در عقل و نقل
بولی کم عقلی سے شہزادے کی ماں	عقلاً و نقلاً ہے لازم کفو یاں

سلہ بزرگ ۔

تو نہ شیخ و مجل خواہی وزر ہا — تا بہ بندی پور ما را بر گدا
مجل ہے شاید شریفوں سے مجھے — جو گدا سے بچے کا رشتہ کرے

گفت صالح را گدا گفتن خطاست — کو غنی القلب ز داد خداست
بولا صالح ہے گدا ، ، اچھی کہی — ہے خدا کی دین سے دل کا غنی

در قناعت میگریزد از تقے — نز لئیمی و کسل ہمچوں گدا!
وہ قناعت کی طرف ہے بھاگتا — کب ہے بخل و کاہلی سے جوں گدا

قلتے کاں از قناعت وز تقاست — آں ز فقر و قلت دونان جداست
جس کمی میں صبر ہو اور اتقا — ہے بحق فقر سے بالکل جدا

حبۂ آں گر بیابد سر نہد — ویں ز گنج زر بہمت می جہد
پائے اک حبہ تو وہ سر پہ رکھے — یہ خزانہ پاکے بھی بھوکا رہے

شہ کہ او از حرص قصد ہر حرام — میکند او را گدا گوید ہمام
شہ کرے جب حرص سے قصدِ حرام — اس کو کہتے ہیں گدائے خستہ کام

گفت کو شہر و قلاع او را جہیز — یا نثار گوہر و دینار ریز
بولی ماں - ہیں شہر اور قلعے کہاں — یا زر و گوہر کہ وہ دے بیکساں

گفت رو ہر کو غم دیں برگزید — باقی غمہا خدا از وے برید
بولا جا جس نے غم دیں لے لیا — اس کے سب غم کاٹ دیتا ہے خدا

غالب آمد شاہ و دادش دخترے — از نژاد صالحے خوش جوہرے
غالب آیا شاہ ۔ دختر دی گئی — نسل سے صالح کی جو تھا متقی

در ملاحت خود نظیر خود نداشت — چہرہ اش تاباں تر از خورشید چاشت
تھی ملاحت میں وہ یکتا بے نظیر — رخ کے آگے ماند تھا مہر منیر

حسن دختر ایں خصالش آنچناں — کز نکوئی می نگنجد در بیاں
حسن یہ اور سیرت ایسی نیک تھی — بس بیاں کرنا نہیں ممکن کبھی

صید دیں کن تا رسد اندر تبع   حسنِ و مال و جاہ و بختِ منتفع
کر شکارِ دیں کہ جب ہو پیروی   حسن و مال و جاہ ملیں سبھی
آخرت قطار اشتر داں عمو   در تبع دنیاش ہمچوں پشک و مو
عاقبت کو جان اونٹوں کی قطار   پیچھے پیچھے ہے یہ دنیا پشم دار
پشم بگزینی شتر نبود ترا   ور بود اشتر چہ قیمت پشم را
پشم وہ لے جو ہو محتاجِ شتر   ہو شتر تو پشم کیا ہے بے خبر

شہزادے پر ایک بڑھیا کا جادو کرنا

چوں بر آمد ایں نکاح آں شاہ را   با نژادِ صالحان بے چرا
شاہزادے کی جو شادی ہو گئی   صالحوں کی نسل میں اے متقی
از قضا کمپیرکِ جادو کہ بود   عاشقِ شہزادۂ با حسن و جود
اتفاقاً ایک بڑھیا ساحرہ   شاہزادے پہ ہوئی بس شیفتہ
جادوئے کردش عجوزِ کاولی   کہ برد زاں رشک سحرِ بابلی
قحبہ بڑھیا نے وہ جادو کر دیا!   رشک جس پہ سحرِ بابل کو ہوا
شہ بچہ شد عاشقِ کمپیرِ زشت   تا عروس و آں عروسی را بہشت
ہو گیا شہزادہ بڑھیا پہ نثار   چھوڑی بیوی اور عروسی ایکبار
یک سیہ رو دیو کابولی زنے   گشت بر شہزادہ ناگہ رہزنے
وہ سیہ رخسار قحبہ پیرزن   شاہزادے کی ہوئی تھی راہزن
زاں سیہ روئے خبیثے نابکار   گشت آں شہزادہ مدہوش و نزا
تھی سیہ رو وہ خبیث و نابکار   اُس سے تھا شہزادہ مدہوش و نزار
ایں نود سالہ عجوزِ گندہ پیر   نہ خرد ہشت آں ملک را نہ ضمیر
فاحشہ نے جو تھی نوے سال کی   دل لیا شہزادے کا اور عقل بھی

تابسالے بود شہزادہ اسیر
بوسہ جایش نعل کفش گندہ پیر
مبتلا اک سال شہزادہ رہا
جوتیاں قحبہ کی وہ تھا چومتا

صحبت کمپیر اورا می ربود
تاز کاہش نیم جانے ماندہ بود
صحبت قحبہ نے کر ڈالا فنا
گھٹتے گھٹتے نیم جاں وہ رہ گیا

دیگراں از ضعف وے با دردِ سر
او ز سکرِ سحر از خود بے خبر
دوسروں کو اُس سے تھا اک دردِ سر
نشۂ جادو سے تھا وہ بے خبر

این جہاں بر شاہ چوں زنداں شدہ
وین پسر بر گریہ شاں خنداں شدہ
مثلِ زنداں تھی یہ دنیا شاہ پہ
ہنستا تھا رونے پر اُس کے یہ پسر

شاہ بس بیچارہ شد در بُرد و مات
روز و شب میکرد قربان و زکات
شاہ بُرد و مات میں عاجز ہوا
رات دن خیرات و صدقہ دیتا تھا

زانکہ ہر چارہ کہ میکرد آں پدر
عشقِ کمپیرک ہمی شد بیشتر
کرتا تھا لیکن جو کچھ وہ دادگر
بڑھتی تھی بڑھیا کی اُلفت بیشتر

پس یقیں گشتش کہ مطلق آں سریست[1]
چارہ او را بعد ازیں لابہ گریست
پس وہ سمجھا یہ ہے سب اُس سمت سے
کام اب تو عجز و زاری سے چلے

سجدہ میکرد او کہ ہم فرماں تراست
غیرِ حق بر ملکِ حق فرماں کراست
سجدے کرتا تھا کہ اے قادر خدا
حکم تیرا ملک تیرا جا بجا

لیک ایں مسکیں ہمی سوزد چو عود
دست گیرش اے رحیم و اے ودود
اب جو یہ مسکین ہے جلتا مثلِ عود
تو مدد کر اے رحیم و اے ودود

بادشاہ کی دعا کا قبول ہونا

تاز یارب یارب و افغانِ شاہ
ساحرے اُستاد پیش آمد ز راہ
شاہ نے جب کی خدا سے یوں بُکا
ساحر اُستاد اک ظاہر ہوا!

---

[1] یعنی خدا کی طرف سے۔

گو شنیدہ بود از دور ایں خبر   کہ اسیرِ پیرہ زن گشت آں پسر
دور سے جس نے سُنی تھی یہ خبر   ہے اسیرِ پیرہ زن شہ کا پسر

کاں عجوزہ بود اندر جادوئی   بے نظیر و ایمن از مثل و دوئی
تھا جو اُس بڑھیا کو جادو میں کمال   وہ کہیں رکھتی نہ تھی اپنی مثال

دست بر بالائے دستست اے فتیٰ   در فن و در زور تا دستِ خدا
ہاتھ اک پر ہاتھ ہے اے فتا   کر میں اور فن میں تا دستِ خدا

منتہائے دستہا دستِ خداست   بحر بیشک منتہائے جوہاست
منتہا ہاتھوں کا ہے دستِ خدا   ندیوں کا بحر جیسے منتہا

ہم ازو گیرند مایہ ابرہا   ہم بدو باشد نہایت سیل را
سب یہ بادل اُس سے ہیں مایہ گیر   اور ہر سیلاب اُس سے سایہ گیے

گفت شاہش کایں پسر از دست رفت   گفت اینک آمدم درماں نرفت
شاہ بولا - ہاتھ سے لڑکا چلا !   بولا ساحر لیجیے میں آ گیا

نیست ہمتا زال را زیں ساحراں   جز منِ داہی رسیدہ زاں کراں
ساحروں میں ہوں برابر زال[1] کے   ہوں میں دانا آیا ہوں اُس سمت سے

چوں کفِ موسیٰؑ بامرِ کردگار   نک برآرم من ز سحرِ او دمار
مثلِ موسیٰؑ میں بحکمِ کردگار   اُس کے جادو کو کردوں آشفتہ کار

کہ مرا ایں علم آمد زاں طرف   نے ز شاگردیِ سحرِ مستخف
علم یہ مجھ کو خدا نے ہے دیا   کب ہوں میں شاگرد اہلِ سحر کا

آمدم تا بر گشایم سحرِ او   تا نماند شاہزادہ زرد رُو
آیا ہوں میں اُس کا جادو کھولنے   شاہزادہ تا کہ آفت سے بچے

---

[1] یعنی بڑھیا ساحرہ کے برابر ؞

سوئے گورستاں برو وقت سحور	پہلوی دیوار ہست اسپید گور
جا تو قبرستان کی جانب صبح سے	قبر ہے پہلو میں اک دیوار کے
سوئے قبلہ باز کاو آں گور را	تا ببینی قدرت و صنع خدا
قبلہ رخ ہوکر تو کھود اُس قبر کو	دیکھ پھر ظاہر جو کچھ قدرت سے ہو
بس دراز است ایں حکایت تو ملول	زبدہ را گویم رہا کردم فضول
یہ حکایت ہے بڑی اور تو ملول	جو خلاصہ ہو کہوں۔ چھوڑوں فضول
سوئے گورستان برفت آں شاہ زود	گور را آں شاہ آندم برکشود
الغرض وہ شاہ گورستاں گیا	قبر تھی موجود۔ کھولی بے ملا
جادوئے بنہادہ بُد پنہاں اندرو	صد گرہ بربستہ بر یکتا رمو
اُس میں پوشیدہ تھا سحر کارگر	سو لگائی تھیں گرہ اک بال پر
آں گرہ ہائے گراں را برگشاد	پس ز محنت پور رستہ را راہ داد
آخر ان گانٹھوں کو کھولا شاہ نے	شاہزادہ چھوٹ گیا اس درد سے
آں پسر با خویش آمد شد دواں	سوئے تخت شاہ با صد امتحاں
ہوش میں آکر وہ شہزادہ چلا	جانب تخت شہی با صد ادا
سجدہ کرد و بر زمیں میزد ذقن	در بغل کردہ پسر تیغ و کفن
ٹھوڑی رگڑائی خاک پہ سجدے کئے	تھے جو تسلیم و رضا کے دو لے
شاہ آئیں بست و اہل شہر شاد	واں عروس ناامید بے مراد
شہر والے خوش تھے شہر آراستہ	اور خوش تھی وہ عروس غمزدہ
عالم از سر زندہ گشت و پُر فروز	ایعجب کاں روز روز امروز روز
از سر نو تھا جہاں فرخندہ سے	ایک دن وہ بھی تھا اک دن یہ بھی ہے
یک عروسی کرد شاہ او را چناں	کہ گلاب و قند بد بخشش سگاں
شاہ نے کی عام دعوت بڑ ملا	اور گلاب و قند کتوں کو پلا

جادوئے کمپیر از غصہ بمرد
رو و خوئے زشت با مالک سپرد
مر گئی وہ ساحرہ کر کے حسد
کی سپرد مالک[1] اپنی خوئے بد

شاہزادہ در تعجب ماندہ بود
کز من او عقل و بصر چوں در ربود
شاہزادے کو بڑی حیرت ہوئی
عقل اُس نے چھین لی کیونکر مری

نو عروسے دید ہمچوں شاہِ حسن
کہ ہمیزد بر ملیحاں راہِ حسن
دیکھا بیوی کو تو پایا شاہِ حسن
ہند کی تھی جس نے سب پایا حسن

گشت بیہوش و بروا اندر فتاد
تا سہ روز از جیم او گم شد فواد
ہوگیا بیہوش منہ کے بل گرا
تین دن تک بیدل و بیخود رہا

سہ شبانروز او ز خود بیہوش گشت
تا کہ خلق از غشی او پرجوش گشت
تین دن رات اُس کو تھی اک بیخودی
پھیلی لوگوں میں وہاں کے سنسنی

از گلاب و از علاج آمد بخود
اندک اندک فہم گشتش نیک و بد
جب گلاب و عطر سے درماں کیا
تھوڑا تھوڑا ہوش اُس کو آ گیا

بعد سالے گفت شاہش در سخن
وز فرح یاد آر آں یارِ کہن
سال بھر بعد اُس سے سلطاں کہا
ہنستے کیوں ہے یاد پہلی مہ لقا

یاد آور زاں ضجیع و زاں فراش
تا بدیں حد بیوفا و مر مباش
بستر و ہمخوابہ کو بھی یاد کر
ہو نہ اتنا بیوفا اے بیخبر

گفت رو من یافتم دار السرور
وا رہیدم از چہ دار الغرور
بولا مجھ کو مل گیا دار السرور
میرا زنداں اب نہیں دار الغرور

ہمچناں باشد چو مومن راہ یافت
سوئے نورِ حق ز ظلمت رو بتافت
ایسے ہی ملتی ہے جب مومن کو راہ
نورِ حق میں اُس کو ملتی ہے پناہ

---

[1] داروغۂ دوزخ ✱

مخلص ایں قصہ بگفتم تمام تابدانی مقصد خود والسلام
ہے خلاصہ داستاں کا یہ تمام کر حصول مقصد اس سے والسلام

شہزادہ۔ بادشاہ اور بڑھیا ساحرہ کون ہیں

اے برادر آنکہ شہزادہ توئی در جہان کہنہ زادہ از نوی
اے برادر! ہے وہ شہزادہ تو ہی اس جہاں میں تیری آمد ہے نئی

کاولی ساحرہ دنیاست گو کردہ مرداں را اسیر رنگ و بو
اور دنیا ہے وہ بڑھیا ساحرہ ہے اسیر رنگ و بو جس نے کیا

چوں درافگندت دریں آلودہ دو دم بدم میخواں و میدم قل اعوذ
سحر میں اس نے ہے آلودہ کیا قل اعوذ پھونک پڑھ کر بد بلا

تارہی زیں جادوئی و ایں قلق استعاذت خواہ از رب الفلق
سحر و غم سے ہے اگر تو امن خواہ مانگ خلاق سحر سے تو پناہ

زاں نبی دنیات را سحارہ خواند کو بافسوں خلق را در چہ نشاند
ساحرہ[1] دنیا کو حضرت نے کہا خلق کو جادو سے جس نے دق کیا

ہیں فسون گرم دارد گندہ پیر کردہ شاہاں را دم گرمش اسیر
اس کے عمل گرم جادو ہیں کثیر بادشاہوں کو کیا جس نے اسیر

در درون سینہ نفاثات اوست عقدہائے سحر را اثبات اوست
سینوں کے اندر ہے سحر دق سے پھونکت سحر کی گانٹھیں ہیں خود اس کا ثبوت

ساحرۂ دنیا قوی دانا زنیست حل سحر او بپائے عامہ نیست
ساحرہ دنیا کی ہے از بس قوی توڑنا سحر اس کا آساں ہے کوئی

---

[1] حدیث شریف میں ہے کہ الدنیا ساحرۃ مکارۃ غدارۃ۔ یعنی دنیا جادوگر مکار اور غدار ہے۔

ور کشادے عقدۂ او را عقلہا
انبیا را کے فرستادے خدا

عقل سے ہوتے جو عقدے اُسکے وا
بھیجتا پھر انبیاءؑ کو کیوں خدا

ہیں طلب کن خوش دمے عقدہ کشا
رازدان یفعل اللہ ما یشاء

ڈھونڈ کوئی خوش نفس عقدہ کشا
رازدانِ یفعل اللہ ما یشاء[1]

ہمچو ماہی بستۂ ستست او بشست
شاہزادہ ماندہ سالے و تو شصت

مثل ماہی شست میں تو ہے بندھا
وہ[2] رہا اک سال تو برسوں رہا

شصت سال از شستِ او در محنتی
نے خوشی نے بر طریق سنتی

ساٹھ سال اس شست میں گزرے تجھے
تو نہ خوش ہوا اور نہ سنت پہ چلے

فاسقی بدبخت نے دنیات خوب
نے رہیدہ از وبال از ذنوب

تو ہے فاسق تیری دنیا ہے خراب
ہے گناہوں سے تری جان پر عذاب

نفخ او این عقدہا را سخت کرد
پس طلب کن نفخۂ خلاق فرد

سخت اُس کے دم نے عقدوں کو کیا
دم طلب کر خالق قیوم کا

تا نفخت فیہ من روحی ترا
وا رہاند زین و گوید بر تر آ

تا نفخت[3] فیہ من روحی اسے
دے رہائی پاس اپنے کھینچ لے

جز بنفخ حق نسوزد نفخ سحر
نفخ قہرست این و آن دم نفخ مہر

پھونک حق کی چارہ ساز سحر ہے
اس میں ہے قہر اور اُس میں مہر ہے

رحمت او سابق است از قہر او
سابقی خواہی برو سابق بجو

رحمت اُس کی قہر پر سابق ہے اب
ڈھونڈ سابق کو جو ہے سبقت طلب

تا رسی اندر نفوس زوجت
کاے شدہ مسحور اینک مخرجت

ہو رسائی تا نفوس[4] زوجت
یہ ہے بچنے کی جگہ اے شہ صفت

---

[1] اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے [2] یعنی وہ شہزادہ [3] ہم نے اس میں اپنی روح پھونکی [4] مصداق "اذا النفوس زوجت"[5] یعنی جسوقت نفس زوج کئے جائیں گے

با وجود زال ناید انحلال	در شبیکہ و در برت آں فی و دلال
دام ہے ڈالے ہوئے جب نکتہ زال	آئے کب آغوش میں اک خوش جمال
نے بگفت ست آں سراج امتاں	اینجہان و آں جہاں را ضرتاں
کیا نہ کہتے تھے وہ شاہ انس و جاں	سوتیں ہیں دو یہ جہاں اور وہ جہاں
پس وصال این فراق آں بود	صحت این تن سقام جاں بود
وصل اس کا ہجر اس کا ہے بجا	جسم کی صحت مرض ہے روح کا
سخت چوں آید فراق این مقر	پس فراق آں مقر داں سخت تر
جب فراق اس کا گراں ہے اسقدر	بالیقیں ہے ہجر اس کا سخت تر
چوں فراق نقش سخت آید ترا	تا چہ سخت آید ز نقاشش جدا
تجھ کو ہجر نقش جب ہے ناگوار	فرقت نقاش سے کیا ہو قرار
اے کہ صبرت نیست از دنیائے دوں	چونت صبرست از خدا اے دوست چوں
صبر جب دنیائے دوں ہی سے نہیں	ہے خدا سے صبر کیونکر یہ یقیں
چونکہ صبرت نیست زیں آب سیاہ	چوں صبوری داری از چشمہ آلہ
جب ہے تو بے صبر آب گندہ پر	چشمۂ حق سے ہے کیوں صبر اس قدر
چونکہ بے این شرب کم داری سکوں	چوں ز ابراری جدا وز یشربوں
بے پئے اس کے جو کھویا ہے سکوں	کیوں گوارا ہے فراق یشربوں لہ
گر ببینی یک نفس حسن ودود	اندر آتش افگنی جان و وجود
دیکھے گر اک بار تو حسن ودود	آگ میں ڈالے یہ سب جان و وجود
جیفہ بینی بعد ازاں این شرب را	چوں ببینی کر و فر قرب را
سمجھے پھر مردار تو اس شرب کو	دیکھے جب عز و وقار قرب کو

لہ اس آیہ شریفہ کی طرف اشارہ ہے کہ اِنَّ الابرار یشربون من کاس کان مزاجہا کافورا یعنی بیشک ابرار (نیک لوگ) ان پیالوں سے شراب پئیں گے جو کافور سے بنے ہوئے ہیں،

ہمچو شہزادہ رسی در یارِ خویش   پس برون آری ز پا تو خارِ خویش
مثل شہزادے کے پائے اپنا یار   پاؤں سے تیرے نکل آئے یہ خار

جہد کن در بیخودی خود را بیاب   زودتر واللہ اعلم بالصواب
بیخودی میں سعی کر اے خوش خطاب   جلد تر واللہ اعلم بالصواب

ہر زمانے مِیں مشو با خویش جفت   ہر زماں چوں خر در آب گل میفت
ہر گھڑی اچھی نہیں ہے یہ خودی   مثل خر کیچڑ میں کب تک اے سخی

از قصورِ چشم باشد آں عثور   کہ نہ بیند شیب بالا را ز دور
وجہ لغزش آنکھ ہی کا ہے قصور   اونچا نیچا کچھ نہ دیکھے ہو جو دور

بوئے پیراہانِ یوسفؑ کن سند   زانکہ بویش چشم روشن میکند
لے سند پیراہن یوسفؑ سے بھی   اس کی خوشبو آنکھ کی ہے روشنی

صورتِ پنہان و آں نور جبیں   کردہ چشم انبیاؑ را دُوربیں
گو رہی اس نور کی پنہاں ضیا   آنکھ کو نبیوں کی روشن کر دیا

نورِ آں رُخسار برہاند ز نار   ہیں مشو قانع بنورِ مستعار
نورِ رُخ کر دیگا دوزخ سے رہا   عارضی اک نور پہ بھُولا ہے کیا

چشم را ایں نور حالے بیں کند   چشم عقل و روح را گرگیں کند
آنکھ کا یہ نور کر دے حال بیں[1]   درد عقل و روح کا ہے بالیقیں

صورتش نور است و در تحقیق نار   گر ضیا خواہی دو دست از وے بدار
ہے بظاہر نور باطن میں ہے نار   گر ضیا چاہے۔ ہو اس سے رستگار

دمبدم در رُو فتد ہر جا رود   دیدہ و جانے کہ حالے بیں بود
منہ کے بل ہر دم گرے جائے جہاں   حال بیں ہو جائیں جن کی چشم و جاں

---

[1] دُوربین کی ضد ہ

دُور بیند دُور بین بے ہنر	ہمچنانکہ دُور دیدن خواب در
دور بینی گرچہ ہے بے ہنر	دُور بینی خواب کی سی ہے بسر
خُفتہ باشی بر لبِ جُو خشک لب	میدوی سوئے سراب اندر طلب
خشک ندی کے کنارے محو خواب	دوڑتا پھرتا ہے جویائے سراب
دُور می بینی سراب و میدوی	عاشقِ آں بینشِ خود میشوی
تو ہے یوں سوئے سراب دوڑتا	اور ہے اپنی نظر پہ مبتلا !
میزنی در خواب با یاراں تو لاف	کہ منم بینادل و پردہ شگاف
خواب میں ہیں دوستوں سے شیخیاں	میں ہوں بینا اور پردہ دریاں
نک بداں سو آب دیدم ہیں شتاب	تا رویم آنجا و آں باشد سراب
میں نے دیکھا ہے اُدھر پانی شتاب	جب اُدھر جائیں تو وہ ہو ظاہر سراب
ہر قدم زیں آب تازی دُورتر	دو دواں سوئے سراب با غرر
جتنا چلتا ہے وہ اُتنا دُور تر	دوڑے تو سوئے سراب بے خطر
عینِ آں عزمت حجابِ آں شدہ	کہ بتو پیوستہ است و آمدہ
عزم ہی تیرا حجاب اُس کا بنا	وہ ملا ہے تجھ سے اور پیدا ہوا
بس کساں عزمے بجائے میکند	از مقامے کاں غرض در وے بود
دوسری جا لوگ ہوتے ہیں رواں	اُس جگہ سے ہے غرض مخفی جہاں
دید و لافِ خفتہ می ناید بکار	جز خیالے نیست دست از وے بدار
سونے والے کا غرور اور دید کیا	ہے خیالی بات اس سے باز آ
خوابناکی لیک ہم بر راہ خسپ	اللہ اللہ برِ رہِ اللہ خسپ
نیند کا ماتا ہے تو۔ سو راہ پہ	اللہ اللہ، سو رہِ اللہ پہ
تا بود کہ سالکے بر تو زند	از خیالاتِ نعاست برکند
شاید آ نکلے کوئی سالک ادھر	کردے اس خفتہ خیالی سے بدر

خفتہ را گر فکر گردد ہمچو موئے
او ازاں رقت نیابد راہ کوئے
عقل غافل کی جو ہو باریک تر
آ نہیں سکتا کبھی وہ راہ پہ

فکر خفتہ گر دوتا و گر سہ تاست
ہم خطا اندر خطا اندر خطاست
فکر غافل کی ہو کتنی ہی رسا
ہاں خطا ہے ہاں خطا ہے ہاں خطا

ور چہ چشمش تیز بین و با ضیاست
ہم ہبا اندر ہبا اندر ہباست
آنکھ گو کتنی ہی پُر انوار ہے
خوار ہے وہ خوار ہے وہ خوار ہے

موج بر وے میزند بے احتراز
خفتہ پویاں در بیابان دراز
اُس پہ موجوں کا گذر ہے برملا
خواب سے جنگل میں وہ ہے دوڑتا

خفتہ می بیند عطشہائے شدید
آب اقرب منہ من حبل الورید
سونے والے پہ ہے طاری تشنگی
پانی شہ رگ سے بھی ہے گو پاس ہی

قحط میں خوش رہنے والا زاہد

ہمچناں کاں زاہد اندر سال قحط
بود او خنداں و گریاں جملہ رہط
جیسے وہ زاہد جو وقت قحط بھی
شاد تھا۔ خلقت تھی ساری رو رہی

پس بگفتندش چہ جائے خندہ ست
قحط بیخ مومناں برکندہ است
وقت ہنسنے کا نہیں۔ اُس سے کہا
قحط نے برباد سب کو کر دیا

رحمت از ما چشم خود بر دوختہ ست
ز آفتاب تیز صحرا سوختہ ست
ہم سے رحمت نے ہیں آنکھیں پھیر لیں
کھیتیاں ہیں سخت گرمی سے جلیں

کشت و باغ و رز سیہ استادہ ست
در زمیں نم نیست نے بالا و پست
پڑ گئے کالے چمن انگور بھی
ہے زمیں پر اب کہاں باقی نمی

خلق می میرند زیں قحط و عذاب
دہ دہ و صد صد چو ماہی دور از آب
مرتے ہیں لوگ اس عذاب و قحط سے
سیکڑوں جوں مچھلیاں بے آب کے

بر مسلماناں نمی آری تو رحم — مومناں خویش اند یکتن شحم و لحم
مومنوں پر رحم کیوں آتا نہیں — خویش ہیں آپس میں سب یہ بالیقیں

رنج یک جزوے ز تن رنج ہمہ ست — گر دم صلح ست یا خود ملحمہ ست
ایک کا دکھ درد ہے سب کے لئے — صلح ہو یا جنگ سب ہیں ایک سے

گفت در چشم شما خطست ایں — پیش چشمم چوں بہشت ست ایں ہیں
بولا نظروں میں تمہاری ہے یہ کال — مری نظروں میں ہے جنت بے مثال

من ہمی بینم بہر دشت و مکاں — خوشہا انبہ رسیدہ تا میاں
خوشے ہر صحرا میں ہوں میں دیکھتا — پختہ پختہ، تا کمر، حد سے سوا

خوشہا در موج از باد صبا! — بر بیاباں سبزتر از گندنا
جھونکے دیتی ہے انہیں باد صبا — سبز ہیں جنگل میں جیسے گندنا

ز آزموں من ست بر چشمے نیز کم — دست بر چشم خویش را چوں بر نہم
امتحاناً ہاتھوں میں پھیرتا! — ہاتھ، دو آنکھ، ان سے کیونکر دوں ہٹا

یار فرعون تنید اے قوم دوں — زاں نماید مر شما را نیل خوں
دوست ہے فرعون تن کی قوم دوں — اس لئے ہے نیل تجھ کو موج خوں

یار موسیٰ خرد گردید زود — تا نماند خون و بینید آب زود
کرو موسیٰ خرد سے دوستی — تا کہ جو ہے خون - پانی ہو وہی

از پدر با تو جفائے چوں رود — آں پدر در چشم تو سگ میشود
باپ کرتا ہے جفا تجھ پہ اگر — باپ آتا ہے تجھے کتا نظر

آں پدر سگ نیست تاثیر جفاست — کہ چناں رحمت نظر را سگ نماست
سگ نہیں وہ، یہ ہے تاثیر جفا — باپ سا بے مہر کتا بن گیا

ل کینہ +

گرگ میدیدند یوسف را بچشم	چونکہ اخواں را حسودی بود و خشم
بھیڑئیے یوسف کو آتے تھے نظر	بھائی بھی۔ جو تھے حسد سے کینہ ور
با پدر چوں صلح کردی خشم رفت	آں سگی شد گشت بابا یار زفت
باپ سے جب صلح کی، غصہ ہٹا	تھا جو کتا باپ پھر وہ بن گیا

تمام عالم عقل کل کی صورت ہے

کل عالم صورت عقل کل ست	کوست بابائے ہر آں اہل قل ست
سارا عالم عقل کل کا ہے اے پسر	جتنے ناطق ہیں یہ سب کا ہے پدر
چوں کسے با عقل کل کفراں فزود	صورت کل پیش او ہم سگ نمود
عقل سے کفراں[1] جس کا بڑھ گیا	صورت کل ہو گئی بس سگ نما
صلح کن با ایں پدر عاقی بہل	[3]تاکہ فرش زر نماید آب و گل
باپ سے کر صلح اور عاقی[2] نہ ہو	فرش زر دیکھے پھر آب و خاک کو
پس قیامت نقد حال تو بود	پیش تو چرخ و زمیں مبدل شود
ہو قیامت نقد تیرے حال کا	اور بدل جائیں یہ سب ارض و سما
من کہ صلحم دائما با ایں پدر	ایں جہاں چوں جنتستم در نظر
باپ سے ہے صلح میری بیگماں	میری نظروں میں تو جنت ہے جہاں
ہر زماں نو صورتے و نو جمال	تا ز نو دیدن فرو میرد ملال
ہر گھڑی اک شکل۔ انوکھا اک جمال	دیکھنے سے اس کے مٹتا ہے ملال
من ہمی بینم جہاں را پر نعیم	آبہا از چشمہا جوشاں مقیم
نعمتوں سے ہے جہاں سارا چمن	اور چشموں سے ہے پانی جوش زن

---

[1] ناشکری ◆ [2] وہ لڑکا جس کو باپ عاق کر دے ◆

[3] یہ قول زاہد ہے ◆

بانگِ آبش میرسد در گوشِ من	مست میگردد ضمیر و ہوشِ من
پانی کی آواز آتی ہے مجھے	مست ہو جاتے ہیں ہوش و دل مرے
شاخہا رقصاں شدہ چوں تائباں	برگہا کف زن مثالِ مطرباں
رقص میں شاخیں ہیں جیسے تائباں	مطربوں کی طرح پتے نغمہ خواں
برقِ آئینہ ست لامع از نمد	گر نماید آئینہ تا چوں بود
بجلی اک آئینہ ہے جلوہ فشاں	جیسی ہے جو شئے ہے ویسی ہی عیاں
از ہزاراں من نمیگویم یکے	زانکہ آگندہ است ہر گوش از شکے
اک بھی کہتا میں ہزاروں سے نہیں	شک بھرا ہر کان ہے اے ہمنشیں
پیشِ وہم ایں گفت مژدہ دادن است	عقل گوید مژدہ چہ نقدِ من است
مژدہ بہرِ وہم ہے یہ ماجرا	عقل کہتی ہے میں خود ہوں مژدہ کیا

حضرت عزیرؑ کے لڑکوں کا قصہ

ہمچو پورانِ عزیرؑ اندر گذر	آمدہ پرساں ز احوالِ پدر
جس طرح لڑکے عزیرؑ پاک کے	راہ میں حالِ پدر تھے پوچھتے
گشتہ ایشاں پیر و باباشاں جواں	پس پدرشاں پیش آمد ناگہاں
وہ تھے بوڑھے باپ تھا ان کا جواں	باپ اُن کے آگے آیا ناگہاں
پس بپرسیدند ازو کاے رہگذر	از عزیرؑ ما عجب داری خبر
پوچھا اے رہ گیر ہم کو دے بتا	کچھ ہمارے باپ کا بھی ہے پتا
کہ کسے ماں گفت کامروز آں سند	بعد نومیدی ز بیروں میرسد
ہے کسی نے آج یہ ہم سے کہا	بعد نومیدی وہ واپس آئیگا

---

[1] یعنی عقل کے لئے یہ باتیں مژدہ نہیں ہوسکتیں۔ کیونکہ یہ گفتگو عین ذاتِ عقل ہے۔

گفت آرے بعد من خواہد رسید	آں یکے خوش شد چو ایں مژدہ شنید
بولے ہاں وہ پیچھے آتا ہے مرے	ایک تو خوش ہو گیا اس خبر سے
بانگ میزد کاے مبشر باش شاد	واں دگر بشناخت بیہوش اوفتاد
اور کہا تو اے مبشر[1] خوش رہے	دوسرا پہچانا۔ ہوش اُس کے اُڑے
گرچہ جائے مژدہ است اے بیخبر	کہ در افتادیم در کان شکر
یہ ہے کیا مژدہ کی جا اے بیخبر	ہے ہمارے درمیاں کان شکر
وہم را مژدہ است پیش عقل نقد	زانکہ چشم وہم شد محجوب فقد
وہم کو مژدہ ہے۔ دانش کو نہیں	وہم کی آنکھیں ہیں پنہاں بالیقیں
کافراں را درد و مومن را بشیر	لیک نقد حال در چشم بصیر
کافروں کو درد۔ مومن کو بشیر	اور عین ذات بہر بصیر
زانکہ عاشق در دم نقد است مست	لاجرم از کفر و ایماں برتر است
کیونکہ عاشق کو ہے مستی ذات سے	کفر و ایماں سے وہ بالاتر رہے
کفر و ایماں ہر دو خود دربان اوست	کوست مغز و کفر و دیں او را دو پوست
کفر و ایماں دونوں ہیں دربان دوست	مغز وہ ہے۔ کفر و دیں اُسکے ہیں پوست
کفر قشر خشک رُو برتافتہ	باز ایماں قشر لذت یافتہ
کفر سوکھا چھلکا برگشتہ ہوا	اور ایمان پوست لذت سے بھرا
قشر ہائے خشک را جا آتش است	قشر پیوستہ بمغز جاں خوش است
آگ ہے سوکھے ہوئے چھلکوں کی جا	جو ہیں چپکے جان سے ہیں خوشنما
مغز خود از مرتبہ خوش برتر است	برتر است از خوش کہ لذت گستر است
مغز کو رتبے میں ہے خود برتری	کیونکہ ہے لبریز لذت گستری

---

[1] بشارت دینے والا ۔

این سخن پایاں ندارد باز گرد   تا برآرد موسیم از بحر گرد
یہ سخن بے حد ہے چل اب لوٹ کے   گر چلے تا موسیٰؑ نکالے بحر سے

در خور عقل عوام ایں گفتہ شد   از سخن باقی آں بنہفتہ شد
عام عقلوں کے مطابق کہہ دیا   وہ چھپایا میں نے جو باقی رہا

زر عقلت ریزہ است اے متہم   بر قراضہ مہر سکہ چوں نہم
ریزہ ریزہ زر ہے تیری عقل کا   مہر سکے کی لگے ریزوں پہ کیا

عقل تو قسمت شدہ بر صد مہم   بر ہزاراں آرزوے طم و رم
عقل تیری سو جگہ ہے بٹ چکی   مال و زر کی خواہشوں میں ہے پڑی

جمع باید کرد اجزا را بعشق   تا شوی خوش چوں سمرقند و دمشق
عشق سے پھر ریزہ ریزہ جمع کر   تا خوشی حاصل ہو تجھ کو سربسر

جو جوے چوں جمع گردو ز اشتباہ   پس تواں زد بر تو سکۂ پادشاہ
جمع جو جو کرکے جب ہو جائیگا   سکہ لگ جائیگا تجھ پہ شاہ کا

ور ز مثقالے شوی افزوں تو خام   از تو سازد شہ یکی زرینہ جام
ہو اگر مثقال سے افزوں تو خام   تو بنائے شاہ اک سونے کا جام

پس برو ہم نام و ہم القاب شاہ   باشد و ہم صورتش اے وصل خواہ
اس پہ بھی ہو نام اور القاب شاہ   شہ کی صورت بھی بنے اے وصل خواہ

تا کہ معشوقت بود ہم نان و آب   ہم چراغ و شاہد و نقل و شراب
کب تک آخر عشق قوتِ نان و آب   ہے چراغ اور شاہد و نقل و شراب

جمع کن خود را جماعت رحمت است   تا توانم با تو گفتن آنچہ ہست
ہے جماعت رحمت اب تو جمع ہو   کہہ سکوں میں تجھ سے پھر ہر بات کو

---

[1] یعنی میرا دل دوسری راہیں پیدا کرے۔ جسطرح حضرت موسیٰؑ نے دریائے نیل میں عصا مارکر بارہ راہیں ایسی پیدا کر دی تھیں۔ کہ وہ سوکھی ریت معلوم ہوتا تھا۔

زانکہ گفتن از برائے یاوریست　　جانِ شرک از یاوریِ حق بریست
کیونکہ کہنا ہے برائے یاوری　　جانِ شرک اللہ کی یاری سے بری
جان قسمت گشتہ در جوّ فلک　　در میانِ قسمت سودا مشترک
تیری جاں تقسیم ہے زیرِ فلک　　سینکڑوں سودا میں وہ ہے مشترک
پس خموشی بہ بود اورا ثبوت　　پس جوابِ احمقاں آمد سکوت
پس خموشی اس کا بہتر ہے ثبوت　　ہے جوابِ احمقاں بس اِک سکوت
ایں ہمیدانم ولے مستیٔ تن　　می کشاید بے مرادِ من دہن
جانتا ہوں سب مگر مستی مری　　کھول دیتی ہے دہن بے قصد بھی
آنچناں کز عطسہ و از خامیاز　　ایں دہاں گردد بناخواہِ تو باز
جس طرح اکثر جمائی چھینک سے　　تو نہ چاہے اور منہ تیرا کھلے

انی لاستغفر اللہ ربی فی کل یوم ... کی تفسیر

ہمچو پیغمبر ز گفتن وز نثار　　توبہ آرم روز من ہفتاد بار
مثلِ پیغمبر سخن سے پا کے سوز　　توبہ کر لیتا ہوں ستر بار روز
لیک آں مستی بود توبہ شکن　　منسی است ایں مستیٔ تن جامہ کن
ہے مگر توبہ شکن مستی مری　　یہ بھلا کر کرتی ہے جامہ دری
حکمتِ اظہارِ تاریخِ دراز　　مستیٔ انداخت بر دانائے راز
حکمتِ اظہارِ تاریخ دراز　　مست جس سے ہو گئے دانائے راز
رازِ پنہاں با چنیں طبل و علم　　آبِ جوشاں گشتہ از جف القلم
رازِ پنہاں کو طبل بھر شہر میں　　پانی تھا جف القلم سے جوش میں

۱؎ یعنی یہ تمام مخلوق اللہ تعالیٰ کے صورِ علمیہ میں جو تھی مگر حکمتِ الٰہی نے ایک مدتِ دراز کے بعد اسکا اظہار کیا یہ اسی حکمتِ الٰہیہ کیطرف اشارہ ہے کہ جف القلم بما ہو کائن یعنی کائنات کی کیفیت لکھنے

رحمتِ بیحد روانہ ہر زماں
خفتہ اید از درکِ آں اے مرداں
ہیں رواں ہر وقت دریا رحم کے
اور تم غافل ہو ان کے درک سے

من ندیدم تشنگی خواب آورد!
خواب آرد تشنگیٔ بے خرد
پیاسے کو نیند آئے یہ اچھی کہی
نیند لائے تشنگی بے عقل کی

خود خرد آنست کو از حق چرید
نے خرد کاں از عطارد آورید
عقل وہ ہے جس کا خالق ہے خدا
جو عطارد[1] سے ملے۔ بے عقل کیا

عقلِ جزوی قبر سے آگے نہیں دیکھ سکتی

پیشِ بینیٔ خرد تا گور بود
وآں صاحبدل بنفخ صور بود
قبر تک ہے صرف بینش عقل کی
اہل دل کی حشر تک ہے منتہی

ایں خرد از خاکِ گورے نگذرد
ویں قدم عرصہ عجائب نسپرد
یہ نہ جائے آگے خاکِ گور سے
یہ قدم کیونکر عجائب میں رکھے

زیں قدم ویں عقل رو بیزار شو
چشمِ غیبی جوی و برخوردار شو
اس قدم اور عقل سے بیزار ہو
غیب کی آنکھوں سے برخوردار ہو

ہمچو موسیٰ نور کے یابد جیب
سخرۂ استاد و شاگردِ کتیب
مثلِ موسیٰ نور کی کیا پائے تاب
خادمِ استاد و شاگردِ کتاب

زیں نظر ویں عقل ناید جز دوار
پس نظر بگذار و بگزیں انتظار
گردشِ سر ہے نظر اور عقل تار
اس نظر کو چھوڑ اور کر انتظار

از سخنگوئی مجوئید ارتفاع
منتظر را بہ ز گفتن استماع
کب ہو لسانی سے اونچا مرتبا
منتظر کو کہنے سے سننا بھلا

---

[1] حکماء کا قول ہے۔ کہ دنیا میں عقل عطارد کی تاثیر سے ہے •

منصبِ تعلیم نوعِ شہوتیست	ہر خیالِ شہوتی در رہ بتیست
نوعِ شہوت ہی ہے تعلیم اے فتا	ہے خیالِ شہوت اک بت راہ کا
گر بفضلش پے ببردے ہر فضول	کے فرستادے خدا چندیں رسولؐ
پاتا اس کے فضل کو گر ، فضول	کیوں خدا پھر بھیجتا اتنے رسولؐ
عقلِ جزوی ہمچو برقست و درخش !	در درخشے کے تواں شد سوئے وخش[1]
عقلِ جزوی میں ہے بجلی سی ضیا	اس چمک میں وخش نہ کوئی جائے گیا
نیست نورِ برق بہرِ رہبری	بلکہ امر است ابر را کہ می گری
کب ہو بجلی کی چمک سے رہبری	حکمِ گریہ ہے وہ بہرِ ابر ہی
برقِ عقلِ ما برائے گریہ است	تا بگرید نیستی در شوقِ ہست
اپنے رونے کو ہے بجلی عقل کی !	شوق میں ہستی کے روئے نیستی
عقلِ کودک گفت بر کتاب تن	لیک نتواند بخود آموختن
عقلِ بچہ حادیٔ مکتب ہو گر	خود کہاں تعلیم سے ہو بہرہ ور
عقلِ رنجور آردش سوئے طبیب	لیک نبود در دوا عقلش مصیب
آئے جب پیشِ طبیب اک مبتلا	ہو دواؤں میں نہ عقل اس کی رسا
نک شیاطیں سوئے گردوں می شدند	گوش بر اسرارِ بالا می زدند
جاتے تھے شیطان سوئے آسماں	سنتے تھے چھپ چھپ کے اسرارِ نہاں
می ربودند اندکے زاں رازہا	تا شہب میراندشاں زود از سما
کچھ چرا لیتے تھے ان اسرار سے	پھر شہاب[2] ان کے لئے قائم ہوئے
کہ روید آنجا رسولے آمدہ است	ہر چہ میخواہید ازو آید بدست
بس وہاں جاؤ۔ پیمبر ہیں وہاں	اور جو چاہو ان سے لیلو بیگماں

---

[1] خراسان کی ایک ولایت کا نام ہے۔ [2] وہ مشتعل بخارات جو تارے کی صورت میں ٹوٹتے اور زمین کی طرف رجوع ہوتے معلوم ہوتے ہیں :

گر همی جوئید دُرِّ بے بہا	ادخلوا الابیات من ابوابہا
گر ہو دُرِّ بے بہا کو ڈھونڈتے	تو گھروں میں جاؤ تم دروازوں سے
میزن آں حلقۂ در رب البیت	کز سوئے بام فلک تاں راہ نیست
دیجے دستک پھر کرو تم انتظار	کب تمہیں سمتِ فلک ملتا ہے بار
نیست حاجت تا بدیں راہِ دراز	خاک پے را داده ایم اسرارِ راز
پھر ضرورت کیا ہے یہ راہِ دراز	دے دیے انساں کو ہم نے اپنے راز
پیش او آئید اگر خائن نہ اید	نیشکر گردید از وَے گرچہ نئید
گر نہیں خائن تو آؤ سامنے	نیشکر بن جاؤ اب تک نے رہے
سبزه رویاند ز خاکت آں دلیل	نیست کم از رستم اسپِ جبرئیلؑ
خاک سے سبزہ اُگا دیں یہ دلیل	ان کا گھوڑا بھی ہے اسپِ جبرئیلؑ
سبز گردی تازه گردی از نوی	گر تو خاکِ اسپِ جبرئیلؑ شوی
سبز ہو کر تازگی پائے نئی !	تو ہو خاکِ اسپ اک جبرئیلؑ کی
سبزۂ جاں بخش کاں زاں سامری	کرد در گوسالہ تا شد گوہری
سبزۂ جاں بخش جس کو سامری	بھر دے گوسالے میں جو ہو گوہری
جاں گرفت و بانگ زد زاں سبزه او	آنچناں بانگے کہ شد فتنۂ عدو
جان پائے بانگ اُس سبزے سے وہ	وہ صدا کافر کو جو مفتوں کرے
گر ہمیں آئید سوئے اہلِ راز	وارہید از سرِ کلہ مانند باز
ہوا میں تو جاؤ سوئے اہلِ راز	پھینکو اس ٹوپی کو جو ہے مثلِ باز

لہ دیکھا شدہ ت سامری، سامرہ کا رہنے والا ایک شخص تھا، جس نے عہدِ موسیٰؑ میں ایک بچھڑا سونے کا بنایا، اور جبرئیلؑ کے پاؤں کی خاک سے جو سبزہ پیدا ہو گیا تھا۔ اس بچھڑے کے منہ میں ڈال دیا، وہ بچھڑا اس سبزہ کی برکت سے بولنے لگا، اور اکثر لوگ اس کی پرستش کرنے لگے۔ جبرئیلؑ غرقِ فرعون کے وقت گھوڑے پر سوار ہو کر آئے تھے اور سامری جادوگر نے ان کو پہچان لیا تھا۔

سر کلاہِ چشم بند و گوش بند   کہ از و باز است مسکین و نژند
آنکھیں اس سے بند ہیں اور کان بھی   باز مسکیں ہے پریشاں واقعی

زآں کلہ بستہ چشمِ باز اول شدہ ست   کہ ہمہ میلش سوئے جنس خود است
باز کے سر پہ ازل سے ہے کلاہ   کیونکہ اپنی جنس کی تھی اس کو چاہ

چوں ببرید از جنس باشہ گشت یار   برکشاید چشم او را باز وار
جنس کو چھوڑا ۔ ہوا جب شہ کا یار   کھول دیں آنکھیں پھر اس کی ایک بار

راندہ دیوان حق از مرصاد خویش   عقل جزوی را ز استبداد خویش
یہ ہیں شیطان راندۂ راہِ خدا   عقل جزوی بھی جو تھی خود آشنا

کہ سری کم کن نہ تو مستبد   بلکہ شاگردِ دلی و مستعد
تو نہیں قابل نہ کر یوں خودسری   خود پسندی چھوڑ شاگردِ دلی

رو بدل زانکہ تو جزوِ دلی   ہیں کہ بندۂ پادشاہِ عادلی
دل کے آگے جا کہ جزوِ دل ہے تو   حکم بردارِ شہِ عادل ہے تو

بندگی او بہ از سلطانی است   کہ انا خیر[1] دمِ شیطانی است
بندگی اس کی ہے شاہی سے سوا   ہے "انا خیر منہ" سبق شیطان کا

فرق بیں و برگزیں تو اے حبیس   بندگی آدمؑ از کبر بلیس!
فرق دیکھ اور بندگی میں سر جھکا   بندگی آدمؑ کی کبر ابلیس کا

گفت آنکہ ہست خورشید رہ او   حرفِ طوبیٰ[2] ہر کہ ذلت نفسہٗ
آفتابِ راہ فرماتے ہیں یوں   اے خوشا وہ نفس جس کا ہے زبوں

سایۂ طوبیٰ ببیں و خوش بخسپ   سر منہ در سایۂ سرکش مخسپ
سایۂ طوبیٰ میں میٹھی خواب ہو   نفس سرکش کے تو سائے میں نہ سو

---

[1] یعنی میں بہتر ہوں ۔

[2] حدیث شریف ہے کہ طوبیٰ لمن ذلت نفسہٗ ۔

ذل ذلت نفس خوش مضجعے ست	مستعدان صفا را مضجعے ست
نفس کی ذلت ہے اچھی خوابگاہ	اہل استعداد میں آرام خواہ
گر ازیں سایہ روی سوئے منی	زود طاغی گردی و رہ گم کنی
گر تو اس سائے سے نخوت میں گیا	ہوگا باغی گم کرے گا راستہ

یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا… کی تفسیر

چوں نبی نیستی ز امت باش	چونکہ سلطاں نہ رعیت باش
گر نبی تو نہیں تو امت بن	تو جو سلطاں نہیں رعیت بن
پس رو خامشان خامش باش	وز خودی روئے زحمتے متراش
پیروی کر خموش لوگوں کی	کیوں ہے زحمت طلب خودی تیری
پس برو خاموش باش از انقیاد	زیر سایۂ شیخ و امرِ استاد
پس تو رہ خاموش اور رکھ اعتقاد	زیر سایہ شیخ و حکم استاد
پس برو صامت شو و خاموش باش	از وجود خود خیالے کم تراش
پس تو جا اور بند کر اپنی زبان	کر نہ پیدا ذات میں اپنی گمان
ورنہ گرچہ مستعد و قابلی	مسخ گردی تو ز لاف کاملی
چاہے جتنا لائق و قابل ہے	مسخ ہو تو کاملی کی لاف سے
ہم ز استعداد وا مانی اگر	سرکشی ز استادِ راد با خبر
ہو تو کورا اپنی دانائی سے بھی	گر کرے استاد سے تو سرکشی
صبر کن در موزہ دوزی دلسوز	ور شوی بے صبر باشی پارہ دوز
موزہ سینے میں تو کر صبر اے فتا	ورنہ بے صبری سے جوتے گانٹھے گا
کہنہ دوزاں گر بدے شاں صبر و حلم	جملہ نو دوزاں شدندے ہم بعلم
صبر کرتے گر پرانے گفش دوز	علم اور تجدید ہوتی دلفروز

لہ قولہ تعالیٰ۔ یا ایہا الذین آمنوا لا تقدموا بین یدی اللہ و رسولہ۔ یعنی اے ایمان والو اپنے قول و فعل میں خدا اور اس کے رسولؐ سے آگے نہ بڑھو۔

پس بکوشی و بآخر از کلال
خود بخود گوئی کہ العقلُ عقال
بعد کوشش ہو کے غم میں مبتلا
خود کہے تو عقل ہے زنجیرِ پا

ہمچو آں مردِ مفلسف روزِ مرگ
عقل را مید ید بس بے بال و برگ
جیسے مرتے وقت مردِ فلسفی
دیکھتا تھا عقل کی بس عاجزی

بے غرض میکرد آں دم اعتراف
کز ذکاوت راندیم اسپ از گزاف
خالصاً اقرار پھر اُس دم کیا
تھا عبث جس کو اپنے ذہن کا

از غروری سرکشیدیم از رجال
آشنا گردیم در بحرِ خیال
میں نے اہل اللہ سے کی سرکشی
تیرا دریائے تخیل میں سبھی

آشنا ہیچ است اندر بحرِ روح
نیست آنجا چارہ جز کشتیِ نوحؑ
تیرنا ہے ہیچ یہ ہے بحرِ روح
کام دیتی ہے یہاں کشتیِ نوحؑ[1]

اینچنیں فرمود آں شاہِ رُسُل
کہ منم کشتی دریں دریائے کُل
ہے یہی ارشادِ سلطانِ رُسُلؐ
میں ہوں کشتی یہ جہاں دریائے کُل

یا کسے کو در بصیرتہائے من
شد خلیفہ راستیں بر جائے من
یا وہ ہے جس میں بصیرت ہے مری
جانشینی ہے جسے میری ملی

کشتیِ نوحیم[2] در دریا کہ تا
رو نگردانی ز کشتی اے فتےٰ
میں ہوں اس دریا میں کشتی نوحؑ کی
تا کہ اس سے منہ نہ پھیرے تو اخی

ہمچو کنعاں سوئے ہر کوہے مرو
از نبیؐ لا عاصم الیوم شنو
مثلِ کنعانؑ رُخ نہ کر ہر کوہ کا
اور سن "لا عاصم الیوم" ذرا

بینماید پست ایں کشتی ز بند
بینماید کوہ فکرت بس بلند
پست ہے نظروں میں کشتی تو ہے بند
فکر آتی ہے نظر کو و بلند

---

[1] پیرِ نوحؑ
[2] آج کوئی پناہ دینے والا نہیں +

پست منگر ہاں ہاں ایں پست را   بنگر آں فضل خدا پیوست را
جانب پستی نہ کر اپنی نظر   مطلقاً فضل خدا پہ غور کر
در بلندی کوہ و فکرت کم نگر   کہ یکے موجش کند زیر و زبر
دیکھ او نچائی نہ کوہ و فکر کی   منہدم اک موج میں ہو جائیگی
گر تو کنعانی نداری باورم   گر دو صد چنداں نصیحت آورم
تو جو کنعاں ہے یقیں کیونکر کرے   چند میں ایسے جو دوں دو سو تجھے
گوش کنعاں کے پذیرد ایں کلام   کہ برو مہر خدا ایست و ختام
کان کنعاں کے سنیں کب یہ کلام   مہر حق اس پہ لگی ہے تا دوام
کے گذارد موعظہ بر مہر حق   کے بگرداند حدث حکم سبق
چند کیا ہے مہر حق کے روبرو   کب ہے ٹوٹا تا حدث[1] حکم وضو
لیک میگویم حدیث خوش پئی   بر امید آنکہ تو کنعاں نۂ
اچھی باتیں کر رہا ہوں بالیقیں   اس توقع پر کہ تو کنعاں نہیں
آخر ایں اقرار خواہی کرد ہیں   ہم ز اوّل روز آخر را ببیں
ماننا آخر پڑے گا بے خبر   کر لے اوّل ہی میں آخر پہ نظر
میتوانی دیدہ آخر را مکن   چشم آخر بینت را کور و کہن
جب پہنچ سکتی ہے آخر پہ نظر   چشم آخر بیں کو تو اندھا نہ کر
ہر کہ آخر بیں تر او مسعود وار   نبودش ہر دم بہ رہ رفتن عثار
نیک دل ہے وہ جو ہے انجام بیں   ہر دم اس کو راہ میں لغزش نہیں
گر نخواہی ہر دمے ایں خفت و خیز   کن ز خاک پائے مردے چشم تیز
ہے اگر لغزش سے بچنا اے فتا   خاک صاحبدل کی آنکھوں میں لگا
کحل دیدہ ساز خاک پاش را   تا نیندازی سر اوباش را
اس کی خاک پا کا تو سرمہ لگا   سر نہ جب تک ہو نگوں اس نفس کا

---

[1] بے وضو ہونا ◆

گرازیں شاگردی وزیں افتقار　　سوزنے باشی شوی تو ذوالفقار
گر کریگا عجز ایسا اختیار　　سوئی ہوگا بھی، تو ہوگا ذوالفقار

سرمہ کن تو خاکِ ایں بگزیدہ را　　ہم بسوزد ہم بسازد دیدہ را
اس ولی کی خاک کو سرمہ بنا　　سوز و ساز چشم اس سے پائیگا

چشم روشن کن ز خاکِ اولیا　　تا بہ بینی ز ابتدا تا انتہا
لے بصیرت اولیا کی خاک سے　　ابتدا سے انتہا تک دیکھ لے

چشمِ اشتر زاں بود بس نور بار　　کو خورد از بہرِ نورِ چشم خار
اونٹ کی آنکھ اس لئے ہے نور بار　　بہرِ نورِ چشم کھاتا ہے وہ خار

خار خور تا گل بروئیاند ترا　　چشم تو روشن شود جان باصفا
خار کھا تا پھول آئیں بے ریب و لاف　　آنکھ ہو روشن تری اور روح صاف

خار را از چشمِ دل گر برکنی　　چشمِ جاں را حق ببخشد روشنی
گر نکالے خار دل کی آنکھ سے　　چشمِ جاں کو روشنی اللہ دے

اونٹ اور خچر کا قصہ

اشترے را دید روزے استرے　　چونکہ با او جمع شد در آخرے
اونٹ سے اک دن یہ خچر نے کہا　　دونوں چارہ کھا رہے تھے ایک جا

گفت من بسیار می افتم بہ رو　　در گریوہ و راہ و در بازار کو
منہ کے بل گرنے میں ہیں سو آفتیں　　ٹیلے پہ یا راہ اور بازار میں

کو چہ در رُو می فتم بسیار من　　در رہِ ہموار و ناہموار من
منہ کے بل یوں گرتا ہوں میں دیکھ لو　　راہ ناہموار یا ہموار ہو

خاصہ از بالائے کوہ تا زیرِ کوہ　　در سر آیم ہر زمانے از شکوہ
بالخصوص آتا ہوں گر کر کوہ سے　　کوہ کے دامن میں یہ غم ہے مجھے

کم ہمی افتی تو در رہ بہر چیست	یا مگر خود جان پاکت دو تیست
تو نہیں گرتا ہے منہ کے بل کبھی	یہ گزیدہ کیا ہے تیری جان ہی
در سر آیم ہر دم و ز زانو زنم	پوز و زانو ز آن خطا پر خوں کنم
سر کے بل گرتا ہوں زانو ٹیک کر	خون میں بھرتے ہیں زانو اور سر
گر شود پالاں و رختم بر سرم	از مکاری ہر زماں زخمے خورم
پیٹھ پہ ساماں اگر کچھ ہو لدا	ہے کرانے والا مجھ کو پیٹتا
ہمچو کم عقلے کہ از عقل تباہ	بشکند توبہ ہر دم از گناہ
عقل ہو کم عقل کی جیسے تباہ	توبہ توڑے ہر گھڑی کرکے گناہ
سخرۂ ابلیس گردد در زمن	از ضعیفی رائے آں توبہ شکن
ہو تماشا دہر میں ابلیس کا	توڑ کر توبہ وہ کم فہم و ذکا
در سر آید ہر زماں چوں اسپ لنگ	کہ بود بارش گراں و راہ سنگ
سر کے بل گرتا ہے مثل اسپ لنگ	جس کا بوجھا ہو گراں اور راہ تنگ
میخورد از غیب بر سر زخم او	از شکست توبہ آں ادبیر جو
زخم کھاتا ہے وہ سر پہ غیب سے	یہ کرشمے ہیں شکست توبہ کے
باز توبہ میکند با رائے سست	دیو دردم باز توبہ را شکست
سست رائی سے وہ پھر توبہ کرے	توبہ پھر شیطان اسکی توڑ دے
ضعف اندر ضعف و کبرش آنچناں	کہ بخواری بنگرد در واصلاں
ضعف پہ ہو ضعف اور مغرور وار	واصلان حق کو سمجھے خوار و زار
اے شتر کہ تو مثال مومنی	کم فتی در رو و کم بینی زنی
اے شتر تو مثل مومن کے ہے پاک	تو نہ گرتا ہے نہ رگڑتا ہے ناک
تو چہ داری کہ چنیں بے آفتی	بے عثاری و کم اندر رو فتی
کس لئے آفت نہیں تجھ پہ کوئی	ہے نہ لغزش اور نہ گرتا ہے کبھی

گفت گرچہ سر سعادت از خداست   در میان ما و تو بس فرقہاست
دوست بولا۔ یہ ہے لطفِ کبریا   فرق لیکن مجھ میں تجھ میں ہے بڑا
سربلندم من دو چشم من بلند   بینشِ عالی امانست از گزند
سر میرا اونچا ہے۔ آنکھیں ہیں بلند   ہیں نظری سے ہوں محفوظ گزند
از سرِ کُہ من بہ بینم پائے او   ہر گو و ہموار را من تو بتو
کوہ کی چوٹی سے میں ہوں دیکھتا   ہر گڑھا، ہموار، ہر اک راستا
ہمچنانکہ دیدہ و صدرِ اجل   پیش کارِ خویش تا روزِ اجل
جیسے ہے اک برگزیدہ دیکھتا   اپنے ہر اک کام کو تا انتہا
آنچہ خواہد بود بعدِ شصت سال   داند اندر حال آں نیکو خصال
ہوتی ہے جو بات بعدِ شصت سال   جانتا ہے وہ ابھی سے اُس کا حال
حال خود تنہا ندید آں متّقی   بلکہ حالِ مغربی و مشرقی
اُس نے دیکھا حال اپنا ہی نہیں   مغرب و مشرق کا ہے وہ حال بیں
نور در چشم و دلش سازد سکن   بہر چہ سازد پئے حبّ الوطن
نور اس کی چشم و دل میں ضو فگن   تا کہ وہ دیکھا کرے حبّ الوطن
ہمچو یوسفؑ کو بدید اوّل بخواب   کہ سجودش کرد ماہ و آفتاب
جس طرح یوسفؑ نے دیکھا تھا وہ خواب   کرتے ہیں سجدہ اُنہیں مہ آفتاب
از پس دہ سال بلکہ پیشتر   آنچہ یوسفؑ دیدہ بُد بر کرد سر
دس برس میں بلکہ اس سے پیشتر   تھا جو کچھ دیکھا۔ ہوا وہ جلوہ گر
نیست آں ینظر بنور اللہ گزاف   نور ربّانی بود گردوں شگاف
کب غلط ہے ینظر بنور اللہ” ہے   یہ شگافِ چرخ والا جاہ ہے
نیست اندر چشمِ تو آں نورِ رُو   ہستی اندر حسِّ حیوانی گرو
تیری آنکھوں میں نہیں وہ نورِ جا   حسِ حیوانی میں تو ہے مبتلا

تو ز ضعفِ چشم بینی پشتِ پا	تو ضعیف و ہم ضعیفت پیشوا
دیکھتا ہے صرف اپنی پشتِ پا	تو ہے کمزور اور تیرا پیشوا
پیشوا چشم است دست و پائے را	کو بہ بیند جائے را نا جائے را
آنکھ ہاتھ اور پاؤں کی ہے پیشوا	دیکھتی ہے جا و بے جا برملا
دیگر آنکہ چشمِ من روشن تر است	دیگر آنکہ خلقتِ من اطہر است
دوسرے ہے آنکھ روشن تر مری	پاک ہے پیدائش اطہر مری
زانکہ من ہستم ز اولادِ حلال	نے ز اولادِ زنا و اہلِ ضلال
سب مجھے کہتے ہیں اولادِ حلال	ہے زنا کب میری خلقت کا زوال
تو ز اولادِ زنائی بے گماں	تیر کژ پرّد چو کژ باشد کماں
تو اک اولادِ زنا ہے بیگماں	تیر کج نکلے جو ٹیڑھی ہو کماں

خچر کا اونٹ کے جواب کی تصدیق کرنا

گفت استر راست گفتی اے شتر	ایں بگفت و چشم کرد از اشک پُر
بولا خچر سچ کہا یا اے شتر	یہ کہا اور آنکھ کی اشکوں سے پُر
ساعتے بگریست و در پایش فتاد	گفت اے بگزیدۂ ربُّ العباد
رویا اور قدموں پہ اُس کے گر پڑا	اور کہا مقبولِ درگاہِ خدا!
چہ زیاں دارد گر از فرخندگی	در پذیری تو مرا در بندگی!
تیرا کیا نقصان ہو جائے اگر	اپنی خدمت سے بنائے مفتخر
فضلِ تو بر من فزوں است از شمار	ہم بفضلِ خود مرا معذور دار
تیرا رتبہ مجھ سے بے حد ہے بڑا	اب معافی دے اُسی کا واسطہ
گفت چوں اقرار کردی پیشِ من	رو کہ رستی تو ز آفاتِ زمن
اونٹ بولا، اب مقر تو ہو گیا	ہو گیا کل آفتوں سے جا رہا

دادی انصاف و رہیدی از بلا
تو عدو بودی شدی اہل ولا
ہر بلا سے چھوٹ گیا اے نیک خو
اب ہوا تو دوست پہلے تھا عدو

خوئے بد در ذاتِ تو اصلی نبود
کز بد اصلی نیاید جز جحود
خوے بد اصلی تری ہرگز نہ تھی
جو ہو ذاتی بد۔ کیے انکار ہی

آں بدِ عاریتی باشد کہ او
آرد اقرار و شود او توبہ جو
وہ یقیناً ہوتا ہے بد عارضی
جو کرے اقرار بھی اور توبہ بھی

ہمچو آدمؑ زلتش عاریہ بود
لاجرم اندر زماں توبہ نمود
مثل آدمؑ اس کی لغزش عارضی
وقت پہ کرتا ہے توبہ واقعی

چونکہ اصلی بود جرم آں بلیس
رہ نبودش جانب توبہ نفیس
چونکہ اصلی جرم تھا شیطان کا
پھر وہ توبہ نہ ہرگز پا سکا

رو کہ رستی از خود و از خوئے بد
و ز زبانہ نار و از دندان دد
جا خودی اور خوئے بد سے چھوٹ گیا
آگ سے تو اور درندوں سے بچا

رو کہ اکنوں دست در دولت زدی
در فگندی خود بہ بختِ سرمدی
جا۔ کہ دولت مل گئی تجھ کو بڑی
مل گیا اب تجھ کو بختِ سرمدی

اُدخلی تو در عبادی یا فتی
ادخلی فی جنتی در تافتی
داخل[1] بندوں میں تجھے اُس کو ملا
گویا تو فردوس میں داخل ہوا

در عبادش راہ کردی خویش را
رفتی اندر خلد از راہِ خفا
اس کے بندوں میں جو تو شامل ہوا
راہ پوشیدہ سے جنت میں گیا

اہدنا گفتی صراطِ مستقیم
دست تو بگرفت و بردت تا نعیم
اہدنا سے شکر "صراطِ مستقیم"
لے گئی خود سوئے فردوس نعیم

[1] قولہ تعالیٰ جل جلالہ و عم نوالہٗ "فادخلی فی عبادی وادخلی جنتی" یعنی پس میرے بندوں میں شامل ہو جا اور فردوس میں داخل ہو۔

نار بودی نور گشتی اے عزیز   غورہ بودی گشتی انگور و مویز
نار تھا۔ اب نور گویا بن گیا   کچّا تھا انگور۔ اب پختہ ہوا
اختر بودی شدی تو آفتاب   شاد باش اللہ اعلم بالصواب
تو ستارہ تھا۔ بنا اب آفتاب   شاد ہو واللہ اعلم بالصواب
اے ضیاء الحق حسام الدینؒ بگیر   شہد خویش اندر فگن در حوض شیر
اے ضیاء الحق یہی ہیں حسرتیں   شہد اپنا ڈال حوض شیر میں
تا رہد آں شیر از تغیر طعم !   یابد از بحر مزہ تکثیر طعم
تا نہ ہرگز دودھ کا بدلے مزا   با مزہ ہو کر پیا جائے سوا
متصل گردد بداں بحر الست   چونکہ شد دریا ز ہر تغییر رست
اور دریائے ازل سے ہو قریں   چھوٹے ہر تغییر سے پھر بالیقیں
منفذے یابد در آں بحر عسل   آفتے را نبود اندر وے عمل
شہد کے دریا میں پائے راستا   پھر نہ آفت میں کبھی ہو مبتلا
غرّہ کن شیر وار اے شیر حق   تا رود آں غرّہ بر ہفتم طبق
نعرہ مثل شیر کر اے شیر حق   گونج اٹھیں جس سے یہ ساتوں طبق
چہ خبر جانِ ملول سیر را   کے شناسد موش غرّہ شیر را
آشنا کیا اس سے ہوگے لالچی   چوہا کیا جانے گرج کو شیر کی
بر نویس احوالِ خود با آبِ زر   بہر ہر دریا دلے عالی گہرؒ
آبِ زر سے حال اپنے لکھدیاں   تا کہ دریا دل ہوں اس سے شادماں
آب نیلست ایں حدیث جانفزا   یاربش در چشم قبطی خوں نما
نیل ہے میری حدیث جانفزا   خوں اسے کر چشم قبطی میں خدا

ایک قبطی کا سبطی کی خوشامد کرنا

می شنیدم کہ در آمد قبطیے   از عطش اندر وثاق سبطیے
آیا اک قبطی یہ میں نے ہے سنا   پاس سبطی کے جو اپنے گھر میں تھا

گفت ہستم یار و خویشاوند تو   گشتہ ام امروز حاجتمند تو
بولا ہم تیرے عزیز اور خویش ہیں   اب ہمیں کچھ حاجتیں درپیش ہیں

زانکہ موسیٰؑ جادوئے کرد و فسوں   تا کہ آب نیل ما را کرد خوں
کیونکہ موسیٰؑ نے ہے جادو کر دیا   خون آب نیل ہم پہ ہو گیا

سبطیاں زاں آب صافی میخورند   پیش قبطی خوں شد آب از چشم بند
سبطی آب صاف پیتے ہیں فزوں   قبطیوں کو ہے نظر بندی سے خوں

قبطیاں نک میمرند از تشنگی   از پے ادبیر خود یا بد رگی
قبطیوں کی جان لیوا تشنگی   اُن کی بدبختی سے ہے پیچھے پڑی

بہر خود یک طاس را پُر آب کن   تا خورد از آبت ایں یار کہن
پانی کا اپنے لئے اک ظرف بھر   تا یہ تیرا یار کرلے حلق تر

چوں برائے خود کنی ایں طاس پُر   خوں نباشد آب باشد پاک و حر
تو بھریگا ظرف جب اپنے لئے   وہ نہ ہوگا خون آب صاف سے

من طفیل تو بنوشم آب ہم   کہ طفیلی در تبع بجہد ز غم
میں بھی صدقے میں ترے پانی پیوں   اور طفیلی بن کے اس غم سے چھٹوں

گفت ایجانِ جہاں خدمت کنم   پاس دارم اے دو چشم روشنم
بولا سبطی میں تو خادم ہوں ترا   تو مری آنکھوں کا نور باصفا

بر مرادِ تو روم شادی کنم   بندۂ تو باشم آزادی کنم
خوش ہوں میں چلکر ترے حسب مراد   تیرا بندہ بن کے ہوں آزاد و شاد

طاس را از نیل او پر آب کرد　　بر دہاں بنہاد نیمے را بخورد
ظرف آب نیل سے اس نے بھرا　　منہ لگا کر نصف پانی پی گیا

طاس را کژ کرد سوئے آبخواہ　　کہ بخور تو ہم شد آں خون سیاہ
ظرف کو پھر اس کے آگے کج کیا　　اور کہا پی لے مگر وہ خون تھا

باز آں سو کرد کژ خوں آب شد　　قبطی اندر خشم و اندر تاب شد
کج کیا اپنی طرف ، پانی ہوا　　اس سے بس قبطی کو غصہ آ گیا

ساعتے بنشست تا خشمش برفت　　بعد ازاں گفتش کہ اے صمصام زفت
بیٹھا وہ کچھ دیر جب غصہ مٹا　　بولا اے شمشیر بُرّان صفا

اے برادر ایں گرہ را چارہ چیست　　گفت ایں را آں خورد کو متقی ست
اے برادر یہ گرہ کیونکر کھلے　　بولا سبطی۔ متقی اس کو پیے

متقی آنست کو بیزار شد　　از رہ فرعون و موسیٰ وار شد
متقی وہ ہے کہ جس نے چھوڑ دی　　راہ فرعون اور ہوا پھر موسوی

قوم موسیٰ شو بخور ایں آب را　　صلح کن با مہ ببیں مہتاب را
پھر تو موسیٰ ہو۔ اس پانی کو پی　　چاند سے ہو میل۔ دیکھے چاندنی

صد ہزاراں ظلمتست از خشم تو　　بر عباد اللہ اندر چشم تو
ظلمتیں دنیا پہ ہیں چھائی ہوئی　　قہر حق سے دیکھتا ہے تو اخی

خشم بنشاں چشم بکشا شاد شو　　عبرت از یاراں بگیر استاد شو
چھوڑ غصہ۔ کھول آنکھیں شاد ہو　　اوروں سے عبرت لے اور استاد ہو

کے طفیل من شوی در اغتراف　　چوں ترا کفریست ہمچوں کوہ قاف
چلو پانی سے طفیل ہو میرا　　کفر جب ہے قاف کی صورت ترا

کوہ در سوراخ سوزن کے رود　　جز مگر آں کوہ برگ کہ شود
سوئی کے ناکے میں جائے کوہ کیا　　کاہ بن جائے تو ممکن ہے فتا

کوہ را کہ کن با استغفار خوش	جام مغفوراں بگیر و خوش بکش
کوہ کو کر کاہ استغفار سے	جام مغفوروں کا پی گر ہو سکے
تو بدیں تزویر چوں نوشی از آں	چوں حرامش کرد حق بر کافراں
مکر سے کیوں کر پیئے اے تشنہ کام	حق نے کافر پر کیا اس کو حرام
خالقِ تزویر تزویرِ ترا	کے خرد اے مفتری مفترا
خالقِ تزویر مکاری تری	کس طرح کرے قبول اے مفتری
آلِ موسیٰ شو کہ حیلت سود نیست	حیلات بادہی پیمود نیست
آلِ موسیٰ ہو کہ حیلہ ہے بُرا	یہ تو ہے گویا ہوا کا ماپنا
زہرہ دارد آب کز امرِ صمد	گردد او با کافراں آبی کند
کیا مجال آب اُس کے حکم سے	پھر کے کافر کے لئے پانی بنے
یا تو پنداری کہ تو ناں میخوری	زہر مار و کاہشِ جاں میخوری
یا سمجھتا ہے کہ تو کھاتا ہے ناں	زہر مارا ور کاہشِ جاں ہے یہاں
ناں کجا اصلاحِ آں جانے کند	کو دل از فرمانِ جاں دہ بر کند
روح کی اصلاح کب روٹی کرے	کھانے والا حکم حق سے جب پھرے
یا تو پنداری کہ حرفِ مثنوی	چوں بخوانی رایگانش بشنوی
یا سمجھتا ہے کہ درسِ مثنوی	رائیگاں ہے جب تو سنتا ہے کبھی
یا کلامِ حکمت و سرِّ نہاں	اندر آید سہل در گوشِ کہاں
یا کلامِ حکمت اور رازِ نہاں	ہیں سماعت کے لئے سہل رائیگاں
اندر آید لیک چوں افسانہا	پوست بنماید نہ مغز و دانہا
مثل افسانے کے جاتے ہیں یہاں	پوست آتے ہیں نظر دانے کہاں
در سر و در رو کشیدی چادرے	رو نہاں کردہ ز چشمت دلبرے
تو نے منہ اور سر پہ چادر تان لی	چھپ گیا ہے تجھ سے وہ دلدار بھی

شاہنامہ یا کلیلہ پیش تو
ہمچناں باشد کہ قرآں از عتو
شاہنامہ اور کلیلہ[1] ہیں تجھے
مثل قرآں کے کہ تو سرکش رہے

فرق آنگہ باشد از حق و مجاز
کہ کند کحل عنایت چشم باز
ظاہر و باطن میں ہو فرق آشکار
جب کھلیں آنکھیں بفضل کردگار

ورنہ پشک و مشک پیش اخشمے
ہر دو یکسانست چوں نبود شمے
ورنہ بیچ ہو مشک یا ہو مینگنی
شامّہ کم ہو تو یہ ہیں ایک ہی

خویشتن مشغول کردن از ملال
باشدش قصد از کلام ذوالجلال
قصۂ رنج و الم ہو مختصر
ہے کلام حق سے یہ مقصد اگر

کآتش وسواس را و غصہ را
زاں سخن بنشاند و سازد دوا
آگ وسواس اور غصے کی بجھے
اور کلام حق دوا اس کی بنے

بہر ایں مقدار آتش شاندن
آب پاک و بول یکساں شد بفن
آگ اتنی سی بجھا دینے کو کیا
پانی اور پیشاب یکساں ہو گیا

آتش وسواس را ایں بول و آب
ہر دو بنشانند ہمچوں خمر[2] و خواب
وسوسے کی آگ پیشاب اور آب
ہیں بجھا سکتے مثال خمر[2] و خواب

لیک گر واقف شوی زیں آب پاک
کہ کلام ایزدست و روحناک
تو اگر ہو آشنائے آب پاک
جو کلام حق ہے اور ہے روح ناک

نیست گردد وسوسہ کلی زجاں
دل بیابد رہ بسوئے گلستاں
وسوسے سب روح کے جاتے رہیں
راستے دل کے سوئے گلشن کھلیں

زانکہ در باغے و در جوئے پرد
ہر کہ از ستر صحف بوئے برد
کیونکہ نہر و باغ کی جانب اڑے
جو صحیفوں کے ہو واقف بھید سے

---

[1] یعنی افسانۂ کلیلہ و دمنہ ◆

[2] شراب ◆

یا تو پنداری کہ روئے انبیاء
آنچنانکہ ہست می بینیم ما
یا تو یہ سمجھے کہ رُوئے انبیاء
ویسا ہی ہے جیسا میں ہوں دیکھتا

در تعجب ماندہ پیغمبر ازاں
چوں نمی بینند روئیم مومناں
ہیں پیمبرؐ خود تعجب میں پڑے
چہرہ مومن کیوں نہیں ہیں دیکھتے

چوں نمی بینند نورِ روم خلق
کہ سبق بردہ است بر خورشید شرق
کیوں نہیں اس نور کو وہ دیکھتے
جو ہے سبقت لے گیا خورشید سے

ور ہمی بینند ایں حیرت چرا ست
تا کہ وحی آمد کہ آں رُو در خفا ست
دیکھتے ہیں تو یہ آگاہی ہے کیا
وحی آتی ہے کہ چہرہ ہے چھپا

سوئے تو ماہ ست و سوئے خلق ابر
تا نہ بیند رایگاں روئے تو گبر
تیری جانب چاند ان کی سمت ابر
تا نہ دیکھیں تیرا روئے پاک گبر

سوئے تو دانہ ست سوئے خلق دام
تا ننوشد زیں شراب خاص عام
دانہ تیری سمت سُوئے خلق دام
تا نہ اس مے کو پئیں سب خاص و عام

گفت یزداں کہ تراہم ینظرون
نقش حمامند ہم لا یبصرون
قول یزداں ہے تراہم[1] ینظرون"
نقش ہیں حمام کے "لا یبصرون"

می نماید صورت آں صورت پرست
کاں دو چشم مردۂ او ناظر است
ہے دکھاتا ایک صورت نقش گر
کہتا ہے آنکھوں میں اُس کی ہے نظر

پیش چشم نقش می آری ادب
کہ چرا پاسم نمی دارد عجب
تو ہے چشم نقش کا کرتا ادب
پاس گو تیرا نہیں اس کو عجب

از چہ بس بے پاسخ است ایں نقش نیک
کہ نمی گوید سلامم را علیک
تو ہے کہتا نقش تو ہے لاجواب
پر سلاموں کا نہیں دیتا جواب

---

[1] یعنی خداتعالیٰ بزرگ و برتر فرماتا ہے "وتراہم ینظرون و ہم لا یبصرون" یعنی تو ان کو دیکھتا ہے کہ وہ تجھ کو دیکھ رہے ہیں اور حال یہ ہے کہ وہ نہیں دیکھتے۔

می نجنباند سر و سبلت ز جود	پاس آنکہ کردمش من صد سجود
سر ہلاتا ہے، دو مونچھیں لطف سے	میں نے گو اس کو بہت سجدے کئے
حق اگر چہ سر نجنباند بروں	پاس آں ذوقے دہد در اندروں
سر کو گو جنبش نہیں دیتا خدا	دل میں اک لذت ہے لیکن بخشتا
کہ دو صد جنباندن سر ارزد آں	سر چنیں جنباند آخر عقل و جاں
جو ہے دو سو سر ہلانا بر ملا	عقل و جاں بھی ہیں یہ بھی جنبش بنا
عقل را خدمت کنی تو زاجتہاد	پاس عقل آنست کافزاید رشاد
تو جو اپنی عقل کی خدمت کرے	تو ہدایت اس کی جانب سے بڑھے
حق نجنباند بظاہر سر ترا	لیک سازد بر سراں سرور ترا
حق ہلاتا گو نہیں ظاہر میں سر	سروروں پہ کرتا ہے سرور مگر
مر ترا چیزے دہد یزداں نہاں	کہ سجود تو کنند اہل جہاں
دیگا خالق تجھ کو ایسی شے نہاں	سجدہ ریز آگے ترے ہو سب جہاں
آنچناں کہ داد سنگے را ہنر	تا عزیز خلق شد یعنی کہ زر
جیسے پتھر کو دیا اُس نے ہنر	جو عزیز خلق ہے یعنی کہ زر
قطرۂ آبے بیابد لطف حق	گوہرے گردد برد از زر سبق
پانی کا اک قطرہ اُس کے لطف سے	گوہر خالص ہو سونے سے بڑھے
جسم خاکست و چو حق تابیش داد	در جہانگیری چو مہ شد اوستاد
جسم خاکی حق نے جب چمکا دیا	چاند بن کر وہ جہاں پہ چھا گیا
ہیں طلسم است این و نقش مُردہ است	احمقاں را چشم از رہ بُردہ است
یہ طلسم اور نقش مردہ جان سے	احمق اس کی آنکھ نے گمرہ کئے
پیش ماید آنکہ چشمے میزند	ابلہاں سازیدہ اند آں را سند
وہ نظر آتا ہے آنکھیں مارتا	معتبر ہے بیوقوفوں نے کیا

قبطی کا سبطی سے طالبِ دُعا ہونا

گفت قبطی تو دعائے کُن کہ من   از سیاہی دل ندارم آں دہن
بولا قبطی۔ تو دعا کر یا یقیں   رُو سیاہی سے میں اس قابل نہیں

تا بود کہ قفل ایں در وا شود   زشت را در بزمِ خوباں جا شود
شاید اس دروازے کا تالا کھلے   اِک بُرا اچھوں میں جا کر مل سکے

از تو مسخی[1] صاحبِ خوبی شود   یا بلیسے باز کروبی شود
تجھ سے مسخی پائے خوبی یک بیک   یا کہ پھر شیطان بن جائے مَلک

یا بلطفِ[2] دستِ مریم بوئے مشک   یا بد و تری و میوہ شاخِ خشک
یا طفیلِ دستِ مریم بوئے مشک   پائے اور میوے کھلائے شاخِ خشک

سبطی آندم در سجود افتاد و گفت   کائے خدائے عالمِ سِرِّ نہفت
سبطی نے سجدہ کیا اور کی دعا   اے خدا! اے واقفِ رازِ خفا

سبطی و قبطی ہمہ بندہ تو اند   عاجزِ امرِ تو اند و مستمند
سبطی و قبطی ترے بندے ہیں سب   عاجز اور محتاج ہم تیرے ہیں سب

جُز تو پیشِ کہ برآرد بندہ دست   ہم دعا و ہم اجابت از تو است
بندہ اب کس سے کہے تیرے سوا   ہے تجھی سے بس اجابت اور دعا

ہم ز اوّل تو دہی میلِ دعا   تو دہی آخر دعاہا را جزا
پہلے دیتا ہے تو ہی میلِ دعا   پھر تو دیتا ہے دعاؤں کی جزا

---

[1] وہ جو اچھی صورت سے بُری صورت میں بدل گیا ہو۔

[2] جیسا کہ قرآن کریم میں ہے:۔ وہزی الیک بجذع النخلۃ تساقط علیک رطبا جنیا۔ یعنی خدائے تعالیٰ نے مریمؑ سے کہا اے مریمؑ تو شاخِ خرما کو اپنی طرف ہلا کر وہ تجھ پر پختہ اور بالیدہ کھجوریں گرائے۔ ورنہ درختِ خرما خشک تھا۔

اوّل و آخر توئی ما درمیاں
ہیچ ہیچے کہ نیاید در بیاں
اوّل و آخر ہے تو۔ ہم درمیاں
ہیچ ایسے کچھ نہ ہو جس کا بیاں
اینچنیں میگفت تا افتاد طشت
از سر بام و دلش بیہوش گشت
کہتے کہتے بڑھ گیا اک کیف سا
اور وہ بیہوش فوراً ہو گیا
باز آمد او بہوش اندر دعا
لیس للانسان الا ما سعیٰ
پھر اُسے ہوش آگیا پھر کی دعا
صرف ہے کوشش ہی کام انسان کا
در دعا بود او کہ ناگہ نعرۂ
از دل قبطی بجست و غرۂ
وہ دعا میں تھا کہ اک نعرہ کیا
مردِ قبطی نے عجب ہنگامہ زا
کہ بلا آفتاب و ایماں عرضہ کن
تا ببرّم زود زنّار کہن!
اور کہا۔ جلدی مسلماں مجھ کو کر
تا کہ میں زنّار توڑوں بے خطر
آتشے در جان من انداختند
مرغ ابلیسے را بجاں بنواختند
آتشِ الفت عطا مجھ کو ہوئی
ایک شیطاں پہ نوازش ہو گئی
دوستیٔ تو ز حبِّ ناشگفت
حمدللہ عاقبت دستم گرفت
دوستی نے تیری حبّ غیر سے
شکر خالق کا رہائی دی مجھے
کیمیائے بود صحبتہائے تو
کم مباد از خانۂ دل پائے تو
کیمیا تھا تیری صحبت کا اثر
تیرے قدموں کا ہو میرے دل میں گھر
تو یکے شاخ بُدی از نخل خلد
چوں گرفتم او مرا تا خلد بُرد
تو جو نخلِ خلد کی اک شاخ تھا
خلد تک مجھ کو بھی آخر لے گیا
سیل بود آنکہ تنم را در ربود
بُرد سیلم تا لبِ دریائے جُود
سیل تھا وہ لے گیا جو لے گیا
مجھ کو دریائے کرم تک برملا
من بہ بوئے آب رفتم سوئے سیل
بحر دیدم در گرفتم کیل کیل
میں گیا تھا صرف پانی کے لئے
پہنچا دریا پہ پیالے بھر لئے

طاس آوردش کہ اکنوں آب گیر
گفت رو شد آبہا پیشم حقیر
بولا پانی اب تو پی اے خوش ضمیر
بولا اچھا پانی ہے نظروں میں حقیر

شربتے خوردم ز اللہ اشتری[1]
تا بحشر تشنگی ناید مرا
اب مرا شربت ہے "اللہ اشترٰی" سے
تا قیامت پیاس کا اب کام کیا

آنکہ جو و چشمہا را آب داد
چشمہ اندر درون من کشاد
جس نے پانی نہر میں جاری کیا
میرے دل کو اس نے چشمہ دے دیا

ایں جگر کہ بود گرم و آبخوار
گشت پیش ہمت او آبخوار
یہ کلیجہ تھا جو گرم اور آبخوار
پانی آگے اس کی ہمت کے ہے خوار

کاف کافی آمد از بہر عباد
صدق وعدہ کہیٰعص
کاف کافی ہو گیا بہر عباد
سچ کہا ہے۔ کہیٰعص

کافیم بدہم ترا من جملہ خیر
بے سبب بے واسطہ یاری غیر
میں ہوں کافی تجھ پہ کرتا ہوں عطا
بے مدد غیروں کے اور بے واسطہ

